بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

# کیمسٹری

# 10

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



نیشنل کریکولم آف پاکستان 2023ء (نظرِ ثانی شدہ) کے مطابق

PECTAA
Transformation, Innovation and Excellence

پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی

یہ نصابی کتاب پاکستان کے 2023 کے اپ ڈیٹ شدہ/نظر ثانی شدہ قومی نصاب کے مطابق تیار کی گئی ہے۔

جملہ حقوق (کاپی رائٹ) بحق پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی محفوظ ہیں۔

یہ کتاب پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسسمنٹ اتھارٹی کی تیار کردہ ہے۔ تحریری اجازت کے بغیر اس کتاب کا کوئی حصہ کسی امدادی کتاب، خلاصہ، ماڈل پیپر یا گائیڈ وغیرہ میں شامل نہیں کیا جاسکتا۔


## مصنف

ڈاکٹر عابد ضیاء (پی ایچ ڈی، آرگینک کیمسٹری)
یونیورسٹی آف ایسٹ اینگ لیا ناروچ یونائیٹڈ کنگڈم


## ایکسٹرنل ریویو کمیٹی ممبرز

- ڈاکٹر محمد منعم المحبوب
  پروفیسر آف کیمسٹری، گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف سائنس، وحدت روڈ، لاہور
- ڈاکٹر عظمت محمود عاصم
  اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ اسلامیہ اسوسی ایٹ کالج، لاہور کینٹ۔
- حافظہ سمرین کوثر
  اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر (اے ای او)، لاہور
- ڈاکٹر امتیاز حُسین
  پرنسپل (ر)، گورنمنٹ گریجویٹ کالج، سمندری، ڈسٹرک فیصل آباد

## اپیکس ریویو کمیٹی ممبرز

- ڈاکٹر افتخار حُسین
  اسوسی ایٹ پروفیسر (کیمسٹری)، گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف سائنس، وحدت روڈ، لاہور
- ڈاکٹر طارق محمود
  اسسٹنٹ پروفیسر (کیمسٹری)، گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف سائنس، وحدت روڈ، لاہور
- ڈاکٹر روبینہ مُنیر
  اسسٹنٹ پروفیسر (کیمسٹری)، کنیئرڈ کالج آف وومن، لاہور
- ڈاکٹر صباء حیدر
  ایس ایس ای (کیمسٹری)، گورنمنٹ کمپری ہینسو گرلز ہائر سیکنڈری سکول، وحدت روڈ، لاہور
- مس ثمینہ گُل
  اسسٹنٹ ڈائریکٹر کریکولم سائنس، پیکٹا

## سپیشل ریویو کمیٹی ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ

- مِسٹر زاہد شفیق چوہدری
- مِسٹر افتخار الحق
- مِسٹر محمد اختر اسماعیل

## سپیشل ریویو کمیٹی سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ

- کرن محمود
- مِسٹر محمد الطاف الرحمان

**ڈائریکٹر کریکولم اینڈ کمپلائنس**
مسٹر عامر ریاض

**ڈپٹی ڈائریکٹر کمپلائنس سائنسز**
سید صغیر الحسنین ترمذی

**کوارڈینیٹر**
مس ثمینہ گُل AD (C-Sc)
مسٹر محمد نعیم آفتاب
مس بُشریٰ انصاری

**انچارج آرٹ سیل**
محترمہ عائشہ صادق

**ڈیزائن اینڈ لے آؤٹ**
سید محمد لاریب

تجرباتی ایڈیشن

تیار کردہ: احسن پبلشرز، لاہور


| DATE OF PRINTING | PMIU DANISH SCHOOL | PEF | MLWC | PWWF | TOTAL QUANTITY |
|---|---|---|---|---|---|
| Jan, 2026 | 389,899 | 98,526 | 319 | 53 | 488,797 |

ناشر: پنجاب ایجوکیشن کریکولم ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی، لاہور۔
مطبع: گولڈن بک کمپنی، لاہور


Web version of PECTAA Textbook
Not for sale

# فہرست


| باب نمبر | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 14 | مادہ کی حالتیں اور اُن میں تبدیلیاں (States of Matter and Phase Changes) | 1 |
| 15 | سٹائیکیو میٹری (Stoichiometry) | 14 |
| 16 | الیکٹروکیمسٹری (Electrochemistry) | 29 |
| 17 | ری ایکشن کائی نیٹکس (Reaction Kinetics) | 52 |
| 18 | سالٹس (Salts) | 63 |
| 19 | نائٹروجن اور سلفر (Nitrogen and Sulphur) | 69 |
| 20 | پانی (Water) | 80 |
| 21 | آرگینک کیمسٹری (Organic Chemsitry) | 91 |
| 22 | ہائیڈروکاربنز (Hydrocarbons) | 107 |
| 23 | مونوہائیڈروکسی الکینز یا الکوحلز (Monohydroxy Alkanes or Alcohols) | 116 |
| 24 | کاربوکسلک ایسڈز (Carboxylic Acids) | 123 |
| 25 | بائیوکیمسٹری (Biochemistry) | 131 |
| 26 | پولیمرز (Polymers) | 141 |
| | پیئرنگ سکیم / ماڈل پیپر | 150 |


Web version of PECTAA textbook
Not for sale

باب 14

# مادہ کی حالتیں اور اُن میں تبدیلیاں
# States of Matter and Phase Changes

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:

- ٹمپریچر میں تبدیلی کے ساتھ طبعی حالت (میلٹنگ، بوائلنگ، فریزنگ، کنڈن سیشن، سب لیمیشن اور ڈیپوزیشن) اور انٹرنل انرجی میں تبدیلی کی کائی نیٹک پارٹیکل تھیوری کے لحاظ سے وضاحت کریں۔
- ایویپوریشن اور بوائلنگ کے درمیان فرق کی وضاحت کریں۔
- کائی نیٹک تھیوری کے لحاظ سے ہیٹنگ اور کولنگ کروز (Heating and Cooling Curves) کی تشریح کریں۔
- کائی نیٹک پارٹیکل تھیوری کے لحاظ سے بوائلز لا، چارلس لا اور ایووگیڈروز لا کے حوالے سے گیس کے دباؤ، ٹمپریچر اور والیوم میں سے دو میں تبدیلی کا تیسرے پر ہونے والے اثرات کی وضاحت کریں۔
- بوائلنگ اور ایویپوریشن کی شرح پر بیرونی دباؤ کے اثر کا کوالیٹیٹو (Qualitative) لحاظ سے جائزہ لیں۔
- کائی نیٹک پارٹیکل تھیوری کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈفیوژن کی تشریح کریں۔
- ڈفیوژن کی شرح پر مالیکیولر ماس اور ٹمپریچر کے اثرات کا کوالیٹیٹو (Qualitative) جائزہ لیں۔
- ہمارے اِردگرد وقوع پذیر ہونے والی سب لیمیشن کے استعمالات کی وضاحت کریں۔ ٹھوس ایئر فریشنر (Air Freshner) اور 3-D پرنٹنگ اس کی مثالیں ہیں۔
- کائی نیٹک تھیوری کے لحاظ سے انسانی جسم میں ادویات کے ڈفیوژن کی شرح کی اہمیت کو واضح کریں۔



Web version of PECTAA textbook Not for sale

اس دُنیا میں مادہ چار حالتوں میں پایا جاتا ہے جس کو ٹھوس، مائع، گیس اور پلازمہ کہتے ہیں۔ ان چار حالتوں میں سے گیسوں کے خواص کا مطالعہ سب سے پہلے کیا گیا۔ گیسوں کے طبعی خواص مثلاً اُن کا سُکڑ جانا یا پھیل جانا اور نفوذ (Diffuse) ہو جانا آسانی سے سمجھ میں آ جاتے ہیں۔ اگر ہم یہ فرض کر لیں کہ گیسیں چھوٹے چھوٹے ذرات پر مشتمل ہیں جو کہ لگاتار ہر سمت میں گھوم رہے ہیں۔ اِن خیالات کی بنیاد پر گیسوں کی کائی نیٹک پارٹیکل تھیوری (Kinetic Particle Theory) بنائی گئی۔

کائی نیٹک پارٹیکل تھیوری کی مدد سے ہم نہ صرف گیسوں سے متعلق قوانین کی وضاحت کر سکتے ہیں بلکہ مادہ کی ٹھوس اور مائع حالتوں کی کمپوزیشن اور مادہ کی تینوں حالتوں میں باہمی تبدیلیوں کی وضاحت بھی کر سکتے ہیں۔ اس بات کو سمجھنا اس لیے آسان ہے کہ مادہ کی تینوں حالتیں صرف طبعی طور پر مختلف ہیں جبکہ ان کی کیمیائی ساخت بالکل ایک جیسی ہے۔ مثال کے طور پر پانی اپنی تینوں حالتوں میں فرق کے باوجود کیمیائی طور پر ایک ہی کمپاؤنڈ ہے۔

کائی نیٹک پارٹیکل تھیوری کے مطابق گیسیں چھوٹے چھوٹے ذرات کا مجموعہ ہوتی ہیں جو کہ ہر ممکن سمت میں لگاتار حرکت کرتے رہتے ہیں۔ کسی گیس کا پریشر اُس کے ذرات کے برتن کی دیواروں کے ٹکرانے کی وجہ سے وجود میں آتا ہے۔ چونکہ کسی گیس کا پریشر مخصوص ٹمپریچر پر مستقل رہتا ہے اس لیے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ گیس کے ذرات کے ٹکراؤ کے دوران اُن کی انرجی نہ کم ہوتی ہے اور نہ ہی زیادہ۔ علاوہ ازیں یہ بات بھی فرض کی گئی ہے کہ چونکہ گیس کے ذرات کے درمیان کم پریشر پر بہت زیادہ فاصلہ ہوتا ہے اس لیے اِن ذرات کے درمیان کشش کی قوتیں تقریباً نہ ہونے کے برابر ہوتی ہیں۔ گیس کے ذرات کی اوسط کائی نیٹک انرجی کا انحصار اُس کے ٹمپریچر پر ہے۔ بشرطیکہ ٹمپریچر کو کیلون (Kelvin) سکیل پر ماپا جائے۔ تمام گیسوں کی اوسط کائی نیٹک انرجی ایک جیسے ٹمپریچر پر ایک جیسی ہوتی ہے۔

کائی نیٹک تھیوری کے مطابق گیس کے ذرات کے مقابلے میں مائع کے ذرات بہت قریب قریب ہوتے ہیں اور یہ بھی ہر سمت میں ہر وقت حرکت کرتے رہتے ہیں۔ نتیجتاً مائع کے ذرات کی کوئی مستقل پوزیشن نہیں ہوتی اور اس لیے اِن کی شکل وصورت بھی مستقل نہیں ہوتی۔ تاہم مائع کے ذرات کے درمیان موجود کشش کی قوتوں کی وجہ سے یہ آپس میں جڑے رہتے ہیں اس لیے مائع کا والیوم (Volume) مستقل ہوتا ہے اور یہ اپنی سطح ہموار بھی رکھتی ہے۔ مائع حالت میں موجود ذرات تینوں قسم کی حرکت کر سکتے ہیں۔

> **قابلِ غور بات!**
>
> گیس اور مائع میں موجود ذرات تینوں قسم کی حرکت یعنی ٹرانس لیشنل، روٹیشنل (Translational, Rotational) اور وائبریشنل (Vibrational) حرکت کر سکتے ہیں۔

ٹھوس اشیا آئنز، ایٹمز یا مالیکیولز پر مشتمل ہوتی ہیں۔ کائی نیٹک تھیوری کے مطابق ٹھوس اشیا میں موجود ذرات کے درمیان کشش کی قوت بہت مضبوط ہونے کی وجہ سے ذرات ترتیب سے اپنی اپنی مستقل پوزیشنز پر موجود ہوتے ہیں۔ یہ ذرات اپنی اِن پوزیشنز پر صرف وائبریٹ (Vibrate) کر سکتے ہیں۔ اِن محدود حرکات کی وجہ سے ٹھوس اشیا کی اشکال اور والیوم بھی مخصوص ہوتے ہیں۔

## 14.1 انٹرنل انرجی (Internal Energy)

کسی سسٹم کی انٹرنل انرجی دراصل اس کی مجموعی انرجی کے برابر ہوتی ہے۔ اس میں ذرات کی حرکات کی وجہ سے کائی نیٹک انرجی اور ذرات کے درمیان موجود کیمیائی بانڈ کی وجہ سے پوٹینشل انرجی دونوں شامل ہیں۔ کسی شے کو گرم کرنے سے اس کی انٹرنل انرجی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

**فوری جانچ 14.1**

1۔ ٹرانس لیشنل موشن (Translational Motion) کیا ہوتی ہیں؟

2۔ کیا گیسوں اور مائع کے ذرات کی اوسط کائی نیٹک انرجی کس خاص ٹمپریچر پر ایک جیسی ہوتی ہے؟

## 14.2 مادہ کی طبعی حالتوں میں تبدیلیاں (Interconversion of Physical States of Matter)

### کسی ٹھوس کا مائع میں تبدیل ہونا (Conversion of a Solid into a Liquid)

کسی ٹھوس کی طبعی حالت کو گرم کرنے سے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ گرم کرنے سے ٹھوس میں موجود ذرات تیزی سے وائبریٹ کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ ایک خاص ٹمپریچر پر جب اُن کی وائبریشن (Vibration) بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے تو اِن کے درمیان کشش کی قوتیں کمزور ہو جاتی ہیں۔ اس کے نتیجہ میں ٹھوس شے پگھلنا شروع ہو جاتی ہے اس ٹمپریچر کو ٹھوس کا میلٹنگ پوائنٹ (Melting Point) کہتے ہیں۔ اس میلٹنگ پوائنٹ پر ٹھوس کے ذرات نہ صرف اپنی مستقل پوزیشنز چھوڑ دیتے ہیں بلکہ اُن کے درمیان کسی قسم کی ترتیب بھی برقرار نہیں رہتی۔ یہ ٹھوس پھر اس طرح اپنی مائع حالت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ شکل (14.1)۔



شکل (14.1) برف کا پگھلنا

کسی ٹھوس شے کو جب گرم کیا جاتا ہے تو میلٹنگ پوائنٹ تک پہنچنے سے پہلے یہ ہیٹ انرجی (Heat Energy) دو کام کرتی ہے ایک تو ٹھوس کے ذرات کی کائی نیٹک انرجی میں اضافہ کرتی ہے، دوسرا اِن ذرات میں موجود کشش کی قوتوں کو کمزور کرتی ہے۔ مزید گرم کرنے سے جب یہ ٹھوس مائع میں تبدیل ہو رہی ہوتی ہے تو اس کا ٹمپریچر نہیں بڑھتا۔ اس مرحلہ پر ٹھوس کو دی جانی والی ہیٹ ساری کی ساری اس ٹھوس کو مائع میں تبدیل کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

### کسی مائع کا گیس میں تبدیل ہونا (Conversion of a Liquid Into a Gas)

مائع کے مالیکیولز تمام ٹمپریچرز پر اُس کی سطح سے متواتر نکلتے رہتے ہیں۔ اس طرح مالیکیولز کا نکل کر ہوا میں شامل ہونا ایویپوریشن (Evaporation) کہلاتا ہے۔ جب مائع کو گرم کیا جاتا ہے تو اس کے ذرات کی کائی نیٹک انرجی میں اضافہ ہونے کی وجہ سے ایویپوریشن کا عمل بھی تیز ہو جاتا ہے۔ مائع کو اور زیادہ گرم کرنے سے اس کے مالیکیولز کی کائی نیٹک انرجی اور زیادہ بڑھنے کی وجہ سے اِن کے درمیان کشش کی قوتیں خاصی کمزور ہو جاتی ہیں۔ اس موقعہ پر مائع کے اندر سے بُلبلے تیزی سے نکلنے شروع ہو جاتے ہیں۔ اگر یہاں پر مائع کا ویپر پریشر (Vapour Pressure) اُس کی سطح پر پڑنے والے بیرونی پریشر کے مساوی ہو جائے تو مائع اُبلنا شروع کر دیتی ہے۔ کسی ٹمپریچر پر جب مائع کا ویپر پریشر اُس کی سطح پر موجود ایٹما سفیرک یا بیرونی پریشر کے برابر ہو جائے تو اس ٹمپریچر کو مائع کا بوائلنگ پوائنٹ (Boiling Point) کہتے ہیں۔

کسی مائع کے بوائلنگ پوائنٹ پر جو ہیٹ اس کو دی جاتی ہے وہ مائع کو گیس میں تبدیل ہونے کے لیے استعمال ہوتی ہے جب کہ مائع کا ٹمپریچر نہیں بڑھتا۔ دوسرے الفاظ میں، اس موقعہ پر مائع کو جو ہیٹ مہیا کی جاتی ہے وہ ساری کی ساری مالیکیولز کے درمیان موجود کشش کی قوتوں کو توڑنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## کسی گیس کا مائع میں تبدیل ہونا (Conversion of a Gas into its Liquid)

جس کسی گیس کو ٹھنڈا کیا جاتا ہے تو اس میں موجود مالیکیولز کی کائی نیٹک انرجی کم ہوجاتی ہے۔ اس کے نتیجہ میں مالیکیولز قریب آ جاتے ہیں اور ان کے درمیان کشش کی قوتیں بھی خاصی مضبوط ہوجاتی ہیں۔ کسی موزوں ٹمپریچر پر کشش کی یہ قوتیں اتنی طاقتور ہوجاتی ہیں کہ گیس کے مالیکیولز بہت قریب آ کر اس کو مائع میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ اس عمل کو کنڈن سیشن (Condenstion) کہتے ہیں۔ اس تبدیلی کے دوران گیس کا ٹمپریچر بدستور مستقل رہتا ہے۔ حتیٰ کہ ساری گیس مائع میں تبدیل ہوجاتی ہے۔

## 14.3 ہیٹنگ اور کولنگ کروز (Heating and Cooling Curves)

مادہ کی مختلف حالتوں کے درمیان ہونے والی تبدیلی کو ہم ایک ایسے گراف سے بھی سمجھ سکتے ہیں جو کسی سسٹم کی انٹرنل انرجی اور اس کے ٹمپریچر کے درمیان کھینچا جاتا ہے۔ اس قسم کے گراف کو ہیٹنگ یا کولنگ کروز بھی کہتے ہیں۔ شکل (14.2) میں کسی شے کو گرم یا ٹھنڈا کرنے سے بننے والے کرو (Curve) کو دکھایا گیا ہے۔




شکل (14.2) ہیٹنگ اور کولنگ کروز

جب کسی ٹھوس شے کو گراف میں دکھائے گئے پوائنٹ A پر گرم کیا جاتا ہے تو اس کا ٹمپریچر بڑھنا شروع ہوجاتا ہے۔ شکل (14.2) سے پوائنٹ B ٹھوس کے میلٹنگ پوائنٹ کو ظاہر کرتا ہے۔ مزید گرم کرنے پر اس پگھلے ہوئے ٹھوس کا ٹمپریچر نہیں بڑھتا کیونکہ اس کو مہیا کی جانے والی ہیٹ تمام ٹھوس کو مکمل میلٹ (Melt) کرنے کے لیے استعمال ہو رہی ہوتی ہے۔

**دلچسپ معلومات**

ایسی مادی اشیا جن میں طبعی تبدیلیاں وقوع پذیر ہوتی ہیں ان کو کپڑوں اور عمارات کے ٹمپریچر کو موزوں رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

اس عمل کو شکل (14.2) میں B اور C کے درمیان لائن سے ظاہر کیا گیا ہے۔ اس طرح جب تمام ٹھوس مائع میں تبدیل ہوجاتا ہے تو اس کا ٹمپریچر دوبارہ بڑھنا شروع ہوجاتا ہے۔ گراف میں ٹمپریچر کا بڑھنا لائن C D سے ظاہر کیا گیا ہے۔ شکل میں موجود پوائنٹ D مائع کے بوائلنگ پوائنٹ کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر ہم مائع کو لگاتار گرم کرتے رہتے ہیں تو اس کا ٹمپریچر اس وقت تک نہیں بڑھے گا جب تک کہ سارا مائع گیس میں تبدیل نہیں ہوجاتا۔

**فوری جانچ 14.2**

1- 100°C پر بننے والی بھاپ اسی ٹمپریچر پر موجود پانی کی نسبت زیادہ شدت سے کیوں جلاتی ہے۔

2- گرمیوں میں سوتی کپڑے پہننا ہمارے لیے کیوں آرام دہ ہے؟

گراف میں موجود لائن DE ظاہر کرتی ہے کہ یہاں پر موجود مائع کا ٹمپریچر مستقل رہتا ہے۔ تاہم جب مائع مکمل گیس میں تبدیل ہوجاتی ہے تو اس کا ٹمپریچر دوبارہ بڑھنا شروع ہوجاتا ہے جیسا کہ لائن E F سے ظاہر کیا گیا ہے۔ شکل (14.2) میں موجود کرو (Curve) A سے لے کر F تک ہیٹنگ کرو (Heating Curve) کہلاتا ہے۔

شکل (14.2) میں دیئے گئے گراف کا مطالعہ اُلٹی سمت میں یعنی F تا A بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس قسم کے مطالعہ کو کولنگ کرو

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

کیا آپ جانتے ہیں؟

مادے کی تینوں حالتوں کی ایک دوسرے میں تبدیلی صرف ٹمپریچر تبدیل کرنے سے ہی نہیں لائی جاسکتی۔ بعض اوقات یہ تبدیلی زیادہ بہتر انداز میں لائی جاسکتی ہے اگر ہم ٹمپریچر اور پریشر دونوں بیک وقت تبدیل کریں یا پھر مستقل ٹمپریچر پر پریشر تبدیل کریں۔ مثال کے طور پر برف کا گولہ بنانے والے کے ہاتھ میں موجود برف دبانے سے پگھلنا شروع ہوجاتی ہے۔ امونیا گیس کو 34°C- ٹمپریچر پر صرف پریشر بڑھانے سے مائع میں تبدیل کیا جاسکتا ہے حتیٰ کہ کمرے کے ٹمپریچر یعنی 25°C پر 1 MPa پریشر ڈالنے سے بھی امونیا گیس مائع میں تبدیل ہوجاتی ہے۔

(Cooling Curve) کہتے ہیں۔ نقطہ F پر موجود گیس کو جب ٹھنڈا کیا جاتا ہے تو اس کا ٹمپریچر بتدریج کم ہوتا جاتا ہے۔ نقطہ E پر پہنچنے کے بعد یہ گیس مائع میں تبدیل ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ نقطہ E کو کنڈن سیشن پوائنٹ (Condensation Point) یا لیکیوفیکشن پوائنٹ کہتے ہیں اور یہ اُسی ٹمپریچر کو ظاہر کرتا ہے جیسا کہ بوائلنگ پوائنٹ ہے۔ کنڈن سیشن کے عمل کے دوران ٹمپریچر میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ مائع کو جب مزید ٹھنڈا کیا جائے تو پوائنٹ C پر یہ ٹھوس میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ پوائنٹ C پر موجود ٹمپریچر کو فریزنگ پوائنٹ کہتے ہیں اور یہ پوائنٹ میلٹنگ پوائنٹ والے ٹمپریچر کو ہی ظاہر کرتا ہے۔ پوائنٹ C سے B والی لائن ظاہر کرتی ہے کہ ٹھنڈا کرنے کے اس عمل کے دوران ٹمپریچر مستقل رہتا ہے جب تک کہ ساری مائع ٹھوس میں تبدیل نہ ہوجائے۔

اگر ہم پانی کا ہیٹنگ کرو (Heating Curve) بنائیں اور برف کو گرم کرنا شروع کریں تو یہ 0°C پر پگھلنا شروع ہوجائے گی۔ یہ برف کا میلٹنگ پوائنٹ ہے۔ مزید گرم کرنے سے اُس وقت تک ٹمپریچر نہیں بڑھے گا جب تک ساری برف پگھل نہیں جاتی۔ مزید گرم کرنے سے پانی کا ٹمپریچر بڑھتا جائے گا، حتیٰ کہ 100°C یعنی بوائلنگ پوائنٹ آجائے گا۔ یہ ٹمپریچر اُس وقت تک برقرار رہے گا جب تک سارا پانی بھاپ میں تبدیل نہیں ہوجاتا۔ اسی طرح پانی کا کولنگ کرو بناتے ہوئے ہم بھاپ کو ٹھنڈا کریں گے حتیٰ کہ 100°C ٹمپریچر پر یہ پانی میں تبدیل ہوجائے گی۔ مزید ٹھنڈا کرنے سے اس کا ٹمپریچر یہی رہے گا جب تک کہ ساری بھاپ پانی میں تبدیل نہیں ہوجاتی۔ مزید ٹھنڈا کرنے سے 0°C ٹمپریچر پر یہ پانی آہستہ آہستہ برف میں تبدیل ہوجائے گا اور اِس تبدیلی کے دوران بھی یہی ٹمپریچر برقرار رہے گا۔ لائنز B سے C اور D سے E تک یہ ظاہر کرتی ہیں کہ یہاں پر دی گئی ہیٹ انرجی برف کو پانی اور پانی کو بھاپ بنانے کے لیے استعمال ہورہی ہے اور تبھی اس دوران ٹمپریچر مستقل رہتا ہے۔

## 14.4 ایوپوریشن اور بوائلنگ (Evaporation and Boiling)

جب پانی کو کسی کھلے برتن میں عام بیرونی پریشر پر کچھ دیر رکھیں تو اس کی سطح سے خود بخود تسلسل سے بخارات نکلنے شروع ہوجاتے ہیں۔ آہستہ آہستہ برتن میں پانی کی سطح نیچے جانا شروع ہوجاتی ہے۔ اس مظاہر کو ایوپوریشن کہتے ہیں اور یہ بدستور ہر ٹمپریچر پر جاری رہتا ہے۔

اگر ہم پانی کا ٹمپریچر بڑھا دیں تو ایوپوریشن کی رفتار تیز ہوجاتی ہے کیونکہ سطح سے پانی کے مالیکیولز زیادہ تعداد سے نکلنا شروع ہوجاتے ہیں۔ اگر پانی کا ٹمپریچر مزید بڑھایا جائے تو ایک ایسی صورتحال آجاتی ہے کہ پانی کے مالیکیولز کی کائی نیٹک انرجی اپنی زیادہ سے زیادہ حد کو

Web version of PECTA textbook Not for sale

پہنچ جاتی ہے۔اس صورتحال میں اگر ہم اسے مزید گرم کریں تو یہ فراہم کردہ ہیٹ پانی کے مالیکیولز کو گیسی حالت میں تبدیل کرنے کے لیے استعمال ہوگی جب کہ پانی کا ٹمپریچر مستقل رہے گا۔اس مرحلہ کو ہم بوائلنگ کہتے ہیں۔ یادرہے کہ اس سارے عمل کے دوران بیرونی پریشر بدستور مستقل رہتا ہے۔

### ایویپوریشن اور بوائلنگ میں فرق

| ایویپوریشن | بوائلنگ |
|---|---|
| 1۔ یہ عمل پانی کی سطح پر آہستہ آہستہ وقوع پذیر آتا ہے۔ | 1۔ یہ عمل مائع پانی کو بھاپ میں تبدیل کرتا ہے اور اس دوران مستقل طور پر سارے پانی میں بلبلے بنتے رہتے ہیں اور اس دوران پانی پر پڑنے والا بیرونی ایٹما سفیرک پریشر بھی مستقل رہتا ہے۔ |
| 2۔ پانی کا ٹمپریچر بڑھنے سے ایویپوریشن کی رفتار بھی زیادہ ہوجاتی ہے۔ | 2۔ یہ عمل بوائلنگ کے ٹمپریچر تک پہنچنے سے پہلے تک بدستور جاری رہتا ہے۔ |
| 3۔ ایویپوریشن سے ٹھنڈک پیدا ہوتی ہے۔ | 3۔ بوائلنگ سے ٹھنڈک پیدا نہیں ہوتی۔ |
| 4۔ اس عمل کے وقوع پذیر ہونے کے لیے بہت کم انرجی درکار ہوتی ہے جو کہ پانی کے اندر سے مہیا ہوجاتی ہے۔ | 4۔ بوائلنگ کے لیے انرجی کے ایک بیرونی ماخذ کی ضرورت ہوتی ہے۔ |

## ایویپوریشن اور بوائلنگ کی رفتار پر بیرونی پریشر کا اثر
## (Effect of External Pressure on the Rates of Evaporation and Boiling)



شکل (14.3)

ایویپوریشن اور بوائلنگ دونوں کی رفتار پر مائع کے اوپر پڑنے والے ایٹما سفیرک پریشر میں تبدیلی کے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

بیرونی پریشر کے کم ہونے سے ایویپوریشن کی رفتار زیادہ ہوجاتی ہے جب کہ بڑھنے سے یہ رفتار کم ہوجاتی ہے۔ جب ایک کُھلے برتن میں موجود مائع کے مالیکیولز اس کی سطح سے باہر نکلتے ہیں تو وہ فوراً بیرونی ہوا کے ساتھ مل جاتے ہیں اور بہت کم واپس مائع میں شامل ہوتے ہیں۔لیکن اگر مائع پر پڑنے والا بیرونی دباؤ زیادہ ہوجائے تو سطح سے نکلنے والے مالیکیولز ہوا میں شامل ہونے کی بجائے مائع میں واپس چلے جاتے ہیں۔نتیجتاً ایویپوریشن کی رفتار بھی کم ہوجاتی ہے۔

جب کسی مائع کو بوائل (Boil) کیا جاتا ہے تو اس کے اندر مسلسل بُلبلے بنتے رہتے ہیں جو کہ اوپر اُٹھ کر مائع کی سطح پر آ کر پھٹ جاتے ہیں، اس دوران مائع کا ٹمپریچر مستقل ایک جگہ پر رہتا ہے۔اس ٹمپریچر کو بوائلنگ پوائنٹ کہتے ہیں۔ اگر آپ کراچی میں پانی کا بوائلنگ

Web version of PECTAA textbook Not for Sale

پوائنٹ نکالیں تو یہ 100°C ہوگا تاہم اگر یہی بوائلنگ پوائنٹ مری میں نکالا جائے تو یہ 98°C ہوتا ہے۔ مری میں چونکہ بیرونی ایٹما سفیرک پریشر کراچی کی نسبت کم ہوتا ہے اس لیے پانی یہاں پر جلدی بوائل کر جاتا ہے۔

## 14.5 سب لیمیشن (Sublimation)

کسی ٹھوس شے کا مائع حالت میں تبدیل ہوئے بغیر براہ راست بخارات میں تبدیل ہو جانا سب لیمیشن کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر ٹھوس کاربن ڈائی آکسائیڈ جسے ڈرائی آئس (Dry Ice) بھی کہتے ہیں عام ٹمپریچر پر مائع حالت میں تبدیل ہونے کے بغیر سیدھا گیسی حالت میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ سب لیمیشن کی ایک اور مثال عام ملنے والی فنائل کی گولیوں کا خود بخود غائب ہو جانا ہے۔ یہ گولیاں اونی کپڑوں کے اندر رکھی جاتی ہیں تاکہ نقصان پہنچانے والے کیڑے دُور رہیں۔

ایویپوریشن کی طرح سب لیمیشن کے لیے بھی انرجی شے کے اندر سے مہیا ہوتی ہے۔ یہ شے پھر اپنی انرجی میں ہونے والی کمی کو ماحول سے لے کر پوری کرتی ہے۔ یہ انرجی مالیکیولز کے درمیان کشش کی قوتوں کو توڑنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ مالیکیولز پھر آزاد حالت میں بخارات بن کر اُڑ جاتے ہیں۔

### ڈیپوزیشن (Deposition)

یہ مظاہر سب لیمیشن کے اُلٹ ہے اور اس میں ایک گیس مائع میں تبدیل ہونے کے بغیر سیدھی ٹھوس حالت میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ سردیوں میں آبی بخارات کا کُہرے میں تبدیل ہونا ڈیپوزیشن کی ایک مثال ہے۔

**فوری جانچ 14.3**

1- ایویپوریشن کے عمل کے دوران کیا مائع کے ٹمپریچر میں تبدیلی آتی ہے؟
2- کیا برف سب لائم (Sublime) کرتی ہے؟
3- اوپر دی گئی مثالوں کے علاوہ سب لیمیشن اور ڈیپوزیشن کی ایک ایک مثال دیں۔

## 14.6 سب لیمیشن کے استعمالات (Applications of Sublimation)

### (a) ٹھوس ایئر فریشنرز (Solid Air Fresheners)

ایئر فریشنرز سب لیمیشن کے عمل کی بنیاد پر بنائے گئے ہیں۔ اِن میں ایک خوشبودار شے موجود ہوتی ہے جو لگاتار بخارات کی شکل میں تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ یہ تبدیلی حرارت کے بغیر یا حرارت کی موجودگی دونوں صورتوں میں وقوع پذیر ہو سکتی ہے۔ یہ خوشبو دار شے بخارات میں تبدیل ہو کر کمرے میں پھیل جاتی ہے اور ناپسندیدہ بدبو کا اثر ختم کر دیتی ہے۔

جب ٹھوس ایئر فریشنر کو کسی ماحول میں رکھا جاتا ہے یا پھر اُسے گرم کیا جاتا ہے تو اُس میں موجود ٹھوس اجزاء بکھر جاتے ہیں اور اِرد گرد کے ماحول کو اپنی خوشبو سے معطّر کر دیتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## (b) سب لیمیشن پرنٹنگ (Sublimation Printing)

جب سب لیمیشن کے عمل سے کسی میٹریل یا کپڑے پر کوئی ڈیزائن پرنٹ کیا جاتا ہے تو اسے سب لیمیشن پرنٹنگ کہتے ہیں۔اس عمل کے دوران سیاہی اور حرارت کی مدد سے اس ڈیزائن کو اُس میٹریل پر منتقل کیا جاتا ہے اور اس دوران استعمال ہونے والی سیاہی بخارات بن کر کپڑے پر چپک جاتی ہے۔اس طرح کی پرنٹنگ پائیدار ہوتی ہے اور وقت گزرنے سے دُھندلا نہیں جاتی۔اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں سیاہی کپڑے کی تہوں میں جذب ہوجاتی ہے۔اس کے برعکس عام پرنٹنگ میں سیاہی کپڑے کے اوپر والی سطح پر صرف چپک جاتی ہے اس لیے جلدی خراب ہوجاتی ہے۔سب لیمیشن پرنٹنگ کے دوران حرارت اور دباؤ کی وجہ سے سیاہی کے بخارات کپڑے میں موجود خالی جگہوں میں داخل ہوجاتے ہیں اور پھر ٹھنڈا کرنے پر وہیں جذب ہوجاتے ہیں۔سب لیمیشن پرنٹنگ نہ صرف عام استعمال میں آنے والی ٹی شرٹس پر ڈیزائن بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے بلکہ اس سے سرامک، لکڑی اور دھاتوں پر بھی ڈیزائن بنائے جاسکتے ہیں۔اس مقصد کے لیے اِن اشیاء پر ایک خاص شے کی تہہ جمائی جاتی ہے جس پر سیاہی کے بخارات چپک جاتے ہیں۔

# 14.7 کائی نیٹک تھیوری اور گیسوں کے قوانین (Kinetic Theory and Gas Laws)

## پریشر اور والیوم کے درمیان تعلق۔بوائل کا قانون (Pressure-Volume Relationship Boyle's Law)

کائی نیٹک تھیوری کی رُو سے کسی گیس کا پریشر اُس میں موجود مالیکیولز کے برتن کی دیواروں سے ٹکرانے کی وجہ سے وجود میں آتا ہے۔ اس پریشر کا انحصار ٹکرانے والے مالیکیولز کی تعداد پر ہے جو دیئے ہوئے وقت میں دیواروں سے ٹکراتے ہیں۔

جب کسی گیس کی خاص مقدار پر اور ایک خاص ٹمپریچر پر بیرونی پریشر بڑھایا جاتا ہے تو اس کے مالیکیولز کے درمیان موجود فاصلہ کم ہوجاتا ہے جس سے گیس کا والیوم کم ہوجاتا ہے۔اگر بیرونی پریشر ڈال کر گیس کے والیوم کو آدھا کردیا جائے تو اس میں موجود مالیکیولز کی تعداد بالحاظ والیوم دُگنی ہوجائے گی۔اس کے نتیجہ میں برتن کی دیواروں سے ٹکرانے والے مالیکیولز کی تعداد بھی دُگنی ہوجائے گی۔چونکہ ٹکرانے والی مالیکیولز کی تعداد دُگنی ہوگئ ہے اس لیے اس گیس کا پریشر بھی دُگنا ہوجائے گا۔اِن مشاہدات کی بدولت آئرلینڈ کے رہنے والے کیمسٹ رابرٹ بوائل نے گیس کے پریشر اور اُس کے والیوم کے درمیان تعلق کا قانون وضع کیا۔اس قانون کی رُو سے کسی گیس کی خاص مقدار کے والیوم اور اُس کے پریشر کے درمیان مخالف تعلق ہے بشرطیکہ اُس گیس کا ٹمپریچر مستقل رکھا جائے۔دوسرے الفاظ میں جب اس گیس کا والیوم کم ہوگا تو اس کا پریشر زیادہ ہوگا اور جب والیوم زیادہ ہوگا تو پریشر کم ہوگا۔

علمِ ریاضی کی رُو سے اس تعلق کو اس طرح ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$V \propto \frac{1}{P}$$

( V کسی گیس کی خاص مقدار کا والیوم ہے جبکہ P اسکا پریشر ہے۔)

### سرگرمی 14.1 بوائل کے قانون کی تجرباتی تصدیق

رابرٹ بوائل نے اپنے بنائے ہوئے پریشر اور والیوم کے درمیان تعلق کے قانون کو درج ذیل سادہ تجربہ سے ثابت کیا۔

اس مقصد کے لیے اُس نے انگریزی حرف J کی شکل کی ایک گلاس ٹیوب لی اور اس کے چھوٹے بازو کو بند کردیا جیسا کہ شکل (14.4) میں دکھایا گیا

Web version of PECTAA textbook Not for sale


NOT FOR SALE-PESRP

ہے۔اس کے بعد اُس نے اس ٹیوب کی بڑے بازو میں مرکری (Mercury) اُنڈیل دی جس سے چھوٹے بازو میں موجود ہوا اُس کے اندر ہی قید ہوگئی چونکہ اُس نے مرکری کی بہت کم مقدار استعمال کی اس لیے یہ مقید ہوا سکڑنے سے محفوظ رہی اور اس پر پریشر عام ہوا کے پریشر کے برابر ہی تصور کیا گیا۔ بوائل نے پھر بڑے بازو میں مزید مرکری ڈالی حتیٰ کہ دونوں بازوؤں میں مرکری کی سطحوں کے درمیان 760 ملی میٹر کا فاصلہ ہوگیا۔اس طرح اُس نے مقید ہوا پر پڑنے والے پریشر کو دوگنا کر دیا (2x760 ملی میٹر)۔اس عمل کے بعد جب اُس نے مقید گیس کا والیوم نوٹ کیا تو وہ پہلے سے آدھا تھا۔ واضح رہے کہ اس تجربے کے دوران ہوا کے ماس اور اُس کے ٹمپریچر میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

اس تجربہ سے یہ معلوم ہوا کہ جب گیس پر پریشر دُگنا کیا گیا تو اس کا والیوم آدھا رہ گیا اور یہی بوائل کا قانون بھی ہے۔



شکل (14.4) بوائل کے قانون کی تصدیق

## ٹمپریچر اور والیوم کے درمیان تعلق۔ چارلس کا قانون
## (Temperature-Volume Relationship, Charle's Law)

کائی نیٹک تھیوری کے مطابق اگر کسی گیس کے ٹمپریچر میں اضافہ کیا جائے تو اس گیس میں موجود مالیکیولز کی اوسط رفتار اور کائی نیٹک انرجی میں بھی اضافہ ہوجاتا ہے۔ مالیکیولز کی رفتار میں اضافہ کی وجہ سے برتن کی دیواروں کے ساتھ ان کے ٹکراؤ بھی بڑھ جاتے ہیں اور ٹکرانے کی شدت میں بھی اضافہ ہوجاتا ہے۔ اِن دونوں وجوہات کی وجہ سے گیس کا پریشر بھی بڑھ جاتا ہے۔ تاہم اگر گیس کا پریشر نہ بڑھنے دیا جائے تو پھر اس کے ٹمپریچر میں اضافہ کے وجہ سے اس کا والیوم بڑھ جائے گا۔ اس عمل کا بڑی آسانی سے مشاہدہ کیا جاسکتا ہے۔ اگر گیس ایک سلنڈر میں موجود ہو اور اس سلنڈر کے ساتھ پسٹن لگا ہو جیسا کہ شکل (14.5) میں دکھایا گیا ہے جب گیس کو گرم کیا جاتا ہے تو پسٹن لازمی طور پر اوپر حرکت کرے گا جس سے سلنڈر میں موجود گیس کا والیوم بڑھ جائے گا۔ یاد رہے کہ اس عمل کے دوران گیس پر پڑنے والا پریشر مستقل رہے گا۔



شکل (14.5) چارلس کا قانون

ایک فرانسیسی سائنس دان جیکوس الیگزنڈر چارلس (Jacques Alexander Charles) نے اوپر دیے گئے مشاہدات کو ایک قانون کی شکل دے دی۔ اس قانون کو چارلس کا قانون کہتے ہیں اِس قانون کے مطابق اگر کسی گیس کی خاص مقدار کا ٹمپریچر بڑھایا جائے تو اس کا والیوم بھی بڑھ جائے گا بشرطیکہ اس پر پڑنے والا پریشر مستقل رہے۔ چارلس کے اس قانون کے مطابق گیس کا ٹمپریچر ہمیشہ کیلون سکیل میں ماپا جاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ریاضی کے مطابق　　V x T　　(گیس کا ماس اور اس پر پڑنے والا پریشر مستقل رہتا ہے۔)

## ایووگیڈرو کا قانون (Avogadro's Law)

کائی نیٹک تھیوری کے مطابق کسی گیس کا پریشر اس میں موجود مالیکیولز کا برتن کی دیواروں کے ساتھ ٹکرانے سے وجود میں آتا ہے۔ مزید یہ کہ ان کے پر یونٹ ایریا ٹکرانے کا انحصار ان کی تعداد اور ان کی رفتار پر ہے۔

اگر آپ کے پاس دو ایک جیسے برتن ہیں اور ان میں گیس کی ایک ہی مقدار کسی خاص ٹمپریچر پر اور پریشر پر موجود ہے اور آپ کسی ایک برتن میں مزید گیس داخل کر دیتے ہیں تو قدرتی طور پر اس برتن میں موجود گیس کا پریشر بڑھ جائے گا۔ اگر آپ اس پریشر کو بڑھنے نہ دیں تو لازمی طور پر اس کا پھر والیوم بڑھ جائے گا۔ گیس کے والیوم میں اضافہ کی وجہ سے اس برتن میں موجود گیس کا پریشر پہلے جتنا ہو جائے گا۔ اس مشاہدہ سے یہ نتیجہ نکلا اگر کسی برتن میں گیس کے مالیکیولز کی تعداد زیادہ ہوگی تو لازمی طور پر اس کا والیوم بھی زیادہ ہوگا بشرطیکہ ہم اس گیس کا پریشر اور ٹمپریچر تبدیل نہ ہونے دیں۔

ایووگیڈرو نے ان مشاہدات کو ایک قانون کی شکل میں پیش کیا۔ اس قانون کے مطابق ایک جیسے والیوم رکھنے والے برتنوں میں بند مختلف گیسوں میں موجود مالیکیولز کی تعداد لازمی طور پر ایک جیسی ہوگی اگر ان کا ٹمپریچر اور پریشر ایک جیسا رکھا جائے گا۔

ریاضی کے مطابق　　V x n　　(پریشر اور ٹمپریچر مستقل رہیں گے)

## 14.8 ڈفیوژن (Diffusion)

مختلف گیسوں میں موجود مالیکیولز ہر سمت میں حرکت کر رہے ہوتے ہیں۔ مالیکیولز کی اس حرکت کی وجہ سے مختلف گیسیں زیادہ ارتکاز والے ایریا سے کم ارتکاز والے ایریا میں نہ صرف پھیل جاتی ہیں بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ یکجا بھی ہو جاتی ہیں۔ گیسوں کے یکجا ہونے کی اس خاصیت کو ڈفیوژن کہتے ہیں۔ جب جسم میں لگانے والے پرفیوم کی بوتل کو کھولا جاتا ہے تو اس میں نکلنے والی خوشبو آہستہ آہستہ ڈفیوژن کی وجہ سے سارے کمرے میں پھیل جاتی ہے شکل (14.6) میں ہائڈروجن گیس کو ایک برتن سے دوسرے برتن میں منتقل یا ڈفیوز (Diffuse) ہوتا دکھایا گیا ہے۔ ڈفیوژن ایک خود بخود ہونے والا عمل ہے اور اس کی بدولت گیس کے ذرات ہر طرف پھیل جاتے ہیں۔




شکل (14.6) گیسوں کا ڈفیوژن

مختلف گیسوں کا مختلف رفتار سے پھیلنے یا ڈفیوز ہونے کے عمل کو کائی نیٹک تھیوری سے واضح کیا جا سکتا ہے۔ کائی نیٹک تھیوری کے مطابق تمام گیسوں میں موجود مالیکیولز کی اوسط کائی نیٹک انرجی ایک ہی ٹمپریچر پر یکساں ہوتی ہے چونکہ ہائڈروجن آکسیجن کی نسبت ایک ہلکی گیس ہے اس لیے اس کے مالیکیولز کی رفتار بھی آکسیجن کے مالیکیولز سے زیادہ ہوگی بشرطیکہ دونوں گیسوں کا ٹمپریچر ایک ہی ہو۔ نتیجتاً ہائڈروجن گیس آکسیجن گیس کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے ڈفیوز ہوگی۔

گیسوں کے ڈفیوژن کی رفتار ٹمپریچر بڑھنے سے بڑھ جاتی ہے کیونکہ بلند ٹمپریچر پر مالیکیولز کی کائی نیٹک انرجی زیادہ ہوتی ہے جس کی

Web version of PECTAA textbook Not for sale

وجہ سے یہ تیزی سے حرکت کرتے ہوئے نہ صرف کہ پھیل جاتے ہیں بلکہ یکجا بھی ہو جاتے ہیں۔

**سرگرمی 14.2** مختلف گیسیں مختلف رفتار سے ڈفیوز ہوتی ہیں۔

100 سینٹی میٹر لمبی گلاس ٹیوب لیں جس کے دونوں سرے کُھلے ہوں۔ روئی کے دو گولے لیں ایک کو ہائڈروجن کلورائڈ گیس اور دوسرے کو امونیا گیس کے سلیوشنز میں ڈبو کر گیلا کر لیں۔ اِن دونوں گولوں کو بیک وقت گلاس ٹیوب کے دونوں کھلے سِروں کے اندر رکھیں، جس طرح کہ شکل (14.7) میں دکھایا گیا ہے دونوں گولوں میں سے یہ گیسیں علیحدہ علیحدہ نکل کر ٹیوب میں چلیں گی اور جہاں پر یہ دونوں ملیں گی وہاں سفید رنگ کا دھواں نظر آئے گا جو کہ امونیم کلورائڈ کا دھواں ہوگا۔ ایک ہی وقت میں چلتے ہوئے ہائڈروجن کلورائڈ گیس 40.5 سینٹی میٹر کا فاصلہ طے کرے گی جبکہ امونیا گیس اسی وقت میں 59.5 سینٹی میٹر فاصلہ طے کرے گی۔ اس سرگرمی سے ظاہر ہوا کہ امونیا گیس نے ہلکا ہونے کی وجہ سے ہائڈروجن کلورائڈ کی نسبت زیادہ فاصلہ طے کیا۔



شکل 14.7 دو گیسوں کے ڈفیوژن کی رفتار کا تقابلہ

**فوری جانچ 14.4**

1۔ ایک جیسے ٹمپریچر اور پریشر پر ذیل میں درج کون سی گیس سب سے زیادہ جلدی ڈفیوز ہوگی اور کون سی گیس ڈفیوز ہونے کے لیے سب سے زیادہ دیر لگائے گی۔ $NO_2$, $SO_2$, $H_2S$

2۔ کائی نیٹک پارٹیکل تھیوری کی مدد سے اس بات کی وضاحت کریں کہ امونیا گیس کیوں ہائڈروجن کلورائڈ گیس کی نسبت جلدی ڈفیوز ہوتی ہے۔

## 14.9 انسانی جسم میں ادویات کے ڈفیوز ہونے کی رفتار کی اہمیت (Importance of Rates of Diffusion of Medicines in Human Body)

کسی میڈیسن میں موجود مالیکیولز کا زیادہ ارتکاز والے علاقوں سے کم ارتکاز والے علاقوں میں حرکت کرنا ڈفیوژن کہلاتا ہے۔ ادویات کے ڈفیوژن کی رفتار سے ہم یہ جان سکتے ہیں کہ دوائیاں ہمارے جسم میں کتنی جلدی جذب ہوں گی یا تقسیم ہوں گی یا پھر جسم سے باہر نکلیں گی۔ جب دوائی منہ کے ذریعے لی جائے تو معدہ اور بڑی آنت کے درمیان اُس کے ڈفیوز ہونے کی رفتار سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہ کتنی جلدی جسم میں جذب ہو جائے گی۔ دوائی کے جذب ہونے کی رفتار جتنی زیادہ ہوگی اُتنی ہی جلدی وہ اپنا اثر دکھانا شروع کرے گی۔

دوائی کے مالیکیولز ایک بار جب خون میں جذب ہو جاتے ہیں تو پھر یہ مختلف عضلات اور اعضاء میں ڈفیوز ہونا شروع ہوتے ہیں۔ ڈفیوز ہونے کی یہ رفتار ظاہر کرتی ہے کہ دوائی کتنی جلدی اپنا کام شروع کرے گی۔ مثال کے طور پر ایسی ادویات جو چربی میں حل ہو جاتی ہیں وہ سیلز (Cells) کی جھلیوں میں سے آسانی سے ڈفیوز ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے وہ تھوڑے وقت میں زیادہ اثر دکھاتی ہیں۔ عام طور پر

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ڈفیوژن کی رفتار زیادہ ہونے کی وجہ سے دوائی کا ارتکاز متاثرہ عضو میں زیادہ ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے دوائی زیادہ موثر ہو جاتی ہے۔

مختصر الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے ڈفیوژن کی رفتار انسانی جسم میں دوائیوں کے متاثرہ حصّے تک پہنچنے میں بڑا کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔

ڈفیوژن کا عمل اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ضروری اشیا متاثرہ حصّوں تک جلد از جلد پہنچ کر بیماریوں کو ختم کرنے میں معاون ثابت ہوں۔

# مشق

## A کثیر الانتخابی سوالات:

### صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) کائینیٹک تھیوری کے مطابق ٹھوس، مائع اور گیس کے درمیان بنیادی فرق اس وجہ سے ہے:

(الف) ذرّات کی حرکت میں فرق　(ب) ذرّات کی کیمیائی خصوصیات

(ج) ذرّات کا سائز　(د) ذرّات کی شکل

(ii) ایوپوریشن کی شرح گرم کرنے پر:

(الف) گھٹتی ہے۔　(ب) بڑھتی ہے۔

(ج) یکساں رہتی ہے　(د) پہلے گھٹتی ہے پھر مزید گرم کرنے پر بڑھتی ہے

(iii) ذرّات کے مابین کشش سب سے زیادہ کس میں ہوتی ہے:

(الف) ٹھوس　(ب) مائع　(ج) پلازمہ　(د) گیس

(iv) کچھ گیسوں کے بخارات کو ٹھنڈا کرنے پر یہ براہِ راست ٹھوس حالت میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ اِس مظاہر کو کیا کہتے ہیں:

(الف) ایوپوریشن　(ب) کنڈن سیشن　(ج) سب لیمیشن　(د) ڈیپوزیشن

(v) طبعی حالت جس میں ذرّات سب سے زیادہ توانائی رکھتے ہیں:

(الف) ٹھوس　(ب) مائع　(ج) گیس　(د) بخارات

(vi) ایوپوریشن مائع کے مالیکیولز میں موجود کشش پر کس طرح منحصر ہے؟

(الف) کشش میں اضافے کے ساتھ بڑھتی ہے　(ب) کشش میں اضافے کے ساتھ گھٹتی ہے

(ج) کشش کی طاقت پر منحصر نہیں ہوتی

(د) کشش کی طاقت میں اضافے کے ساتھ پہلے بڑھتی اور پھر کم ہوتی ہے

(vii) کِس گیس کے ڈفیوز ہونے کی شرح تیز ترین ہے:

(الف) HCl　(ب) $SO_2$　(ج) $H_2S$　(د) $CO_2$

(viii) A اور B طبعی تبدیلیوں کو ظاہر کرتے ہیں ان کے نام لکھیں۔ گیس A مائع B ٹھوس:

(الف) میلٹنگ، ایوپوریشن　(ب) کنڈن سیشن، میلٹنگ

(ج) کنڈن سیشن، فریزنگ　(د) بوائلنگ، فریزنگ

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

(ix) ایک طالبِ علم نے صبح 6:30 پر میدان میں کُہرہ گرتے دیکھا جو کہ صبح 8:30 پر غائب ہو گیا۔ کُہرے کو بخارات میں تبدیل کرنے سے کون سی طبعی تبدیلی وقوع پزیر ہوئی؟

(الف) میلٹنگ　(ب) ایویپوریشن　(ج) سب لیمیشن　(د) ڈیپوزیشن

## B مختصر جوابی سوالات:

14.1 جب مائع ایویپوریٹ ہوتی ہے تو توانائی کہاں سے حاصل ہوتی ہے؟

14.2 کیا کنڈینسیشن حرارت جذب کرنے والا عمل ہے؟

14.3 فینائل کی گولیاں (کیڑے ماردوائی) کچھ عرصے بعد تحلیل کیوں ہو جاتی ہیں؟

14.4 طبعی تبدیلی کے دوران درجہ حرارت یکساں کیوں رہتا ہے؟

14.5 کیا مائع کو گیس کی طرح سکیڑنا (Compress) ممکن ہے؟

14.6 لیب میں تجربے کے دوران کیا پانی کا بوائلنگ پوائنٹ تبدیل کیا جا سکتا ہے؟

14.7 کِس موسم میں گیلے کپڑے نسبتاً زیادہ دیر سے سوکھتے ہیں؟

14.8 جب ٹھوس کو گرم کیا جاتا ہے تو مرتعش ذرّات (Vibrating particles) کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟

14.9 کیا ٹھوس اور مائع، گیس کی طرح ڈفیوز ہوتے ہیں؟

14.10 شبنم کے قطرے صبح کے وقت کیوں بنتے ہیں؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

14.1 ایویپوریشن اور بوائلنگ میں فرق واضح کریں۔

14.2 بوائلنگ کا بیرونی دباؤ کے ساتھ کیا تعلق ہے؟ وضاحت کریں۔

14.3 ایویپوریشن کے لیے توانائی کی ضرورت کیوں نہیں ہوتی؟

14.4 طبعی تبدیلیوں میں حرارتی اور کولنگ کروز (Curves) ایک ہی راستہ کیوں اختیار کرتے ہیں؟

14.5 جب برف پر دباؤ بڑھایا جاتا ہے تو وہ پگھلتی کیوں ہے؟

14.6 طبعی تبدیلیاں کیوں رونما ہوتی ہیں؟

## D تفصیلی سوالات:

14.1 کائی نیٹک تھیوری کی بنیاد پر دو گیسوں کے درمیان ڈفیوژن کی شرح میں فرق کی وضاحت کریں۔

14.2 سب لیمیشن، پرنٹنگ اور ایئر فریشنرز کے استعمال میں کِس طرح مددگار ثابت ہوتی ہے؟

14.3 درجہ حرارت میں تبدیلی کے ساتھ پانی میں ہونے والی طبعی تبدیلیوں کے لیے حرارتی کرو (Curve) کھینچیں۔

# باب 15

# ستائیکیومیٹری
# Stoichiometry

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- گیسوں کے والیومز کو ناپنے کے لیے کمرے کے درجہ حرارت اور دباؤ پر $24dm^3$ کو بطور مولر گیس والیوم استعمال کریں۔
- $g/dm^3$ اور $mol/dm^3$ کا استعمال کرتے ہوئے، اِرتکاز کی تعریف کریں اور اِن کے مابین باہم تبدیلی واضح کریں۔
- اشیا کے درمیان سٹائیکیومیٹرک تعلقات کو استعمال کرتے ہوئے ذیل میں درج اشیا کے درمیان تعلق کا حساب لگائیں۔

(الف) ری ایکشنز کے درمیان تعلق کا حساب، لمٹنگ ری ایکٹنٹس (Limiting Reactants) کے درمیان

(ب) RTP پر گیسوں کے والیوم کا حساب

(ج) $g/dm^3$ اور $mol/dm^3$ میں سلوشن کا والیوم اور سلوشن کے ارتکاز کا حساب

(د) $cm^3$ اور $dm^3$ کے مابین باہم تبدیلی کا حساب

- ٹائیٹریشن کی مدد سے امپیریکل ڈیٹا کا استعمال کرتے ہوئے سلوشن کا اِرتکاز معلوم کریں۔
- مناسب معلومات کے ذریعے امپیریکل فارمولا اور مالیکیولر فارمولا معلوم کریں۔
- مناسب معلومات کے ذریعے فیصد ییلڈ، فی صد اجزائے ترکیبی (ماس) اور فیصد خالص پن معلوم کریں۔



Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 15.1 مولر والیوم (Molar Volume)

گیس کا والیوم پریشر اور ٹمپریچر میں تبدیلی سے تبدیل ہو جاتا ہے۔ اگر ہم مختلف گیسوں کے والیومز (Volumes) کا موازنہ کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں پریشر اور ٹمپریچر کی معیاری ویلیوز (Values) استعمال کرنا پڑیں گی ان معیاری ویلیوز کو کمرے کا ٹمپریچر اور کمرے کے پریشر (RTP) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ کمرے کا معیاری ٹمپریچر 25°C یا 298.15K اور اس کا معیاری پریشر ایک ایٹما سفیرک پریشر (760 torr) ہے۔ گیسوں کے والیومز کا موازنہ کرنے کے لیے اُنہیں انہی معیاری شرائط میں ماپا جاتا ہے۔

یہ معلوم کیا گیا ہے کہ تمام گیسوں کے ایک مول کا والیوم RTP پر $24dm^3$ ہوتا ہے۔ اس ویلیو کو مولر والیوم کہتے ہیں۔ یہ بات خاص طور پر نوٹ کرنے کے قابل ہے کہ تمام گیسوں کے ایک مول میں موجود مالیکیولز کی تعداد برابر ہوتی ہے اور RTP پر اِن کے والیومز بھی ایک جیسے ہوتے ہیں تاہم اِن کے ایک مول کے ماسز سب مختلف ہیں۔ دوسرے الفاظ میں مختلف گیسوں میں موجود مالیکیولز کے ماسز (Masses) اور سائز (Sizes) مختلف ہونے کے باوجود اِن سب کے والیومز برابر ہیں۔ مولر والیوم کا نظریہ بہت مفید ہے کیونکہ یہ ہمیں اس قابل بناتا ہے کہ ہم گیسوں کے دیئے گئے والیومز کی مدد سے اُن میں موجود مولز کی تعداد یا اُن کے ماسز معلوم کریں۔

**مثال: 15.1**

**نائٹروجن گیس کا والیوم RTP پر $2.5dm^3$ ہے۔ اس میں نائٹروجن گیس کے کتنے مولز موجود ہوں گے؟**

**حل:**

$24\ dm^3$ نائٹروجن میں موجود مولز کی تعداد = 1 mol

$1\ dm^3$ نائٹروجن میں موجود مولز کی تعداد = $\frac{1}{24}$ mol

$2.5\ dm^3$ نائٹروجن میں موجود مولز کی تعداد = $\frac{1}{24} \times 2.5$

= 0.10 mol

آپ اس سوال کو حل کرنے کے لیے ذیل میں درج ایکویشن (1) بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

گیس کے مولز کی تعداد = $\frac{\text{RTP پر گیس کا والیوم}}{\text{گیس کا مولر والیوم}}$ ............ (1)

**مثال: 15.2**

**ہائڈروجن گیس کے 0.5 مول کا RTP پر والیوم کیا ہوگا؟**

Web version of PECTAA textbook Not for sale

**حل:**

ایکویشن (1) کو اپلائی کریں۔ $\frac{\text{ہائڈروجن کا والیوم}}{24} = 0.5$

ہائڈروجن کا والیوم $= 0.5 \times 24 = 12\ dm^3$

**مثال: 15.3**

**200 گرام کاربن ڈائی آکسائڈ گیس کا RTP پر والیوم معلوم کریں؟**

**حل:**

گیس کے مولز کی تعداد $= \frac{\text{گیس کا والیوم}}{\text{گیس کا مولر والیوم}}$

گیس کا والیوم = مولز کی تعداد x مولر والیوم

چونکہ گیس کے مولز کی تعداد $= \frac{\text{ماس}}{\text{مولر ماس}}$

کاربن ڈائی آکسائڈ گیس کا والیوم $= \frac{\text{ماس}}{\text{مولر ماس}} \times$ مولر والیوم

کاربن ڈائی آکسائڈ گیس کا والیوم $= \frac{200\ g}{44\ g} \times 24\ dm^3 = 109\ dm^3$

**فوری جانچ 15.1**

$100\ dm^3$ کاربن ڈائی آکسائڈ RTP پر موجود ہے۔ اس کا ماس معلوم کریں۔

## 15.2 سلوشن کا ارتکاز (Concentration of a Solution)

کسی سلوشن کا ارتکاز دراصل اس بات کی پیمائش کرتا ہے کہ سلوشن میں یا سولونیٹ میں سولیوٹ کی کتنی مقدار حل کی گئی ہے۔ حل ہونے والے سولیوٹ کی مقدار کو اس کے والیوم سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ یہ والیوم $dm^3$ یا $cm^3$ میں ماپا جاتا ہے۔ اس والیوم/ماس ارتکاز کے لیے $g/dm^3$ کی اکائی استعمال ہوتی ہے جبکہ مولر ارتکاز کے لیے $mol/dm^3$ کی اکائی استعمال ہوتی ہے۔

**مثال: 15.4**

**ایک سلوشن بنانے کے لیے 20 گرام سوڈیم کلورائڈ کو $0.2dm^3$ پانی میں حل کیا گیا ہے۔ اس سلوشن کا ارتکاز معلوم کریں۔**

**حل:**

ارتکاز $= \frac{\text{حل شدہ سولیوٹ کا ماس گراموں میں}}{\text{سلوشن کا والیوم } dm^3 \text{ میں}}$

$= \frac{20}{0.2} = 100\ g/dm^3$

Web version of PECTAA textbook Not for sale

### مثال: 15.5

1.8 گرام ہائڈروجن کلورائڈ گیس کو پانی میں حل کر کے $500 cm^3$ ہائڈروکلورک ایسڈ بنایا گیا ہے۔ ہائڈروکلورک ایسڈ کا ارتکاز $g/dm^3$ میں معلوم کریں۔

**حل:**

ہائڈروکلورک ایسڈ کا والیوم $dm^3$ میں $= \frac{500\ cm^3}{1000} = 0.5\ dm^3$

ہائڈروکلورک ایسڈ کا ارتکاز $= \frac{1.8}{0.5}$

$= \frac{3.6\ \text{گرام}}{dm^3}$

> **اہم نکتہ**
> مولر ارتکاز اور مولیریٹی دونوں سلوشن میں سولیوٹ کے ارتکاز کو ظاہر کرتے ہیں۔

### مثال: 15.6

$2dm^3$ کاپر سلفیٹ سلوشن کا ارتکاز $15\ g/dm^3$ ہے اس میں موجود کاپر سلفیٹ کی مقدار گراموں میں معلوم کریں۔

**حل:**

کاپر سلفیٹ کا ماس گراموں میں = کاپر سلفیٹ کا ارتکاز $g/dm^3$ x والیوم $(dm^3)$

$= 2 \times 15$

$= 30\ g$

### مثال: 15.7

$1.2\ dm^3$ سوڈیم ہائڈرو آکسائڈ کا سلوشن بنانے کے لیے اس کے 10 گرام پانی میں حل کیے گئے ہیں۔ اس سلوشن کا ارتکاز $mol/dm^3$ میں معلوم کریں۔

**حل:**

سوڈیم ہائڈرو آکسائڈ کا ماس $= 10\ g$

سوڈیم ہائڈرو آکسائڈ کے مولز $= \frac{10}{40} = 0.25\ mol$

سوڈیم ہائڈرو آکسائڈ سلوشن کا ارتکاز $= \frac{0.25}{1.2} = 0.21\ mol/dm^3$

> **فوری جانچ 15.2**
> کاپر سلفیٹ $(CuSO_4)$ کے $5 \times 10^{-2}\ mol/dm^3$ ایکوس سلوشن کے $50\ cm^3$ میں اس کا کتنا ماس ہوگا؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 15.3 امپیریکل ڈیٹا استعمال کرتے ہوئے ٹائٹریشن سے سلوشن کا ارتکاز معلوم کریں
## Calculate the Concentration of a Solution in Titration using Empirical Data

کسی سلوشن کا ارتکاز معلوم کرنے کے لیے اس کو ایسے سلوشن سے ری ایکٹ (React) یا ٹائٹریٹ کیا جاتا ہے جس کا ارتکاز معلوم ہوتا ہے حتیٰ کہ اینڈ پوائنٹ (End Point) آ جائے۔ سلوشن کے ارتکاز کو معلوم کرنے کے لیے آپ کو اس ری ایکشن کی متوازن مساوات کا علم ہونا چاہیے نیز دونوں سلوشنز کے والیومز اور اُس سلوشن کا ارتکاز جس سے ری ایکشن کیا جا رہا ہے بھی معلوم ہونے چاہیں۔

**مثال: 15.8**

سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ **(NaOH)** سلوشن کو ہائیڈروکلورک ایسڈ **(HCl)** سلیوشن کے ساتھ ٹائٹریٹ یا ری ایکٹ کیا گیا ہے۔ اس دوران **$15 cm^3$** سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ سلوشن جس کا ارتکاز **0.5** تھا، نے **$23 cm^3$** ہائیڈروکلورک سلوشن کو پوری طرح نیوٹرلائز **(Neutralize)** کیا۔ ہائیڈروکلورک ایسڈ سلوشن کا ارتکاز **$mol/dm^3$** میں معلوم کریں۔

**فوری جانچ 15.3**

پوٹاشیم ہائیڈرو آکسائیڈ کے $25 cm^3$، $0.1 mol/dm^3$ سلوشن کو مکمل طور پر نیوٹرلائز کرنے کے لیے $0.1 mol/dm^3$ آگزالک ایسڈ کا والیوم معلوم کریں۔

**حل:**

1- اس ری ایکشن کی متوازن کیمیکل ایکویشن

$$NaOH_{(aq)} + HCl_{(aq)} \longrightarrow NaCl_{(aq)} + H_2O_{(l)}$$

2- سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ کے استعمال ہونے والے والیوم کو $dm^3$ میں تبدیل کرنا

سلوشن کا والیوم $= \frac{15 cm^3}{1000} = 0.015 dm^3$

3- ہائیڈروکلورک ایسڈ کا والیوم جس نے سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ کو نیوٹرلائز کیا، اس کو $dm^3$ میں تبدیل کرنا۔

ہائیڈروکلورک ایسڈ کا والیوم $= \frac{23 cm^3}{1000} = 0.023 dm^3$

**دلچسپ معلومات**

بہت سی صنعتوں میں کیے جانے والے کیمیکل ری ایکشنز سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے سٹائیکیومیٹری بہت اہم ہے۔

4- سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ کے مولز کی تعداد = مولر ارتکاز × والیوم

$= 0.015 dm^3 \times 0.5 mol/dm^3$

$= 0.0075$

5- متوازن کیمیکل ایکویشن کے مطابق

ایک مول سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ نے ایک مول ہائیڈروکلورک ایسڈ سے ری ایکٹ کیا۔

6- ہائیڈرکلورک ایسڈ کے مولز کی تعداد $= 0.075$

7- ہائیڈرکلورک ایسڈ سلوشن کا ارتکاز = (مولز کی تعداد) / (والیوم $dm^3$ میں) $= \frac{0.0075}{0.023} = 0.326 mol/dm^3$

پس ہائیڈروکلورک ایسڈ کی سلوشن کا مولر ارتکاز $0.326 mol/dm^3$ ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 15.4 ماس کے لحاظ سے فی صد مقدار، امپیریکل فارمولا اور مالیکیولر فارمولا

## Percentage Composition by Mass, Empirical Formula and Molecular Formula

### ماس کے لحاظ سے فی صد مقدار

کسی کمپاؤنڈ کی ماس کے لحاظ سے فی صد مقدار کا مطلب یہ ہے کہ اس میں موجود ہر ایلیمنٹ کی فی صد مقدار کا پتہ ہونا، کسی کمپاؤنڈ میں موجود ایلیمنٹ کی فی صد مقدار کا مطلب یہ ہے کہ اُس کمپاؤنڈ کے 100 g میں اُس ایلیمنٹ کے کتنے گرام ہیں۔ ایلیمنٹ کی فی صد مقدار درج ذیل فارمولا سے معلوم کی جاتی ہے۔

ایلیمنٹ کی فی صد مقدار = (کمپاؤنڈ میں موجود ایلیمنٹ کا ماس / کمپاؤنڈ کا فارمولا ماس) × 100 ............................ (2)

کسی کمپاؤنڈ کی فی صد مقدار معلوم کرنا ایک مفید عمل ہے کیونکہ اس سے ہم کمپاؤنڈ کے خالص ہونے کا اندازہ لگا سکتے ہیں اور اس سے امپیریکل اور مالیکیولر فارمولاز معلوم کر سکتے ہیں۔ کمپاؤنڈ کی فی صد مقدار ہم اُسکے فارمولا ماس کی مدد سے بھی معلوم کر سکتے ہیں اور اس کے لیے پریکٹیکل سے بھی مدد لی جا سکتی ہے۔ درج ذیل مثالیں اِن دونوں طریقہ کار کی وضاحت کرتی ہیں۔

**مثال: 15.9**

کیلشیم ہائڈرو آکسائڈ $Ca(OH)_2$ کی فی صد مقدار معلوم کریں۔

**حل:**

کیلشیم ہائڈرو آکسائڈ کا فارمولا ماس = 40 + 32 + 2 = 74

ایکویشن (2) کی مدد سے ہر ایلیمنٹ کی فی صد مقدار نکالیں

ایلیمنٹ کی فی صد مقدار = (کمپاؤنڈ میں موجود ایلیمنٹ کا ماس / کمپاؤنڈ کا فارمولا ماس) × 100

کیلشیم کی فی صد مقدار = $\frac{40}{74} \times 100$ = 54.05 %

آکسیجن کی فی صد مقدار = $\frac{32}{74} \times 100$ = 43.24 %

ہائڈروجن کی فی صد مقدار = $\frac{2}{74} \times 100$ = 2.70 %

**دلچسپ معلومات**

روزانہ ہمارے استعمال میں آنے والی اشیا مثلاً شیمپوز، صفائی کے کیمیکلز، صابن، خوشبویات اور کھادوں کے اجزائے ترکیبی کا فیصد سٹائیکیومیٹری کی مدد سے کیا جاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### مثال: 15.10

ایک کمپاؤنڈ کے 8.657 g جب اُس کے ایلیمنٹس میں تحلیل کیا گیا تو 5.217 g کاربن، 0.962 g ہائڈروجن اور 2.478 g آکسیجن ملے۔ کمپاؤنڈ میں موجود ایلیمنٹس کی فی صد مقدار معلوم کریں۔

**حل:**

ذیل میں درج فارمولا لگائیں۔

$$\text{ایلیمنٹ کی فی صد مقدار} = \frac{\text{ایلیمنٹ کا ماس}}{\text{کمپاؤنڈ کا ماس}} \times 100$$

$$\text{کاربن کی فی صد مقدار} = \frac{5.217\ g}{8.657\ g} \times 100 = 60.26\%$$

$$\text{ہائڈروجن کی فی صد مقدار} = \frac{0.962\ g}{8.657\ g} \times 100 = 11.11\%$$

$$\text{آکسیجن کی فی صد مقدار} = \frac{2.478\ g}{8.657\ g} \times 100 = 28.62\%$$

پس 100 g زیرِ مطالعہ کمپاؤنڈ میں موجود ایلیمنٹس کی مقداریں بالترتیب کاربن کی 60.26 g ہائڈروجن کی 11.11 g اور آکسیجن 28.62 g ہیں۔

**فوری جانچ 15.4** ایلومینیم سلفیٹ $Al_2(SO_4)_3$ میں موجود سلفیٹ آئنز $(SO_4^{2-})$ کی فی صد مقدار معلوم کریں۔

## 15.5 امپیریکل فارمولا (Empirical Formula)

کسی کمپاؤنڈ کا امپیریکل فارمولا اس میں موجود ایٹمز کے درمیان سادہ ترین نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔ مثال کے طور پر ہائڈروجن پرآکسائڈ $(H_2O_2)$ کا امپیریکل فارمولا HO ہے جبکہ پانی $(H_2O)$ کا $H_2O$ ہی اور بینزین $(C_6H_6)$ (Benzene) کا CH ہے۔

تمام آئنک کمپاؤنڈز کو اُن کے امپیریکل فارمولاز سے ہی ظاہر کرتے ہیں۔ یہ فارمولاز اِن کمپاؤنڈز میں موجود آئنز کے درمیان سادہ ترین نسبت کو ظاہر کرتے ہیں۔ سوڈیم کلورائڈ کا فارمولا NaCl ہے اور یہ اس میں موجود سوڈیم آئنز اور کلورائڈ آئنز کی سادہ ترین نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔ اسی طرح کیلشیم کلورائڈ کا فارمولا $CaCl_2$ اس میں موجود کیلشیم اور کلورائڈ آئنز کے درمیان سادہ ترین نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔ چونکہ کسی کمپاؤنڈ کا امپیریکل فارمولا اُس میں موجود ایٹمز کی حقیقی تعداد کو ظاہر نہیں کرتا بلکہ اُن میں موجود سادہ ترین نسبت کو ظاہر کرتا ہے اس لیے ایسا ممکن ہے کہ بعض کمپاؤنڈز کے امپیریکل فارمولاز ایک ہی ہوں۔ مثال کے طور پر گلوکوز $(C_6H_{12}O_6)$ اور ایسٹک ایسڈ $(CH_3COOH)$ (Acetic Acid) دونوں کا امپیریکل فارمولا $CH_2O$ ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## مثال: 15.11

ایک کمپاؤنڈ کی فی صد اجزائے ترکیبی ظاہر کرتی ہے کہ اُس میں %25.26 میگنیشیم اور %74.74 کلورین ہیں۔ اس کا امپیریکل فارمولا معلوم کریں۔

### حل:

کمپاؤنڈ کا امپیریکل فارمولا معلوم کرنے کے لیے ذیل میں درج اقدامات کریں۔

(i)۔ اُس کمپاؤنڈ کی فی صد اجزائے ترکیبی معلوم کریں۔

(ii)۔ اُس کمپاؤنڈ میں موجود ہر ایلیمنٹ کے مولز کی تعداد معلوم کریں۔ اس کے لیے ایلیمنٹ کا ماس یا اس کی فی صد مقدار کو اٹامک ماس سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

(iii)۔ کمپاؤنڈ میں موجود ہر ایلیمنٹ کی اٹامک نسبت (Atomic Ratio) معلوم کریں۔ اس نسبت کو معلوم کرنے کے لیے اس کے مولز کی تعداد اُس کمپاؤنڈ میں موجود اُس ایلیمنٹ کے مولز سے تقسیم کرتے ہیں جس کی مقدار سب سے کم ہے۔

(iv)۔ اگر اُس طرح ملنے والی اٹامک نسبت مکمل اعداد میں ہے تو اس سے امپیریکل فارمولا نکالیں ورنہ اس نسبت کو کسی ایسی عدد سے ضرب دیں جس سے یہ مکمل اعداد میں حاصل ہو جائیں۔

(v)۔ اِن مکمل اعداد کو ایلیمنٹس کے سمبلز کے نیچے لکھ کر امپیریکل فارمولا حاصل کریں۔

1۔ ایلیمنٹس کی فی صد مقداروں کو گرامز میں لکھیں۔

میگنیشیم = 25.26% = 25.26 g　　کلورین = 74.74% = 74.74 g

2۔ ہر ایلیمنٹ کے مولز کی تعداد

میگنیشیم = $\frac{25.26}{24}$ = 1.05 mol　　کلورین = $\frac{74.74}{35.5}$ = 2.10 mol

3۔ ہر ایلیمنٹ کی اٹامک نسبت

میگنیشیم = $\frac{1.05}{1.05}$ = 1　　کلورین = $\frac{2.10}{1.05}$ = 2

میگنیشیم کلورائڈ کا امپیریکل فارمولا $MgCl_2$ ہے۔

**فوری جانچ 15.5**

ایک کمپاؤنڈ کے 0.5 g سیمپل میں 0.418 g اینٹی منی (Antimony) اور 0.082 g آکسیجن موجود ہے۔ اس کمپاؤنڈ کا امپیریکل فارمولا معلوم کریں۔

## مثال: 15.12

ایک آرگینک کمپاؤنڈ کی ماس کے لحاظ سے اجزائے ترکیبی یہ ہے کہ اس میں %64.8 کاربن %13.62 ہائڈروجن اور %21.58 آکسیجن موجود ہیں اس کا امپیریکل فارمولا معلوم کریں۔

### حل:

1۔ فی صد مقداروں کو گرامز میں تبدیل کریں

C = 64.8 %　　H = 13.62 %　　O = 21.58 %

Web version of PECTAA textbook Not for sale

$= 64.8\ g$ ‏ ‏ $= 13.62\ g$ ‏ ‏ $= 21.58\ g$

2۔ ہر ایک ایلیمنٹ کے مولز کی تعداد نکالیں۔

$$C = \frac{64.8}{12} = 5.4 \qquad H = \frac{13.62}{1} = 13.62 \qquad O = \frac{21.58}{16} = 1.35$$

3۔ ہر ایک ایلیمنٹ کی ایٹمی نسبت نکالیں۔

$$C = \frac{5.4}{1.35} = 4 \qquad H = \frac{13.62}{1.35} = 10 \qquad O = \frac{1.35}{1.35} = 1$$

اس کمپاؤنڈ کا امپیریکل فارمولا $C_4H_{10}O$ ہے۔

## مالیکیولر فارمولا

کسی ایلیمنٹ یا کسی کمپاؤنڈ کا مالیکیولر فارمولا اُس میں موجود ایٹمز کی صحیح تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ پانی، ہائڈروجن پر آکسائیڈ، ایتھیلین (Ethylene) اور سلفر کے مالیکیولر فارمولاز بالترتیب $H_2O$، $H_2O_2$، $C_2H_4$، اور $S_8$ ہیں۔ کسی کمپاؤنڈ کا مالیکیولر فارمولا نکالنے کے لیے اُس کے امپیریکل فارمولا کو کسی مثبت عدد سے ضرب دی جاتی ہے جیسا کہ ذیل میں درج مساوات میں دکھایا گیا ہے۔

مالیکیولر فارمولا = (امپیریکل فارمولا) × n

یہاں پر n = مالیکیولر ماس / امپیریکل فارمولا ماس

### مثال: 15.13

بینزین (Benzene) کا امپیریکل فارمولا **CH** ہے جبکہ اس کا مالیکیولر ماس **78 g/mol** ہے۔ اس کا مالیکیولر فارمولا نکالیں۔

**حل:**

بینزین کا امپیریکل فارمولا = CH

بینزین کا امپیریکل فارمولا ماس = $12 + 1 = 13$

بینزین کا مالیکیولر ماس = 78

$n = \frac{78}{13}$

اس طرح بینزین کا مالیکیولر فارمولا = 6(امپیریکل فارمولا)

$= 6 \times CH = C_6H_6$

پس بینزین کا مالیکیولر فارمولا $(C_6H_6)$ ہے۔

**دلچسپ معلومات**

سٹائیشومیٹری کو مریضوں کے وزن، عمر اور کئی دوسرے عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے دوائی کی مقدار کے تعین کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

### مثال: 15.14

گلوکوز کا امپیریکل فارمولا **$CH_2O$** ہے جبکہ اس کا مالیکیولر ماس **180** گرام پر مول ہے۔ اس کا مالیکیولر فارمولا کیا ہوگا؟

**حل:**

گلوکوز کا امپیریکل فارمولا = $CH_2O$

Web version of PECTAA textbook Not for sale

گلوکوز کا امپیریکل فارمولا ماس $= 12 + 2 + 16 = 30$

گلوکوز کا مالیکیولر ماس $= 180$

$$n = \frac{180}{30} = 6$$

پس گلوکوز کا مالیکیولر فارمولا $(CH_2O)_6 = C_6H_{12}O_6$

**فوری جانچ 15.6**

ایک نامعلوم ہائڈروکاربن میں 85.71% کاربن ہے اور اس کا مولر ماس 84 g/mol ہے۔ اس کا مالیکیولر فارمولا کیا ہوگا؟

## کیمیائی مساوات کی مدد سے مقداریں معلوم کرنا (Calculations Based on Chemical Equations)

ایک مکمل اور متوازن کیمیائی مساوات سے ہمیں ری ایکٹنٹس (Reactants) اور پروڈکٹس (Products) کے درمیان مول کی نسبت یا ماس کی نسبت معلوم ہوتی ہے۔ اس نسبت کی مدد سے ہم پروڈکٹس کے ماسز نکالتے ہیں اگر ہمیں ری ایکٹنٹس کے ماسز کا علم ہو یا پھر ری ایکٹنٹس کے ماسز نکالتے ہیں اگر ہمیں پروڈکٹس کے ماسز کا علم ہو۔

مثال کے طور پر ذیل میں درج مساوات ہمیں بتاتی ہیں کہ کیلشیم کاربونیٹ کا ایک مول (100g) ہائڈروکلورک ایسڈ کے دو مولز (73g) سے ری ایکشن کر کے کیلشیم کلورائڈ کا ایک مول (111g)، پانی کا ایک مول (18g) اور کاربن ڈائی آکسائڈ کا ایک مول (44g) بناتا ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| $CaCO_{3\,(s)}$ + | $2HCl_{(aq)}$ ⟶ | $CaCl_{2\,(aq)}$ + | $H_2O_{(l)}$ + | $CO_{2\,(g)}$ |
| 1 mol | 2 mol | 1 mol | 1 mol | 1 mol |
| 100 g | 73 g | 111 g | 18 g | 44 g |

**فوری جانچ 15.7**

کیمیکل مساوات کی مدد سے مقداریں معلوم کرنے سے پہلے یہ بات کیوں ضروری ہے کہ یہ مساوات متوازن ہو۔

**مثال: 15.15**

25 گرام لائم سٹون (Lime Stone) $(CaCO_3)$ ہائڈروکلورک ایسڈ کی زیادہ مقدار سے اوپر دی گئی کیمیائی مساوات کے مطابق ری ایکشن کرتا ہے۔ اس ری ایکشن میں کیلشیم کلورائڈ کتنا بنے گا؟

**حل:**

مساوات کے مطابق

100 گرام لائم سٹون ری ایکشن کر کے کیلشیم کلورائڈ جتنا بناتا ہے $= 111\ g$

ایک گرام لائم سٹون ری ایکشن کر کے کیلشیم کلورائڈ کتنا بنائے گا $= \frac{111}{100}\ g$

25 گرام لائم سٹون ری ایکشن کر کے کیلشیم کلورائڈ کتنا بنائے گا $= \frac{111}{100} \times 25$

$= 27.75\ g$

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 15.6 لمٹنگ ری ایکٹنٹ (Limiting Reactant)

ایک کیمیکل ری ایکشن میں عام طور پر اُس کی متوازن کیمیکل مساوات کو مدنظر رکھتے ہوئے سٹائکیو میٹرک نسبت کے مطابق ری ایکٹنٹس کو نہیں ملایا جاتا۔ اکثر اوقات تجربات میں ری ایکشنز کے دوران ایک یا ایک سے زیادہ ری ایکٹنٹس کو ضرورت سے زیادہ مقدار میں ملایا جاتا ہے۔ ایسا قصداً اس لیے کیا جاتا ہے کہ کسی دوسرے ری ایکٹنٹ کو جو کہ ہوسکتا ہے زیادہ قیمتی ہو مکمل طور پر استعمال کیا جا سکے۔ اس طرح زیادہ مقدار میں استعمال ہونے والا ری ایکٹنٹ، ری ایکشن کے ختم ہونے پر باقی رہ جاتا ہے جبکہ دوسرا ری ایکٹنٹ مکمل طور پر استعمال ہو جاتا ہے۔

اس ری ایکٹنٹ کو جو کہ پوری طرح استعمال ہو جاتا ہے، لمٹنگ ری ایکٹنٹ کہتے ہیں اور کسی ری ایکشن میں پروڈکٹس کی بننے والی مقدار کا تعین بھی یہی ری ایکٹنٹ کرتا ہے۔

### لمٹنگ ری ایکٹنٹ کی شناخت کرنے کا طریقہ

کسی ری ایکشن کے دوران استعمال ہونے والے لمٹنگ ری ایکٹنٹ کو ذیل میں درج اقدامات کی مدد سے شناخت کیا جاتا ہے۔

1۔ ری ایکٹنٹس کی دی گئی مقداروں سے اِن کے مولز کی تعداد نکالیں۔

2۔ ری ایکٹنٹس کے مولز کی تعداد کی مدد سے پروڈکٹس کے مولز کی تعداد معلوم کریں۔

3۔ اُس ری ایکٹنٹ کی شناخت کریں جس کی مدد سے پروڈکٹس کی کم از کم مقدار ملے اس ری ایکٹنٹ کو لمٹنگ ری ایکٹنٹ کہیں گے۔

**مثال: 15.16**

فوٹوسینتھیسز کے اس ری ایکشن کے دوران جب 25 g گلوکوز، 40 g آکسیجن سے ری ایکشن کرے گا تو گراموں میں کتنی کاربن ڈائی آکسائڈ بنے گی؟

$$\underset{\text{گلوکوز}}{C_6H_{12}O_{6\,(s)}} + 6O_{2\,(g)} \longrightarrow 6CO_{2\,(g)} + 6H_2O_{(l)}$$

**حل:**

کاربن ڈائی آکسائڈ کی بننے والی مقدار کو معلوم کرنے کے لیے ہمیں پہلے یہ معلوم کرنا ہوگا کہ دونوں ری ایکٹنٹس میں سے کون سا ری ایکٹنٹ لمٹنگ ری ایکٹنٹ ہے۔

1۔ گلوکوز کے مولز کی تعداد $= \frac{25}{180} = 0.138\ \text{mol}$

آکسیجن کے مولز کی تعداد $= \frac{40}{32} = 1.25\ \text{mol}$

2۔ کاربن ڈآئی آکسائڈ کی مقدار نکالیں جو ری ایکٹنٹس کی اِن مقداروں سے بنے گی۔

متوازن کیمیکل مساوات کے مطابق

ایک مول گلوکوز جتنی کاربن ڈائی آکسائڈ دیتا ہے $= 6\ \text{mol}$

0.138 مول گلوکوز کتنی کاربن ڈائی آکسائڈ دے گا $= \frac{6}{1} \times 0.138 = 0.83\ \text{mol}$

اسی طرح

> **فوری جانچ 15.8**
>
> اگر آپ 100g کلورین گیس کا ری ایکشن 500g، KI سے کرتے ہیں تو اس ری ایکشن میں کون سا ری ایکٹنٹ لمٹنگ ری ایکٹنٹ ہوگا؟
>
> $$Cl_{2\,(g)} + 2KI_{(aq)} \longrightarrow KCl_{(aq)} + I_{2\,(g)}$$

Web version of PECTAA textbook Not for sale

6 مولز آکسیجن کتنی کاربن ڈائی آکسائڈ دیتے ہیں = 6 mol

1.25 مولز آکسیجن کتنی کاربن ڈائی آکسائڈ دیں گے $= \frac{6}{6} \times 1.25 = 1.25$ mol

چونکہ گلوکوز کی دی گئی مقدار نے کم کاربن ڈائی آکسائڈ بنائی اس لیے گلوکوز اس ری ایکشن کا لمٹنگ ری ایکٹنٹ ہوگا اور کاربن ڈائی آکسائڈ کی مقدار جو بنے گی وہ درج ذیل ہوگی۔

کاربن ڈائی آکسائڈ کی مقدار $= 0.83 \times 44 = 36.5$ g

## 15.7 ری ایکشن کی پیداوار یا ییلڈ (Yield)

کسی کیمیائی ری ایکشن کو کرنے کے نتیجے میں جو پروڈکٹس کی مقدار ہمیں حاصل ہوتی ہے اُس کو ایکچوئل ییلڈ کہتے ہیں۔ یہ مقدار اُس مقدار سے ہمیشہ کم ہوگی جو کیمیائی مساوات کی مدد سے نکالی جائے گی اور جس کو نکالنے میں ہم یہ فرض کرتے ہیں کہ تمام ری ایکٹنٹس آپس میں ری ایکشن کر کے سارے کے سارے پروڈکٹس میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ اس مقدار کو تھیوریٹکل ییلڈ (Theoretical Yield) کہتے ہیں۔

ایک کیمیا دان کی دلچسپی کا محور عام پر ری ایکشن کی کارکردگی ہے جس کو وہ فی صد ییلڈ (Percentage Yield) سے ظاہر کرتا ہے۔ جب کہ یہ فی صد ییلڈ ، ایکچوئل ییلڈ اور تھیوریٹکل ییلڈ کے موازنہ سے نکالی جاتی ہے۔ فی صد ییلڈ نکالنے کے لیے ذیل میں درج مساوات استعمال کی جاتی ہے۔

$$\text{فی صد ییلڈ} = \frac{\text{ایکچوئل ییلڈ}}{\text{تھیوریٹکل ییلڈ}} \times 100$$

**مثال: 15.17**

**ایک کیمیادان نے 50g گرام زنک (Zn) کا نائٹرک ایسڈ کی زاید مقدار سے ری ایکشن کر کے 80.2 گرام زنک نائٹریٹ بنایا۔ اس ری ایکشن کی تھیوریٹکل ییلڈ اور فی صد ییلڈ معلوم کریں۔**

**حل:**

1۔ ری ایکشن کی متوازن کیمیائی مساوات

$$Zn_{(s)} + 2HNO_{3\,(aq)} \longrightarrow Zn(NO_3)_{2\,aq} + H_{2\,(g)}$$

2۔ زنک کے استعمال ہونے والے مولز کی تعداد $= \frac{50}{65.37} = 0.76$ mol

3۔ زنک نائٹریٹ کی مقدار = 80.2 g

**تھیوریٹکل ییلڈ**

ایک مول زنک کتنا زنک نائٹریٹ بناتا ہے = 1 mol

0.76 مول زنک جتنا زنک نائٹریٹ بنائے گا = 0.76 mol

0.76 مول زنک نائٹریٹ کی مقدار $= 0.76 \times 189.38 = 143.92$ g

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## فی صد ییلڈ

$$\text{فی صد ییلڈ} = \frac{\text{ایکچوئل ییلڈ}}{\text{تھیوریٹکل ییلڈ}} \times 100$$

$$\text{فی صد ییلڈ} = \frac{80.2}{143.92} \times 100$$

$$\text{فی صد ییلڈ} = 55.7\%$$

**فوری جانچ 15.9** 40 g گرام پوٹاشیم کلوریٹ ($KClO_3$) کو گرم کرنے سے 14.9g آکسیجن گیس بنتی ہے۔ اس ری ایکشن کی تھیوریٹکل ییلڈ اور فی صد ییلڈ نکالیں۔ پوٹاشیم کلوریٹ کا مولر ماس 122.5 g/mol ہے۔

$$2KClO_{3\,(s)} \longrightarrow 2KCl_{(s)} + 3O_{2\,(g)}$$

## فی صد خالص پن (Percentage Purity)

کیمسٹری میں کسی شے کہ خالص پن سے یہ مراد لی جاتی ہے کہ وہ شے کثافتوں سے کس حد تک پاک ہے۔ کس شے کا فی صد خالص پن یہ ظاہر کرتا ہے کہ اُس شے کے ناخالص نمونہ میں وہ شے کتنی موجود ہے۔ کسی شے کا فی صد خالص پن ذیل میں درج مساوات سے نکالا جاتا ہے۔

حل:

$$\text{فی صد خالص پن} = \frac{\text{خالص شے کا ماس}}{\text{ناخالص شے کا ماس}} \times 100$$

**مثال: 15.18**

ایک دوائی کے 12.0 g نمونہ میں 11.57 g حقیقی دوائی موجود ہے۔ اس نمونہ کا فی صد خالص پن نکالیں۔

حل:

$$\text{فی صد خالص پن} = \frac{\text{خالص دوا کا ماس}}{\text{ناخالص نمونہ کا ماس}} \times 100$$

$$\text{فی صد خالص پن} = \frac{11.57}{12.0} \times 100$$

$$\text{فی صد خالص پن} = 96.4\%$$

## مشق

### A کثیر الانتخابی سوالات:

صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) RTP پر امونیا گیس کے 15 مولز کا والیوم:

(الف) 224 $dm^3$ (ب) 160 $dm^3$ (ج) 360 $dm^3$ (د) 265 $dm^3$



Web version of PECTAA textbook Not for sale

(ii) قدرتی گیس $CH_4$ کے کتنے مولز سلنڈر میں موجود ہوں گے اگر RTP پر اِس کا والیوم $18dm^3$ ہو تو:

(الف) 0.75 mol (ب) 0.67 mol (ج) 0.85 mol (د) 0.56 mol

(iii) اگر پوٹاشیم ہائیڈرو آکسائیڈ کا 2.0 گرام $100cm^3$ پانی میں حل کیا جائے تو اِس کا مولر اِرتکاز کیا ہوگا:

(الف) $0.36\ mol/dm^3$ (ب) $0.53\ mol/dm^3$

(ج) $0.70\ mol/dm^3$ (د) $0.45\ mol/dm^3$

(iv) $0.7g/dm^3$ اِرتکاز کے ساتھ اِس کے سلوشن کے $15dm^3$ بنانے کے لیے NaCl کی کتنی مقدار درکار ہوگی:

(الف) 21 g (ب) 10.5 g (ج) 31.5 g (د) 5.4 g

(v) اگر $10cm^3$ مرتکز سلفیورک ایسڈ $20cm^3$ سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ سے ری ایکشن کرتا ہے جس کا کہ ارتکاز $0.1mol/dm^3$ ہے تو سلفیورک ایڈ کا ارتکاز $mol/dm^3$ میں کیا ہوگا؟

(الف) $0.01mol/dm^3$ (ب) $0.001mol/dm^3$

(ج) $0.1mol/dm^3$ (د) $0.15mol/dm^3$

(vi) اگر کسی کمپاؤنڈ کا مولر ماس 178 g/mol ہے اور اِس کا امپیریکل فارمولا $C_3H_5O_3$ ہے۔ اِس کا مالیکیولر فارمولا کیا ہوگا؟

(الف) $C_3H_5O_3$ (ب) $C_6H_{10}O_6$ (ج) $C_9H_{15}O_9$ (د) $C_8H_{10}O_8$

(vii) جب قدرتی گیس ہوا میں جلتی ہے تو کون سا ری ایکٹنٹ لمٹنگ ری ایکٹنٹ ہوتا ہے:

(الف) دونوں ری ایکٹنٹس (ب) کوئی ری ایکٹنٹ لمٹنگ ری ایکٹنٹ نہیں ہوتا۔

(ج) ہوا (د) قدرتی گیس

(viii) اگر کسی کمپاؤنڈ کی ایکچوئل ییلڈ 0.198g ہے جب کہ تھیوریٹیکل ییلڈ 0.217g ہے۔ اِس کی پرسنٹ ایج ییلڈ کیا ہوگی:

(الف) 50% (ب) 91.2% (ج) 80% (د) 90%

## B مختصر جوابی سوالات:

15.1 کسی گیس کا آر۔ٹی۔پی پر مولر والیوم کیا ہوگا؟

15.2 مولر والیوم کا تصور ہمارے لیے کس طرح فائدہ مند ہے؟

15.3 مولر والیوم کا ایوو گیڈروز لا کے ساتھ کیا تعلق ہے؟

15.4 کیوں دو مختلف کمپاؤنڈز کا ہی امپیریکل فارمولا ایک ہی ہوسکتا ہے؟

15.5 پرسنٹ ایج ییلڈ کیوں اہم ہے؟

15.6 اگر $1\ mol/dm^3$ سلوشن میں $H_2SO_4$ کی مقدار 49 g ہو تو اِس سلوشن کا ارتکاز کیا ہوگا؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

15.1 ایک کیمیکل ری ایکشن میں لمٹنگ ری ایکٹنٹ کو کس طرح شناخت کیا جا سکتا ہے؟

15.2 ایسے کمپاؤنڈ کے خالص پن کو جانچنا کیوں ضروری ہے جو بطور دوائی استعمال ہوتا ہو۔

15.3 کیا ریورسیبل ری ایکشن میں کوئی لمٹنگ ری ایکٹنٹ ہوگا؟

15.4 ہم کس طرح جان پائیں گے کہ دیا گیا فارمولا، امپیریکل فارمولا ہے یا نہیں؟

15.5 مالیکیولر فارمولا جانے بغیر کسی بھی کمپاؤنڈ کا مالیکیولر ماس جانچنے کا کوئی ایک طریقہ تحریر کریں۔

## D حسابی سوالات:

15.1 RTP پر 4.0 g $CH_4$ کے مولز کی تعداد، والیوم اور مالیکیولز کی تعداد معلوم کریں۔

15.2 150cm$^3$ سلوشن میں NaCl کی حل شدہ مقدار معلوم کریں اگر سلوشن کا ارتکاز 0.4 mol/dm$^3$ ہو۔

15.3 $NaHCO_3$ میں سوڈیم کی پرسنٹ ایج معلوم کریں۔

15.4 آئرن کے سلفائڈ میں، 1.926 g سلفر اور 2.333 g آئرن موجود ہے۔ کمپاؤنڈ کا امپیریکل فارمولا معلوم کریں۔

15.5 ایک کمپاؤنڈ میں بلحاظ ماس 40.0% کاربن، 6.71% ہائیڈروجن جبکہ 53.3% آکسیجن موجود ہے۔ 0.320 mol کمپاؤنڈ کا وزن 28.8 گرام ہے۔ اِس کمپاؤنڈ کا مالیکیولر فارمولا کیا ہوگا؟

15.6 امونیا گیس بنانے کا ری ایکشن درج ذیل ہے:

$$3H_{2\,(g)} + N_{2\,(g)} \longrightarrow 2NH_{3\,(g)}$$

اگر 12g $H_2$ کو 64g $N_2$ کے ساتھ ملا کر ری ایکشن شروع کیا جائے تو ان میں سے کون سا لمٹنگ ری ایکٹنٹ ہوگا؟

15.7 جب 305 g $AgNO_3$ کا لامحدود $MgCl_2$ کے ساتھ ری ایکشن کیا جاتا ہے تو 23.7 g $Mg(NO_3)$ بنتا ہے۔ اِس ری ایکشن کی پرسنٹ ایج ییلڈ کیا ہوگی؟

$$AgNO_{3\,(aq)} + MgCl_{2\,(aq)} \longrightarrow Mg(NO_3)_{(aq)} + 2AgCl_{(s)}$$

15.8 میٹل کے ایک سیمپل کا ماس 3.66kg ہے جب کہ اِس میں سونے کی مقدار 2.45 kg ہے۔ اِس نمونے میں سونے کی پرسنٹ ایج پیورٹی معلوم کریں۔

Web version of PCTAA textbook Not for sale

# الیکٹروکیمسٹری
# Electrochemistry

باب 16

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- آکسیجن، ہائڈروجن، الیکٹران اور آکسیڈیشن نمبرز میں تبدیلیوں کے لحاظ سے بیک وقت آکسیڈیشن اور ریڈکشن یا ریڈوکس ری ایکشنز کی تعریف کریں۔
- رومن ہندسوں کا استعمال کرتے ہوئے کسی کمپاؤنڈ میں موجود ایلیمنٹس کے آکسیڈیشن نمبرز معلوم کریں۔
- ریڈوکس ری ایکشن میں آکسیڈائزنگ اور ریڈیوسنگ ایجنٹس کی شناخت کریں۔
- اس بات کو جانیں کہ آزاد حالت میں کسی بھی عنصر کا آکسیڈیشن نمبر صفر ہوتا ہے۔
- آکسیڈیشن نمبر اور آئنی چارجز کے ذریعے کسی بھی آئنی کمپاؤنڈ کا فارمولا معلوم کرنا۔
- اس بات کو جانیں کہ مونو ایٹمی آئن کا آکسیڈیشن نمبر اور آئن پر چارج ایک جیسے ہوتے ہیں۔
- وضاحت کریں کہ نیوٹرل کمپاؤنڈ میں آکسیڈیشن نمبرز کا مجموعہ صفر ہوتا ہے۔
- اِس بات کی وضاحت کریں کہ کسی بھی آئن میں آکسیڈیشن نمبرز کا مجموعہ اُس آئن پر چارج کے برابر ہوتا ہے۔
- تیزابی ایکوس پوٹاشیم پرمیگنیٹ (VII) یا ایکوس پوٹاشیم آئیوڈائڈ کا استعمال کرتے ہوئے رنگ کی تبدیلی سے ریڈوکس ری ایکشنز کی شناخت کریں۔
- پگھلے ہوئے آئنی کمپاؤنڈ یا اس کے ایکوس سلوشن میں سے برقی رو گزرنے سے اس کی تحلیل کے عمل کے ذریعے الیکٹرولیسز کی تعریف کریں۔
- سادہ الیکٹرالیٹک سیل میں اینوڈ، کیتھوڈ، الیکٹرولائٹ اور بیرونی سرکٹ میں الیکٹرانوں کے بہاؤ کی سمت کی وضاحت کریں اور لیبل بھی کریں۔
- بیرونی سرکٹ میں چارج کی منتقلی، الیکٹرولائٹ میں آئنوں کی حرکت اور الیکٹروڈز پر الیکٹرانز کی منتقلی کی وضاحت کریں۔
- پگھلے ہوئے لیڈ (II) کلورائڈ کی الیکٹرولیسز کے دوران الیکٹروڈوز پر بننے والی اشیا کی شناخت کریں اور انرٹ الیکٹروڈز (پلاٹینم یا کاربن/گریفائیٹ) کا استعمال کرتے ہوئے، مرتکز سلفیورک ایسڈ کی الیکٹرولیسز کے دوران کیے گئے مشاہدات بیان کریں۔
- اس بات کی وضاحت کریں کہ ہائڈروجن، آکسیجن فیول سیل، ہائڈروجن اور آکسیجن گیسوں کو استعمال کرکے بجلی پیدا کرتا ہے۔ اس دوران صرف پانی بنتا ہے۔
- گاڑیوں میں گیسولین/پٹرول انجن کے مقابلے میں ہائڈروجن آکسیجن فیول سیلز کے استعمال کے فوائد اور نقصانات بیان کریں۔
- کوروژن کی تعریف کریں اور اِس سے بچاؤ کے طریقوں پر بحث کریں۔ (چند مثالیں ہیں، رکاوٹی طریقہ جیسے کہ پینٹ، گیلوینائزنگ، الیکٹروپلیٹنگ، دھاتی تحفظ جیسے بحری جہاز میں میگنیشیم بلاکس کا استعمال)۔
- الیکٹروڈز پر بننے والی اشیا کی شناخت کریں۔ انرٹ الیکٹروڈز یا کاپر الیکٹروڈز کا استعمال کرتے ہوئے ڈائیلیوٹ کاپر (II) سلفیٹ کی الیکٹرولیسز کے دوران کیے گئے مشاہدات بیان کریں۔
- مرتکز/ڈائلیوٹ سلوشن میں ہیلائڈ کمپاؤنڈز کے الیکٹرولیسز سے الیکٹروڈز پر بننے والی اشیا کی شناخت کریں۔
- کسی بھی الیکٹروڈ پر ہونے والے ری ایکشن کی آئنی نصف مساوات لکھیں۔
- الیکٹروپلیٹنگ اور اِس کے استعمال کی وضاحت کریں۔
- وولٹیک سیل جیسے کہ ڈینیل سیل کی ڈایاگرام کی مدد سے وضاحت کریں۔
- وولٹیک سیلز کی مدد سے ملنے والے ڈیٹا کو استعمال کرتے ہوئے کوئی سی دو دھاتوں کی ری ایکٹویٹی کا درجہ معلوم کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 16.1 کمپاؤنڈز اور آئنز میں موجود ایٹمز کے آکسیڈیشن نمبرز

## Oxidation Numbers of Atoms in Compounds and Ions

کسی ری ایکشن میں حصّہ لینے والے کمپاؤنڈز اور آئنز میں موجود ایٹمز کو آکسیڈیشن نمبر تفویض کرنے سے ہمیں یہ پتہ چل جاتا ہے کہ اُس ری ایکشن میں آکسیڈیشن اور ریڈکشن کے عمل ہو رہے ہیں یا کہ نہیں۔ اس مشق سے ہمیں یہ بھی پتہ چل سکتا ہے کہ کون سا ری ایکٹنٹ آکسیڈائزنگ (Oxidising Agent) ہے اور کون سا ریڈیوسنگ ایجنٹ (Reducing Agent)۔ آکسیڈیشن نمبرز کی مدد سے ہم کیمیائی کمپاؤنڈز کے فارمولاز اور اُن کے نام بھی معلوم کر سکتے ہیں۔ اس مشق سے آکسیڈیشن، ریڈکشن ری ایکشن کے دوران ہونے والی الیکٹرونز کی تقسیم کا پتہ بھی چل جاتا ہے۔

کسی ایٹم یا آئن کا آکسیڈیشن نمبر دراصل اُس پر موجود ہونے والے ظاہری چارج (Apparent Charge) کو کہتے ہیں۔ یہ چارج مثبت یا منفی ہو سکتا ہے۔

کسی ایٹم کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کرنے کے لیے ذیل میں درج قوانین سے مدد لی جاتی ہے۔

1۔ کسی خالص ایلیمنٹ کے ایٹم کا آکسیڈیشن نمبر زیرو ہوتا ہے۔ مثلاً سوڈیم میٹل میں موجود سوڈیم ایٹم کا آکسیڈیشن نمبر زیرو ہوگا۔ اسی طرح اوزون ($O_3$) کے مالیکیول میں موجود آکسیجن ایٹم کا آکسیڈیشن نمبر بھی زیرو ہوگا۔

2۔ ایسے آئنز جن میں صرف ایک ایٹم ہوتا ہے اُن کا آکسیڈیشن نمبر اُن پر موجود چارج کے برابر ہوگا۔ مثلاً $Ca^{2+}$ کا آکسیڈیشن نمبر +2 جبکہ $Al^{3+}$ کا آکسیڈیشن نمبر +3 ہوگا۔

3۔ پیریاڈک ٹیبل (Periodic Table) کے پہلے گروپ میں موجود ایلیمنٹس (ماسوائے ہائڈروجن) کے آکسیڈیشن نمبر +1 ہوں گے۔ اس طرح دوسرے گروپ کے ایلیمنٹس کے آکسیڈیشن +2 اور تیسرے گروپ کے +3 ہوں گے۔

4۔ ایسے کمپاؤنڈز جن میں دو ایٹمز موجود ہوں گے اُن میں سے زیادہ الیکٹرونیگیٹیویٹی (Electronegativity) رکھنے والے ایٹم کو منفی آکسیڈیشن نمبر دیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر فلورین جس کی الیکٹرونیگیٹیویٹی سب سے زیادہ ہے، کو ہمیشہ -1 آکسیڈیشن نمبر دیا جاتا ہے۔ اسی طرح امونیا ($NH_3$) اور ہائڈروجن سلفائڈ ($H_2S$) میں بالترتیب نائٹروجن کو -3 اور سلفر کو -2 آکسیڈیشن نمبر دیا جاتا ہے۔

5۔ گروپ 17 کے ایلیمنٹس کو عام طور پر -1 آکسیڈیشن نمبر دیا گیا ہے جب وہ اپنے سے کم الیکٹرونیگیٹیو (Electronegative) ایٹم سے جُڑے ہوں۔ مثال کے طور پر کلورین کا آکسیڈیشن نمبر $CHCl_3$, $PCl_3$, HCl سب میں -1 ہے۔

6۔ ہائڈروجن جب اپنے سے زیادہ الیکٹرونیگیٹیو ایٹم کے ساتھ جُڑی ہو تو اس کو ہمیشہ +1 آکسیڈیشن نمبر دیا جاتا ہے اور جب اپنے سے کم الیکٹرونیگیٹیو ایٹم کے ساتھ جُڑی ہو تو -1 آکسیڈیشن نمبر دیتے ہیں مثال کے طور پر HCl میں ہائڈروجن کا آکسیڈیشن نمبر +1 جبکہ NaH میں یہ -1 ہے۔

7۔ آکسیجن ایٹم کو اس کے زیادہ تر کمپاؤنڈز میں آکسیڈیشن نمبر -2 دیا جاتا ہے۔

**قابلِ غور بات**

آکسیڈیشن نمبر کو آکسیڈیشن سٹیٹ کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ پانی میں ہائڈروجن کا آکسیڈیشن نمبر +1 ہے اور ہم کہتے ہیں کہ پانی میں ہائڈروجن +1 آکسیڈیشن سٹیٹ میں موجود ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

8۔ ایک نیوٹرل کمپاؤنڈ میں موجود تمام ایٹمز کے آکسیڈیشن نمبرز کو جمع کریں تو ہمیشہ زیرو آتا ہے۔ ایسے آئنز جن میں ایک سے زیادہ ایٹمز موجود ہوں اُن کا آکسیڈیشن نمبر اُن آئنز میں موجود ایٹمز کے آکسیڈیشن نمبرز کو جمع کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔

**مثال: 16.1**

$SO_4^{2-}$ میں سلفر کا آکسیڈیشن نمبر کیا ہوگا؟

**حل:**

$$S + 4\,O = -2$$
$$S + 4(-2) = -2$$
$$S - 8 = -2$$
$$S = 8 - 2$$
$$S = +6$$

**مثال: 16.2**

$KMnO_4$ میں موجود Mn کا آکسیڈیشن نمبر نکالیں۔

**حل:**

$$K + Mn + 4\,O = 0$$
$$(+1) + Mn + 4(-2) = 0$$
$$Mn - 7 = 0$$
$$Mn = +7$$

**مثال: 16.3** $Fe_2O_3$ میں Fe کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں۔

**حل:**

$$2Fe + 3\,O = 0$$
$$2Fe + 3(-2) = 0$$
$$2Fe = +6$$
$$Fe = +3$$

**فوری جانچ 16.1**

ذیل میں درج کمپاؤنڈز میں سے نشان زدہ ایٹمز کے آکسیڈیشن نمبر نکالیں۔

$K_2\underline{Cr}_2O_7$, $(NH_4)_2\underline{S}O_4$

## 16.2 آکسیڈیشن نمبرز کی مدد سے آئنک کمپاؤنڈز کا کیمیائی فارمولا لکھنا

## Writing Chemical Formulae of Ionic Compounds by Applying Oxidation Numbers

ہم آئنک کمپاؤنڈز میں موجود ایٹمز کے آکسیڈیشن نمبرز کی مدد سے اس کا فارمولا لکھ سکتے ہیں۔ پیریاڈک ٹیبل اور ایٹمز کے الیکٹرانک سٹرکچرز اس مقصد کے لیے ہماری معاونت کرتے ہیں اور ہمیں ایٹمز کے اہم آکسیڈیشن نمبرز ڈھونڈنے کے بارے میں مطلع کرتے ہیں۔ اِن آکسیڈیشن نمبرز کی مدد سے پھر ہم کمپاؤنڈ کا فارمولا لکھ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہم کیلشیم کلورائڈ کا فارمولا درج ذیل طریقے سے معلوم کر سکتے ہیں۔

کیلشیم پیریاڈک ٹیبل کے گروپ 2 میں موجود ہے اس کا اہم آکسیڈیشن نمبر 2+ ہے۔

کلورین گروپ 17 میں موجود ہے اور ہمیں پتہ ہے کہ جب اپنے سے کم الیکٹرونیگیٹو ایٹم کے ساتھ جُڑے گی تو بائنری (Binary) کمپاؤنڈ میں اس کا آکسیڈیشن نمبر 1- ہوگا۔

اس طرح کیلشیم کلورائڈ کا فارمولا پھر $CaCl_2$ ہوگا۔ کیونکہ صرف اسی فارمولا کی بدولت جب ہم اس میں موجود ایٹمز کے آکسیڈیشن

Web version of PECTAA textbook Not for sale

نمبرز کو جمع کریں گے تو جواب زیرو آئے گا۔




**مثال: 16.4**

**ایلومینیم آکسائڈ میں موجود عناصر کے آکسیڈیشن نمبرز کی مدد سے اس کا فارمولا لکھیں۔**

**حل:**

چونکہ ایلومینیم گروپ 13 میں موجود ہے اس لیے اس کا اہم آکسیڈیشن نمبر 3+ ہوگا۔ آکسیجن چونکہ زیادہ الیکٹرونیگیٹو ایٹم ہے اس لیے نارمل آکسائڈ (Normal Oxide) میں اس کا آکسیڈیشن نمبر 2- ہوتا ہے۔ چونکہ دونوں ایلیمنٹس کے آکسیڈیشن نمبر کا مجموعہ صفر ہونا ضروری ہے لہٰذا ایلومینیم آکسائڈ کا فارمولا $Al_2O_3$ ہوگا۔




## 16.3 آئنک چارجز کی مدد سے آئنک کمپاؤنڈز کا فارمولا لکھنا

## Writing Formulae of Ionic Compounds Using Ionic Charges

پوٹاشیم پرمیگنیٹ کا فارمولا لکھنے کے لیے پہلے میگنیٹ آئن ($MnO_4^{1-}$) اور پوٹاشیم آئن ($K^{1+}$) لکھیں اور پھر دونوں آئنز کو مِلا کر ایک الیکٹریکلی نیوٹرل کمپاؤنڈ بنا لیں۔




جب آپ کسی ایسے آئنک کمپاؤنڈ کا فارمولا لکھیں جس میں ایک سے زیادہ ایسے آئنز موجود ہیں جن میں ایٹمز کی تعداد زیادہ ہے تو پھر ہم اس آئن کو بریکٹ میں لکھ کر نیچے ان کی تعداد لکھ دیتے ہیں۔ امونیم کاربونیٹ کا فارمولا اس طرح لکھا جائے گا۔




Web version of PECTAA textbook Not for sale

## مثال: 16.5

ایلومینیم سلفیٹ کا فارمولا لکھیں۔

**حل:**




$Al_2(SO_4)_3$

ٹیبل 16.1 میں مختلف پولی اٹامک آئنز (Polyatomic Ions) دیئے گئے ہیں۔

**ٹیبل 16.1 عام پولی اٹامک آئنز**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| $CH_3CO_2^{1-}$ | ایسیٹیٹ | $Cr_2O_7^{2-}$ | ڈائی کرومیٹ | $NO_2^{1-}$ | نائٹرائٹ |
| $NH_4^{1+}$ | امونیم | $HCO_3^{1-}$ | بائی کاربونیٹ | $C_2O_4^{2-}$ | آگزالیٹ |
| $CO_3^{1-}$ | کاربونیٹ | $HSO_4^{1-}$ | بائی سلفیٹ | $ClO_4^{1-}$ | پرکلوریٹ |
| $ClO_3^{1-}$ | کلوریٹ | $HSO_3^{1-}$ | بائی سلفائیٹ | $MnO_4^{1-}$ | پرمیگنیٹ |
| $ClO_2^{1-}$ | کلورائٹ | $OH^{1-}$ | ہائڈرو آکسائڈ | $PO_4^{3-}$ | فاسفیٹ |
| $CrO_4^{2-}$ | کرومیٹ | $ClO^{1-}$ | ہائپوکلورائٹ | $SO_4^{2-}$ | سلفیٹ |
| $CN^{1-}$ | سائنائڈ | $NO_3^{1-}$ | نائٹریٹ | $SO_3^{2-}$ | سلفائیٹ |

**فوری جانچ 16.2**

1۔ ذیل میں درج آئنک کمپاؤنڈز کے فارمولاز اُن میں موجود ایٹمز کے آکسیڈیشن نمبرز کی مدد سے لکھیں۔
ایلومینیم نائٹرائڈ، سوڈیم سلفائیٹ، سوڈیم ہائڈروجن کاربونیٹ۔

2۔ ذیل میں درج آئنک کمپاؤنڈز کے فارمولاز اُن میں موجود آئنز کے چارجز کی مدد سے لکھیں۔
امونیم ایسیٹیٹ، کیلشیم فاسفیٹ، پوٹاشیم کرومیٹ

## 16.4 آکسیڈیشن اور ریڈکشن (Oxidation and Reduction)

آکسیڈیشن اور ریڈکشن ایک دوسرے کے برعکس ہیں اور بیک وقت وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ آکسیڈیشن اور ریڈکشن کی تین مختلف طریقوں سے وضاحت کی گئی ہے۔

### (A) آکسیڈیشن (Oxidation)

(1) آکسیڈیشن ایک ایسا ری ایکشن ہے جس میں یا تو آکسیجن داخل ہوتی ہے یا پھر ہائڈروجن باہر نکل جاتی ہے۔ مثال کے طور پر

(i) آکسیجن دوسرے ایلیمنٹس سے مل کر آکسائڈز بناتی ہے۔ ان ری ایکشنز میں ایلیمنٹس آکسی ڈائز (Oxidize) ہوتے ہیں اور

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

آکسیجن ریڈیوس (Reduce) ہوتی ہے۔ لوہے کو زنگ لگنا اور میگنیشیم کا ہوا میں جلنا اِن آکسیڈیشن ری ایکشنز کی مثالیں ہیں۔

$$4Fe_{(s)} + 3O_{2(g)} \longrightarrow 2Fe_2O_{3(s)}$$
$$2Mg_{(s)} + O_{2(g)} \longrightarrow 2MgO_{(s)}$$

اوپر دیے گئے ری ایکشنز میں آئرن اور میگنیشیم آکسی ڈائز ہو رہے ہیں جبکہ آکسیجن ریڈیوس ہو رہی ہے۔ اس طرح آکسیجن آکسیڈائزنگ (Oxidizing) ایجنٹ ہے اور آئرن اور میگنیشیم ریڈیوسنگ (Reducing) ایجنٹس۔

(ii) ذیل میں درج مثالوں میں آکسیجن (یا اس کا کوئی کمپاؤنڈ) ہائڈروجن کو میتھین ($CH_4$) اور ہائڈروکلورک ایسڈ (HCl) سے باہر نکال رہے ہیں۔

$$CH_{4(g)} + 2O_{2(g)} \longrightarrow CO_{2(g)} + 2H_2O_{(l)}$$
$$4HCl_{(aq)} + MnO_{2(s)} \longrightarrow MnCl_{2(aq)} + Cl_{2(g)} + 2H_2O_{(l)}$$

اِن ری ایکشنز میں میتھین اور ہائڈروکلورک ایسڈ آکسی ڈائز ہو رہے ہیں جبکہ آکسیجن اور مینگانیز ڈائی آکسائڈ ($MnO_2$) ریڈیوس ہو رہے ہیں۔ $CH_4$ اور HCl کو ریڈیوسنگ ایجنٹس اور $O_2$ اور $MnO_2$ آکسی ڈائزنگ ایجنٹس کہتے ہیں۔

(2) آکسیڈیشن ایک ایسا ری ایکشن ہے جس میں الیکٹران یا الیکٹرانز کھو دیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر کاپر میں موجود ایک یا دو الیکٹرانز جب کھو دیے جاتے ہیں تو بالترتیب $Cu^{+1}$ یا $Cu^{+2}$ بنتے ہیں۔ اِن دونوں ری ایکشنز میں کاپر آکسیڈائز ہو رہا ہے۔ اس لیے کاپر کو ریڈیوسنگ ایجنٹ بھی کہیں گے۔

$$Cu \longrightarrow Cu^{1+} + e^-$$
$$Cu \longrightarrow Cu^{2+} + 2e^-$$

(3) آکسیڈیشن ایک ایسا ری ایکشن ہے جس میں ایلیمنٹ کا آکسیڈیشن نمبر بڑھ جاتا ہے۔ اوپر دیے گئے دونوں ری ایکشنز میں کاپر کا آکسیڈیشن نمبر زیرو سے بالترتیب Cu(I) +1 یا Cu(II) +2 ہو رہا ہے۔

### (B) ریڈکشن (Reduction)

(1) ریڈکشن کے دوران یا تو ہائڈروجن داخل ہوتی ہے یا پھر آکسیجن باہر نکل جاتی ہے۔

(i) مثال کے طور پر ہائڈروجن جب کلورین کے ساتھ ری ایکشن کرتی ہے تو ہائڈروجن کلورائڈ گیس بنتی ہے۔

$$H_{2(g)} + Cl_{2(g)} \longrightarrow 2HCl_{(g)}$$

(ii) ذیل میں دیے گئے ری ایکشن میں ہائڈروجن کو جب میٹل آکسائڈ کے ساتھ گرم کیا جاتا ہے تو آکسیجن کمپاؤنڈ میں سے باہر نکل جاتی ہے اور ہائڈروجن کے ساتھ مل کر پانی بنا دیتی ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

$$CuO_{(s)} + H_{2(g)} \xrightarrow{Heat} Cu_{(s)} + H_2O_{(l)}$$

اوپر دی گئی مثالوں میں کلورین اور کاپر آکسائڈ ریڈیوس ہو رہے ہیں اور دونوں مثالوں میں ہائڈروجن آکسیڈائز ہو رہی ہے۔ کلورین اور کاپر آکسائڈ کو آکسی ڈائزنگ ایجنٹس جبکہ دونوں ری ایکشنز میں ہائڈروجن ریڈیوسنگ ایجنٹ ہے۔

(2) ریڈکشن ایک ایسا ری ایکشن ہے جس میں الیکٹران یا الیکٹرانز وصول کیے جاتے ہیں۔

$$Fe^{3+} + e^{-} \longrightarrow Fe^{2+}$$
$$Mn^{7+} + 5e^{-} \longrightarrow Mn^{2+}$$

اوپر دی گئی دونوں مثالوں میں آئرن اور میگنیشیم کے آئنز ریڈیوس ہو رہے ہیں۔ اس لیے اِن کو آکسی ڈائزنگ ایجنٹس کہتے ہیں۔

(3) ریڈکشن ایک ایسا ری ایکشن ہے جس میں حصّہ لینے والے ایلیمنٹ کا آکسیڈیشن نمبر کم ہو جاتا ہے۔ اوپر دی گئی مثالوں میں آئرن کا آکسیڈیشن نمبر 3+ [Fe(III)] سے 2+ [Fe(II)] ہو گیا ہے جبکہ مینگانیز (Manganese) کا آکسیڈیشن نمبر 7+ [Mn(VII)] سے 2+ [Mn(II)] ہو گیا ہے۔

## 16.5 آکسیڈیشن-ریڈکشن ری ایکشنز (Oxidation-Reduction Reactions)



شکل 16.1

ایک کیمیائی ری ایکشن جس کے دوران آکسیڈیشن اور ریڈکشن عمل بیک وقت ہوں اُس کو آکسیڈیشن-ریڈکشن یا ریڈوکس (Redox) ری ایکشن کہتے ہیں۔ اس ری ایکشن کے دوران الیکٹران یا الیکٹرانز کا مکمل تبادلہ ہوتا ہے اور آیونک بانڈز بنتے ہیں یا پھر اِن کا اشتراک ہوتا ہے تو کوویلنٹ بانڈز بنتے ہیں۔

پوٹاشیم پرمینگنیٹ تیزابی ماحول میں ایک بہت ہی طاقت ور آکسی ڈائزنگ ایجنٹ ہے۔ یہ آگزالک ایسڈ (Oxalic Acid) کو کاربن ڈائی آکسائڈ میں تبدیل کر دیتا ہے۔ اس ری ایکشن کے دوران پوٹاشیم پرمینگنیٹ کا بنفشی رنگ بالکل ختم ہو جاتا ہے جیسا کہ شکل (16.1) میں دکھایا گیا ہے۔ ڈائیلیوٹ سلفیورک ایسڈ کی موجودگی میں یہ ری ایکشن درج ذیل طریقہ سے وقوع پذیر ہوتا ہے۔

$$2KMnO_4 + 3H_2SO_4 \longrightarrow K_2SO_4 + 2MnSO_4 + 3H_2O + 5[O]$$
$$\left[[O] + H_2C_2O_4 \longrightarrow 2CO_2 + H_2O\right]5$$

$$2KMnO_{4(aq)} + 3H_2SO_{4(aq)} + 5H_2C_2O_{4(aq)} \longrightarrow K_2SO_{4(aq)} + 2MnSO_{4(aq)} + 10CO_{2(g)} + 8H_2O_{(l)}$$

آیئے اس ری ایکشن میں حصّہ لینے والے سارے کمپاؤنڈز میں موجود ایٹمز کے آکسیڈیشن نمبرز تفویض کریں تا کہ آکسی ڈائزنگ اور

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ریڈیوسنگ ایجنٹس کا پتہ چلایا جا سکے۔

$$\overset{+1\ \ +7\ \ 4(-2)}{2KMnO_4} + 3\overset{2(+1)+6\ 4(-2)}{H_2SO_4} + 5\overset{2(+1)\ 2(+3)\ 4(-2)}{H_2C_2O_4} \longrightarrow \overset{2(+1)+6\ \ 4(-2)}{K_2SO_4} + 2\overset{+2\ +6\ 4(-2)}{MnSO_4} + 10\overset{+4\ 2(-2)}{CO_2} + 8\overset{2(+1)\ -2}{H_2O}$$

$$Mn^{+7} \xrightarrow{+5e^-} Mn^{+2} \quad \text{(ریڈکشن)}$$

$$C^{+3} \xrightarrow{-e^-} C^{+4} \quad \text{(آکسیڈیشن)}$$

مینگنیز کا آکسیڈیشن نمبر 7+ سے کم ہوکر 2+ ہو گیا ہے جبکہ کاربن کا آکسیڈیشن نمبر 3+ سے بڑھ کر 4+ ہو گیا ہے۔ اس طرح مینگنیز کا ایک ایٹم پانچ الیکٹرانز قبول کر کے ریڈیوس ہو جاتا ہے جبکہ ہر کاربن ایٹم ایک الیکٹران کھو کر آکسیڈائز ہوتا ہے۔ اس لیے پوٹاشیم پرمینگنیٹ ایک آکسیڈائزنگ ایجنٹ ہے جبکہ آگزالِک ایسڈ اس ری ایکشن میں ریڈیوسنگ ایجنٹ ہے۔

پانی اور ایسڈ کی موجودگی میں پوٹاشیم آئیوڈائڈ آکسیڈائز ہوکر اور آئیوڈین میں تبدیل ہو جاتا ہے اس ری ایکشن کے دوران آئیوڈین کے بننے سے سلوشن پیلے رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

$$\overset{+1\ +7\ (-2)4}{2KMnO_{4(aq)}} + \overset{2(+1)+6\ (-2)4}{8H_2SO_{4(aq)}} + \overset{+1\ -1}{10KI_{(aq)}} \longrightarrow \overset{+2\ +6\ (-2)4}{6K_2SO_{4(aq)}} + \overset{+2\ +6\ (-2)4}{2MnSO_{4(aq)}} + \overset{0}{5I_{2(aq)}} + \overset{2(+1)\ \ -2}{8H_2O_{(l)}}$$

$$\overset{+7}{Mn} \xrightarrow{+5e^-} \overset{+2}{Mn} \quad \text{(ریڈکشن)}$$

$$\overset{-1}{2I} \xrightarrow{-2e^-} \overset{0}{I_2} \quad \text{(آکسیڈیشن)}$$

اس ری ایکشن کے دوران پرمینگنیٹ آئن $(MnO_4^{4-})$ ریڈیوس ہو کر مینگنیز (II) آئن $(Mn^{2+})$ اور آئیوڈائڈ آئن آکسیڈائز ہوکر آئیوڈین بنا دیتا ہے۔ اس لیے اس ری ایکشن میں پوٹاشیم پرمینگنیٹ بطور آکسیڈائزنگ ایجنٹ اور پوٹاشیم آئیوڈائڈ بطور ریڈیوسنگ ایجنٹ کے شرکت کرتے ہیں۔

**فوری جانچ 16.3** ذیل میں درج ری ایکشنز میں آکسیڈائزنگ اور ریڈیوسنگ ایجنٹس کی شناخت کریں۔

(i) $2CuSO_4 + 4KI \longrightarrow 2CuI + I_2 + 2K_2SO_4$

(ii) $H_2S + Cl_2 \longrightarrow S + 2HCl$

## 16.6 الیکٹرولیسز (Electrolysis)

جب پگھلے ہوئے آئیونک کمپاؤنڈز یا اُن کے آبی سلوشنز میں سے بجلی گزاری جاتی ہے تو وہ کمپاؤنڈز تحلیل ہوکر اپنے اجزاء میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ اِس قسم کے کمپاؤنڈز کو الیکٹرولائٹس (Electrolytes) اور اِس طریقہ کار کو الیکٹرولیسز (Electrolysis) کہتے ہیں۔ الیکٹرولیسز کے دوران ایک ایسا ری ایکشن بجلی کی مدد سے وقوع پذیر ہوتا ہے جو خود بخود وقوع پذیر نہیں ہو سکتا۔

Web version of PECTA textbook
Not for sale

الیکٹرولیسز کا عمل ایک ایسے برتن میں کیا جاتا ہے جس کو الیکٹرولیٹک باتھ (Electrolytic Bath) یا الیکٹرولیٹک سیل (Electrolytic Cell) کہتے ہیں اور اس میں سے بجلی گزارنے کے لیے کسی دھات یا گریفائیٹ کے الیکٹروڈز (Electrodes) استعمال کیے جاتے ہیں۔

**اینوڈ (Anode):** یہ مثبت الیکٹروڈ ہے جس کے ذریعہ الیکٹرانز بیرونی سرکٹ میں داخل ہوتے ہیں

**کیتھوڈ (Cathode):** یہ منفی الیکٹروڈ ہے جس کے ذریعہ الیکٹرانز بیرونی سرکٹ سے باہر نکلتے ہیں۔

الیکٹرولیٹک سیل میں موجود الیکٹرولائٹ آزادانہ گھومنے والے آئنز پر مشتمل ہوتا ہے۔ الیکٹرولیسز کے دوران الیکٹرولائٹ بیرونی وولٹیج کی موجودگی میں اپنے اجزاء میں تحلیل ہوجاتا ہے۔ بیرونی وولٹیج کا منبع (Source) یعنی بیٹری ایک الیکٹروڈ کے ذریعہ الیکٹرانز سیل میں داخل کرتی ہے جس کی وجہ سے خودبخود وقوع پذیر نہ ہونے والا ری ایکشن وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اس الیکٹروڈ کو منفی الیکٹروڈ کہتے ہیں۔ الیکٹرولائٹ کے مثبت چارج رکھنے والے آئنز اس منفی الیکٹروڈ کی طرف جاتے ہیں اور یہاں الیکٹران یا الیکٹرانز وصول کرکے ریڈیوس ہوجاتے ہیں۔ اس الیکٹروڈ کو کیتھوڈ کا نام دیا گیا ہے۔ اس عمل کے ساتھ ہی بیٹری دوسرے الیکٹروڈ سے الیکٹران یا الیکٹرانز وصول کرتی ہے جس کی وجہ سے اس پر مثبت چارج آجاتا ہے۔ الیکٹرولائٹ کے منفی آئنز اس الیکٹروڈ کی طرف جاکر اپنے الیکٹران یا الیکٹرانز کھو کر آکسیڈائز (Oxidized) ہوجائیں گے۔ اس الیکٹروڈ کو اینوڈ کا نام دیا گیا ہے۔ اس سارے عمل کے دوران الیکٹرانز بیرونی سرکٹ میں گھومتے ہیں جبکہ سیل کے اندر موجود آئنز اپنے اپنے الیکٹروڈز کی طرف جاتے ہیں۔ اگر سیل کے اندر الیکٹروڈز پر آکسیڈیشن اور ریڈکشن کا عمل رک جائے تو الیکٹرانز بھی بیرونی سرکٹ میں گھومنا بند کردیتے ہیں۔




شکل 16.2 الیکٹرولیٹک سیل میں الیکٹرولیسز

**جاننے والی باتیں**

| | الیکٹروڈ | فنکشن | چارج |
|---|---|---|---|
| بیٹری | اینوڈ | آکسیڈیشن | منفی |
| | کیتھوڈ | ریڈکشن | مثبت |
| الیکٹرولیٹک سیل | اینوڈ | آکسیڈیشن | مثبت |
| | کیتھوڈ | ریڈکشن | منفی |

اینوڈ اور کیتھوڈ کے الفاظ ہمیشہ اُن الیکٹروڈز کے لیے استعمال ہوتے ہیں جہاں بالترتیب آکسیڈیشن اور ریڈکشن ہوتی ہے۔ تاہم اِن الیکٹروڈز پر موجود چارجز بیٹری اور الیکٹرولیٹک سیل کے لیے مختلف ہوتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 16.7 انرٹ (Inert) الیکٹروڈز (گریفائٹ یا پلاٹینم) کی مدد سے مرتکز سوڈیم کلورائڈ کے ایکوس سلوشن (برائن) کی الیکٹرولیسز

## Electrolysis of a Concentrated Aqueous Solution of Sodium Chloride (Brine) using inert electrodes (Graphite / Pt)




**شکل 16.3** برائن کا الیکٹرولیسز

سوڈیم کلورائڈ کے مرتکز ایکوس سلوشن کو برائن کہتے ہیں، اس کی جب الیکٹرولیسز کی جاتی ہے تو کیتھوڈ پر ہائڈروجن گیس اور اینوڈ پر کلورین گیس بنتی ہیں جبکہ سلوشن میں سوڈیم ہائڈرو آکسائڈ بنتا ہے جو کہ اس ری ایکشن کا بائی پروڈکٹ (By-product) ہے۔

اس الیکٹرولیسز میں استعمال ہونے والا الیکٹرولیٹک سیل شکل (16.3) میں دکھایا گیا ہے جس میں کیتھوڈ پلاٹینم دھات سے بنا ہے جب کہ اینوڈ لازمی طور پر گریفائیٹ سے بنا ہونا چاہیے تاکہ یہاں بننے والی کلورین کے ساتھ ری ایکشن سے بچا جاسکے۔

سلوشن میں درج ذیل آئنز موجود ہیں:

$Na^+_{(aq)}$ , $Cl^-_{(aq)}$ سوڈیم کلورائڈ سے

$H^+_{(aq)}$ , $OH^-_{(aq)}$ پانی سے

$Na^+$ اور $H_2O$ اور دونوں کیتھوڈ کی طرف جاتے ہیں۔ چونکہ پانی کے مالیکیولز اور ہائڈروجن آئنز کی ریڈیوس ہونے کی طاقت سوڈیم آئن سے زیادہ ہے اس لیے یہ دونوں کیتھوڈ سے الیکٹرانز حاصل کرکے ہائڈروجن گیس بنادیں گے۔

**کیتھوڈ پر**

$$2H^+_{(aq)} + 2e^- \longrightarrow H_{2(g)}$$

$$2H_2O + 2e^- \longrightarrow H_{2(g)} + 2OH^-$$

پروٹان ($H^+$) کے ڈسچارج ہونے کی وجہ سے پانی کا آئنک ایکولبریم (Ionic Equilibrium) متاثر ہوجاتا ہے۔ جس کی بدولت پانی کے اور زیادہ مالیکیولز آئیونائز (Ionize) ہوجاتے ہیں تاکہ اس ایکولبریم کی حالت کو دوبارہ حاصل کیا جاسکے۔ کیتھوڈ کے ارگرد سلوشن ہائڈرو آکسائڈ آئنز ($OH^-$) بننے کی وجہ سے الکلائن (Alkaline) ہوجاتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

بعض ری ایکشنز قدرتی طور پر خود بخود وقوع پذیر ہوتے ہیں اور اُن کے لیے انرجی دینے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ ان کے برعکس بعض ری ایکشنز صرف اُس وقت وقوع پذیر ہوتے ہیں جب اُن کو انرجی دی جائے۔

**اینوڈ پر**

$$2Cl^-_{(aq)} \longrightarrow Cl_{2(g)} + 2e^-$$



Web version of PECTAA textbook Not for sale

دونوں الیکٹروڈز پر بننے والی ہائیڈروجن اور کلورین گیسوں کے والیومز برابر ہوتے ہیں اس الیکٹرولیسز کی حتمی مساوات درج ذیل ہے۔

$$2\,NaCl_{(aq)} + 2H_2O_{(l)} \longrightarrow H_{2(g)} + Cl_{2\,(g)} + 2NaOH_{(aq)}$$

## 16.8 میٹل ہیلائڈز کے ڈائلیوٹ اور مرتکز ایکوس سلوشنز کی الیکٹرولیسز

## Electrolysis of Dilute and Concentrated Aqueous Solutions of Metal Halides

جب میٹل ہیلائڈز کے ایکوس سلوشنز کی الیکٹرولیسز کی جاتی ہے تو پانی کی موجودگی کی وجہ سے کئی مشکلات آجاتی ہیں۔ پانی ایک ویک الیکٹرولائٹ (Weak Electrolyte) ہونے کی وجہ سے بہت کم آئیونائز ہوتا ہے اور اس طرح بہت کم ہائیڈروجن اور ہائیڈروآکسائڈ بناتا ہے۔

$$H_2O_{(l)} \rightleftharpoons H^{+}_{(aq)} + OH^{-}_{(aq)}$$

اس کا مطلب یہ ہے کہ الیکٹرولائٹ سلوشن میں کئی قسم کے آئنز کیتھوڈ اور اینوڈ کی طرف رجوع کریں گے اور پھر اپنی صلاحیت کے مطابق ڈسچارج بھی ہوں گے۔

مثال کے طور پر اگر سوڈیم کلورائڈ کے ایکوس سلوشن کو الیکٹرولائز کیا جائے تو سلوشن میں دونوں سوڈیم اور ہائیڈروجن کیٹائنز (Cations) موجود ہوں گے جو کیتھوڈ کی طرف جائیں گے۔ اس طرح کلورائڈ اور ہائیڈروآکسائڈ اینائنز (Anions) دونوں اینوڈ کی طرف جائیں گے۔

اس میں سے کون سے آئنز ترجیحاً ڈسچارج ہوں گے اِن کا انحصار اِن میں موجود ایٹمز کی اُس طاقت پر منحصر ہے جس کے ذریعے وہ الیکٹرونز آسانی سے کھودیتے ہیں یا حاصل کرتے ہیں۔ جو ایٹمز ٹیبل (16.2) میں دکھائی جانے والی الیکٹروکیمیکل سیریز میں اوپر ہیں اُن میں الیکٹرانز کھودینے کی طاقت زیادہ ہوتی ہے مقابلتاً اُن ایٹمز کے جو اس سیریز کے نیچے موجود ہیں۔




شکل 16.4 میٹل ہیلائڈز کے ڈائلیوٹ سلوشنز کی الیکٹرولیسز

اگر کوئی میٹل الیکٹروکیمیکل سیریز میں ہائیڈروجن سے نیچے موجود ہے تب یہ میٹل پروٹان کی نسبت ترجیحاً الیکٹران قبول کرکے ڈسچارج ہوگی۔ اس طرح کی میٹلز میں کاپر اور سلور شامل ہیں۔

اگر کوئی میٹل الیکٹروکیمیکل سیریز میں ہائیڈروجن سے اوپر موجود ہے تب اس کی نسبت ہائیڈروجن کیٹائنز ترجیحاً الیکٹران قبول کرکے ہائیڈروجن گیس بنائیں گے۔

اس طرح کی میٹلز میں لیتھیم (Lithium) سوڈیم اور میگنیشیم شامل ہیں۔ پس جب سوڈیم کلورائڈ کے ڈائلیوٹ سلوشن کی الیکٹرولیسز کی جائے گی تو کیتھوڈ پر ہائیڈروجن گیس بنے گی۔

لیڈ (Lead) اور نکل (Nickel) قسم کی میٹلز سے مشکلات اور بڑھ جاتی ہیں اگر اِن میٹلز کے ہیلائڈز کے ایکوس سلوشنز کی

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

الیکٹرولیسز کی جائے تو کیتھوڈ بننے والے پروڈکٹ کا انحصار اِن سلوشنز کے ارتکاز پر ہے۔ اگر اِن کے سلوشنز مرتکز ہیں تو کیتھوڈ پر میٹل بنے گی لیکن اگر سلوشنز بہت ڈائلیوٹ ہیں تو کیتھوڈ پر ہائیڈروجن بنے گی۔ اور اگر سلوشن نہ ڈائلیوٹ اور نہ ہی مرتکز ہے تو دونوں میٹل اور ہائیڈروجن بنیں گی۔

اِن ہیلائیڈز کے ڈائلیوٹ سلوشنز کی جب الیکٹرولیسز کی جائے گی تو اینوڈ پر آکسیجن بنے گی کیونکہ ہائیڈرو آکسائیڈ آئن کا ارتکاز زیادہ ہوگا اور وہی ترجیحاً ڈسچارج ہوں گے۔

**دلچسپ معلومات**

فلورین اور ایلومینیم عناصر کی دریافت اور اِن کی صنعتی پیمانے پر تیاری میں الیکٹرولیسز نے اہم رول ادا کیا ہے۔

کیتھوڈ پر ہونے والے ری ایکشنز

$$2M^+_{(aq)} + 2e^- \longrightarrow 2M_{(s)}$$
$$2H^+_{(g)} + 2e^- \longrightarrow H_{2(g)}$$
$$2H_2O_{(l)} + 2e^- \longrightarrow H_{2(g)} + OH^-_{(aq)}$$

اینوڈ پر ہونے والے ری ایکشنز

$$2X^-_{(g)} \longrightarrow X_{2(g)} + 2e^-$$
$$4\,OH^-_{(aq)} \longrightarrow O_{2\,(g)} + 2H_2O_{(l)} + 4e^-$$

**ٹیبل 16.2 الیکٹروکیمیکل سیریز**

طاقتور ریڈیوسنگ ایجنٹس | کمزور آکسیڈائزنگ ایجنٹس

| الیکٹروڈ | ہاف ری ایکشن | سٹینڈرڈ پوٹینشل (v) |
|---|---|---|
| Lithium لیتھیم | $Li^+ (aq) + e^- \rightleftharpoons Li (s)$ | -3.04 |
| Potassium پوٹاشیم | $K^+ (aq) + e^- \rightleftharpoons K (s)$ | -2.93 |
| Calcium کیلشیم | $Ca^{2+} (aq) + 2e^- \rightleftharpoons Ca (s)$ | -2.86 |
| Sodium سوڈیم | $Na^+ (aq) + e^- \rightleftharpoons Na (s)$ | -2.71 |
| Magnesium میگنیشیم | $Mg^{2+} (aq) + 2e^- \rightleftharpoons Mg (s)$ | -2.37 |
| Aluminum ایلومینیم | $Al^{3+} (aq) + 3e^- \rightleftharpoons Al(s)$ | -1.66 |
| Water پانی | $2H_2O (l) + 2 e^- \rightleftharpoons H_2 (g) + 2 OH^- (aq)$ | -0.82 |
| Zinc زنک | $Zn^{2+} (aq) + 2e^- \rightleftharpoons Zn (s)$ | -0.76 |
| Iron (II) آئرن | $Fe^{2+} (aq) + 2e^- \rightleftharpoons Fe (s)$ | -0.44 |
| Cadmium کیڈمیم | $Cd^{2+} (aq) + 2e^- \rightleftharpoons Cd (s)$ | -0.40 |
| Nickel نکل | $Ni^{2+} (aq) + 2e^- \rightleftharpoons Ni (s)$ | -0.25 |
| Lead لیڈ | $Pb^{2+} (aq) + 2e^- \rightleftharpoons Pb (s)$ | -0.12 |
| Hydrogen ہائیڈروجن | $2 H^+ (aq) + 2e^- \rightleftharpoons H_2 (g)$ | 0 |
| Sulfur سلفر | $S (aq) + 2H^+ (aq) + 2e^- \rightleftharpoons H_2 S (aq)$ | 0.14 |
| Tin ٹن | $Sn^{4+} (aq) + 2e^- \rightleftharpoons Sn^{2+} (aq)$ | 0.15 |
| Copper کاپر | $Cu^{2+} (aq) + 2e^- \rightleftharpoons Cu (s)$ | 0.34 |
| Iodine آیوڈین | $I_2 (g) + 2e^- \rightleftharpoons 2I^- (aq)$ | 0.53 |
| Iron (III) آئرن | $Fe^{3+} (aq) + e^- \rightleftharpoons Fe^{2+} (aq)$ | 0.77 |
| Silver سلور | $Ag^+ (aq) + e^- \rightleftharpoons Ag (s)$ | 0.79 |
| Bromine برومین | $Br_2 (g) + 2e^- \rightleftharpoons 2Br^- (aq)$ | 1.06 |
| Chlorine کلورین | $Cl_2 (g) + 2 e^- \rightleftharpoons 2Cl^- (aq))$ | 1.35 |
| Gold گولڈ | $Au^+ (aq) + e^- \rightleftharpoons Au (s)$ | 1.69 |
| Hydrogen peroxide ہائیڈروجن پر آکسائیڈ | $H_2O_2 (aq) + 2H^+ (aq) + 2 e^- \rightleftharpoons 2H_2 O(l)$ | 1.77 |
| Fluorine فلورین | $F_2 (g) + 2e^- \rightleftharpoons 2F^- (aq)$ | 2.87 |

کمزور ریڈیوسنگ ایجنٹس | طاقتور آکسیڈائزنگ ایجنٹس

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 16.9 میٹل ہیلائڈز کے مرتکز ایکوس سلوشنز کی الیکٹرولیسز
## Electrolysis of Concentrated Aqueous Solutions of Metal Halides

اگر میٹل ہیلائڈز کے مرتکز ایکوس سلوشنز کی الیکٹرولیسز کی جائے تو کیتھوڈ پر ہائڈروجن آئنز ڈسچارج ہوں گے اگر میٹل الیکٹروکیمیکل سیریز میں ہائڈروجن سے اوپر ہوگی۔ مثال کے طور پر سوڈیم کلورائڈ کے مرتکز ایکوس سلوشن کی الیکٹرولیسز کی جائے تو کیتھوڈ پر ہائڈروجن گیس بنتی ہے تاہم جب میٹلز الیکٹروکیمیکل سیریز میں ہائڈروجن سے نیچے ہوں گی تو کم عامل ہونے کی وجہ سے یہ میٹلز کیتھوڈ پر ڈسچارج ہوں گی۔ کاپر اور سلور میٹلز اُن کم عامل میٹلز کی مثالیں ہیں۔



شکل 16.5 کاپر کلورائڈ کے مرتکز سلوشن کی الیکٹرولیسز

اینوڈ پر ہیلائڈ آئنز ہی ڈسچارج ہوں گے چونکہ اُن کا ارتکاز زیادہ ہے۔

کیتھوڈ پر ہونے والے ری ایکشنز

$$2M^{+}_{(aq)} + 2e^{-} \longrightarrow 2M_{(s)}$$
$$2H^{+}_{(aq)} + 2e^{-} \longrightarrow H_{2(g)}$$

اینوڈ پر ہونے والے ری ایکشنز

$$2X^{-}_{(aq)} \longrightarrow X_{2(g)} + 2e^{-}$$

## 16.10 پگھلے ہوئے لیڈ (II) کلورائڈ کی الیکٹرولیسز
## (Electrolysis of Molten Lead (II) Chloride)

لیڈ کلورائڈ عام درجہ حرارت پر ٹھوس شکل میں ہوتا ہے۔ اس کو الیکٹرولائیٹ میں تبدیل کرنے کے لیے اِسے 500°C تک گرم کیا جاتا ہے اس درجہ حرارت پر یہ پگھل جاتا ہے۔ گرم کرنے سے اس میں موجود جکڑے ہوئے آئنز آزاد ہوجاتے ہیں اور اب اِن میں سے بجلی گزر سکتی ہے۔ اِس پگھلے ہوئے لیڈ کو پھر ایک ایسی کروسیبل (Crucible) میں لے جایا جاتا ہے جس کا ٹمپریچر 500°C برقرار رکھا جاتا ہے۔ اس کروسیبل میں گریفائیٹ یا پلاٹینیم کے بنے ہوئے دو الیکٹروڈز ڈالے جاتے ہیں۔ الیکٹرولیسز کے دوران لیڈ آئنز کیتھوڈ کی طرف جا کر مائع حالت میں لیڈ میٹل میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ اس دوران کلورائڈ آئنز اینوڈ کی طرف جاتے ہوئے اپنا الیکٹران اُسے دے کر کلورین گیس میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ یہ بات ضروری ہے کہ اس لیکٹرولیسز کو لیڈ کلورائڈ کے میلٹنگ پوائنٹ سے اوپر سرانجام دیا جائے۔

کیتھوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$Pb^{2+} + 2e^{-} \longrightarrow Pb_{(l)}$$ (ریڈکشن)

اینوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$2Cl^{-}_{(l)} \longrightarrow Cl_{2(g)} + 2e^{-}$$ (آکسیڈیشن)

مکمل ری ایکشن

$$PbCl_{2(l)} \longrightarrow Pb_{(l)} + Cl_{2(g)}$$

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 16.11 سلفیورک ایسڈ کے ڈائیلیوٹ سلوشن کا الیکٹرولیسز انرٹ الیکٹروڈز کی مدد سے (کاربن یا پلاٹینیم)

## Electrolysis of Dilute Solution of Sulphuric Acid Using Inert Electrodes (Carbon or Pt)

سلفیورک ایسڈ کے ڈائیلیوٹ سلوشن کی جب الیکٹرولیسز کی جاتی ہے تو ہائیڈروجن اور آکسیجن گیسیں بنتی ہیں۔ دوسرے الفاظ میں اس الیکٹرولیسز کے دوران پانی تحلیل ہوجاتا ہے۔ اس الیکٹرولیسز کو انرٹ الیکٹروڈز کے ساتھ سرانجام دیا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ الیکٹروڈز الیکٹرولائٹ کے ساتھ ری ایکشن نہیں کرتے۔

ڈائیلیوٹ سلفیورک ایسڈ کے سلوشن میں سلفیٹ آئنز $(SO_4^{2-})$ اور ہائیڈروجن آئنز $(H^+)$ سلفیورک ایسڈ کی وجہ سے موجود ہوتے ہیں جبکہ پانی کی آئیونائزیشن سے پروٹانز اور ہائیڈروآکسائڈ آئنز بنتے ہیں۔

کیتھوڈ پر ہائیڈروجن آئنز الیکٹران قبول کر کے ہائیڈروجن گیس میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ اینوڈ پر سلفیٹ آئنز اور ہائیڈروآکسائڈ آئنز دونوں رجوع کرتے ہیں لیکن ہائیڈروآکسائڈ آئنز الیکٹرونز کھو کر آکسیجن گیس بناتے ہیں۔ سلفیٹ آئنز ہائیڈروآکسائڈ آئنز کی نسبت مشکل سے ڈسچارج ہوتے ہیں کیونکہ اُنکا آکسیڈائز (Oxidize) ہونا مقابلتاً مشکل ہے۔ جیسے جیسے الیکٹرولیسز کا عمل آگے بڑھتا ہے۔ سلفیورک ایسڈ مرتکز ہوتا جاتا ہے کیونکہ پانی تحلیل ہوکر باہر نکل رہا ہے۔

کیتھوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$2H^+_{(aq)} + 2e^- \longrightarrow H_{2(g)}$$ (ریڈکشن)

اینوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$4\,OH^-_{(aq)} \longrightarrow O_{2(g)} + 2H_2O_{(l)} + 4e^-$$ (آکسیڈیشن)

## 16.12 کاپر سلفیٹ کے ڈائیلیوٹ ایکوس سلوشن کا الیکٹرولیسز انرٹ الیکٹروڈز یا کاپر الیکٹروڈز کی مدد سے

## Electrolysis of Dilute Aqueous Solution of Copper Sulphate Using Inert and Copper Electrodes

کاپر سلفیٹ کے ڈائیلیوٹ ایکوس سلوشن کی الیکٹرولیسز اگر انرٹ الیکٹروڈز کی مدد سے کی جائے تو پانی اور کاپر (II) سلفیٹ دونوں تحلیل ہوجاتے ہیں۔ کاپر میٹل کیتھوڈ جو کہ ایک انرٹ الیکٹروڈ ہے اُس پر جمع ہوجاتی ہے جبکہ انرٹ اینوڈ پر آکسیجن بنتی ہے۔

کیتھوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$Cu^{2+}_{(aq)} + 2e^- \longrightarrow Cu_{(s)}$$ (ریڈکشن)

اینوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$4\,OH^-_{(aq)} \longrightarrow O_{2(g)} + 2H_2O_{(l)} + 4e^-$$ (آکسیڈیشن)

چونکہ سلوشن میں موجود کاپر آئنز کا ارتکاز آہستہ آہستہ کم ہو رہا ہے اس سے سلوشن کا نیلا رنگ بھی آہستہ آہستہ ہلکا ہوتا جائے گا۔

**فوری جانچ 16.4**

سوڈیم کلورائڈ کے مرتکز سلوشن کی الیکٹرولیسز کے دوران کاربن کے الیکٹروڈز استعمال کرنا کیوں ضروری ہے؟

Web version of PECTAA textbook Not for sale

اگر انرٹ الیکٹروڈز کی جگہ کاپر میٹل کے الیکٹروڈز استعمال کیے جائیں تو کاپر اینوڈ سے کاپر ایٹمز (کاپر آئنز بن کر) سلوشن میں شامل ہونا شروع ہوجاتے ہیں اور الیکٹروڈ کا ماس کم ہونا شروع ہوجاتا ہے۔

کیتھوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$Cu^{2+}_{(aq)} + 2e \longrightarrow Cu_{(s)}$$ (ریڈکشن)

اینوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$Cu_{(s)} \longrightarrow Cu^{2+}_{(aq)} + 2e$$ (آکسیڈیشن)

## 16.13 فیول سیلز (Fuel Cells)




شکل 16.6 فیول سیل

فیول سیلز ہمیں ایک ایسا طریقہ کار مہیا کرتے ہیں جس سے کیمیائی انرجی الیکٹریکل انرجی میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ اِن سیلز میں ہائڈروجن اور آکسیجن گیسیں بطور فیولز استعمال ہوکر بجلی بناتی ہیں۔ فیول سیلز میں موجود دو کھوکھلی ٹیوبز (Hollow Tubes) الیکٹروڈز کا رول ادا کرتی ہیں۔ ان ٹیوبز کو مسام دار کاربن کی مدد سے بنایا جاتا ہے جس میں پلاٹینیم ملا دیتے ہیں۔ یہ پلاٹینیم کیٹالسٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اس سیل میں پوٹاشیم ہائڈروآکسائڈ کا ایکوس سلوشن بطور الیکٹرولائٹ استعمال ہوتا ہے۔ اینوڈ پر ہائڈروجن گیس آکسیڈائز ہوکر پانی بناتی ہے جبکہ اینوڈ پر آکسیجن ریڈیوس ہوکر ہائڈروآکسائڈ آئنز بناتی ہے۔

اینوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$[H_{2(g)} + 2OH^-_{(aq)} \longrightarrow 2H_2O_{(l)} + 2e^-]2$$

کیتھوڈ پر ہونے والا ری ایکشن

$$O_{2(g)} + 2H_2O_{(l)} + 4e^- \longrightarrow 4OH^-$$

مکمل ری ایکشن

$$2H_{2(g)} + O_{2\,(g)} \longrightarrow 2H_2O_{(l)}$$

فیول سیلز متواتر اُسی وقت تک بجلی مہیا کرتے رہتے ہیں جب تک ری ایکٹنٹس مہیا کیے جاتے رہیں۔ فیول سیلز بڑے مؤثر طریقے سے کام کرتے ہیں کیونکہ یہ فیولز میں موجود 75% بانڈ انرجی کو بجلی میں تبدیل کر دیتے ہیں۔

### فوائد (Advantages)

1۔ ہائڈروجن اور آکسیجن سے بنے فیول سیلز روایتی فوسل فیولز (Fossil Fuels) یعنی پٹرول اور ڈیزل جن سے گاڑیاں چلتی ہیں، کی نسبت بہت بہتر کارکردگی کے حامل ہیں۔ یہ کاربن ڈائی آکسائڈ بالکل خارج نہیں کرتے کیونکہ پانی ان کا واحد پراڈکٹ ہے۔ اس کے برعکس فوسل فیولز کاربن ڈائی آکسائڈ، نائٹروجن آکسائڈز اور سلفر آکسائڈز بناتے ہیں جو کہ ماحول کے لیے شدید نقصان دہ ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

2- فوسل فیولز کی انرجی میں بدلنے کی صلاحیت فیول سیلز کی نسبت بہت کم ہے کیونکہ یہ سیلز فیولز میں موجود کیمیکل انرجی کو الیکٹریکل انرجی میں بڑے موثر انداز میں تبدیل کرتے ہیں۔

3- فیول سیلز شور پیدا نہیں کرتے۔

4- فیول سیلز میں استعمال ہونے والی ہائڈروجن گیس قابل تجدید ذرائع مثلاً سورج کی توانائی یا ہوا کی توانائی سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

### نقصانات (Disadvantages)

1- موجودہ دور میں فیول سیلز بہت قیمتی تصور ہوتے ہیں کیونکہ ہائڈروجن گیس کو بنانے کے لیے پانی کی الیکٹرولیسز کی جاتی ہے جو کہ ایک بہت مہنگا طریقہ ہے۔

2- ہائڈروجن گیس چونکہ بہت جلد آگ پکڑ لیتی ہے اس لیے اس کو سٹور کرنے کے لیے یا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے مخصوص طریقے استعمال کیے جاتے ہیں جن سے اس کی قیمت اور بڑھ جاتی ہے۔

3- فیول سیلز اور الیکٹرک موٹرز پٹرول اور ڈیزل انجنز کی نسبت کم پائدار ہیں اس لیے زیادہ دیر نہیں چل سکتے۔

**فوری جانچ 16.5**

ہائڈروجن اور آکسیجن فیول سیل میں اوپر دیئے گئے الیکٹرولائٹ کے علاوہ اور کون سا الیکٹرولائٹ استعمال ہوسکتا ہے۔

## 16.14 کوروژن یا زنگ لگنا (Corrosion)

زنگ لگنا ایک قدرتی عمل ہے جس کی وجہ سے ایک میٹل ماحول کے ساتھ کیمیکل ری ایکشن کی وجہ سے بتدریج ختم ہوجاتی ہے۔ اس ری ایکشن کے نتیجہ میں میٹل کی سطح پر آکسائڈز، سلفائڈز یا کاربونیٹس کی تہ جم جاتی ہے۔

زنگ لگنے کی بہت ہی عام مثال لوہے کو زنگ لگنا ہے۔ اس دوران لوہا ہوا میں موجود آکسیجن اور پانی سے ری ایکشن کرکے ہائڈریٹیڈ آئرن آکسائڈ بناتا ہے۔ ایک بار جب لوہے کو زنگ لگنا شروع ہوجاتا ہے تو یہ عمل پھر جاری رہتا ہے۔ کیونکہ زنگ ایک بھربھری شے ہے جس کی وجہ سے ہوا اور پانی دونوں لوہے کی نیچے والی تہوں تک پہنچ کر انہیں بھی زنگ آلود کردیتے ہیں۔ اس طرح اگر کافی عرصہ لوہا پڑا رہے تو سارے کا سارا زنگ آلود ہوجائے گا۔

لوہا کو زنگ لگنے کے لیے بظاہر دو کیمیکلز درکار ہیں ایک آکسیجن اور دوسرا پانی۔ یہ دونوں لوہے کے ساتھ مِل کر ذیل میں درج الیکٹروکیمیکل ری ایکشن کا موجب بنتے ہیں۔ لوہا اپنے الیکٹرونز کھوکر Fe(II) آئنز بناتا ہے۔

$$2Fe_{(s)} \longrightarrow 2Fe^{2+}_{(aq)} + 4e^-$$

اوپر والے ری ایکشن سے ملنے والے الیکٹرانز آکسیجن قبول کرکے پانی کی موجودگی میں ہائدروآکسائڈ آئنز بنا دیتی ہے۔

$$O_{2\,(g)} + 2H_2O_{(aq)} + 4e^- \longrightarrow 4OH^-_{(aq)}$$

Web version of PECTAA textbook Not for sale

آئرن (II) پھر مزید آکسیجن اور پانی سے ری ایکشن کر کے آئرن (III) ہائڈروآکسائڈ بناتا ہے جسے زنگ کہتے ہیں۔

$$Fe^{2+}_{(aq)} + 2\ OH^-_{(aq)} \longrightarrow Fe(OH)_{2\,(s)}$$
$$4Fe(OH)_{2\,(s)} + O_{2\,(g)} + 2H_2O_{(l)} \longrightarrow 4Fe(OH)_{3\,(s)}$$

## زنگ لگنے سے بچاؤ (Prevention of Corrosion)

### میٹل کی سطح پر کوئی تہ چڑھانا (Coating of the Metal Surface)

میٹل کو زنگ سے بچانے کے لیے ضروری ہے کہ اس کی سطح کا تعلق ہوا سے ختم کر دیں ایسا کرنے لیے میٹل کی سطح پر کسی شے کو مَل دیا جائے جو اس کو ہوا میں موجود پانی اور آکسیجن سے بچائے۔ اس مقصد کے لیے سٹیل کی سطح پر گریس، تیل ملایا جاتا ہے یا پھر اس سطح پر پینٹ کر دیا جاتا ہے۔ میٹل کی سطح کو محفوظ کرنے کے لیے دوسرے طریقوں میں گیلونائزنگ (Galvanizing)، الیکٹروپلیٹنگ (Electroplating) اور سیکریفیشل پروٹیکشن (Sacrificial Protection) شامل ہیں۔

### گیلوینائزیشن (Galvanization)

یہ طریقہ آئرن اور سٹیل کو زنگ سے بچانے کو ایک عام طریقہ ہے اس طریقے میں آئرن کی شیٹ کو ایک ایسے برتن میں ڈبویا جاتا ہے جس میں پگھلی ہوئی زنک موجود ہو۔ اس طرح زنک میٹل کی ایک تہ آئرن شیٹ پر جم جاتی ہے اور اس کو زنگ لگنے سے بچاتی ہے۔ عام استعمال ہونے والے ٹِن کینز (Tin Cans) دراصل سٹیل سے بنے ہوتے ہیں جن پر ٹِن کی تہ جمائی جاتی ہے۔

### سیکری فیشل پروٹیکشن (Sacrificial protection)

آئرن کو محفوظ کرنے کے لیے اس طریقہ میں آئرن سے زیادہ ری ایکٹیو (Reactive) میٹل یعنی زنک یا میگنیشیم کے ٹکڑے آئرن کی سطح پر چپکا دیئے جاتے ہیں۔ زیادہ ری ایکٹیو ہونے کی وجہ سے زنگ اِن ٹکڑوں پر لگتا ہے اور آئرن کی سطح محفوظ رہتی ہے۔ زمین میں دفن فیول ٹینکس (Fuel Tanks)، پائپ لائنز (Pipe Lines) اور جہازوں کے ڈھانچے جو سمندر کے اندر موجود ہوتے ہیں، اِن سب کو بچانے کے لیے میگنیشیم میٹل استعمال کی جاتی ہے۔

میگنیشیم اور آئرن کے درمیان ری ایکٹیویٹی (Reactivity) میں فرق کی وجہ سے اِن کے درمیان کرنٹ بہنا شروع ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے زنگ زیادہ ری ایکٹیو میٹل کو لگتا ہے جبکہ آئرن میٹل محفوظ رہتی ہے۔

> **فوری جانچ 16.6**
>
> 1۔ زنگ لگنے کے لیے کونسی شرائط کا پورا ہونا ضروری ہے۔
>
> 2۔ اگر آئرن کے ایک ٹکڑے کو زنک کے ایک ٹکڑے سے ملا دیا جائے تو کونسی میٹل کو زنگ لگے گا۔ اپنے جواب کی وضاحت کریں۔

## 16.15 الیکٹروپلیٹنگ (Electroplating)

اس طریقہ میں ایک میٹل کو دوسری میٹل پر بجلی کی مدد سے جمایا جاتا ہے۔

الیکٹروپلیٹنگ کرنے کے تین اہم مقاصد ہیں۔

**1۔ سجاوٹ**

سستی میٹلز کو خوبصورت بنانے کے لیے اُن پر نوبل میٹلز یعنی گولڈ اور سلور کو جمایا جاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

### 2۔ حفاظت

الیکٹروپلیٹنگ کا دوسرا مقصد میٹلز کو زنگ اور آرگینک ایسڈز (Organic Acids) سے محفوظ بنانا ہے۔

### 3۔ مرمت

مشینری کے ٹوٹے ہوئے حصّوں کو جوڑنے کے لیے اُن پر کسی دوسرے میٹل کی تہ جمادی جاتی ہے عام طور پر اس مقصد کے لیے کاپر، سلور، کرومیم، نکل اور گولڈ کی الیکٹروپلیٹنگ کی جاتی ہے۔

## الیکٹروپلیٹنگ کا طریقہ کار

جس شے پر الیکٹروپلیٹنگ کرنی ہو تو اُس کو پہلے ریت سے، پھر کاسٹک سوڈا سے اور آخر میں کُھلے پانی میں دھو کر صاف کیا جاتا ہے۔ اس شے کو پھر الیکٹرولیٹک سیل میں کیتھوڈ بنایا جاتا ہے جبکہ جس میٹل کو اس پر جمانا ہوتا ہے اُس کو اینوڈ بناتے ہیں۔ الیکٹرولائٹ سلوشن جمانے والی میٹل کے کسی سالٹ کا ایکوس سلوشن ہوتا ہے اور الیکٹروپلیٹنگ کرنے کے لیے سیمنٹ گلاس یا لکڑی کا بنا ہوا ٹینک استعمال کرتے ہیں جس کو الیکٹرولیٹک ٹینک کہتے ہیں۔ شکل 16.7 میں الیکٹروپلیٹنگ کا عمل دکھایا گیا ہے۔



شکل 16.7 الیکٹروپلیٹنگ

منتخب شدہ الیکٹرولائٹ کے خواص مندرجہ ذیل ہونے چاہئیں۔

1۔ یہ پانی میں بہت زیادہ حل پذیر ہو۔

2۔ اچھا کنڈکٹر ہو۔

3۔ نہ آسانی سے آکسیڈائز ہو نہ ریڈیوس ہو اور نہ ہی ہائیڈرولائز (Hydrolyze) ہو۔

4۔ سستا ہو۔

الیکٹرولیٹک ٹینک میں موجود الیکٹرولائٹ میں الیکٹروڈز کو ڈبو دیا جاتا ہے اور پھر کرنٹ گزارا جاتا ہے۔ نوبل میٹل کی ہلکی سی تہ اُس شے پر جم جاتی ہے جس کی الیکٹروپلیٹنگ کر رہے ہیں۔ اچھے نتائج حاصل کرنے کے لیے ذیل میں درج شرائط پوری کی جاتی ہیں۔

i۔ کرنٹ ڈینسٹی (Current Density) زیادہ ہونی چاہیے۔

ii۔ ٹمپریچر کم ہونا چاہیے۔

iii۔ الیکٹرولائٹ میں میٹل کا ارتکاز زیادہ ہونا چاہیے۔

**قابلِ غور بات!**

اَن ری ایکٹیو اور قیمتی میٹلز کے ایک گروپ کو نوبل میٹلز کہتے ہیں۔ گولڈ، سلور اور پلاٹینم نوبل میٹلز کی مثالیں ہیں۔

## سلور پلیٹنگ (Silver Plating)

سلور پلیٹنگ کے لیے وہی طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے۔ تاہم اس میں استعمال ہونے والا الیکٹرولائٹ کو پوٹاشیم آرجینٹو سائنائڈ اور اینوڈ خالص سلور کا استعمال ہوتا ہے الیکٹرولائٹ ایکوس سلوشن میں درج ذیل آئنز بناتا ہے۔

$$K[Ag(CN)_2]_{(aq)} \rightleftharpoons K^+_{(aq)} + [Ag(CN)_2]^-_{(aq)}$$

$$[Ag(CN)_2]^-_{(aq)} \rightleftharpoons Ag^+_{(aq)} + 2CN^-_{(aq)}$$

Web version of PECTAA textbook Not for sale

جب اس سیل میں سے بجلی گزاری جاتی ہے تو سلور آئنز ($Ag^+$) کیتھوڈ کی طرف جا کر الیکٹرونز قبول کرتے ہیں اور پھر وہیں کیتھوڈ کے ساتھ جم جاتے ہیں۔ سائنائڈ آئنز اینوڈ کی طرف جا کر وہاں موجود سلور سے ری ایکشن کر کے سلور سائنائڈ ($AgCN$) بنا دیتے ہیں جو کہ بعد میں پوٹاشیم سائنائڈ سے مل کر دوبارہ الیکٹرولائٹ $K[Ag(CN)_2]$ بنا دیتے ہیں۔

## کاپر پلیٹنگ (Copper Plating)

کاپر پلیٹنگ میں اینوڈ کاپر میٹل کا بنا ہوتا ہے اور استعمال ہونے والا الیکٹرولائٹ کاپر سلفیٹ ہے جس کے ایکوس سلوشن میں تھوڑا سا سلفیورک ایسڈ ملایا جاتا ہے تاکہ اس کی ہائڈرولیسز (Hydrolysis) نہ ہو۔ جس شے پر الیکٹروپلیٹنگ کرنی ہے اُسے کیتھوڈ بنایا جاتا ہے۔ الیکٹروپلیٹنگ کے دوران الیکٹروڈز پر درج ذیل ری ایکشنز وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

اینوڈ پر

$$Cu_{(s)} \longrightarrow Cu^{2+}_{(aq)} + 2e^-$$

کیتھوڈ پر

$$Cu^{2+}_{(aq)} + 2e^- \longrightarrow Cu_{(s)}$$

**دلچسپ معلومات**

کرومیم پلیٹنگ عام طور پر آئرن یا سٹیل پر کی جاتی ہے۔ چونکہ کرومیم میٹل آئرن میٹل پر اچھی طرح جُڑتی نہیں ہے اس لیے پہلے آئرن کی کاپر یا نکل پلیٹنگ کی جاتی ہے اور پھر اس پر کرومیم پلیٹنگ کرتے ہیں۔

**فوری جانچ 16.7**

1۔ الیکٹروپلیٹنگ کس اصول پر وقوع پذیر ہوتی ہے؟

2۔ الیکٹروپلیٹنگ کو کس طرح میٹلز میں موجود نقائص کی مرمت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟

## 16.16 گیلوِنک سیلز (Galvanic Cells)

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ جب پگھلے ہوئے آئنک کمپاؤنڈز یا اُنکے ایکوس سلوشنز میں سے بجلی گزاری جاتی ہے تو اِس دوران الیکٹروڈز پر آکسیڈیشن۔ ریڈکشن ری ایکشنز وقوع پزیر ہوتے ہیں۔ ہم اس عمل کے برعکس عمل بھی سرانجام دے سکتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں آکسیڈیشن، ریڈکشن ری ایکشنز کو استعمال کر کے ہم بجلی بنا سکتے ہیں۔ اس عمل کو بڑے آسان طریقے سے سمجھا جا سکتا ہے۔ ایک زنک کی بنی پلیٹ لیں اور اس کو کاپر سلفیٹ کے ایکوس سلوشن میں ڈبو دیں۔ کچھ دیر کے بعد آپ دیکھیں گے کہ زنک پلیٹ پر پیازی رنگ کی کاپر میٹل کی تہ جم گئی ہے جبکہ کاپر سلفیٹ سلوشن کا نیلا رنگ پھیکا پڑ گیا ہے۔ اگر زنک کافی مقدار میں موجود ہے اور اس عمل کو موزوں وقت دیا جائے تو کاپر سلفیٹ کا سلوشن مکمل طور پر بے رنگ ہو جائے گا۔ اس پورے عمل کے دوران الیکٹرانز زنک سے کاپر کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔ کاپر کا ایک آئن زنک ایٹم سے دو الیکٹرانز حاصل کر کے کاپر میٹل بن کر زنک پر جم جاتا ہے۔ اسی دوران زنک میٹل میں سے زنک کا ایک ایٹم نکلتا ہے اور زنک آئن کے طور پر سلوشن میں شامل ہو جاتا ہے۔ وقوع پذیر ہونے والے ری ایکشن کو درج ذیل طریقے سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$Zn_{(s)} + Cu^{2+}_{(aq)} \longrightarrow Zn^{2+}_{(aq)} + Cu_{(s)}$$

اس ری ایکشن کے دوران زنک کا ایک ایٹم آکسیڈائز (Oxidize) ہو کر زنک آئن میں تبدیل ہو جاتا ہے جبکہ کاپر کا آئن ریڈیوس (Reduce) ہو کر کاپر ایٹم بنا دیتا ہے۔ اس ری ایکشن کو اگر گیلوینک سیل میں سرانجام دیا جائے تو بجلی بنائی جا سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں جو گیلوِنک سیل استعمال ہوتا ہے اُسے ڈینئیل سیل (Daniel Cell) کہتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ڈینئیل سیل میں آکسیڈیشن۔ریڈکشن ری ایکشنز کو استعمال کرتے ہوئے بجلی بنائی جاتی ہے۔ اوپر دیئے گئے تجربہ میں آکسیڈیشن ریڈکشن کے ری ایکشنز براہِ راست زنک الیکٹروڈ پر وقوع پذیر ہوتے ہیں اس لیے کوئی بجلی نہیں بنتی۔ تاہم اگر یہی آکسیڈیشن۔ریڈکشن ری ایکشنز علیحدہ علیحدہ حصّوں میں وقوع پذیر کروائے جائیں تو اِن سے بجلی بنائی جا سکتی ہے۔ اسی قسم کا ایک تجربہ شکل (16.6) میں دکھایا گیا ہے۔

اس طرح کے گیلونک سیل میں موجود ایک زنک پلیٹ کو زنک سلفیٹ کے ایکوس سلوشن میں ڈبویا جاتا ہے جبکہ کاپر سلفیٹ کے ایکوس سلوشن میں علیحدہ طور پر کاپر پلیٹ ڈوبی ہوتی ہے۔ اِن دونوں سلوشنز کو علیحدہ کرنے کے لیے دونوں حِصّوں کے درمیان ایک مسام دار پارٹیشن موجود ہوتی ہے جس میں سے آئنز تو گزر سکتے ہیں لیکن سلوشنز نہیں گزر سکتے۔ دونوں الیکٹروڈز کو ایک تار کے ساتھ گیلوینومیٹر کے ساتھ جوڑا جاتا ہے جو بننے والے کرنٹ کی پیمائش کرتا ہے۔



شکل 16.8 ڈینئیل سیل

زنک الیکٹروڈ کی سطح پر ایک زنک ایٹم اپنے دو الیکٹرانز کھو کر آئن میں تبدیل ہو کر سلوشن میں شامل ہو جاتا ہے۔ یہ الیکٹرونز بیرونی تار کے ذریعے کاپر الیکٹروڈ پر پہنچتے ہیں جہاں پر یہ کاپر آئن کو ڈسچارج کر کے کاپر ایٹم بنا دیتے ہیں اور یہ ایٹم کاپر کی پلیٹ کے ساتھ چپک جاتا ہے۔ زنک الیکٹروڈ پر آکسیڈیشن ری ایکشن وقوع پذیر ہوتا ہے اور اس الیکٹروڈ کو اینوڈ کہتے ہیں جبکہ کاپر الیکٹروڈ پر ریڈکشن کا ری ایکشن وقوع پذیر ہوتا ہے اور اس الیکٹروڈ کو کیتھوڈ کا نام دیا گیا ہے۔

دونوں الیکٹروڈز پر درج ذیل ری ایکشنز وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

اینوڈ پر: $Zn_{(s)} \longrightarrow Zn^{2+} + 2e^-$ (آکسیڈیشن) الیکٹروڈ پوٹینشل = + 0.76

کیتھوڈ پر: $Cu^{2+}_{(aq)} + 2e^- \longrightarrow Cu_{(s)}$ (ریڈکشن) الیکٹروڈ پوٹینشل = + 0.34

مکمل ری ایکشن: $Zn_{(g)} + Cu^{2+}_{(aq)} \longrightarrow Zn^{2+}_{(aq)} + Cu_{(s)}$ سیل وولٹیج — سیل وولٹیج = 1.10 volts

سیل میں موجود دونوں حصّوں کو ہاف سیلز (Half Cells) کہتے ہیں۔ کسی اکیلے ہاف سیل میں کوئی ری ایکشن وقوع پذیر نہیں ہوتا۔ دونوں ری ایکشنز بیک وقت دونوں ہاف سیلز میں وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

اس سیل میں بیرونی سرکٹ میں الیکٹرانز سفر کرتے ہیں جبکہ اندرونی سرکٹ میں آئنز مسام دار پارٹیشن کے ذریعے ایک حِصّے سے دوسرے حِصّے کی طرف جاتے ہیں۔ ڈینئیل سیل کے ذریعہ معیاری حالات کے تحت 1.10 وولٹس بجلی بنتے ہیں۔

**فوری جانچ 16.8**

1- الیکٹرولیٹک سیل اور گیلوینک سیل کا موازنہ کریں۔
2- زنک، میگنیشیم سیل میں وقوع پذیر ہونے والے ری ایکشنز کی نشان دہی کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 16.17 وولٹیج ڈیٹا کی مدد سے میٹلز کی ری ایکٹیویٹی کو ترتیب دینا

## Order of Reactivity of Metals Using Voltage Data

گیلوانک سیلز کی مدد سے حاصل ہونے والے وولٹیج ڈیٹا کے ذریعے میٹلز کی ری ایکٹیویٹی کا پتہ چلایا جاتا ہے۔ حاصل ہونے والے ڈیٹا کے مطابق میٹلز کی ری ایکٹیویٹی کا انحصار اس بات پر ہے کہ یہ کتنی جلدی آکسیڈائز ہوتی ہیں یا اِن میں الیکٹرونز کھو کر مثبت آئنز میں تبدیل ہونے کی کتنی چاہت ہے۔ ایک گیلوانک سیل سے حاصل ہونے والی وولٹیج دراصل دو میٹلز کے درمیان الیکٹرونز کھونے کی کوشش کے درمیانی مقابلے کو ظاہر کرتی ہے۔ جتنی زیادہ وولٹیج ہوگی اُتنا ہی دو میٹلز کے درمیان الیکٹرانز کھونے کی طاقت میں فرق ہوگا۔ زیادہ ری ایکٹیو میٹل دوسری میٹل کے مقابلے میں بہت جلد اپنے الیکٹرونز کو کھو دے گی۔

اگر ایک گیلوانک سیل میگنیشیم اور کاپر کے درمیان بنایا جائے گا تو یہ اُس سیل کے مقابلے میں زیادہ وولٹیج دے گا جو آئرن اور کاپر کے درمیان بنایا جائے گا۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جائے گا کہ میگنیشیم، آئرن کی نسبت زیادہ آسانی سے اپنے الیکٹرونز کھو دے گی اس لیے یہ زیادہ ری ایکٹیو ہوگی۔

اس طرح مختلف میٹلز کے جوڑوں کے درمیان وولٹائک یا گیلوانک سیلز بنا کر اُن کی وولٹیج معلوم کی جاتی ہے اور اس طرح مختلف میٹلز کی ری ایکٹیویٹی کی ایک ترتیب تشکیل پاتی ہے۔ میٹلز کی ری ایکٹیویٹی کی اس ترتیب کو الیکٹروکیمیکل سیریز کہتے ہیں۔ اس سیریز میں اوپر لکھے جانے والے میٹلز زیادہ ری ایکٹیو تصور کی جاتی ہیں اور یہ آسانی سے اپنے الیکٹرانز کھو دیتی ہیں جبکہ اس سیریز کے زیریں زمین حصّہ سے تعلق رکھنے والی میٹلز اِن سے کم ری ایکٹیو تصور ہوتی ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## مشق

### A کثیر الانتخابی سوالات:

صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) $KMnO_4$ میں Mn کا آکسیڈیشن نمبر ہے:

(الف) +7 (ب) +5 (ج) +6 (د) −6

(ii) درج ذیل ری ایکشن میں کون سا ایلیمنٹ رِیڈیوس ہو رہا ہے:

$$4HBr_{(aq)} + MnO_{2\,(s)} \longrightarrow MnBr_{2\,(aq)} + Br_{2\,(g)} + 2H_2O_{(l)}$$

(الف) Br (ب) Mn (ج) H (د) Mn اور H دونوں

(iii) Pt الیکٹروڈ کا استعمال کرتے ہوئے، $H_2SO_4$ کے مرتکز سلوشن کے الیکٹرولیسز کے دوران جو عمل کیتھوڈ پر وقوع پذیر ہوتا ہے، اُسے کہتے ہیں:

(الف) ریڈکشن (ب) نا ہی ریڈکشن اور نہ ہی آکسیڈیشن

(ج) آکسیڈیشن (د) پہلے آکسیڈیشن پھر ریڈکشن

(iv) کاپر الیکٹروڈز کا استعمال کرتے ہوئے $CuSO_4$ کے ایکوس سلوشن کو الیکٹرولائز کیا جاتا ہے تو آپ کو اینوڈ پر کون سا پروڈکٹ مِلے گا؟

(الف) Cu (ب) $O_2$ (ج) $H_2$

(د) کوئی پروڈکٹ نہیں، اس کے بجائے کاپر میٹل سلوشن میں کاپر آئن کی صورت میں حل ہو جائے گا

(v) درج ذیل میں سے کون سی عبارت Zn-Cu الیکٹروکیمیکل سیل کے بارے میں درست نہیں ہے؟

(الف) اینوڈ پر منفی چارج ہوتا ہے (ب) ریڈکشن اینوڈ پر وقوع پذیر ہوتی ہے

(ج) کیتھوڈ پر مثبت چارج ہوتا ہے (د) ریڈکشن کیتھوڈ پر وقوع پذیر ہوتی ہے

(vi) جب NaCl کے مرتکز سلوشن کو الیکٹرولائز کیا جاتا ہے تو اینوڈ پر کون سا پروڈکٹ حاصل ہوتا ہے:

(الف) $Cl_2$ (ب) $O_2$ (ج) زیادہ $O_2$ کم $Cl_2$ (د) زیادہ $Cl_2$ کم $O_2$

(vii) جب $ZnCl_2$ کے مرتکز ایکوس سلوشن کو الیکٹرولائز کیا جاتا ہے تو کیتھوڈ پر کون سا پروڈکٹ حاصل ہوتا ہے:

(الف) $H_2$ (ب) Zn (ج) $O_2$ (د) Zn اور $O_2$ دونوں

(viii) ہائیڈروجن۔آکسیجن فیول سیل میں کیتھوڈ پر کیا حاصل ہوتا ہے؟

(الف) $H^+$ (ب) $H_2O$ (ج) $O^{2-}$ (د) $OH^{-1}$

(ix) الیکٹروکیمیکل سیریز میں درج ذیل میں سے کون سی دھات سب سے زیادہ اوپر لکھی گئی ہے:

(الف) ٹِن (ب) میگنیشیم (ج) آئرن (د) زِنک

## B مختصر جوابی سوالات:

16.1 جب NaCl کے ایکوس سلوشن میں سے بجلی گزرتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟

16.2 الیکٹروپلیٹنگ کے بنیادی مقاصد کیا ہیں؟

16.3 الیکٹرولیٹک سیل اور گیلوینک سیل کے درمیان کوئی ایک فرق واضح کریں۔

16.4 کِس الیکٹروڈ کے ذریعے، الیکٹرانز، الیکٹرولیٹک سیل کو چھوڑ دیتے ہیں؟

16.5 الیکٹرولائٹ کیسے بجلی کا کنڈکٹر ہے؟

16.6 جب Cu کی ایک پٹی کو $FeSO_4$ کے سلوشن میں ڈبویا جائے تو کیا ہوگا؟

16.7 فیول سیلز کو ماحول دوست کیوں گردانا جاتا ہے؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

16.1 $Ca(ClO_3)_2$ میں کلورین ایٹم کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں۔

16.2 $H_2O_2$ آکسیڈائزنگ ایجنٹ کے طور پر کیسے جانا جاتا ہے؟

16.3 جب NaCl کے مرتکز اور ڈائیلیوٹ ایکوس سلوشن کو الیکٹرولائز کیا جاتا ہے تو مختلف پروڈکٹس کیوں حاصل ہوتے ہیں؟

16.4 برسات میں کوروژن کا عمل کیوں تیز ہو جاتا ہے؟

16.5 اگر Cu اور Ag کے درمیان galvanic سیل قائم ہو جائے تو آپ الیکٹروڈز پر کن ری ایکشنز کی توقع کرتے ہیں؟

16.6 گیلوینک (Galvanic) سیل میں پورس پارٹیشن کا کیا کردار ہے؟

16.7 فیول سیل کس طرح بجلی پیدا کرتا ہے؟

16.8 الیکٹروکیمیکل سیریز کا استعمال کرتے ہوئے دھاتوں کی کیمیکل ری ایکٹویٹی کا موازنہ کیسے کیا جا سکتا ہے؟

## D تفصیلی سوالات:

16.1 آکسیڈیشن نمبر کا استعمال کرتے ہوئے آئنک کمپاؤنڈ کا فارمولا کس طرح معلوم کیا جا سکتا ہے؟ مثال سے واضح کریں۔

16.2 درج ذیل کمپاؤنڈز میں سے نشان زدہ ایلیمنٹ کا آکسیڈیشن نمبر معلوم کریں۔

$Al(\overline{N}O_3)_3$, $H_2\overline{S}_2O_7$, $Na_2\overline{S}_2O_3$

16.3 آئنک چارجز کا استعمال کرتے ہوئے درج ذیل کمپاؤنڈز کا فارمولا تحریر کریں۔

سوڈیم ہائپوکلورائیٹ، کیلشیم آگزالیٹ، امونیم فاسفیٹ، کیلشیم نائٹریٹ

16.4 فیول سیل کے کام کرنے کے طریقہ کی وضاحت کریں۔

16.5 دھاتی ہیلائیڈز کے مرتکز سلوشن کے الیکٹرولیسز پر بحث کریں۔

16.6 مثالوں کے ساتھ الیکٹروپلیٹنگ کی وضاحت کریں۔

16.7 کوروژن کسے کہتے ہیں؟ آئرن کی کوروژن کے دوران ہونے والے ری ایکشنز کی وضاحت کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# ری ایکشن کائی نیٹکس
# Reaction Kinetics

## باب 17

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- کولیژن تھیوری کو ذرات کی تعداد فی یونٹ والیوم، ذرات کے درمیان تصادم کی فریکونسی، ذرات کی حرکی توانائی اور ایکٹیویشن انرجی کے لحاظ سے بیان کریں۔
- بیان کریں کہ کیٹالسٹ کسی بھی ری ایکشن کی شرح کو بڑھاتا ہے، ایکٹیویشن انرجی کم کرنے کے ساتھ ری ایکشن کے لیے متبادل راستہ فراہم کرتا ہے اور ری ایکشن کے اختتام پر غیر تبدیل شدہ رہتا ہے۔
- ایسے طبعی عوامل کی وضاحت کریں جو ری ایکشن کے ریٹ سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ بشمول ری ایکشن کے دوران ماس میں تبدیلی، درجہ حرارت میں تبدیلی اور گیس کا بننا۔
- دیئے گئے ڈیٹا (جن میں گراف بھی شامل ہیں) کی مدد سے ری ایکشن کے ریٹ کے بارے میں تحقیق کریں۔
- کولیژن تھیوری کو استعمال کرتے ہوئے ری ایکشن کے ریٹ پر بدلتے ہوئے ارتکاز، گیسوں کے دباؤ، کسی ٹھوس کی سطح کا رقبہ، درجہ حرارت، کیٹالسٹ کی موجودگی (بشمول انزائم) کے اثرات کی وضاحت کریں۔
- خوراک کی صنعت کے لیے کیمیکل کائی نیٹکس کی اہمیت کی وضاحت کریں جس کی مدد سے ہم فصلوں کی کٹائی اور پکی ہوئی اشیا کے توڑنے کے اوقات اور اُن کی محفوظ نقل وحرکت کے اوقات معلوم کر سکتے ہیں۔



Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# ری ایکشن کائی نیٹکس (Reaction Kinetics)

کسی کیمیکل ری ایکشن کا ریٹ (Rate) دراصل اُس کی وہ رفتار ہے جس سے وقوع پذیر ہوتا ہے۔ کیمیکل ری ایکشنز صرف اُس صورت میں ہی مفید ثابت ہوتے ہیں اگر وہ مناسب رفتار سے چلیں۔ اس باب میں ہم کیمیکل ری ایکشنز جس رفتار سے وقوع پذیر ہوتے ہیں اُس کا مطالعہ کریں گے۔ ہم یہ بھی دیکھیں گے کہ کیمیکل ری ایکشن کے ریٹ پر کون کون سے عناصر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اِن باتوں کے مطالعہ سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ مالیکیولر سطح پر ری ایکشنز کیسے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

## 17.1 ری ایکشنز کے ریٹ کے بارے میں کولیژن تھیوری

## (Collision Theory of Reaction Rate)

ایک کیمیکل ری ایکشن صرف اُس وقت وقوع پذیر ہوتا ہے جب اُس میں حصّہ لینے والے ذرات (ایٹمز، مالیکیولز یا آئنز) آپس میں ٹکراتے ہیں۔ اس بات کا مشاہدہ کیا گیا ہے کہ ذرات کے درمیان جو کولیژن ہوتے ہیں اُن میں بہت ہی کم کولیژن پروڈکٹس بننے کے موجب بنتے ہیں۔ اِن کولیژن کی اکثریت سے کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوتا سوائے اس کے ذرات آپس میں ٹکرانے کے بعد واپس اپنی اصل حالت کی طرف لوٹ جاتے ہیں۔ جن کولیژن کی وجہ سے ری ایکشن وقوع پذیر ہوتا ہے اُن کو ایفیکٹیو کولیژن (Effective Collisions) کہتے ہیں۔

کسی ری ایکشن کے ریٹ کا انحصار ایفیکٹیو کولیژن کی تعداد پر ہے اور ایفیکٹیو کولیژن کا انحصار درج ذیل باتوں پر ہے۔

### 1۔ یونٹ والیوم میں پارٹیکلز کی تعداد (The Number of Particles Per Unit Volume)

یونٹ والیوم میں ذرات کی تعداد جتنی زیادہ ہوگی اُتنا ہی ایفیکٹیو کولیژن کی تعداد بھی زیادہ ہوگی۔ دوسرے الفاظ میں ری ایکٹنٹس کا ارتکاز جتنا زیادہ ہوگا اُتنی ہی زیادہ تعداد میں اِن میں موجود مالیکیولز آپس میں ٹکرائیں گے۔

### 2۔ کولیژن کی فریکوینسی (The Frequency of Collisions)

اگر ایک سیکنڈ میں ہونے والے کولیژن زیادہ ہوں گے تو اس بات کا قوی امکان ہے کہ اِن کے درمیان ایفیکٹیو کولیژن بھی زیادہ ہوں گے۔ اگر ٹمپریچر زیادہ ہوگا تو مالیکیولز کی رفتار بھی زیادہ ہوگی اور ایک سیکنڈ میں ہونے والی کولیژن بھی زیادہ ہوں گے۔ اس طرح کولیژن کی تعداد بڑھنے سے ایفیکٹیو کولیژن کی تعداد بھی بڑھ جائے گی۔

### 3۔ ذرات کی کائی نیٹک انرجی (The Kinetic energy of the particles)

ذرات کی کائی نیٹک تھیوری کے مطابق تمام قسم کے مادہ میں موجود چھوٹے چھوٹے ذرات مستقل حرکت میں ہیں اور ان کی اس حرکت کا انحصار اُن میں موجود کائی نیٹک انرجی کی مقدار پر ہے۔ اگر کسی شے کا ٹمپریچر بڑھایا جائے تو اس میں موجود ذرات کی کائی نیٹک انرجی بھی بڑھ جاتی ہے جس کے نتیجہ میں یہ ذرات تیزی سے حرکت کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ حرکت کرنے میں اس تیزی کی وجہ سے اِن ذرات کے آپس میں کولیژن بھی بڑھ جاتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

کولیژن تھیوری کے مطابق ٹکرانے والے ذرّات صرف اُسی وقت آپس میں ایفیکٹیو کولیژن کا موجب بنتے ہیں جب اُن کے پاس اتنی انرجی موجود ہو جو ری ایکٹنٹس کے مالیکیولز میں پائے جانے والے بانڈز کو توڑ سکے۔ انرجی کی یہ کم از کم مقدار جو کسی ری ایکشن کو شروع کرنے کا باعث بنتی ہے اُس کو ایکٹیویشن انرجی کہتے ہیں۔




شکل (17.1) ری ایکشن کا راستہ

عام طور پر کسی خاص ٹمپریچر پر ری ایکٹنٹس کے مالیکیولز کے پاس انرجی کی اوسط مقدار ہوتی ہے۔ اِن مالیکیولز میں بہت کم مقدار میں موجود مالیکیولز کی انرجی اوسط انرجی سے زیادہ ہوتی ہے۔ مالیکیولز صرف اُسی صورت میں ری ایکشن میں حصّہ لیتے ہیں جب مالیکیولز کی چھوٹی سی تعداد کی اوسط انرجی میں اتنی زیادتی ہو کہ درکار ایکٹیویشن انرجی سے بڑھ جائے تاکہ وہ ری ایکشن کے وقوع پذیر ہونے کا باعث بن جائیں۔

جب ری ایکٹنٹس کے ذرات کولیژن کے لیے ایک دوسرے کے قریب آتے ہیں تو ان کی رفتار آہستہ ہو جاتی ہے اور اِن کی کائی نیٹک انرجی، پوٹینشل انرجی میں تبدیل ہو کر اس میں اضافہ کر دیتی ہے۔ اس عمل کو سمجھنے کے لیے شکل (17.1) میں ری ایکشن کے راستہ اور اس کی پوٹینشل انرجی کے مابین ایک گراف بنایا گیا ہے۔ جب ری ایکٹنٹس کے ذرات جن کی انرجی خاصی زیادہ ہو، آپس میں ٹکراتے ہیں تو وہ پوٹینشل انرجی زیادہ ہونے کی وجہ سے ایسی حالت اختیار کر لیتے ہیں جس کو ہائی انرجی سٹیٹ کہتے ہیں۔ اس کے بعد ری ایکٹنٹس، پروڈکٹس میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور سسٹم کی پوٹینشل انرجی ایک بار پھر کم ہو جاتی ہے۔

ری ایکشنز جس طریقے سے مکمل ہوتے ہیں اُس کو سمجھنے کے لیے ایکٹیویشن انرجی کا علم بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس طرح ری ایکشنز جس طریقے سے پروڈکٹس میں تبدیل ہوتے ہیں اُس راستے کو ری ایکشن میکانیزم (Mechanism) کہتے ہیں۔

**فوری جانچ 17.1**

1- آپ کولیژن فریکوینسی کو کیسے بڑھا سکتے ہیں؟
2- ری ایکٹنٹس کے ذرات کے درمیان کولیژن کے بعد کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

## 17.2 کیمیکل ری ایکشن کے دوران ماس کا تبدیل ہو جانا

## (Change in Mass during a Chemical Reaction)

کیمیکل ری ایکشن کے مکمل ہونے سے پہلے اور بعد میں اِس میں حصّہ لینے والی اشیا کا ماس مستقل رہتا ہے۔ ایسا ہونا قانونِ بقائے مادہ کے تحت ضروری ہے۔ تاہم بعض ری ایکشنز کے بارے میں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مکمل ہونے پر اُن کے ماس میں فرق پڑ جاتا ہے۔ ایسا اکثر اُن ری ایکٹنٹس میں ہوتا ہے جن میں ری ایکٹنٹس یا پروڈکٹس میں کوئی گیس موجود ہو۔

اگر کسی ری ایکشن کو کھلے برتن میں کیا جائے جہاں گیسیں باہر بھی نکل سکتی ہیں اور اندر بھی داخل ہو سکتی ہیں تو ظاہری طور پر ری ایکشن کے دوران ماس میں تبدیلی آ سکتی ہے اگر اس ری ایکشن کے نتیجہ میں گیس جذب ہو رہی ہو یا باہر نکل رہی ہو۔ مثال کے طور، اگر ری ایکشن کے دوران گیس باہر نکل رہی ہو تو ہم ماس میں کمی کا مشاہدہ کریں گے اور اس دوران اگر گیس جذب ہو رہی ہو تو ظاہری طور پر ماس بڑھ جائے گا۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

اگر میگنیشیم سے بنا ہوا ربن کسی کھلے کروسیبل (Crucible) میں رکھ کر جلایا جائے تو پروڈکٹ یعنی MgO کا ماس زیادہ ہوگا۔ ماس میں زیادتی کی وجہ یہ ہے کہ میگنیشیم نے ہوا میں موجود آکسیجن سے ری ایکشن کر کے یہ حاصل بنایا ہے۔ تاہم اگر اِن ری ایکٹنٹس (Mg اور $O_2$) کو ایک بند برتن میں رکھ کر گرم کیا جائے تو ری ایکٹنٹس کا کل ماس پروڈکٹس کے ماس کے برابر ہوگا۔

### کیمیکل ری ایکشن کے دوران گیس کا بننا

اگر ڈائیلیوٹ ہائیڈروکلورک ایسڈ اور ماربل چپس کے درمیان ایک کُھلے برتن میں ری ایکشن کیا جائے تو پروڈکٹس کا ٹوٹل ماس ظاہری طور پر ری ایکٹنٹس سے کم ہوگا۔ ماس میں یہ بظاہر کمی ری ایکشن کے دوران کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس کے بننے سے ہوئی ہے جو بنتے ہی ہوا میں شامل ہوجاتی ہے۔

$$CaCO_{3\,(s)} + 2HCl_{(aq)} \longrightarrow CaCl_{2\,(aq)} + H_2O_{(l)} + CO_{2\,(g)}$$



شکل (17.2) ارتکاز-وقت گراف

اگر ری ایکشن کو آگے بڑھایا جائے تو ری ایکٹنٹس کے ارتکاز آہستہ آہستہ کم ہوتے جائیں گے کیونکہ ری ایکشن کے دوران یہ اشیا استعمال ہو رہی ہیں۔ اسی وقت پروڈکٹس کے ارتکاز میں آہستہ آہستہ اضافہ ہوتا جائے گا حتیٰ کہ ری ایکشن کے مکمل ہونے پر یہ ارتکاز زیادہ سے زیادہ ہوجائیں گے۔ شکل (17.2) میں گراف سے اس بات کی وضاحت کی گئی ہے۔

## 17.3 ری ایکشن کے دوران ٹمپریچر میں تبدیلی

## (Change in Temperature during a Chemical Reaction)

کیمیکل ری ایکشنز کے دوران اکثر اوقات ٹمپریچر میں تبدیلیاں آتی ہیں کیونکہ ری ایکشنز یا ایکسوتھرمک (Exothermic) ہوتے ہیں یا اینڈوتھرمک (Endothermic)۔ ایکسوتھرمک ری ایکشنز میں انرجی باہر نکلتی ہے جس سے ٹمپریچر بڑھ جاتا ہے۔ یہ نکلنے والی انرجی پھر بیرونی ماحول میں جذب ہوجاتی ہے۔ مثال کے طور پر جب اَن بجھا چونا (Quick Lime CaO) پانی سے ری ایکشن کرتا ہے تو بجھا ہوا چونا یا سلیکڈ لائم (Slaked Lime) بنتا ہے اور اس دوران بہت سی انرجی خارج ہوتی ہے۔

$$CaO_{(s)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow Ca(OH)_{2\,(s)}$$

اسی طرح اینڈوتھرمک ری ایکشنز میں انرجی جذب ہونے کی وجہ سے بیرونی ماحول ٹھنڈا ہوجاتا ہے۔ مثال کے طور پر جب امونیم کلورائڈ یا امونیم نائٹریٹ کو پانی میں حل کیا جائے تو ہیٹ انرجی جذب ہوتی ہے اور استعمال ہونے والا برتن ٹھنڈا ہوجاتا ہے۔

ری ایکشن کا ٹمپریچر بڑھانے سے اس کا ریٹ بھی بڑھ جاتا ہے۔ بہت سے ری ایکشنز کے ریٹس (Rates) ٹمپریچر کے 10°C تک بڑھ جانے سے تقریباً دوگنا ہوجاتے ہیں۔ کھانے پکانے کے لیے ہم اشیا کو گرم کرتے ہیں تاکہ اس دوران وقوع پذیر ہونے والے ری ایکشنز کی رفتار بڑھ جائے۔ کیمیکل ری ایکشنز سے خوراک میں موجود اجزا ٹوٹ جاتے ہیں اور خوراک کھانے کے قابل ہوجاتی ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 17.4 ری ایکشن کے ریٹس پر مختلف عوامل کے اثرات

## (Factors Affecting the Rates of Reaction)

کولیژن تھیوری کے مطابق سارے وہ عوامل جو فی سیکنڈ کامیاب کولیژن کی تعداد کو تبدیل کرتے ہیں ری ایکشن کے ریٹ کو بھی تبدیل کریں گے۔ ذیل میں درج پیراگرافس میں چند ایسے عوامل تفصیلاً بیان کیے گئے ہیں۔

### 1۔ ری ایکٹنٹس کے ارتکاز کے اثرات

کسی ری ایکشن کے وقوع پذیر ہونے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس میں حصّہ لینے والے ری ایکٹنٹس ایک دوسرے کے قریب آئیں۔ اسی وجہ سے ری ایکٹنٹس اکثر اوقات ایک ہی فیز (Phase) میں کیے جاتے ہیں تاکہ اُن کے درمیان ری ایکشن کو یقینی بنایا جا سکے۔ مثال کے طور پر ری ایکٹنٹس ایک ہی سلوشن میں حل کیے جاتے ہیں یا پھر ان کو گیسی حالت میں ملایا جاتا ہے۔

جب ری ایکٹنٹس ایک ہی فیز میں موجود ہوں تو اُن میں موجود ذرات کا مِلنا مالیکیولر سطح پر ممکن ہو جاتا ہے اور اس طرح وہ آسانی سے ایک دوسرے سے ٹکرا بھی سکتے ہیں۔ یونٹ والیوم میں ری ایکٹنٹس کے ذرات جتنے زیادہ ہوں گے اُتنے ہی کامیاب کولیژن کے امکانات بھی بڑھ جائیں گے اور اس کے نتیجہ میں ری ایکشن کا ریٹ بھی زیادہ ہو جائے گا۔ مثال کے طور پر کوئلہ کا ہوا میں جلنا جس میں آکسیجن 21% ہوتی ہے مقابلتاً اتنا تیز نہیں ہوتا جتنا خالص آکسیجن میں تیز ہوتا ہے۔ اسی طرح لائم سٹون جب ہائڈروکلورک ایسڈ کے مختلف ارتکاز کے ساتھ ری ایکشن کرتا ہے تو اِن ری ایکشنز کے ریٹس بھی مختلف ہوتے ہیں۔

**سرگرمی 17.1**

آیئے ہم ایک ایسا تجربہ کرتے ہیں جس سے یہ معلوم ہوگا کہ ہائڈروکلورک ایسڈ کا ارتکاز تبدیل ہونے سے ری ایکشن کا ریٹ بھی تبدیل ہو جاتا ہے۔ شکل (17.3) کے مطابق ایک کونیکل فلاسک میں جس کا پیندا بالکل سیدھا ہو، اس میں ایک ٹیوب لگائیں جو آگے ایک سرِنج کے ساتھ منسلک ہو۔ فلاسک میں لائم سٹون کے ٹکڑے خاصی زیادہ تعداد میں لیں اور ایک مولر ہائڈروکلورک ایسڈ کی کچھ مقدار ڈالیں۔ ایسڈ کے ڈالتے ہی ری ایکشن شروع ہو جائے گا جس کے دوران بننے والی کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس سرِنج میں جمع ہونا شروع ہو جائے گی۔ سرِنج پر دی گئی سکیل سے براہِ راست بننے والی کاربن ڈائی آکسائیڈ کا والیوم دیکھا جا سکتا ہے۔ یاد رہے کہ اس تجربہ کے دوران کچھ باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے اور اُن حالات کو تبدیل نہیں ہونے دینا۔ مثلاً ایک مولر ہائیڈروکلورک ایسڈ کا والیوم فکسڈ ہوگا، تجربہ کا ٹمپریچر بھی ایک جیسا رہے گا، لائم سٹون کا ماس اور اُس کے ٹکڑوں کا سائز اور اس مکسچر کو ہلانے کی رفتار سب ایک جیسے رہیں گے۔

اس تجربہ کو پھر دُہرایا جائے گا اور اس بار ہم دو مولر ہائڈروکلورک ایسڈ کا پہلے تجربہ جتنا والیوم لیں گے اور بننے والی کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس کا والیوم پھر نوٹ کریں گے۔




شکل (17.3) لائم سٹون اور ہائڈروکلورک ایسڈ کا ری ایکشن

**جاننے والی باتیں**

ری ایکشن کائی نیٹکس کو سمجھنے کا یہ فائدہ ہے کہ ہم ری ایکشنز کی کنڈیشنز کو کنٹرول کر کے اُن کو تیز یا آہستہ کر سکتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ری ایکشن کے ریٹ میں پڑنے والے فرق کو معلوم کرنے کے لیے پھر وقت (سیکنڈ یا منٹس میں) اور بننے والی کاربن ڈائی آکسائڈ کے والیوم کے درمیان گراف بنایا جائے گا جو کہ شکل (17.4) میں دکھایا گیا ہے۔

حاصل ہونے والے گراف کی شکل ایک کرو (Curve) کی مانند ہے۔ اس گراف کی مدد سے وقت کے ایک خاص وقفے میں ری ایکشن کا ریٹ معلوم کرنے کے لیے اس کرو (Curve) پر ایک لائن لگائیں گے جس کو ٹینجنٹ (Tangent) کہتے ہیں۔ اس تجربہ کے نتائج سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ری ایکشن کا ریٹ شروع میں بہت تیز ہوتا ہے جو کہ پھر ہائڈروکلورک ایسڈ کے ارتکاز میں کمی آنے کی وجہ سے پھر بتدریج کم ہوتا جاتا ہے۔ اور جب تمام ہائڈروکلورک استعمال ہو جاتا ہے تو ری ایکشن بھی وہاں رُک جاتا ہے۔ شکل (17.5) میں دکھائی گئے دو کرو دراصل دو تجربات کو ظاہر کرتے ہیں جو ایک اور دو مولر ہائڈروکلورک ایسڈ کو استعمال کر کے کیے گئے ہیں۔

ہائڈروکلورک ایسڈ کا ارتکاز جتنا زیادہ ہوگا اُتنا ہی کروّ شروع میں زیادہ ڈھلوان (Steeper) والا ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہائڈروکلورک ایسڈ کا ارتکاز جتنا زیادہ ہوگا اُتنے ہی مالیکیولز کی تعداد زیادہ ہوگی جس سے کامیاب کولیژن بھی بڑھیں گے اور اس طرح ری ایکشن کا ریٹ بھی زیادہ ہوگا۔




**شکل (17.4) ری ایکشن کا ریٹ**




**شکل (17.5) ہائڈروکلورک کے دو مختلف ارتکاز پر ری ایکشن کے ریٹس**

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 2۔ ری ایکشنز اگر گیسی حالت میں ہوں

اگر کسی ری ایکشن میں سارے ری ایکٹنٹس گیسی حالت میں ہوں تو اُن کے ارتکاز میں تبدیلی اُن کے پریشر میں تبدیلی سے معلوم کی جاسکتی ہے۔ مثال کے طور پر ہائڈروجن گیس اور کلورین گیس کے درمیان وقوع پذیر ہونے والے ری ایکشن کا ریٹ دُگنا ہو جائے گا اگر کلورین گیس کا پریشر بھی دُگنا کر دیں گے۔ اس کے لیے شرط یہ ہے کہ دوسرے ری ایکٹنٹ ہائڈروجن کی مقدار دونوں تجربات میں بہت زیادہ ہونی چاہیے تا کہ وہ ری ایکشن کے ریٹ پر اثر انداز نہ ہو۔

## 3۔ ٹھوس اشیا کی سطح کے ایریا کا اثر (Effect of Surface Area of Solids)

جب ٹھوس اشیا ری ایکشنز میں حصّہ لیتی ہیں تو اُن ری ایکشنز کے ریٹس کا انحصار اُن ٹھوس اشیا کی سطح کے ایریا پر بھی منحصر ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ری ایکشنز اُن کی سطح پر ہی وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ سطح کا ایریا جتنا زیادہ ہوگا اُتنا ہی اُن کے ذرات کے آپس میں ملنے کے

امکانات زیادہ ہوں گے اور اُتنا ہی ری ایکشن کا ریٹ بھی زیادہ ہوگا۔ اشیا اگر بڑے ٹکڑوں کی شکل میں ہوں گی تو اُن کے ری ایکشن کا ریٹ کم ہوگا اور جب اُن اشیا کو پاؤڈر کی شکل میں استعمال کیا جائے گا تو ری ایکشن کا ریٹ بہت زیادہ ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پاؤڈر شکل میں سطح کا ایریا بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر ایلومینیم کو ایک ورق کی شکل میں گرم سوڈیم ہائڈروآکسائڈ کے ساتھ ملایا جائے تو ری ایکشن بہت آہستہ وقوع پذیر ہوتا ہے اس کے برعکس اگر ایلومینیم پاؤڈر حالت میں استعمال کریں گے تو سوڈیم ہائڈروآکسائڈ کا ٹھنڈا ایکوس سلوشن بھی ری ایکشن شروع کر دیتا ہے اور ہائڈروجن گیس بننا شروع ہو جاتی ہے۔

$$2Al_{(s)} + 2NaOH_{(aq)} + 6H_2O_{(l)} \longrightarrow 2NaAl(OH)_{4\,(aq)} + 3H_{2\,(g)}$$

اس طرح اگر لکڑی کا بڑا ٹکڑا جلایا جائے تو وہ آہستہ جلتی ہے جبکہ اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے تیزی سے جلتے ہیں۔

## 4- ٹمپریچر کا اثر (Effect of Temperature)

یہ بات ہر روز ہی مشاہدے میں آتی ہے کہ ٹمپریچر بڑھنے سے ری ایکشنز کے ریٹس بھی بڑھ جاتے ہیں۔ کھانا زیادہ ٹمپریچر پر جلدی پک جاتا ہے۔ اسی طرح آئرن کی آکسیڈیشن کم ٹمپریچر پر بہت سست ہوتی ہے جبکہ ٹمپریچر بڑھنے سے بہت تیزی سے وقوع پذیر ہوتی ہے۔ بہت سی مثالوں میں یہ دیکھا گیا ہے کہ 10°C ٹمپریچر بڑھنے سے ری ایکشنز کے ریٹس تقریباً دُگنا ہو جاتے ہیں۔ شکل (17.6) میں دکھایا گیا ہے گراف اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ ٹمپریچر کے بڑھنے سے ری ایکشنز کے ریٹس کیوں بڑھ جاتے ہیں۔




شکل (17.6) ٹمپریچر بڑھنے سے ری ایکشن کے ریٹ میں اضافہ

کولیژن تھیوری (Collision Theory) کے مطابق کسی ری ایکشن کے ریٹ کا انحصار ری ایکٹنٹس کے درمیان کامیاب کولیژن کی فریکوینسی یا فی سیکنڈ کولیژن کی تعداد پر ہے۔ جب کسی ری ایکشن کا ٹمپریچر بڑھایا جاتا ہے تو اس میں حصّہ لینے والے ری ایکٹنٹس کے ذرّات کی کائی نیٹک انرجی بھی بڑھ جاتی ہے۔ کائی نیٹک انرجی بڑھنے سے اِن ذرات کی حرکت بھی تیز ہو جاتی ہے اور اس کے نتیجہ میں کامیاب کولیژن کی تعداد بھی بڑھ جاتی ہے جس سے پھر ری ایکشن کا ریٹ بھی زیادہ ہو جاتا ہے۔

**دلچسپ معلومات**

کائی نیٹکس کی مدد سے ہم نہ صرف تعاملات کی ییلڈ بڑھاتے ہیں بلکہ ردِ عمل کی پیداوار کو بھی کم کرتے ہیں۔

## 5- کیٹالسٹ کے اثرات (Effect of Catalyst)

کیٹالسٹ ایک ایسی شے ہے جس کی موجودگی سے ری ایکشن کے ریٹ میں تبدیل آجاتی ہے لیکن یہ شے بذاتِ خود ری ایکشن کے دوران استعمال نہیں ہوتی۔ اس کا کردار صرف اتنا ہے کہ ری ایکشن کی ایکٹیویشن انرجی کو خاصا کم کر کے اس کے ریٹ کو بڑھا دیتا ہے۔ جب ری ایکشن کی ایکٹویشن انرجی کم ہو جاتی ہے تو ری ایکٹنٹس کے ذرات کی زیادہ سے زیادہ تعداد ٹکرا کر ہائی انرجی اسٹیٹ میں آجاتے ہیں

Web version of PECTAA textbook Not for sale

جہاں پر ان کی انرجی کافی بڑھ جاتی ہے اور یہ ری ایکشن کو آگے لے جانے کا سبب بنتے ہیں۔ صاف ظاہر ہے کہ اس سے ری ایکشن کا ریٹ بھی بڑھ جاتا ہے۔ مثال کے طور پر جب ہائیڈروجن گیس، ایتھین (Ethene) گیس سے ری ایکشن کرتی ہے تو پلاٹینیم کو کیٹالسٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ مشاہدہ میں یہ بات آئی ہے کہ ری ایکشن میں حصّہ لینے والی یہ دونوں گیسیں پلاٹینیم کی سطح پر جذب ہو جاتی ہیں جن سے اِن میں موجود کیمیکل بانڈز کمزور پڑ جاتے ہیں۔ اس طرح میٹل کی سطح اِن دونوں کے درمیان ری ایکشن وقوع پذیر ہونے کی وجہ بنتی ہے۔ شکل (17.7) میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے۔




شکل (17.7) ری ایکشن کا راستہ کیٹالسٹ کی غیر موجودگی اور موجودگی میں

کیٹالسٹ کی موجودگی میں ایکٹیویشن انرجی میں خاصی کمی کی بدولت زیادہ سے زیادہ ذرات اس قابل ہو جاتے ہیں کہ وہ ٹکرا کر پروڈکٹس میں تبدیل ہو جائیں۔

**فوری جانچ 17.2**

1۔ عام طور پر کیٹالسٹ کو پاؤڈر شکل میں کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟

2۔ کامیاب کولیژن کی تعداد کو آپ کیسے بڑھا سکتے ہیں؟

3۔ کسی ری ایکشن کے دوران پروڈکٹس کے ارتکاز میں کیسے تبدیلی وقوع پذیر ہوتی ہے؟ گراف کی مدد سے اس کی وضاحت کریں۔

### 6۔ انزائمز بطور کیٹالسٹ (Enzymes as Catalysts)

انزائمز حیاتیاتی کیٹالسٹ ہیں۔ بنیادی طور پر یہ پروٹینز (Proteins) کے مالیکیولز ہیں جن کی مدد سے ہمارے جسم میں بعض مخصوص ری ایکشنز وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ اِن انزائمز میں موجود ایکٹوسائٹس (Active Sites) سے ری ایکٹنٹس کے مالیکیولز جُڑ جاتے ہیں جن سے اُن میں موجود کچھ مخصوص بانڈز کمزور ہو جاتے ہیں اور نتیجتاً وہ اس قابل ہو جاتے ہیں کہ ری ایکشن ری ایکشن کو آگے بڑھائیں۔ انزائمز میں موجود ایکٹیوسائٹس کی یہ خصوصیت ہوتی ہے کہ وہ صرف ایک مخصوص ری ایکٹنٹ کے ساتھ ہی جُڑ سکتی ہیں۔ اس لیے ایک مخصوص انزائم ایک مخصوص ری ایکٹنٹ کے ری ایکشن میں ہی کیٹالسٹ کے طور پر کام کر سکتا ہے اور کسی دوسرے ری ایکٹنٹ کی صورت میں یہ بے اثر ہو جاتا ہے۔

## 17.5 خوراک کی صنعت میں کیمیکل کائی نیٹکس کی اہمیت
## (Importance of Chemical Kinetics in Food Industry)

ری ایکشنز کے ریٹس اور ان پر مختلف عوامل کے پڑنے والے اثرات کا مطالعہ خوراک کی صنعت میں بڑا اہم کردار ادا کرتا ہے۔

مختلف پھلوں اور سبزیوں کے پکنے اور اِن کے خراب ہونے میں حصّہ لینے والے ری ایکشنز کے ریٹس کا مطالعہ کیا گیا ہے اور اس مطالعہ کی روشنی میں ہم ایسے اقدامات کر سکتے ہیں جن سے پھلوں اور سبزیوں کے خراب ہونے کی رفتار کو کم از کم کیا جا سکے۔ خوراک سے متعلق سائنس دان اشیا کے خراب ہونے، ان کو سٹور کرنے اور ان کی نقل و حمل کے درمیان ہونے والے ری ایکشنز کے ریٹس کا مطالعہ کر کے ایسے حالات تجویز کر سکتے ہیں جن سے اِن اشیا کو

**دلچسپ معلومات**

خون میں موجود گلوکوز کی موجودگی کا پتہ چلانے کے لیے ایسے سینسرز (Sensors) استعمال ہوتے ہیں جن میں انزائمز ہوتے ہیں۔ اِن کو بائیوسینسرز (Biosensors) کہتے ہیں۔



Web version of PECTAA textbook
Not for Sale

زیادہ سے زیادہ دیر تک محفوظ رکھا جا سکے۔ اس دوران اِن اشیا میں جوری ایکشنز وقوع پذیر ہوتے ہیں اُن میں انزائمز کی مدد سے ہونے والے ری ایکشنز، آکسیڈیشن ری ایکشنز اور مائیکروبز (Microbes) کی وجہ سے ہونے والے ری ایکشنز شامل ہیں۔

پھلوں اور سبزیوں کے پکنے کے دوران جوری ایکشنز وقوع پذیر ہوتے ہیں اُن میں مختلف انزائمز بھی اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ اِن ری ایکشنز کی مدد سے سٹارچ (Starches) کو شوگرز (Sugars) میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ مزید یہ ری ایکشنز اِن اشیا میں موجود مختلف عضلات کو نرم کر دیتے ہیں اور ان اشیا میں مخصوص رنگ اور خوشبو شامل کر دیتے ہیں۔ انزائمز کی مدد سے ہونے والے اِن ری ایکشنز کے ریٹس کے مطالعہ کی بدولت کسان اس بات کا اندازہ لگا لیتا ہے کہ کب اشیا کوالٹی کے لحاظ سے بہترین ہوں گی اور اپنے ماخذ (Source) سے توڑنے کے لیے تیار ہوں گی۔

مثال کے طور پر پھلوں میں بننے والی ایتھین (Ethene) کے بننے کی رفتار سے یہ بات معلوم کی جاسکتی ہے کہ کونسا وقت اِن پھلوں کے پکنے کے لیے بہترین ہوگا۔

خوراک میں قدرتی طور پر موجود مختلف انزائمز اس خوراک کو خراب کرنے کا موجب بنتے ہیں جس سے خوراک کے سطح، اُسکی خوشبو اور غذائی قدر و قیمت میں فرق آ جاتا ہے۔ ان انزائمز کی وجہ سے ہونے والے ری ایکشنز کے ریٹس کا مطالعہ کر کے ہم اس بات کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں کہ خوراک کے خراب ہونے کے عمل کو خاصی حد تک روکا جا سکے۔

**دلچسپ معلومات**

چربی (Fats) کے آکسیڈیشن ری ایکشنز کی کائی نیٹکس کے مطالعہ سے ہم مکھن میں آنے والی خرابی کو روک سکتے ہیں۔

**فوری جانچ 17.3**

1- کسی فروٹ کے پکنے کے بہترین وقت کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟

2- بعض پھل اور سبزیاں سردیوں کی نسبت گرمیوں میں کیوں جلد خراب ہو جاتی ہیں؟

## مشق

### A کثیر الانتخابی سوالات:

**صحیح جواب پر (✓) کریں۔**

(i) ری ایکشن میں حصہ لینے والے مرکبات کے درمیان کولیژن فی یونٹ والیوم کی تعداد کو کہتے ہیں:

(الف) کولیژن انرجی (ب) ایکٹیویشن انرجی (ج) کولیژن فریکیوینسی (د) کولیژن فورس

(ii) اگر ری ایکشنز کی انرجی ایکٹیویشن انرجی سے زیادہ ہو تو ری ایکشن کیسے وقوع پذیر ہوگا؟

(الف) سست (ب) تیز (ج) اثر نہیں ہوگا (د) فوری


Web version of PECTAA textbook
Not for sale

(iii) درج ذیل میں سے کون کیٹالسٹ کی موجودگی میں ری ایکشن کے ریٹ میں اضافے کی وضاحت کرتا ہے:

(الف) کیٹالسٹ ری ایکٹنٹس کے مالیکیولز کو اضافی انرجی فراہم کرتا ہے

(ب) کیٹالسٹ ایک متبادل راستہ فراہم کرتا ہے جو ایکٹیویشن انرجی کو کم کرتا ہے

(ج) کیٹالسٹ کولیژن فریکوینسی میں اضافہ کرتا ہے

(د) کیٹالسٹ کولیژن فریکوینسی کو کم کرتا ہے

(iv) اِن میں سے کون سی عبارت درست ہے:

(الف) ایکٹیویشن انرجی کے برابر یا اِس سے زیادہ توانائی کے ساتھ کولیژنز ری ایکشن کا باعث بنتے ہیں۔

(ب) کولیژن فریکوینسی کا ری ایکشن کے ریٹ سے کوئی تعلق نہیں۔

(ج) تمام کولیژنز ری ایکشن کے وقوع پذیر ہونے کا باعث بنتے ہیں۔

(د) ایکٹیویشن انرجی سے کم توانائی کے ساتھ کولیژنز ری ایکشن کا باعث بنتے ہیں۔

(v) جب کوئی ری ایکشن آگے بڑھتا ہے تو ری ایکٹنٹس اور پروڈکٹس کا اِرتکاز کس طرح تبدیل ہوتا ہے:

(الف) ری ایکٹنٹس کے اِرتکاز بڑھتے ہیں اور پروڈکٹس کے اِرتکاز کم ہوتے ہیں۔

(ب) ری ایکٹنٹس کے اِرتکاز کم ہوتے ہیں جب کہ پروڈکٹس کے اِرتکاز بڑھتے ہیں۔

(ج) ری ایکٹنٹس اور پروڈکٹس دونوں کے اِرتکاز کم ہوتے ہیں۔

(د) ری ایکٹنٹس اور پروڈکٹس دونوں کے اِرتکاز بڑھتے ہیں۔

## B مختصر جوابی سوالات:

17.1 کامیاب کولیژن کسے کہتے ہیں؟

17.2 درجہ حرارت میں اِضافے سے ری ایکشن کے ریٹ میں کس طرح اضافہ ہوتا ہے؟

17.3 ایکٹیویشن انرجی کی تعریف کریں۔

17.4 خالص آکسیجن کی نسبت ہوا میں سلفر آہستہ کیوں جلتی ہے؟

17.5 ری ایکشن میں استعمال ہونے والے کیٹالسٹ کو ترجیحی طور پر پاؤڈر کی شکل میں کیوں لیا جاتا ہے؟

17.6 ری ایکشن کے آغاز میں ری ایکشن کا ریٹ اکثر تیز کیوں ہوتا ہے؟

17.7 میگنیشیم کمرے کے درجہ حرارت پر ہوا کے ساتھ ری ایکشن نہیں کرتا لیکن زیادہ درجہ حرارت پر بہت تیزی سے ری ایکشن کرتا ہے جس سے انتہائی سفید روشنی خارج ہوتی ہے۔ وضاحت کریں۔

17.8 ری ایکشن کے دوران انرجی ہِل (Hill) پر چڑھنے کے بعد ری ایکٹنٹس کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟

17.9 ایک کیٹالسٹ کسی ری ایکشن کی ایکٹیویشن انرجی کو کیسے کم کرتا ہے؟

17.10 کسی انزائم کے بطور کیٹالسٹ عمل کرنے کی کوئی سی دو خصوصیات بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

17.1 آپ کن طریقوں سے ری ایکٹنٹس کے ذرات کے درمیان کامیاب کولیژنز کی تعداد کو بڑھا سکتے ہیں؟

17.2 ایک ایسے ری ایکشن کی مثال دیں جس کے دوران ماس بڑھ جاتا ہے؟

17.3 ہائر انرجی سٹیٹ حاصل کرنے کے لیے مالیکیولز انرجی کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟

17.4 $V_2O_5$ کیٹالسٹ کی موجودگی سے درج ذیل ری ایکشن کی ایکٹیویشن انرجی کس طرح کم ہوتی ہے؟

$$2\,SO_{2(g)} + O_{2(g)} \longrightarrow 2SO_{3(g)}$$

17.5 کسی انزائم کے بطور کیٹالسٹ عمل کرنے کی وضاحت کریں۔

17.6 60°C پر ہونے والے ری ایکشن کو کیسے روکا جا سکتا ہے؟

## D تفصیلی سوالات:

17.1 ری ایکشن کے ریٹ پر سطح کے رقبے کے اثر کی وضاحت کریں۔

17.2 ری ایکشن کے ریٹ کے بارے میں کولیژن تھیوری کے اہم نکات کی وضاحت کریں۔

17.3 ری ایکشن کے ریٹ کو متاثر کرنے والے درج ذیل عوامل کی وضاحت کریں۔

(الف) ری ایکٹنٹس کے اِرتکاز کا اثر۔

(ب) درجہ حرارت کا اثر جس پر ری ایکشن وقوع پذیر ہوتا ہے۔

17.4 خوراک کی صنعت کے لیے کیمیکل حرکیات (Chemical Kinetics) کس طرح اہم کردار ادا کرتی ہیں؟

17.5 حیاتیاتی کیٹالسٹ کے طور پر ہمارے جسم میں انزائمز کے کردار کے بارے میں بتائیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

باب 18

# سالٹس Salts

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:

- وضاحت کریں کہ سالٹس آئنک کمپاؤنڈز ہیں جو مخالف چارج رکھنے والے آئنوں کے درمیان الیکٹروسٹیٹک قوتِ کشش کی وجہ سے بنتے ہیں (جس میں مثبت آئن بیس سے آتا ہے اور منفی آئن ایسڈ سے آتا ہے)۔
- وضاحت کریں کہ ایس۔ٹی۔پی (STP) پر سالٹس ٹھوس کیوں ہوتے ہیں اور اُن کے میلٹنگ پوائنٹس بھی زیادہ کیوں ہوتے ہیں۔
- بیان کریں کہ عام حالات میں آئنک کمپاؤنڈز اپنے لیٹس سٹرکچرز کے ساتھ ٹھوس حالت میں پائے جاتے ہیں۔
- وضاحت کریں کہ پگھلے ہوئے سالٹس یا سالٹس کے آبی سلوشنز آزادانہ حرکت کرنے والے آئنز کی موجودگی کی وجہ سے بجلی کے کنڈکٹر ہوتے ہیں۔
- سالٹس کی حل پذیری کے عمومی اصول بیان کریں۔ (جن میں درج ذیل شامل ہیں):
  - (الف) حل پذیر سوڈیم نائٹریٹ اور پوٹاشیم اور امونیم سالٹس
  - (ب) لیڈ اور سلور کلورائڈ کے علاوہ باقی سارے کلورائڈز حل پذیر ہیں
  - (ج) سوڈیم، پوٹاشیم اور امونیم کاربونیٹس کے علاوہ تمام کاربونیٹس غیر حل پذیر ہیں۔
  - (د) سوڈیم، پوٹاشیم، امونیم اور کیلشیم (جزوی طور پر) ہائڈروآکسائڈز کے علاوہ باقی تمام ہائڈروآکسائڈز غیر حل پذیر ہیں۔
- ایسڈز اور الکلیز کے ری ایکشنز (یعنی ٹائٹریشن) کے دوران، ایسڈز کے اضافی مقدار میں موجود میٹلز، غیر حل شدہ بیسز اور غیر حل شدہ کاربونیٹس کے ساتھ ری ایکشنز کے نتیجے میں بننے والے سالٹس کی تیاری اور اُن کو خالص حالت میں حاصل کرنے کے طریقے بیان کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale





## 18.1 سالٹس میں آئنز کی ترتیب (Arrangement of Ions in Salts)

جب ایسڈز، بیسز یا الکلیز کی نیوٹرلائز کرتے ہیں تو سالٹس اور پانی بنتے ہیں۔ مثلاً سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ جو ایک الکلی ہے ہائیڈروکلورک ایسڈ کی نیوٹرلائز کرکے سوڈیم کلورائڈ اور پانی بناتی ہے۔ اس ری ایکشن کو نیوٹرلائزیشن ری ایکشن (Neutralization) کہتے ہیں۔

$$NaOH_{(aq)} + HCl_{(aq)} \longrightarrow NaCl_{(aq)} + H_2O_{(l)}$$

سالٹ مثبت اور منفی چارج والے آئنز کے ملنے سے بنتا ہے۔ مخالف چارج رکھنے والے یہ آئنز پھر الیکٹروسٹیٹک (Electrostatic) کشش کی قوتوں سے ایک دوسرے سے بانڈ بناتے ہیں۔ اس بننے والے بانڈ کی طاقت کا انحصار چارجز کی مقدار اور اُن کے درمیان فاصلے پر ہے۔



شکل (18.1) سوڈیم کلورائڈ کا کرسٹل لیٹس

یہ مخالف چارج رکھنے والے آئنز پھر باقاعدگی کے ساتھ اور ایک ہی انداز میں تینوں سمتوں میں ایک دوسرے کے ساتھ جُڑ جاتے ہیں۔ تینوں اطراف میں پھیلا ہوا یہ مربوط سٹرکچر (Structure) کرسٹل لیٹس (Crystal Lattice) کہلاتا ہے۔ آئنک کمپاؤنڈز (Ionic Compounds) جو خواص رکھتے ہیں یہ اس باقاعدہ سٹرکچر کی وجہ سے ہیں۔ پریشر اور ٹمپریچر کے عام حالات میں یہ آئیونک کمپاؤنڈز کرسٹلائن ٹھوس (Crystalline Solids) کے طور پر اپنا وجود برقرار رکھتے ہیں۔

**دلچسپ معلومات**

عام ملنے والا سالٹ ماضی میں بڑا اہم تجارتی مال سمجھا جاتا تھا۔ اس کو کرنسی کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا تھا۔

سوڈیم کلورائڈ میں ہر ایک سوڈیم آئن کے گرد چھ کلورائڈ آئنز اور ہر کلورائڈ آئن کے گرد بھی چھ سوڈیم آئنز ہوتے ہیں۔ شکل (18.1) میں کرسٹل لیٹس میں موجود آئنز کی ترتیب دکھائی گئی ہے۔ اس کرسٹل لیٹس کی شکل فیس سینٹرڈ (Face-Centered) کیوب کی طرح کی ہوتی ہے۔

## 18.2 آئنک کمپاؤنڈز کے میلٹنگ پوائنٹس (Melting Points of Ionic Compounds)

چونکہ آئنک کمپاؤنڈز کے کرسٹل لیٹس میں موجود آئنز کے درمیان کشش کی بہت مضبوط قوتیں ہوتی ہیں اس لیے ان طاقت ور قوتوں کو توڑنے کے لیے بہت زیادہ انرجی درکار ہوتی ہے۔ اس وجہ سے آئنک کمپاؤنڈز کے میلٹنگ پوائنٹس بہت زیادہ ہوتے ہیں میلٹنگ کے عمل کے دوران کشش کی یہ قوتیں ٹوٹ کر آئنز کو آزاد کردیتی ہیں۔ آئنک کمپاؤنڈز کے میلٹنگ پوائنٹس کتنے زیادہ ہوتے ہیں اِس کا انحصار آئنز پر موجود چارجز کی مقدار اور اُن کے سائز پر ہے۔ چارجز کی یہ مقدار جتنی زیادہ ہوگی اور آئنز کے سائز جتنے چھوٹے ہوں گے کشش کی قوتیں اِن کے درمیان اُتنی ہی زیادہ ہوں گی اور اُتنے ہی زیادہ اِن کے میلٹنگ پوائنٹس ہوں گے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 18.3 آئنک کمپاؤنڈز کی کنڈکٹیویٹی (Conduction of Electricity by Ionic Compounds)

آئنک کمپاؤنڈز ٹھوس حالت میں کنڈکٹر نہیں ہیں لیکن جب ان کو پگھلایا جاتا ہے یا پھر پانی میں حل کیا جاتا ہے تو بجلی اِن میں سے گزرنا شروع ہو جاتی ہے۔ ٹھوس حالت میں آئنک کمپاؤنڈز میں موجود آئنز مضبوط کشش کی قوتوں سے بندھے ہوتے ہیں جس کی وجہ سے وہ حرکت کرنے کے قابل نہیں ہوتے اور اِس لیے بجلی بھی اِن میں سے نہیں گزر سکتی۔ تاہم جب آئنک کمپاؤنڈز کو پگھلایا جاتا ہے تو اِن میں موجود آئنز آزاد ہو کر بجلی کے کنڈکٹر بن جاتے ہیں۔ اِسی طرح جب آئنک کمپاؤنڈز کو پانی میں حل کیا جاتا ہے تو اِن میں موجود آئنز کے درمیان کشش کی قوتیں ٹوٹ جاتی ہیں اور اس بار پھر یہ آئنز آزادانہ حرکت کرنے کے قابل ہو کر بجلی کے کنڈکٹر بن جاتے ہیں۔

**فوری جانچ 18.1**

1- سوڈیم کلورائڈ میں موجود آئنز کس طرح خود کو ترتیب دے کر کرسٹل لیٹس بناتے ہیں؟

2- آپ کیا توقع کرتے ہیں کہ پوٹاشیم کلورائڈ (KCl) کا میلٹنگ پوائنٹ سوڈیم کلورائڈ (NaCl) سے زیادہ ہوتا ہے یا کم؟

آئنک کمپاؤنڈز پانی میں حل ہو کر بہت اچھے الیکٹرولائٹس (Electrolytes) بن جاتے ہیں۔

## 18.4 حل پذیر اور ناحل پذیر سالٹس (Soluble and Insoluble Salts)

ایک سالٹ کی کسی سولوینٹ میں حل پذیری کا انحصار بہت سے عوامل پر ہے جن میں بذاتِ خود سالٹ کی نوعیت اور ٹمپریچر زیادہ اہم ہیں۔ سوڈیم، پوٹاشیم اور امونیم کے سالٹس پانی میں حل ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح تمام میٹلک نائٹریٹس بھی پانی میں حل ہو جاتے ہیں اور یہی بات زیادہ تر میٹلک کلورائڈز اور سلفیٹس کے لیے بھی کہی جا سکتی ہے۔ اس کے مقابلے میں تمام کاربونیٹس ماسوائے سوڈیم، پوٹاشیم اور امونیم کاربونیٹس کہ باقی سب پانی میں ناحل پذیر ہیں اسی طرح سلور اور لیڈ کے کلورائڈز اور بیریم اور لیڈ کے سلفیٹس بھی پانی میں حل نہیں ہوتے۔

سوڈیم، پوٹاشیم اور امونیم کے ہائڈرو آکسائڈز پانی میں حل پذیر ہیں جبکہ کیلشیم ہائڈرو آکسائڈ پانی میں بہت کم حل ہوتا ہے۔ بیریلیم اور میگنیشیم کے میٹلک ہائڈرو آکسائڈز پانی میں حل نہیں ہوتے۔

ذیل میں درج ٹیبل سے سالٹس کی پانی میں حل پذیری کی وضاحت ہو جاتی ہے۔

ٹیبل (18.1) پانی میں سالٹس کی حل پذیری

| سالٹس | حل پذیر | ناحل پذیر |
|---|---|---|
| سوڈیم، پوٹاشیم اور امونیم کے سالٹس اور تمام میٹلک نائٹریٹس | تمام حل پذیر | کوئی بھی نہیں |
| میٹلک کلورائڈز، برومائیڈز اور آئیوڈائڈز | زیادہ تر حل پذیر | کوئی بھی نہیں |
| میٹلک سلفیٹس | زیادہ تر حل پذیر | سلور اور لیڈ کے ناحل پذیر |
| میٹلک کاربونیٹس | سوڈیم، پوٹاشیم اور امونیم حل پذیر | بیریم، لیڈ (II) اور کیلشیم کے ناحل پذیر |
| میٹلک ہائڈرو آکسائڈز | سوڈیم، پوٹاشیم اور امونیم حل پذیر | زیادہ تر ناحل پذیر (کیلشیم جزوی حل پذیر) |

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 18.5 پانی میں حل پذیر سالٹس کی تیاری (Preparation of Soluble Salts)

پانی میں حل ہونے والے سالٹس کو ذیل میں درج طریقوں سے بنایا جاتا ہے۔

### a۔ پانی میں حل پذیر ایسڈ کو پانی میں حل پذیر بیس سے ری ایکشن کر کے

اس طریقہ کو ٹائٹریشن کا طریقہ بھی کہتے ہیں۔ اس میں پانی میں حل پذیر ایسڈ کا ری ایکشن پانی میں حل پذیر بیس سے کیا جاتا ہے۔ ایسڈ اور بیس کا انتخاب تیار ہونے والے سالٹ کی نوعیت کو دیکھ کر کیا جاتا ہے۔

پانی میں حل پذیر پوٹاشیم نائٹریٹ کی تیاری کے لیے ایک کونیکل فلاسک میں پوٹاشیم ہائڈروآکسائڈ کے مخصوص والیوم کا ری ایکشن نائٹرک ایسڈ کے مخصوص والیوم سے کیا جاتا ہے جس سے پوٹاشیم نائٹریٹ تیار ہوجاتا ہے لیکن پانی میں حل پذیر ہونے کی وجہ سے یہ سلوشن کے اندر ہی رہتا ہے۔

$$KOH_{(aq)} + HNO_{3\,(aq)} \longrightarrow KNO_{3\,(aq)} + H_2O_{(l)}$$



شکل (18.2) تبخیری ڈِش

اس سلوشن کو پھر تبخیری ڈش (Evaporating Dish) میں منتقل کیا جاتا ہے۔ اگر بننے والا سالٹ زیادہ ٹمپریچر پر تحلیل نہیں ہوجاتا تو اس سلوشن کو اتنا گرم کیا جاتا ہے کہ سارا پانی بخارات بن کر اُڑ جائے اور سالٹ باقی رہ جائے۔ اگر بننے والا سالٹ زیادہ ٹمپریچر پر تحلیل ہوجاتا ہے تو پھر اس سلوشن کا آہستہ گرم کرتے ہیں حتیٰ کہ سلوشن کی سطح پر بننے والے سالٹ کی پتلی سی جھلی بننا شروع ہوجاتی ہے۔ اس وقت اس سلوشن کو ٹھنڈا کریں تو پانی میں سے سالٹ نکل آتا ہے۔ اس آمیزے کو پھر فِلٹر کر کے سالٹ کی کرسٹلز حاصل کر لیتے ہیں۔ ان کرسٹلز کو فلٹر پیپرز کی تہوں میں رکھ کر سکھا لیتے ہیں۔

**دلچسپ معلومات**

کاپر سلفیٹ سالٹ کو فنگس ختم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جبکہ دوسرے سالٹس پانی کو سافٹ (Soft) کرنے اور شیشہ بنانے کے کام آتے ہیں۔

**سرگرمی 18.1**

ایک صاف سُتھری کونیکل فلاسک میں پپٹ کی مدد سے $50\,cm^3$ ، $1\,mol/dm^3$ سوڈیم ہائڈروآکسائڈ ڈالیں۔ اس میں پھرفینافتھلین (Phenolphthalein) انڈی کیٹر (Indicator) کے چند قطرے ڈالیں جن سے سلوشن گلابی رنگ کا ہوجائے گا۔ بیورٹ میں لیے گئے $1\,mol/dm^3$ سلفیورک ایسڈ سلوشن کو آہستہ آہستہ اس کونیکل فلاسک میں ڈالیں حتیٰ کہ سلوشن کا رنگ مستقل طور پر غائب ہوجائے۔ سوڈیم ہائڈروآکسائڈ کے لیے گئے والیوم کی نیوٹرلائزیشن کے لیے سلفیورک ایسڈ کے استعمال ہونے والے والیوم کو بیورٹ سے نوٹ کریں۔

$$2NaOH_{(aq)} + H_2SO_{4\,(aq)} \longrightarrow Na_2SO_{4\,(aq)} + 2H_2O$$

سوڈیم ہائڈروآکسائڈ اور سلفیورک ایسڈ کے یہی والیوم استعمال کر کے اس ری ایکشن کو دوبارہ کریں لیکن اس بار انڈی کیٹر استعمال نہیں کرنا۔ اسی نیوٹرل سلوشن کو پھر تبخیری ڈش میں منتقل کر کے آہستہ آہستہ گرم کریں حتیٰ کہ سلوشن کا والیوم ایک تہائی رہ جائے۔ اس سلوشن میں ایک گلاس راڈ ڈبو کر اس کو باہر نکالیں۔ اگر گلاس راڈ کے ڈوبنے والا سِرا دُودھیا ہوجائے تو اس کا مطلب ہے کہ سلوشن اتنا مرتکز ہوچکا ہے کہ اس میں کرسٹلز بن سکتی ہیں۔ سلوشن کو ٹھنڈا کریں تا کہ کرسٹلائزیشن کا عمل مکمل ہوسکے۔

اس آمیزے کو پھر فلٹر کریں اور فلٹر پیپر کے اوپر موجود کرسٹلز کو ٹھنڈے اور ڈسٹلڈ پانی سے دھوئیں تا کہ کرسٹلز سے منسلک کثافتیں اور باقی ایسڈ باہر نکل جائے۔ ان کرسٹلز کو پھر فلٹر پیپرز کی تہوں میں یا اوون (Oven) میں خشک کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## b- پانی میں حل پذیر ایسڈ اور پانی میں ناحل پذیر بیس کے ری ایکشن سے

یہ بھی ایک ایسا نیوٹرلائزنگ ری ایکشن ہے جس میں پانی میں حل پذیر ایسڈ اور پانی میں ناحل پذیر بیس استعمال ہوتا ہے۔ پانی میں حل پذیر بیس کوئی موزوں میٹل آکسائڈ، میٹل کاربونیٹ یا پھر میٹل ہائڈروآکسائڈ ہوسکتا ہے۔ ایسڈ اور بیس کا انتخاب بنائے جانے والے سالٹ کی نوعیت دیکھ کر کیا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ سالٹ ایک ایسے ری ایکشن کے ذریعے بھی بنایا جاتا ہے جس میں ایسڈ اور میٹل حصّہ لیتے ہیں۔

اس طریقہ میں منتخب ایسڈ کو منتخب بیس یا ایک میٹل سے ملایا جاتا ہے اور پھر اس سلوشن کو اچھی طرح ہلاتے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ایسڈ کا بیس یا میٹل کے ساتھ ری ایکشن مکمل ہوگیا ہے۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ بیس یا میٹل کو اتنی مقدار میں ایسڈ سے ملائیں تاکہ سارا ایسڈ لازمی طور پر استعمال ہوجائے۔ فلٹریٹ کو پھر اتنا گرم کریں کہ سلوشن سیچوریٹڈ (Saturated) حالت میں آجائے۔ اس سلوشن کو پھر ٹھنڈا کریں تاکہ سالٹ کی خالص کرسٹلز ظاہر ہونا شروع ہوجائیں۔ اِن کرسٹلز کو فلٹر کرکے خشک کرلیں۔

$$Cu(OH)_{2\,(s)} + 2HCl_{(aq)} \longrightarrow CuCl_{2\,(aq)} + 2H_2O_{(l)}$$

$$Mg_{(s)} + H_2SO_{4\,(aq)} \longrightarrow MgSO_{4\,(aq)} + H_{2\,(g)}$$

$$CaCO_{3\,(s)} + 2HCl_{(aq)} \longrightarrow CaCl_{2\,(aq)} + CO_{2(g)} + H_2O_{(l)}$$

**فوری جانچ 18.2**

1- بیریم اور کیلشیم کے کون سے سالٹس پانی میں حل ہوجاتے ہیں؟

2- بیریم سلفیٹ کو تجربہ گاہ میں کیسے بنایا جاتا ہے؟

**سرگرمی 18.2**

**زنک سلفیٹ کی خالص کرسٹلز بنائیں**

ڈائلیوٹ سلفیورک ایسڈ کے $25\ cm^3$ ایک بیکر میں ڈالیں اور اس کو آہستہ آہستہ گرم کریں۔ اس میں پھر آہستہ آہستہ زنک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈالیں اور ساتھ ساتھ ہلاتے رہیں حتیٰ کہ زنک میٹل نیچے بیٹھنا شروع ہوجائے۔ سلوشن میں سے زنک میٹل نکالنے کے لیے اسے فلٹر کریں اور فلٹریٹ حاصل کرلیں۔ اس فلٹریٹ کو پھر تبخیری ڈش میں گرم کرکے مرتکز سلوشن بنائیں۔ سلوشن کو اتنا گرم نہ کریں کہ وہ اُبلنا شروع ہوجائے۔ سلوشن کو پھر آہستہ آہستہ ٹھنڈا کریں اور کرسٹلز کو بننے دیں۔ جب ساری کرسٹلز ظاہر ہوجائیں تو سلوشن کو فلٹر کرکے کرسٹلز حاصل کریں۔

# مشق

## A کثیر الانتخابی سوالات:

صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) کونسی بیس پانی میں حل نہیں ہوتی؟

(الف) KOH (ب) $Mg(OH)_2$ (ج) NaOH (د) $Na_2CO_3$


NOT FOR SALE-PESRP
Web version of PECTAA textbook Not for sale

(ii) NaCl کے کرسٹل کی شکل ہے:

(الف) کیوبک (ب) ہیگزاگونل (ج) رومبک (د) ٹرائی گونل

(iii) کون سے سالٹس پانی میں ہمیشہ حل پذیر ہوتے ہیں:

(الف) کلورائیڈز (ب) سلفیٹس (ج) نائٹریٹس (د) کاربونیٹس

(iv) جب ماربل کے ٹکڑوں کا مرتکز نائٹرک ایسڈ کے ساتھ ری ایکشن ہوگا تو کون سا سالٹ بنے گا؟

(الف) سوڈیم نائٹریٹ (ب) کیلشیم نائٹریٹ (ج) پوٹاشیم نائٹریٹ (د) میگنیشیم نائٹریٹ

(v) پانی میں ناحل پذیر سالٹ:

(الف) کیلشیم سلفیٹ (ب) سوڈیم سلفیٹ (ج) پوٹاشیم سلفیٹ (د) میگنیشیم سلفیٹ

## B مختصر جوابی سوالات:

18.1 کون سے عوامل آئنز کے مابین الیکٹروسٹیٹک فورس کے طاقت ور ہونے کے ذمہ دار ہیں؟

18.2 کیا لیڈ (II) کلورائڈ پانی میں حل پذیر ہے؟

18.3 کون سے لیڈ (Lead) سالٹس پانی میں ناحل پذیر ہیں؟

18.4 کوئی سے دو ناحل پذیر کاربونیٹس کے نام بتائیں۔

18.5 کرسٹل لیٹس کسے کہتے ہیں؟

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

18.1 آئنک سالٹس کے میلٹنگ پوائنٹس عام طور پر بہت زیادہ کیوں ہوتے ہیں؟

18.2 آئنک سالٹس ٹھوس حالت میں کیوں پائے جاتے ہیں؟

18.3 آپ لیبارٹری میں کیلشیم سلفیٹ کو کیسے تیار کریں گے؟

18.4 NaCl اور $MgCl_2$ کے میلٹنگ پوائنٹس کا موازنہ کریں۔

18.5 آپ کاپر سلفیٹ کے خالص کرسٹلز لیبارٹری میں کس طرح تیار کریں گے؟

## D تفصیلی سوالات:

18.1 سوڈیم کلورائڈ کرسٹل کی تشکیل کی وضاحت کریں۔

18.2 دو حل پذیر سالٹس کی تیاری کا طریقہ بیان کریں۔

18.3 مندرجہ ذیل سالٹس کیسے تیار کیے جاتے ہیں؟

$K_2SO_4$, $CuCl_2$, $CaCl_2$

18.4 کون سے سالٹس پانی میں حل پذیر ہیں اور کون سے ناحل پذیر؟ وضاحت کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

باب 19

# نائٹروجن اور سلفر
# Nitrogen and Sulphur

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- معلوم کریں کہ فضا میں موجود نائٹروجن کے آکسائڈز ($NO$, $NO_2$) غیر جلے ہوئے ہائڈروکاربنز کے ساتھ ری ایکشن کرتے ہوئے پر آکسی ایسیٹائل نائٹریٹ یا پی اے این (PAN) بناتے ہیں جو فوٹو کیمیکل سموگ کا ایک جزو ہے۔
- تیزابی بارش کی تشکیل میں $NO$ اور $NO_2$ کے براہ راست کردار کو اور فضا میں موجود سلفر ڈائی آکسائڈ کی آکسیڈیشن (Oxidation) میں اِن کے بطور کیٹالسٹ کردار کی وضاحت کریں۔
- ہیبر پراسس (Haber Process) میں امونیا بنانے کی علامتی مساوات کو تحریر کریں۔

$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \rightarrow 2NH_{3(g)}$$

- ہیبر پراسس میں بیان کریں کہ ہائڈروجن کا سورس میتھین ($CH_4$) اور نائٹروجن کا سورس ہوا (Air) ہے۔
- ہیبر پراسس کے دوران امونیا بنانے کی کنڈیشنز یعنی 450°C، 20000 kPa/20 atm اور آئرن بطور کیٹالسٹ کا استعمال بیان کریں۔
- کانٹیکٹ پراسس میں سلفر ڈائی آکسائڈ کو سلفر ٹرائی آکسائڈ میں تبدیل کرنے کو علامتی مساوات کے طور پر بیان کریں۔

$$2SO_{2(g)} + O_{2(g)} \rightarrow 2SO_{3(g)}$$

- کانٹیکٹ پراسس میں استعمال ہونے والی سلفر ڈائی آکسائڈ (سلفر کا جلنا یا سلفر کچ دھاتوں کی روسٹنگ) اور آکسیجن (ہوا) کا ماخذ بتائیں۔
- کانٹیکٹ پراسس میں سلفر ڈائی آکسائڈ کو سلفر ٹرائی آکسائڈ میں تبدیل کرنے کے لیے کنڈیشنز 450°C، 200kPa/atm اور وینیڈیم (V) آکسائڈ بطور کیٹالسٹ آکسائڈ بیان کریں۔
- ایمفوٹیرک آکسائڈز کے بارے میں بتائیں کہ یہ ایسڈز اور بیسز دونوں کے ساتھ ری ایکشن کر کے سالٹ اور پانی بناتے ہیں۔
- آکسائڈز کی درجہ بندی کریں بطور ایسڈک ($CO_2$ اور $SO_2$) بطور بیسک ($CuO$ اور $CaO$) اور بطور ایمفوٹیرک آکسائڈز، ($Al_2O_3$ اور $ZnO$) یہ درجہ بندی ان کے میٹلک اور نان میٹلک کردار کی وجہ سے ہے۔
- دھاتوں کی خصوصیات۔
- دھاتوں کی عام کیمیائی خصوصیات کی نشاندہی کریں اور ڈائیلیوٹ ایسڈز، ٹھنڈے پانی، بھاپ اور آکسیجن کے ساتھ ری ایکشنز تک محدود رہیں۔
- متعلقہ معلومات کی مدد سے دھاتوں کی ری ایکٹوٹی کی درجہ بندی کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale



## 19.1 امونیا (Ammonia)

امونیا گیس دنیا میں صنعتی پیمانے پر بننے والا ایک اہم کیمیکل ہے۔ یوریا اور دوسرے امونیم سالٹس کثرت سے بطور کھاد استعمال ہو رہے ہیں۔ دنیا بھر کی صنعتوں میں بننے والی 80% امونیا کھادوں کو بنانے کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ امونیا گیس پلاسٹکس اور ادویات بنانے کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں اسے ٹھنڈک پیدا کرنے والے مادہ کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

صنعتی پیمانے پر امونیا کو ہیبر (Haber) کے طریقہ کے مطابق بنایا جاتا ہے جو ایک جرمنی کے کیمسٹ ایف۔ جے ہیبر (F.J Haber) نے دریافت کیا تھا۔ اس طریقہ میں نائٹروجن اور ہائڈروجن کو بالحاظ والیوم 1:3 کی نسبت سے 200 ایٹما سفیرک پریشر اور $Fe/Al_2O_3$ کیٹالسٹ کی موجودگی میں 400°C سے 500°C تک ہیٹ کیا جاتا ہے تو امونیا بنتی ہے۔

$$N_{2\,(g)} + 3H_{2\,(g)} \xrightleftharpoons[\text{کیٹالسٹ}]{400\text{-}500\ ^\circ c} 2NH_{3\,(g)}$$



شکل (19.1) ہیبر کا طریقہ

اوپر دیئے گئے ری ایکشن سے حاصل ہونے والے آمیزہ میں ایکولبریم حالت پر والیوم کے لحاظ سے 35% امونیا ہوتی ہے۔ اس آمیزہ کو پھر ٹھنڈا کرنے والے کوائلوں (Coils) سے امونیا گیس کو 33.4°C- پر مائع امونیا میں تبدیل کیا جاتا ہے اس طرح یہ مائع گیسی آمیزہ سے علیحدہ ہو جاتی ہے۔ آمیزہ کے دوسرے اجزاء یعنی نائٹروجن اور ہائڈروجن گیسوں کو دوبارہ ری ایکشن کرنے والے چیمبر میں بھیج دیا جاتا ہے شکل (19.1)۔

## نائٹروجن کا سورس (Source of Nitrogen)

امونیا گیس کی تیاری میں استعمال ہونے والے خام مال میں سے نائٹروجن گیس ہوا کی فریکشنل ڈسٹیلیشن (Fractional Distillation) سے حاصل کی جاتی ہے۔ اس مقصد کے لیے سب سے پہلے ہوا کو کاربن ڈائی آکسائڈ سے پاک کیا جاتا ہے اور پھر اس پر 200 ایٹما سفیرک پریشر ڈالا جاتا ہے۔ اس دبائی ہوئی ہوا کو پھر ٹھنڈا کیا جاتا ہے اور اِسے ایک بہت چھوٹے سوراخ میں سے گزارا جاتا ہے۔ اس سوراخ سے گزرنے کے بعد یہ ہوا یکدم پھیلتی ہے اور اس کا ٹمپریچر مزید کم ہو جاتا ہے۔ دبانے اور پھیلانے کا عمل بار بار کرنے سے ہوا بالآخر مائع میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

اس مائع ہوا کی پھر فریکشنل ڈسٹیلیشن (Fractional Distillation) کی جاتی ہے چونکہ نائٹروجن کا بوائلنگ پوائنٹ آکسیجن سے کم ہے اس لیے یہ 196°C- پر پہلے بخارات میں تبدیل ہو جاتی ہے اور مائع ہوا میں آکسیجن باقی رہ جاتی ہے۔ علیحدہ کی گئی نائٹروجن گیس کو دوبارہ مائع بنا کر مخصوص سیلنڈرز میں سٹور کر لیا جاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## ہائڈروجن کا سورس (Source of Hydrogen)

امونیا بنانے کے لیے دوسرے خام مال ہائڈروجن کو حاصل کرنے کے لیے میتھین (Methane) کو آکسیجن کی محدود مقدار کے ساتھ جُزوی آکسیڈائز کیا جاتا ہے تاکہ یہ ساری کی ساری کاربن ڈائی آکسائڈ اور پانی میں تبدیل نہ ہو جائے۔ آکسیجن کی مقدار محدود ہونے کی وجہ سے ری ایکشن کے پروڈکٹس میں ہائڈروجن اور کاربن مونو آکسائڈ زیادہ مقدار میں موجود ہوتی ہیں جبکہ کاربن ڈائی آکسائڈ کی مقدار بہت کم ہوتی ہے۔ اس ری ایکشن میں حاصل ہونے والی کاربن مونو آکسائڈ کو پھر پانی کے ساتھ ری ایکشن کر کے کاربن ڈائی آکسائڈ اور مزید ہائڈروجن حاصل کی جاتی ہے۔

**فوری جانچ 19.1**

1۔ امونیا گیس بنانے کے بعد اس کو مائع میں کیوں تبدیل کیا جاتا ہے؟

2۔ امونیا گیس کی تیاری میں اتنا زیادہ پریشر کیوں ضروری ہے؟

$$2CH_{4\,(g)} + O_{2\,(g)} \longrightarrow 2CO_{(g)} + 4H_{2\,(g)}$$
$$CO_{(g)} + H_2O_{(g)} \longrightarrow CO_{2\,(g)} + H_{2\,(g)}$$

**دلچسپ معلومات**

ماحول میں نائٹروجن فکسیشن کا 13% ہیبر پروسیس کے ذریعے مہیا کیا جاتا ہے۔

# 19.2 سلفیورک ایسڈ (Sulphuric Acid)

سلفیورک ایسڈ ایک بہت ہی اہم کیمیکل کمپاؤنڈ ہے۔ اس کو نہ صرف لیبارٹری میں بلکہ تقریباً ہر صنعت میں براہ راست یا بالواسطہ کسی نہ کسی سٹیج (Stage) میں استعمال کیا جاتا ہے۔

صنعتی پیمانے پر سلفیورک ایسڈ کو کنٹیکٹ پروسیس (Contact Process) سے بنایا جاتا ہے۔ اس پروسیس میں ذیل میں درج مَراحل آتے ہیں۔

## 1۔ سلفر ڈائی آکسائڈ گیس کی تیاری (Preparation of Sulphur Dioxide Gas)

سلفر ڈائی آکسائڈ گیس یا تو سلفر عنصر کو ہوا میں جلانے سے بنائی جاتی ہے یا پھر سلفر کی کچ دھات، آئرن پائرائٹ، کو ہوا کی زیادہ مقدار میں گرم کیا جاتا ہے۔

$$S_{(s)} + O_{2(g)} \longrightarrow SO_{2(g)}$$
$$4FeS_{2\,(s)} + 11O_{2(g)} \longrightarrow 2Fe_2O_{3(s)} + 8SO_{2(g)}$$

**دلچسپ معلومات**

سلفیورک ایسڈ کو کیمیکلز کا بادشاہ کہتے ہیں کیونکہ یہ تقریباً ہر صنعت میں استعمال ہوتا ہے۔

## 2۔ سلفر ڈائی آکسائڈ کی آکسیڈیشن (Oxidation of Sulphur Dioxide)

بالکل صاف شفاف اور خشک گیسوں ($SO_2$ اور $O_2$) کو پھر ایک کونٹیکٹ چیمبر (Contact Chamber) میں 2 تا 3 ایٹما سفیر پریشر اور 450°C ٹمپریچر پر وَنیڈیم (Vanadium V) آکسائڈ کیٹالسٹ کے اوپر سے گزارا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ ری ایکشن ایک ریورسیبل (Reversible) ری ایکشن ہے پھر بھی اِن حالات میں 98% سلفر ڈائی آکسائڈ، سلفر ٹرائی آکسائڈ میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ شکل (19.2)۔

$$2SO_{2\,(g)} + O_{2\,(g)} \xrightarrow[\text{450 °C, 2-3 ایٹما سفیر}]{V_2O_5} 2SO_{3(g)}$$



Web version of PECTAA textbook Not for sale

3- کنٹیکٹ چیمبر میں بننے والی سلفرڈائی آکسائڈ گیس کو پھر 98% سلفیورک میں جذب کیا جاتا ہے جس سے اولیم (Oleum) بنتا ہے۔




شکل (19.2) کنٹیکٹ پروسیس

4- اولیم کو پھر پانی کی ایک مخصوص مقدار سے ملا کر مطلوبہ ارتکاز والا سلفیورک ایسڈ بنایا جاتا ہے۔

$$H_2S_2O_{7\,(l)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow 2H_2SO_{4\,(l)}$$

**فوری جانچ 19.2**

1- $FeS_2$ سے سلفرڈائی آکسائڈ گیس کیسے بنائی جاتی ہے؟

2- $SO_3$ بنانے والے ری ایکشن سے پہلے سلفرڈائی آکسائڈ اور آکسیجن کو کیوں صاف کیا جاتا ہے؟

## 19.3 آکسائڈز (Oxides)

مختلف عناصر کے ساتھ آکسیجن کے بائنری (Binary) کمپاؤنڈز کو آکسائڈز کہتے ہیں۔ اِن آکسائڈز میں آکسیجن کی آکسیڈیشن سٹیٹ 2- ہوتی ہے۔ عام طور پر میٹل آکسائڈز بیسک (Basic) یا ایمفوٹیرک (Amphoteric) ہوتے ہیں جبکہ نان میٹلز کے آکسائڈز ایسڈک (Acidic) ہوتے ہیں۔ بیسک اور ایسڈک آکسائڈز دونوں کو بنانے کے لیے میٹلز اور نان میٹلز کو آکسیجن یا پھر ہوا میں گرم کیا جاتا ہے۔ میٹل آکسائڈز آئنک کمپاؤنڈز ہیں جن کے بننے کے دوران الیکٹرانز میٹلز سے آکسیجن کی طرف ٹرانسفر ہوتے ہیں۔ نان میٹل آکسائڈز کوویلنٹ کمپاؤنڈز ہیں اور ان کے بننے کے دوران نان میٹلز اور آکسیجن کے درمیان الیکٹرانز بانٹے جاتے ہیں۔

### i- بیسک آکسائڈز (Basic Oxides)

آکسیجن جب میٹلز سے ری ایکشن کرتی ہے تو جو آکسائڈز بنتے ہیں اُن کو پانی میں حل کرنے سے ہائڈرو آکسائڈز وجود میں آتے ہیں۔ یہ ہائڈرو آکسائڈز سرخ لٹمس کو نیلا کر دیتے ہیں اور جب ان کا ری ایکشن ایسڈز کے ساتھ کیا جاتا ہے تو یہ سالٹس بناتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

$$O_{2(g)} + 4Na_{(s)} \longrightarrow 2Na_2O_{(s)}$$
$$Na_2O_{(s)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow 2NaOH_{(aq)}$$

$$O_{2(g)} + 2Ca_{(s)} \longrightarrow 2CaO_{(s)}$$
$$CaO_{(s)} + 2HCl_{(aq)} \longrightarrow CaCl_{2(aq)} + H_2O_{(l)}$$

$$O_{2(g)} + 2Cu_{(s)} \longrightarrow 2CuO_{(s)}$$
$$CuO_{(s)} + 2HCl_{(aq)} \longrightarrow CuCl_{2(aq)} + H_2O_{(l)}$$

### ii- ایسڈک آکسائیڈز (Acidic Oxides)

آکسیجن جب نان میٹلز (S, C, N) کے ساتھ ری ایکشن کرتی ہے تو ایسڈک آکسائیڈز بنتے ہیں۔ یہ آکسائیڈز پانی کے ساتھ ری ایکشن کرکے ایسڈز بناتے ہیں جو نیلے لٹمس کو سرخ کر دیتے ہیں۔

$$O_{2(g)} + C_{(s)} \longrightarrow CO_{2(g)}$$
$$CO_{2(g)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow H_2CO_{3(aq)}$$
کاربونک ایسڈ

$$O_{2(g)} + S_{(s)} \longrightarrow SO_{2(g)}$$
سلفر ڈائی آکسائیڈ
$$SO_{2(g)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow H_2SO_{3(l)}$$
سلفیورس ایسڈ

ایسڈک آکسائیڈز جب بیس سے ری ایکشن کرتے ہیں تو سالٹس بنتے ہیں۔

$$SO_{2(g)} + 2NaOH_{(aq)} \longrightarrow Na_2SO_3 + H_2O$$
سوڈیم سلفائیٹ
$$CO_{2(g)} + Ca(OH)_{2(aq)} \longrightarrow CaCO_{3(s)} + H_2O_{(l)}$$

### iii- نیوٹرل آکسائیڈز (Neutral Oxides)

نیوٹرل آکسائیڈز اُن آکسائیڈز کو کہتے ہیں جو پانی کے ساتھ مل کر نہ ایسڈ اور نہ ہی بیس بناتے ہیں۔ پانی میں ان کے سلوشنز نیلے اور سرخ لٹمس دونوں پر اثر انداز نہیں ہوتے۔ کاربن مونو آکسائیڈ (CO) نائٹرک آکسائیڈ (NO) اور نائٹرس آکسائیڈ ($N_2O$) نیوٹرل آکسائیڈز کی مثالیں ہیں۔

### iv- ایمفوٹیرک آکسائیڈز (Amphoteric Oxides)

ایمفوٹیرک آکسائیڈز اُس وقت بنتے ہیں جب ایسی میٹلز آکسیجن سے ری ایکشن کرتی ہیں جو کم الیکٹروپوزیٹو (Electropositive) ہیں۔

$$O_{2(g)} + 2Zn_{(s)} \longrightarrow 2ZnO_{(s)}$$
$$3O_{2(g)} + 4Al_{(s)} \longrightarrow 2Al_2O_{3(s)}$$

یہ آکسائیڈز بطور ایسڈ اور بیس دونوں طرح کے خواص رکھتے ہیں۔ زنک آکسائیڈ اور ایلومینیم آکسائیڈ، ایسڈ کی موجودگی میں بیس کے خواص ظاہر کرتے ہیں۔

Web version of PECTA textbook Not for sale

$$ZnO_{(s)} + 2HCl_{(aq)} \longrightarrow ZnCl_{2(aq)} + H_2O_{(l)}$$
$$Al_2O_{3(s)} + 6HCl_{(aq)} \longrightarrow 2AlCl_{3(aq)} + 3H_2O_{(l)}$$

یہی آکسائڈز الکلیز کی موجودگی میں ایسڈز کے خواص ظاہر کرتے ہیں۔

$$ZnO_{(s)} + 2NaOH_{(aq)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow Na_2Zn(OH)_{4(aq)}$$
سوڈیم زنکیٹ

$$Al_2O_{3(s)} + 2NaOH_{(aq)} + 3H_2O_{(l)} \longrightarrow 2NaAl(OH)_{4(aq)}$$
سوڈیم ایلومینیٹ

یہ آکسائڈز پانی میں ناحل پذیر ہیں اور لٹمس پیپر پر اِن کو کوئی اثر نہیں ہوتا۔

**دلچسپ معلومات**

پانی ایک ایمفوٹیرک شے ہے۔ یہ ایسڈ اور بیس دونوں طرح کے خواص ظاہر کرتا ہے اور اِن خواص کا انحصار اُس شے پر ہے جس سے یہ ری ایکشن کرے۔

**فوری جانچ 19.3**

1۔ لیڈ آکسائڈ کو ایمفوٹیرک آکسائڈ کیوں کہتے ہیں؟

2۔ نان میٹلز آکسیجن سے ری ایکشن کر کے کوویلنٹ آکسائڈز کیوں بناتی ہیں؟

## 19.4 میٹلز (Metals)

پیریاڈک ٹیبل میں موجود تقریباً تین چوتھائی عناصر میٹلز ہیں۔ میٹلز بہت ہی اہم خواص کی حامل ہیں۔ میٹلز زمین کی کرسٹ (Earth Crust) میں بطور آکسائڈز، ہائڈرو آکسائڈز، کاربونیٹس اور سلفائڈز وغیرہ کے موجود ہوتی ہیں۔ میٹلز کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ اپنے میں موجود الیکٹرانز کو کھو کر کیٹائنز (Cations) بنائیں۔ عام طور پر میٹلز دوسرے عناصر کے ساتھ آئنک بانڈز بناتی ہیں۔

### ٹھنڈے پانی کے ساتھ میٹلز کے ری ایکشنز (Reactions of Metals with Cold Water)

پیریاڈک ٹیبل کے پہلے اور دوسرے گروپ میں موجود عناصر ٹھنڈے پانی کے ساتھ تیزی سے ری ایکشن کر کے اپنے ہائڈرو آکسائڈز بناتے ہیں اور ہائڈروجن گیس خارج کرتے ہیں۔

$$2Na_{(s)} + 2H_2O_{(l)} \longrightarrow 2NaOH_{(aq)} + H_{2(g)}$$
$$2K_{(s)} + 2H_2O_{(l)} \longrightarrow 2KOH_{(aq)} + H_{2(g)}$$

**دلچسپ معلومات**

اگر خلا میں ایک میٹل کے دو ٹکڑوں جن پر کسی قسم کی تہہ نہ جمی ہو، ملایا جائے تو مستقل طور پر ایک دوسرے سے جُڑ جاتے ہیں۔ ایسا زمین پر ممکن نہیں کیونکہ زمین کی ہوا کی وجہ سے اِن ٹکڑوں کی سطحوں پر آکسائڈ کی تہہ جم جاتی ہے جو کہ اِن کو جُڑنے سے روکتی ہے۔

میگنیشیم تاہم ٹھنڈے پانی سے ری ایکشن کر کے آہستہ آہستہ میگنیشیم ہائڈرو آکسائڈ اور ہائڈروجن گیس بناتی ہے۔

$$Mg_{(s)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow Mg(OH)_{2(s)} + H_{2(g)}$$

### میٹلز کے ساتھ سٹیم کے ری ایکشنز (Reactions of metals with steam)

ایک میٹل جتنی زیادہ ری ایکٹو (Reactive) ہوگی اُتنا ہی تیزی سے سٹیم کے ساتھ ری ایکشن کرے گی۔ ری ایکٹو میٹلز مثلاً لیتھیم، سوڈیم، پوٹاشیم اور کیلشیم نہائیت خطرناک طریقے سے سٹیم کے ساتھ ری ایکشن کرتی ہیں۔

بیریلیم اور ایلومینیم سٹیم کے ساتھ زیادہ ٹمپریچر (700°C کے لگ بھگ) پر ری ایکشن کر کے اپنے اپنے آکسائڈز بناتی ہیں اور ہائڈروجن خارج کرتی ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

$$Be_{(s)} + H_2O_{(g)} \longrightarrow BeO_{(s)} + H_{2\,(g)}$$

میگنیشیم، آئرن اور زنک سٹیم سے دھیمے انداز میں ری ایکشن کرتی ہیں اور اس کے نتیجے میں اپنے اپنے آکسائڈز کے ساتھ ہائڈروجن خارج کرتی ہیں۔

$$Mg_{(s)} + H_2O_{(g)} \longrightarrow MgO_{(s)} + H_{2\,(g)}$$

## آکسیجن کے ساتھ میٹلز کے ری ایکشنز (Reactions of metals with oxygen)

میٹلز آکسیجن کے ساتھ ری ایکشن کر کے میٹل آکسائڈز بناتی ہیں۔ یہ ری ایکشن کتنی آسانی سے وقوع پذیر ہوتا ہے اس کا انحصار میٹل کی ری ایکٹیویٹی (Reactivity) اور حالات پر ہے۔

سوڈیم ہوا میں زرد شعلے سے جلتی ہے اور سوڈیم آکسائڈ اور سوڈیم پرآکسائڈ بناتی ہے۔

$$4Na_{(s)} + O_{2(g)} \longrightarrow 2Na_2O_{(s)}$$
$$2Na_{(s)} + O_{2(g)} \longrightarrow Na_2O_{2\,(s)}$$

میگنیشیم، کیلشیم، سٹرانشیم (Strontium) اور بیریم ہوا میں اپنے اپنے مخصوص رنگوں کے ساتھ جلتی ہیں اور اپنے اپنے آکسائڈز بناتی ہیں۔

$$Ca_{(s)} + O_{2(g)} \longrightarrow 2CaO_{(s)}$$

| میٹل | شعلے کا رنگ |
|---|---|
| میگنیشیم | تیز سفید رنگ |
| کیلشیم | سفید شعلہ جس میں سرخ رنگ کی آمیزش |
| سٹرانشیم | گہرا سرخ رنگ |
| بیریم | زردی مائل سبز رنگ |



شکل (19.3) سٹرانشیم کا شعلہ



شکل (19.4) بیریم کا شعلہ

## ڈائیلیوٹ ایسڈ کے ساتھ میٹلز کے ری ایکشنز (Reactions of metals with dilute acids)

میٹل جتنی زیادہ ری ایکٹو ہوگی اتنی ہی تیزی کے ساتھ یہ ڈائیلیوٹ ایسڈ سے ری ایکشن کرے گی۔ سوڈیم اور پوٹاشیم بڑی تیزی اور خطرناک طریقے سے ڈائیلیوٹ ایسڈز کے ساتھ ری ایکشن کرتی ہیں اور اپنے اپنے سالٹس بناتی ہیں اور ہائڈروجن گیس خارج کرتی ہیں۔

$$2Na_{(s)} + 2HCl_{(aq)} \longrightarrow 2NaCl_{(aq)} + H_{2(g)}$$

Web version of PECTA textbook Not for sale

پیریاڈک ٹیبل میں موجود دوسرے گروپ کے عناصر بھی ڈائیلیوٹ ایسڈز کے ساتھ ری ایکشن کر کے سالٹس بناتے ہیں۔ تاہم میگنیشم میٹل ہائڈروجن آئنز کو ریڈیوس کر کے ہائڈروجن گیس بناتی ہے۔ اس گروپ میں جیسے جیسے ہم نیچے موجود عناصر کی طرف آتے ہیں تو یہ ری ایکشن اُتنا ہی تیز ہوتا جاتا ہے۔

**فوری جانچ 19.4**

1- بیریم اور پانی کے درمیان ہونے والے ری ایکشن کی مساوات لکھیں۔

2- ایلومینیم اور زنک پانی کے ساتھ کیسے ری ایکشن کرتے ہیں۔

$$Mg_{(s)} + 2HCl_{(aq)} \longrightarrow MgCl_{2\,(aq)} + H_{2(g)}$$

## 19.5 میٹلز کی ری ایکٹیویٹی سیریز (Reactivity Series of Metals)

میٹلز کے پانی یا ایسڈز کے ساتھ ری ایکشنز کی بنیاد بنا کر ان کی ریکٹیویٹی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس طرح مختلف میٹلز کو ریکٹیویٹی میں کمی کے لحاظ سے مرتب کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح کی ترتیب ٹیبل 19.1 میں دکھائی گئی ہے۔ اس ترتیب کو ریکٹیویٹی سیریز آف میٹلز کا نام دیا گیا ہے۔

میٹلز کی اسی ریکٹیویٹی سیریز کے مطابق کیلشیم اور اس کے اوپر آنے والی میٹلز ٹھنڈے پانی سے ری ایکشن کر کے میٹل ہائڈروآکسائڈز اور ہائڈروجن گیس بناتی ہیں۔ تاہم کیلشیم سے نیچے والی میٹلز ٹھنڈے پانی کی بجائے سٹیم سے ری ایکشن کر کے میٹل آکسائڈز اور ہائڈروجن بناتی ہیں۔

ری ایکٹیویٹی سیریز میں موجود ہائڈروجن سے اوپر آنے والی میٹلز ڈائیلیوٹ ایسڈز کے ساتھ ری ایکشن کر کے ہائڈروجن گیس خارج کرتی ہیں۔ ہائڈروجن سے نیچے آنے والی میٹلز ری ایکٹو نہیں ہیں اس لیے یہ ڈائیلیوٹ ایسڈز سے ری ایکشن نہیں کرتیں۔ میٹل جتنی زیادہ ری ایکٹو ہوگی اُتنی ہی تیزی کے ساتھ وہ ڈائیلیوٹ ایسڈز سے ری ایکشن کرے گی۔

**ٹیبل 19.1**
**میٹلز کی ری ایکٹویٹی سیریز**

| |
|---|
| زیادہ ری ایکٹو میٹلز |
| K |
| Na |
| Li |
| Ba |
| Sr |
| Ca |
| Mg |
| Al |
| C |
| Mn |
| Zn |
| Fe |
| H |
| Cu |
| Ag |
| Au |
| کم ری ایکٹو میٹلز |

**فوری جانچ 19.5**

1- زنک اور آئرن میں سے کون سی میٹل ہائڈروکلورک ایسڈ سے تیزی کے ساتھ ری ایکشن کرے گی۔

2- ایسی ایک میٹل کا نام بتائیں جو کہ زنک کو اس کے سالٹ سے باہر نکال دے گی۔

اسی طرح سوڈیم اور پوٹاشیم جیسی ری ایکٹو میٹلز آکسیجن کے ساتھ آسانی سے ری ایکشن کریں گی جبکہ سلور، کاپر اور آئرن جیسی کم ریکٹیو میٹلز آکسیجن کے ساتھ بڑے دھیمے انداز میں ری ایکشن کرتی ہیں۔

ری ایکٹیویٹی کے سب سے اوپر موجود میٹلز طاقت ور ریڈیوسنگ ایجنٹس ہیں کیونکہ یہ میٹلز بڑی آسانی سے آکسیڈائز ہو جاتی ہیں۔ تاہم ریڈیوس کرنے کی یہ طاقت سیریز کے نیچے آتے آتے بتدریج کم ہوتی جاتی ہے۔

$$Zn_{(s)} + CuSO_{4\,(aq)} \longrightarrow ZnSO_{4(aq)} + Cu_{(s)}$$

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 19.6 فضائی آلودگی پھیلانے میں نائٹروجن کے آکسائیڈز کا کردار

## (Role of Oxides of Nitrogen in Spreading Air Pollution)

فضا میں موجود بُنیادی آلودگی پھیلانے والی اشیا میں نائٹروجن، سلفر اور کاربن کے آکسائیڈز کے علاوہ بعض ہائیڈروکاربنز بھی شامل ہیں۔ بُنیادی آلودگی پھیلانے والی یہ اشیا پھر دوسرے درجے کی آلودگی کا باعث بننا شروع ہو جاتی ہیں اور ایسا فضا میں وقوع پذیری ری ایکشنز کی وجہ سے ممکن ہوتا ہے۔ دوسرے درجے کی آلودگی پھیلانے والی اِن اشیا میں اوزون (Ozone)، پرآکسی ایسیٹائل نائٹریٹ (Peroxyacetyl nitrate PAN) اور سلفیورک ایسڈ وغیرہ شامل ہیں۔ یہ سارے کمپاؤنڈز نہ صرف کے زہریلے ہیں بلکہ فضا میں اِن کے ارتکاز کو کنٹرول کرنا بہت ضروری ہے۔

**دلچسپ معلومات**

فضائی آلودگی سالانہ 7 سے 8 ملین اموات کا باعث بنتی ہے جو کہ بچوں کی صحت کے لیے بھی ایک بڑا خطرہ ہے۔

نائٹروجن کے آکسائیڈز جن کی فضا میں موجودگی خطرناک ہے اُن میں $NO$ اور $NO_2$ شامل ہیں۔ مجموعی طور پر اِن آکسائیڈز کو $NO_x$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ نائٹروجن کے یہ آکسائیڈز قدرتی اور انسانی دونوں ذرائع سے فضا میں داخل ہوتے ہیں۔

نائٹروجن کے آکسائیڈز بنانے کے قدرتی ذرائع میں بادلوں کی گرج چمک شامل ہے۔ بجلی کی اس کڑک کی وجہ سے فضا میں موجود نائٹروجن اور آکسیجن ری ایکشن کر کے نائٹرک آکسائیڈ بناتی ہیں جو کہ بننے کے فوراً بعد آکسیجن کی مدد سے نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ میں تبدیل ہوجاتی ہے۔

$$N_{2(g)} + O_{2(g)} \xrightarrow{\text{الیکٹرک آرک}} NO_{(g)}$$

$$2NO_{(g)} + O_{2(g)} \longrightarrow 2NO_{2(g)}$$

فضا میں نائٹروجن کے آکسائیڈز داخل کرنے کے اضافی ذرائع میں گاڑیوں میں فوسل ایندھن کا جلنا، بعض صنعتی ذرائع اور بجلی بنانے والے پاور پلانٹس شامل ہیں۔ اِن ذرائع کے علاوہ کھیتی باڑی سے منسلک بعض سرگرمیاں اور فصلوں میں کھادوں کا استعمال بھی ہوا میں نائٹروجن کے آکسائیڈز شامل کرنے کا موجب ہوسکتے ہیں۔ صبح اور شام کے اوقات میں ٹریفک کا ہجوم اور بعض صنعتی سرگرمیاں فضا میں نائٹروجن کے آکسائیڈز کی مقدار بہت زیادہ بڑھا دیتی ہیں۔ یہ عناصر آسانی سے بخارات میں تبدیل ہونے والے آرگینک کمپاؤنڈز یعنی وولٹائل آرگینک کمپاؤنڈز (Volatile Organic Compounds VOCs) بھی ہوا میں شامل کرتے ہیں۔

سورج سے آنے والی بالائے بنفشی شعاعیں (Ultraviolet Radiation) جب نائٹروجن کے آکسائیڈز اور VOCs سے ملتی ہیں تو بہت پیچیدہ ری ایکشنز کی بدولت ثانوی آلودگی والے عناصر تشکیل پاتے ہیں اِن میں اوزون، ایلڈی ہائیڈز (Aldehydes) اور PAN شامل ہیں۔

نائٹروجن کے آکسائیڈز ایک ثانوی آلودگی کا موجب بھی بنتے ہیں اس آلودگی کو ایسڈ رین (Acid Rain) کہتے ہیں۔ نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ ($NO_2$) پانی اور فضا میں موجود دوسرے کیمیکلز سے ری ایکشن کر کے نائٹرک ایسڈ اور نائٹرس (Nitrous) ایسڈ کے بخارات بناتے ہیں۔

ایسڈز کے یہ بخارات پھر پانی کے بخارات سے مِل کر زمین پر ایسڈ رین کی شکل میں گرتے ہیں۔ نائٹروجن کے آکسائیڈز فضا میں موجود ایک اور آلودہ شے سلفر ڈائی آکسائیڈ کو سلفیورک ایسڈ میں تبدیل کرنے کے لیے کیٹالسٹ کا رول بھی ادا کرتے ہیں۔ سلفیورک ایسڈ،

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ایسڈ رین ہی کا ایک جُزو ہے۔

$$2SO_{2(g)} + O_{2(g)} \xrightarrow{\text{نائٹروجن کے آکسائیڈز}} 2SO_{3(g)}$$

$$SO_{3(g)} + H_2O_{(g)} \longrightarrow H_2SO_{4(g)}$$

**فوری جانچ 19.6**

1- انسانی صحت پر نائٹروجن کے آکسائیڈز کے مضر اثرات کون سے ہیں؟

2- نائٹروجن کے آکسائیڈز فضا کو کیسے آلودہ کرتے ہیں؟

ایسڈ رین کی pH 5.6 سے تھوڑی کم ہوتی ہے۔ ایسڈ رین ہمارے ماحولیاتی نظام (Ecosystem) کے لیے بہت زیادہ نقصان دہ ہے۔ یہ نہ صرف کہ مادی اشیا کو خراب کرنے کا باعث بنتی ہے بلکہ اس سے جانداروں کو سانس کی بیماریاں بھی لاحق ہو سکتی ہیں۔

# مشق

## A کثیر الانتخابی سوالات:

### صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) امونیا کی پیداوار کے لیے ری ایکشن کا درجہ حرارت زیادہ رکھنے کی وجہ ہے:

(الف) ری ایکشن کی ایکٹیویشن انرجی بہت زیادہ ہے۔ (ب) ری ایکشن کی ایکٹیویشن انرجی بہت کم ہے۔

(ج) نائیٹروجن اور ہائڈروجن دونوں گیسیں ہیں۔ (د) کم درجہ حرارت پر نائیٹروجن اور ہائڈروجن مائع میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔

(ii) $H_2SO_4$ کی صنعتی پیداوار کے لیے استعمال ہونے والا کونٹیکٹ پراسس $SO_2$ اور $O_2$ میں موجود کثافتوں کے لیے حساس ہے کیونکہ کثافتیں:

(الف) کیٹالسٹ کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہیں۔ (ب) $H_2SO_4$ کے خالص پن کو متاثر کرتی ہیں۔

(ج) $SO_2$ کا آکسیجن کے ساتھ ری ایکشن نہیں ہونے دیتیں۔ (د) ری ایکشن کے ریٹ کو قابلِ ذکر حد تک کم کر دیتی ہیں۔

(iii) کونسا آکسائیڈ نیوٹرل ہونے کی خصوصیات رکھتا ہے:

(الف) $Al_2O_3$ (ب) $SO_2$ (ج) $CO_2$ (د) NO

(iv) سوڈیم، میگنیشیم سے زیادہ ری ایکٹو سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ:

(الف) یہ میگنیشیم سے زیادہ الیکٹرو پازیٹو ہے۔ (ب) یہ پانی کے ساتھ آہستہ ری ایکشن کرتی ہے۔

(ج) یہ دوسرے گروپ میں پائی جاتی ہے۔ (د) یہ کم مٹیلک ہے۔

(v) فضا میں موجود ثانوی (Secondary) آلودہ ذرات کون سے ہیں؟

(الف) نائٹروجن کے آکسائیڈز (ب) سلفر کے آکسائیڈز

(ج) اوزون اور پی اے این (PAN) (د) کاربن کے آکسائیڈز

(vi) سلفیورک ایسڈ کی تیاری کے دوران، $SO_2$ پانی کے بجائے $H_2SO_4$ میں جذب کی جاتی ہے۔ کیونکہ:

(الف) $SO_2$ پانی کے ساتھ ری ایکشن نہیں کرتی۔

(ب) $SO_2$ کا پانی کے ساتھ ری ایکشن بہت زیادہ ایکسوتھرمک ہوتا ہے۔ جس سے سلفیورک ایسڈ ایک دھند کی مانند پیدا ہوتا ہے جسے کنڈینس (Condense) کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔

(ج) یہ $H_2SO_4$ کی بہتر پیداوار فراہم کرتی ہے۔ (د) $SO_2$ کا پانی کے ساتھ ری ایکشن دھماکے کا سبب بن سکتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

(vii) کون سے آکسائڈز بنتے ہیں جب آکسیجن دھاتوں کے ساتھ ری ایکشن کرتی ہے:

(الف) ایسڈک (ب) بیسک (ج) غیر جانبدار (د) بیسک اور ایمفوٹیرک دونوں

(viii) ایسڈ رین (Acid Rain) کے اہم اجزا ہیں:

(الف) $H_2SO_4$ اور $HNO_3$ (ب) $H_2SO_3$ اور $HNO_2$ (ج) $H_2SO_4$ اور HCl (د) ایسٹک ایسڈ اور $HNO_3$

## B مختصر جوابی سوالات:

19.1 نائیٹروجن ہوا سے کیسے حاصل کی جاتی ہے؟

19.2 ہائیڈروجن میتھین سے کیسے بنائی جاتی ہے؟

19.3 $SO_2$ کو $SO_3$ میں آکسیڈائز کرنے کے لیے کون سی کنڈیشن مطلوب ہوتی ہیں؟

19.4 $CO_2$ کو ایسڈک آکسائڈ جبکہ CO کو نیوٹرل آکسایڈ کیوں پُکارا جاتا ہے؟

19.5 کیلشیم اور میگنیشیم پانی کے ساتھ اپنے ری ایکشن میں ایک دوسرے سے کیسے مختلف ہیں؟

19.6 دھاتوں کی ری ایکٹیویٹی (Reactivities) کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟

19.7 نائیٹروجن کے آکسائڈز سے کون سے ثانوی آلودہ ذرّات پیدا ہوتے ہیں؟

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

19.1 امونیا کو ایک اہم کیمیکل کیوں سمجھا جاتا ہے؟

19.2 ہوا میں موجود $SO_2$ کیسے $SO_3$ میں تبدیل ہوتی ہے؟

19.3 کار کے انجن میں فوسل فیولز کا جلنا نائیٹروجن کے آکسائڈز بناتا ہے۔ وضاحت کریں۔

19.4 ری ایکٹیویٹی سیریز کے اوپر والے حصّے میں موجود دھاتیں نچلے حصّے میں موجود دھاتوں سے زیادہ ری ایکٹو ہوتی ہیں۔ اِس بیان پر تبصرہ کریں۔

19.5 فوسل فیولز $SO_2$ کیسے پیدا کرتے ہیں؟

## D تفصیلی سوالات:

19.1 صنعتی پیمانے پر امونیا کی تیاری کی وضاحت کریں۔

19.2 سلفیورک ایسڈ کی پیداوار کے لیے کونٹیکٹ پراسس کا تفصیلی جائزہ دیں۔

19.3 ایسڈک اور بیسک آکسائیڈز کی تشکیل اور خصوصیات کی وضاحت کریں۔

19.4 آکسیجن اور پانی کے ساتھ ری ایکشنز کی بنیاد پر پہلے اور دوسرے گروپ کی دھاتوں کے درمیان فرق کی وضاحت کریں۔

19.5 تیزابی بارش اور پی اے این (PAN) کی تشکیل میں نائٹروجن کے آکسائیڈز کے کردار کی وضاحت کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# باب 20

# پانی Water

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- خشک کاپر سلفیٹ استعمال کرتے ہوئے پانی کی موجودگی کے لیے کیمیکل ٹیسٹ کی چھان بین کریں۔
- میلٹنگ پوائنٹ اور بوائلنگ پوائنٹ کی مدد سے پانی کے خالص پن کو کیسے معلوم کیا جاتا ہے۔
- کشید کیا گیا پانی اور نلکے میں آنے والے پانی میں کیا فرق ہے اور اِن کے کیمسٹری میں استعمال کا جائزہ لیں۔
- بیان کریں کہ قدرتی ذرائع سے حاصل ہونے والے پانی میں مفید اور نقصان دہ مادے ہوسکتے ہیں۔ جن میں کچھ مثالیں درج ذیل ہیں:
  - (الف) حل شدہ آکسیجن　　(ب) دھاتی کمپاؤنڈز
  - (ج) پلاسٹکس　　(د) فضلہ
  - (ہ) نقصان دہ جرثومے　　(و) کھادوں سے حاصل ہونے والے نائٹریٹس
  - (س) کھادوں اور صابن سے حاصل ہونے والے فاسفیٹس
- اِس بات کی وضاحت کریں کہ پانی میں قدرتی طور پر پائے جانے والے کچھ مادے ممکنہ طور پر نقصان دہ ہوسکتے ہیں جن میں سے کچھ مثالیں درج ذیل ہیں:
  - (الف) کچھ دھاتی کمپاؤنڈز جو زہریلے ہوتے ہیں۔
  - (ب) کچھ پلاسٹکس جو آبی حیات کے لیے نقصان دہ ہوتے ہیں۔
  - (ج) فضلہ جو نقصان دہ جرثموں پر مشتمل ہوتا ہے جو بیماریاں پیدا کرتے ہیں۔
  - (د) نائٹریٹس اور فاسفیٹس جو پانی میں سے آکسیجن نکال لیتے ہیں اور آبی حیات کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ (یوٹروفیکشن پراسس کی تفصیل کی ضرورت نہیں)
- گھریلو واٹر سپلائی کے ٹریٹمنٹ (Treatment) کی وضاحت کریں۔ اِس میں درج ذیل مثالیں شامل ہیں:
  - (الف) سالڈز کو دور کرنے کے لیے سیڈی مینٹیشن اور فلٹریشن
  - (ب) ذائقہ اور بو کو دور کرنے کے لیے کاربن کا استعمال
  - (ج) جرثوموں کو تلف کرنے کے لیے کلوری نیشن کرنا
- پانی سے پیدا ہونے والی مختلف بیماریاں اور اِن سے بچاؤ کے اقدامات بیان کریں۔
- آلودہ پانی کے زندگی پر منفی اثرات اور بچاؤ کے طریقے بیان کریں۔
- پاکستان کو درپیش پانی کی کمی کو ایک اہم مسئلے کے طور پر بیان کریں اور اِس عمل کے لیے استعمال ہونے والے مختلف طریقوں کی وضاحت کریں۔
- یوریا، امونیم سالٹس اور نائٹریٹس کھاد کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، وضاحت کریں۔
- پودوں کی بہتر نشوونما کے لیے نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم کے عناصر فراہم کرنے کے لیے این پی کے (NPK) کھادوں کے استعمال کی وضاحت کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## (Water) پانی 20.1

اس دنیا میں ہر قسم کے جاندار کے لیے پانی ایک ضروری شے ہے۔ تمام جانداروں کے جسموں میں وافر مقدار میں پانی موجود ہوتا ہے۔ زندگی کو قائم رکھنے کے لیے اُنہیں ہر روز پانی کی ضرورت بھی ہے۔

بہت سے کیمیکل ری ایکشنز کے تجزیہ کے لیے اور بہت سی اشیا کے خالص پن کو چیک کرنے کے لیے خالص پانی کی ضرورت ہے اس سلسلے میں خالص پانی کو شناخت کرنا ایک اہم قدم ہے۔

### (Test of Water) پانی کے لیے ٹیسٹ



شکل (20.1) پانی کا ٹیسٹ

خوراک اور ادویات بنانے کی صنعتوں کے لیے صاف اور خالص پانی کا استعمال نہایت ضروری ہے کیونکہ اس سے اِن تیار کی گئی اشیا کی کوالٹی متاثر ہوتی ہے اور اِن کے محفوظ استعمال پر بھی سوالات اُٹھتے ہیں۔ اِن وجوہات کی بنا پر پانی کے خالص پن کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔

ہائڈریٹیڈ کاپر (II) سلفیٹ ($CuSO_4.5H_2O$) نیلے رنگ کا ایک کمپاؤنڈ ہے لیکن جب اسے خاصا گرم کیا جائے تو یہ کمپاؤنڈ اپنے پانی کے مالیکیولز کھو کر بے رنگ ہو جاتا ہے۔ پانی کے بغیر مِلنے والے اس کمپاؤنڈ کو این ہائڈرس (Anhydrous) کاپر سلفیٹ کہتے ہیں۔ اگر اس این ہائڈرس کمپاؤنڈ پر پانی کا قطرہ ڈالا جائے تو یہ فوراً سفید رنگ سے نیلا ہو جاتا ہے شکل (20.1)۔

$$\underset{\text{سفید}}{CuSO_4} + 5H_2O \rightleftharpoons \underset{\text{نیلا}}{CuSO_4 . 5H_2O}$$

یہ بڑا احساس ٹیسٹ ہے اور اگر پانی کی مقدار بہت کم بھی ہو تو بھی یہ ٹیسٹ اس کی شناخت کر لیتا ہے۔

## (Purity of Water) پانی کا خالص پن 20.2

خالص پانی معیاری ٹمپریچر اور پریشر پر $100^0C$ پر اُبلتا ہے جبکہ $0^0C$ پر منجمد ہو جاتا ہے۔ اگر پانی میں کثافتیں موجود ہوں تو یہ دونوں فزیکل خواص تبدیل ہو جاتے ہیں۔

1۔ پانی کے خالص پن کو چیک کرنے کے لیے معیاری ٹمپریچر اور پریشر پر اس کا بوائلنگ پوائنٹ معلوم کیا جاتا ہے۔ اگر پانی کا کوئی سیمپل $100^0C$ پر اُبلے تو وہ سیمپل خالص ہوگا۔ کثافتوں کی موجودگی میں پانی کا بوائلنگ پوائنٹ تھوڑا سا بڑھ جائے گا۔

2۔ پانی کے خالص پن کو چیک کرنے کا ایک اور ٹیسٹ کسی سیمپل کا میلٹنگ پوائنٹ معلوم کرنا ہے۔ اس مقصد کے لیے سیمپل کے پانی کو منجمد کر کے اس کا میلٹنگ پوائنٹ معلوم کیا جاتا ہے۔ اگر یہ $0^0C$ پر پگھل جائے تو پانی خالص ہے جبکہ اگر اس کا میلٹنگ پوائنٹ $0^0C$ سے کم ہو تو اس سیمپل میں کثافتیں موجود ہیں۔

3۔ پانی میں موجود کثافتیں اس کے بوائلنگ پوائنٹ کو بڑھا دیتی ہیں جبکہ اس کا میلٹنگ پوائنٹ کم ہو جاتا ہے۔ یہ دونوں خواص معیاری

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ٹمپریچر اور پریشر پر مخصوص ویلیوز رکھتے ہیں۔ بلندی پر یا بیرونی پریشر کم ہونے سے یہ ویلیوز تبدیل ہو جاتی ہیں۔

**20.1 فوری جانچ**

فریزنگ پوائنٹ کی مدد سے پانی کے خالص پن کو کیسے چیک کرتے ہیں۔

## 20.3 ڈسٹلڈ پانی اور عام نلکے سے حاصل ہونے والے پانی میں فرق

## (Difference between Distilled Water and Tap Water)

ہمارے گھروں، دوکانوں یا دفتروں میں سپلائی ہونے والا پانی نلکوں کے ذریعے سپلائی کیا جاتا ہے۔ یہ پانی ہمیں زیرزمین ذخائر، دریاؤں، جھیلوں اور تالابوں سے حاصل ہوتا ہے۔

نلکوں کے ذریعے حاصل ہونے والے پانی میں مختلف قسم کی معدنیات مثلاً کیلشیم اور میگنیشیم کے سالٹس موجود ہوتے ہیں اور اِن معدنیات کی موجودگی کا انحصار اِن کے ذخائر پر ہے۔ اِس پانی میں کلورین اور فلورین کے سالٹس بھی ہوتے ہیں جو اس پانی کو پینے کے قابل بنانے کے لیے اس میں ڈالے جاتے ہیں۔ حل شدہ معدنیات اور دوسرے آئنز کی موجودگی کی وجہ سے یہ پانی بجلی کا کنڈکٹر ہوتا ہے۔ اس کی pH کی حد 6.5 سے 8.5 تک ہے اور اس کا بھی انحصار اس کے ذخائر پر ہے جس سے یہ حاصل کیا جاتا ہے۔

ڈسٹیلیشن کے بعد حاصل کیا ہوا پانی ڈسٹلڈ واٹر کہلاتا ہے۔ اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ پانی کو گرم کر کے بھاپ میں تبدیل کرتے ہیں اور پھر اس بھاپ کو ٹھنڈا کر کے دوبارہ پانی بنا لیتے ہیں۔ اس طریقہ کار سے پانی میں موجود حل شدہ ساری کثافتیں، جرثومے اور آلودگی نکل جاتی ہیں اور صاف پانی حاصل ہوتا ہے۔

یہ صاف پانی لیبارٹریوں، میڈیکل سے متعلق طریقہ کار اور ادویات کی صنعتوں میں استعمال ہونے کے لیے بہترین ہے۔ اس کا صاف ہونا اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اس کی مدد سے جو سائنسی پیمائشیں، میڈیکل کے آلات کو جراثیم سے پاک کرنا اور اشیا کو زنگ سے بچانے جیسے کام احسن طریقہ سے سرانجام پائیں گے۔

**20.2 فوری جانچ**

نلکے سے ملنے والا پانی بجلی کا کنڈکٹر ہوتا ہے جبکہ کشید شدہ پانی نان کنڈکٹر۔ ایسا کیوں ہے؟

کشید شدہ پانی میں صرف پانی کے مالیکیولز موجود ہوتے ہیں جبکہ یہ پانی بیکٹیریا، آئنز، گیس اور آلودگی سے پاک ہوتا ہے۔ اس کی pH 7 ہوتی ہے۔ اگرچہ پینے کے لیے یہ محفوظ ہے لیکن اس میں انسانی جسم کے لیے ضروری معدنیات نہیں موجود ہوتیں۔ آئنز کی غیر موجودگی کی وجہ سے یہ پانی بجلی کا کنڈکٹر نہیں ہوتا ہے۔

## 20.4 قدرتی ذخائر سے حاصل کیے گئے پانی میں مختلف کمپاؤنڈز

## (Substances Present in Water Obtained from Natural Sources)

قدرتی ذخائر مثلاً دریاؤں، جھیلوں اور زیرزمین ذخائر سے حاصل کردہ پانی میں بہت سے کمپاؤنڈز موجود ہوتے ہیں جو انسانی صحت کے لیے مفید بھی ہوتے ہیں اور ضرر رساں بھی۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## پانی میں موجود مفید اشیا (Useful Substances)

### حل شدہ آکسیجن (Dissolved Oxygen)

قدرتی پانی میں ہوا میں موجود آکسیجن ڈفیوژن کے عمل کے ذریعہ داخل ہوتی ہے۔ یہ فوٹو سینتھیسز کے عمل کے دوران پانی میں اُگے پودوں اور ایلجی (Algae) کے ذریعے بھی پانی میں داخل ہوتی ہے۔

پانی میں موجود مختلف حشرات سانس لینے کے لیے اِسی آکسیجن کو استعمال کر کے زندہ رہتے ہیں۔ ماحولیاتی نظام کی صحت اور تنوع کا انحصار پانی کے ذخیرہ میں حل شدہ اِسی آکسیجن کی مقدار پر ہوتا ہے۔

## پانی میں موجود نقصان دہ اشیا اور پانی کی کوالٹی پر اُن کے اثرات

## (Harmful Substances and Their Effects on the Quality of Water)

### (i) نقصانِ دہ مائکروبز (Harmful Microbes)

مختلف انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے تازہ پانی کے اہم ذرائع جن میں زمین کی سطح پر اور اس کے اندر موجود پانی شامل ہیں آلودہ ہو جاتے ہیں۔ صنعتوں کا ضائع شدہ پانی، زرعی بہاؤ (Agricultural Runoff)، کچرے کے ڈھیر، انسانی اور جانوروں کے فضلہ جات جب قدرتی پانی کے ساتھ ملتے ہیں تو اس میں بیکٹر یا، وائرس اور مختلف پیراسائٹس (Parasites) جیسے نقصان دہ حشرات شامل کر دیتے ہیں۔ اسی طرح ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس اور ناقص سیوریج سے نکلنے والا گندہ پانی قریب ہی موجود پانی کے ذخائر میں امراض پیدا کرنے والے جرثومے داخل کر دیتے ہیں۔ جرثوموں سے پیچش، ٹائی فائڈ، یرقان اور ہیضہ جیسی متعدی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔

### (ii) بھاری میٹلز اور اُن کے کمپاؤنڈز (Heavy Metals and their Compounds)

بھاری میٹلز مثلاً لیڈ، مرکری، کیڈمیم اور کرومیم اور اُن کے کمپاؤنڈز بہت سے ذرائع سے پانی میں شامل ہوتے ہیں۔ صنعتوں سے نکلنے والے گندے پانی میں یہ بھاری میٹلز اور ان کے کمپاؤنڈز موجود ہوتے ہیں اور جب یہ گندہ پانی دریاؤں یا دوسرے پانی کے ذخائر میں داخل ہوتا ہے تو یہ ساری گندگی اُن میں شامل کر دیتا ہے اسی طرح کان کنی کی سرگرمیوں اور زراعت میں استعمال ہونے والی کھادوں اور کیڑے مار ادویات سے بھی سطحِ زمین اور اس کے اندر موجود پانی میں بھاری میٹلز اور اِن کے کمپاؤنڈز شامل ہو جاتے ہیں۔

پانی میں اگر بھاری میٹلز اور اِن کے کمپاؤنڈز موجود ہوں تو اس کے پینے سے انسانی جسم میں موجود اہم اعضاء مثلاً گردے اور جگر متاثر ہوتے ہیں اور اِن سے مختلف قسم کے ذہنی مسائل بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ پانی میں آرسینک اور کیڈمیم کی موجودگی سے مختلف قسم کے کینسرز (Cancers) ہونے کے خدشات بڑھ جاتے ہیں۔

### (iii) پلاسٹکس (Plastics)

پلاسٹک کے بہت چھوٹے ذرات نہ صرف نلکے کے پانی میں بلکہ بوتلوں میں مہیا کئے جانے والے پانی میں بھی موجود ہوتے ہیں۔ پلاسٹک کے یہ چھوٹے ذرات اُس وقت پانی کے ذخائر میں داخل ہوتے ہیں جب بارش کے پانی یا پھر گندے پانی میں موجود پلاسٹک کا کچرہ اِن ذخائر سے ملتا ہے۔ پلاسٹک کے چھوٹے ذرات انسانی جسم میں موجود پھیپھڑوں اور خون میں بھی پائے گئے ہیں۔ اِن ذرات سے انسان کا دفاعی سسٹم اور تولیدی نظام دونوں متاثر ہوتے ہیں۔

Web version of PECTA textbook Not for sale

### (iv) نائٹریٹس اور فاسفیٹس (Nitrates and Phosphates)

قدرتی پانی میں نائٹریٹس اور فاسفیٹس پہاڑوں کی توڑ پھوڑ کے ذریعے داخل ہوتے ہیں۔ یہ انسانی سرگرمیوں مثلاً زراعت میں استعمال ہونے والی کھادوں، صفائی والے کیمیکلز اور صنعتوں کے گندے پانی کے ذریعے بھی پانی میں شامل ہوجاتے ہیں۔ پودوں، جانداروں کو زندہ رکھنے کے لیے یہ اہم غذائی اجزاء ہیں۔ تاہم پانی میں کمپاؤنڈز کی مقدار زیادہ ہوجائے تو پانی کی کوالٹی متاثر ہوتی ہے اور یہ یوٹروفیکیشن (Eutrophication) کا باعث بھی بنتے ہیں۔

یوٹروفیکیشن ایک ایسے عمل کا نام ہے جو کسی پانی کے ذخیرے میں اُس وقت شروع ہوتا ہے جب اس میں نائٹروجن اور فاسفورس جیسے غذائی اجزاء کی مقدار بہت زیادہ ہوجاتی ہے۔ اِن قدرتی اجزاء کی زیادہ مقدار کی وجہ سے ایلجی اور دوسرے پانی میں اُگنے والے پلانٹس کی بہتات ہوجاتی ہے۔ ایلجی اُگنے کی بہتات سے پانی میں جذب آکسیجن کی مقدار کم ہوجاتی ہے جس سے سمندری حیات کو نقصان پہنچتا ہے اور پورا ماحولیاتی نظام متاثر ہوتا ہے۔

## 20.5 گھروں میں سپلائی ہونے والے پانی کی صفائی
## (Treatment of Domestic Water Supply)

قدرتی ذرائع سے حاصل کیے گئے پانی میں زیادہ تر تین قسم کی کثافتیں ہوتی ہیں۔

1۔ حل شدہ کثافتیں
2۔ معلق کثافتیں
3۔ جرثومے (Microorganisms)

ان کثافتوں کو ختم کرنے کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے جاتے ہیں جن میں سیڈیمنٹیشن (Sedimentation)، فلٹریشن (Filtration)، عملِ کشید اور مائع کلورین ملانا شامل ہیں۔

### 1۔ سیڈیمنٹیشن



شکل (20.2) سیڈیمنٹیشن والے ٹینک

قدرتی پانی میں ناحل پذیر کثافتوں میں مٹی، پودوں کے ذرات، ریت اور دوسرے غیر نامیاتی مادے شامل ہیں۔ اِن کثافتوں کے ذرات کا سائز بڑا ہوتا ہے اور ان کو اکثر سیڈیمنٹیشن کے عمل سے علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے قدرتی طور پر حاصل کیے گئے پانی کو مخصوص سیڈیمنٹیشن والے ٹینکس (Sedimentation Tanks) میں ڈالا جاتا ہے جہاں پانی کو چند گھنٹوں کے لیے کھڑا رکھتے ہیں شکل (20.2)۔

### 2۔ فلٹریشن

قدرتی پانی میں موجود چھوٹے ذرات جو سیڈیمنٹیشن سے باہر نہیں نکالے جاسکتے، اُن کو فلٹریشن کے عمل سے نکالا جاتا ہے اس مقصد کے لیے

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

پانی کو ریت کی تہ میں سے اور بجری کی تہ میں سے گزارا جاتا ہے۔جس سے یہ ذرات انہی تہوں میں سے گزر کر علیحدہ ہو جاتے ہیں۔

### 3۔ کلوری نیشن (Chlorination)

استعمال کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ پانی کو جرثوموں سے پاک کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے سارے نقصان دِہ جرثومے مثلاً بیکٹیریا اور مائکروبز (Microbes) کو لازمی طور پر ختم کیا جاتا ہے۔اس کے لیے زیادہ تر مائع کلورین پانی میں شامل کرتے ہیں جو کہ اِن جرثوموں کو ختم کرنے کا ایک طاقتور ذریعہ ہے۔

**یہ جاننا ضروری ہے۔**

مختلف ذرائع سے حاصل کیے گئے پانی کو مختلف طریقوں سے صاف کیا جاتا ہے۔

### 4۔ پانی میں سے آنے والی بُو ختم کرنا (Removal of Odours)

پانی میں سے آنے والی بُو اور اس کا ممکن ذائقہ ختم کرنے کے لیے اس کو ایکٹی ویٹیڈ کاربن یعنی چارکول میں سے گزارا جاتا ہے جو بہت سے غیر نامیاتی مادوں کو جذب کر لیتی ہے۔انہی مادوں کی وجہ سے پانی میں سے بُو آتی ہے اور اُس کا ذائقہ بھی وجود میں آتا ہے۔پانی میں موجود بُو کو ختم کرنے کا ایک اور طریقہ بھی ہے جسے ایریشن (Aeration) کہتے ہیں اور اس طریقہ میں پانی اور ہوا کا ملاپ کیا جاتا ہے۔

## 20.6 پانی میں موجود آلودگی کے اثرات (Effects of Pollutants Present in Water)

پانی میں پائی جانے والی آلودگی سے انسانی صحت، ماحولیاتی نظام، پانی میں رہنے والی مخلوقات اور ایسی صنعتیں جن کے لیے صاف شفاف پانی کا استعمال بہت ضروری ہے سب متاثر ہوتے ہیں۔

## آلودگی کے منفی اثرات کو کیسے کنٹرول کیا جاتا ہے (How to Control the Negative Effects of Pollutants)

پانی میں موجود آلودگی نہ صرف آبی ماحولیاتی نظام کو یوٹری فیکشن کے عمل کے ذریعے متاثر کرتی ہے بلکہ جانوروں کے مسکن بھی تباہ کر دیتی ہے۔فصلیں اُگانے کے لیے اگر آلودہ پانی استعمال کیا جائے تو نہ صرف اُن کی پیداوار کم ہو جاتی ہے بلکہ یہ خوراک کے اجزا کو بھی آلودہ کر دیتی ہے۔

ذیل میں درج اقدامات اُٹھانے سے پانی کی آلودگی پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

1۔ سیوریج اور صنعتوں سے نکلنے والے گندے پانی کو پانی کے ذخائر میں شامل کرنے سے پہلے اُس میں سے ساری آلودہ اشیا کو نکالنا چاہیے۔
2۔ پلاسٹکس کی پیداوار کو کم از کم رکھنے کے لیے اس کو ری سائیکل (Recycle) کر کے بار بار استعمال کرنا چاہیے۔
3۔ صفائی کرنے والے کیمیکلز، چربی، مختلف قسم کے تیلوں اور گریس کو بھی گندے نالوں میں نہیں پھینکنا چاہیے۔
4۔ زراعت میں کیڑے مار ادویات اور کھادوں کا کم سے کم استعمال کیا جائے۔
5۔ عوامی مہم چلا کر عام آدمی کو پانی کی آلودگی کے مضر اثرات کے بارے میں مطلع کرنا۔
6۔ پانی میں موجود آلودگی کو ختم کرنے کے لیے قوانین کا نفاذ اور اُن پر عمل درآمد کرنا۔

**فوری جانچ 20.3**

1۔ آلودگی کی کونسی شکل پانی میں موجود مخلوقات کے لیے ضرر رساں ہیں۔
2۔ پانی میں موجود آلودگی کی شناخت کیسے کرتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## آلودہ پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریاں (Water-borne Diseases)

ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) نے اندازہ لگایا ہے کہ دنیا میں موجود 80 فیصد بیماریاں آلودہ پانی استعمال کرنے اور صفائی کے نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ پانی میں آلودگی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں ہیضہ، ٹائی فائڈ، ملیریا، اُلٹیاں آنا اور کوڑھ شامل ہیں۔ اس دنیا میں ہر سال 50 کروڑ لوگ آلودہ پانی استعمال کرنے کی وجہ سے اِن بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر لاکھوں لوگ ایک ایسی بیماری میں مبتلا ہیں جو اندھا کر دیتی ہے۔ اس بیماری کو ٹراکوما (Trachoma) کہتے ہیں اور یہ بیماری خاص طور پر ترقی پذیر ملکوں میں چھوٹے اور بڑے بچوں میں بہت عام ہے۔ جگر کی بیماریاں خاص طور پر وائرس سے پھیلنے والا یرقان آلودہ پانی پینے سے ہی ہوتا ہے۔

## آلودہ پانی کی وجہ سے پھیلنے والی بیماریاں بیماریوں کی روک تھام (Prevention of Water-borne Diseases)

آلودہ پانی سے پھیلنے والی بیماریوں کو روکنے کے لیے ذیل میں درج ہدایات پر سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔

1۔ ہمیشہ صاف پانی پئیں جو کثافتوں سے پاک ہو۔ پانی کو اُبال کر پئیں تا کہ اس میں موجود جراثیم مر جائیں۔

2۔ حفظانِ صحت کے اصول اپنائیں، خاص طور پر اپنے جسم اور ہاتھوں کو صاف رکھیں۔ صفائی ستھرائی کو ہر وقت یقینی بنائیں۔

# 20.7 پاکستان میں پانی کی قلت (Water Scarcity in Pakistan)

ہر سال ہونے والی بارش کی بنیاد پر دنیا کو مختلف حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پاکستان ایک ایسے حصّے میں واقع ہے جہاں سالانہ بارشیں کم ہوتی ہیں اس لیے اسے سیمی ایرڈ ریجن (Semi-arid Region) والا ملک کہتے ہیں۔ شمالی پاکستان میں جس میں پنجاب بھی شامل ہے مون سون کے موسم میں سالانہ 250-600 mm بارش ہوتی ہے۔ جبکہ جنوبی پاکستان میں بہت کم بارش ہوتی ہے جس کی اوسط سالانہ 200 mm ہے۔

بہت سے عوامل کارفرما ہونے کی وجہ سے اس وقت پاکستان پانی کی شدید قلت کا سامنا کر رہا ہے۔ کم بارش، آبادی میں بے تحاشا اضافہ، فصلوں کے لیے پانی کا بکثرت استعمال، موسموں میں آنے والی تبدیلیاں، کم ہوتے ہوئے زیرِ زمین پانی کے ذخائر اور پانی استعمال کرنے کا ناقص انتظام اس ملک میں پانی کی قلت کی چند وجوہات ہیں۔ اگر موجودہ صورتحال جاری رہتی ہے تو آنے والے سالوں میں پاکستان کو بعض سنجیدہ قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

پانی کی قلت جیسے مسائل کو حل کرنے کے لیے ذیل میں درج اقدامات فوری اُٹھانے چاہیئے۔

1۔ پانی کے ذخائر اور پانی سٹور کرنے کی دوسری سہولتوں کی فراہمی تا کہ خاص طور پر مون سون کے دوران پانی جمع کیا جا سکے۔

2۔ فصلوں کو پانی دینے کے بہتر طریقے استعمال کرنا۔

3۔ موسمی حالات میں ہونے والی تبدیلیوں کا سامنا کرنے کے لیے موزوں اقدامات اُٹھانا۔

4۔ پانی کو ذخیرہ کرنے کے مؤثر انتظامات

**فوری جانچ 20.4**

گھروں میں موجود پانی کو کس طرح محفوظ بنایا جا سکتا ہے؟

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 20.8 پودوں کی نشوونما کے لیے ضروری ایلیمنٹس (Elements Essential for Plant Growth)

پودے صحت مند نشوونما کے لیے مٹی سے غذائی اجزاء جذب کرتے ہیں۔ ایسے ایلیمنٹس جو پودوں کی نشوونما کے لیے ضروری ہیں اُن کو دو حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے ایک حصّے کو مائکرو نیوٹرینٹس (Micro-nutrients) اور دوسرے کو میکرو نیوٹرینٹس (Macro-nutrients) کہتے ہیں۔

### مائکرو نیوٹرینٹس (بہت کم مقدار میں ایلیمنٹس) Micro-nutrients (Trace elements)

پودوں کی نشوونما کے لیے جو غذائی اجزا بہت کم مقدار میں ضروری ہیں اُن کو مائکرو نیوٹرینٹس کہتے ہیں۔ ان میں بورون، کاپر، آئرن، مینگانیز، زنک، مولب ڈینم (Molybdenum) اور کلورین شامل ہیں۔

اِن ایلیمنٹس کی بہت ہی معمولی مقدار پودوں کی صحت مند نشوونما کے لیے استعمال کی جاتی ہے اور اگر یہ ایلیمنٹس زیادہ مقدار میں استعمال کریں تو پودوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ عام طور پر اِن کی مقدار 6 گرام سے 200 گرام فی ایکٹر تک استعمال کی جاتی ہے۔

### میکرو نیوٹرینٹس

پودوں کی نشوونما کے لیے یہ غذائی اجزا زیادہ مقدار میں درکار ہیں ان ایلیمنٹس میں نائٹروجن، فاسفورس، پوٹاشیم، کیلشیم، میگنیشیم، کاربن، ہائڈروجن اور آکسیجن شامل ہیں۔ عام طور پر اِن ایلیمنٹس کی درکار مقدار 5 کلوگرام سے 200 کلوگرام فی ایکٹر ہوتی ہے۔

## 20.9 کھادیں (Fertilizers)

کھادیں ایسے کمپاؤنڈز ہیں جو زمین میں ضروری ایلیمنٹس کی کمی کو دور کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں تاکہ پودے اچھی طرح اُگ سکیں۔ اِن کھادوں میں نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم (NPK) کے کمپاؤنڈز استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ کھادیں زمین کی زرخیزی بڑھاتی ہیں اور سابقہ فصلوں کی وجہ سے زمین میں جن کیمیکل ایلیمنٹس کی کمی ہو جاتی ہے اُس کو پورا کرتی ہیں۔

### اچھی کھاد کی ضروری خصوصیات (Essential Qualities of a Good Fertilizer)

پودوں کو درکار ایلیمنٹ کا ہر کمپاؤنڈ بطور کھاد استعمال نہیں ہوسکتا۔ بطور کھاد استعمال ہونے کے لیے کمپاؤنڈ میں درکار ایلیمنٹس ایسی صورت میں ہونے چاہیں جو پانی میں جلد حل ہوسکیں تاکہ پودے ان کو استعمال کر سکیں۔ بطور کھاد استعمال ہونے والے کمپاؤنڈ کے لیے ضروری ہے کہ وہ زمین میں کچھ دیر برقرار رہ سکے اور جلد تحلیل نہ ہو۔ جبکہ اُس کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ جب اُسے سٹور کیا جائے تو ہوا میں سے پانی جذب نہ کرے اور نہ ہی وقت کے ساتھ سخت پتھر کی طرح ہو جائے۔

اچھی کھاد کے لیے درکار خواص

1۔ اِس میں موجود غذائی اجزا والے ایلیمنٹس پودوں کے لیے فوری فراہم ہونے چاہیں۔

2۔ اس کو پانی میں جلد حل ہونا چاہیے تاکہ زمین کے اندر جذب ہو سکے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

3- پودوں کے لیے نقصان دہ نہیں ہونا چاہیے۔
4- اس کی قیمت بھی کم ہونی چاہیے۔
5- اس کو جلد تحلیل نہیں ہو جانا چاہیے تاکہ لمبے عرصے تک پودے کو فراہم ہوتا رہے۔
6- اس کو زمین کی pH نہیں تبدیل کرنی چاہیے۔
7- پانی سے یا بارش سے اس کو ایسی فارم میں تبدیل ہونا چاہیے جس کو پودا آسانی سے جذب کر سکے۔

## 20.10 کھادوں کی درجہ بندی (Classification of Fertilizers)

کھادوں کی درجہ بندی اس بنیاد پر کی جاتی ہے کہ ان میں نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم میں سے کونسا ایلیمنٹ زمین کو مہیا کیا جاتا ہے۔ اس درجہ بندی سے ذیل میں درج کھادیں استعمال میں لائی جاتی ہیں۔

1- نائٹروجینس کھادیں (Nitrogenous fertilizer)
2- فاسفیٹک کھادیں (Phosphatic fertilizer)
3- پوٹاشیم کھادیں (Potassium fertilizer)

**دلچسپ معلومات**

بائیوفرٹیلائزرز (Biofertilizers) ماحول دوست کھادیں ہیں۔ پودے کی نشوونما کے لیے یہ زمین کو ضروری غذائی اجزا اور مائکروبز (Microbes) فراہم کرتی ہیں۔ بائیوفرٹیلائزرز زمین کو صحت مند بناتی ہیں اور اس کی ساخت کی اصلاح کرتی ہیں۔ یہ حیاتیاتی تنوع (Biodiversity) کو بڑھاتی ہیں اور پودوں کے لیے نقصان دہ کیمیکلز کی ضرورت کو کم کرتی ہیں۔

### نائٹروجینس کھادیں (Nitrogenous fertilizer)

یہ کھادیں پودوں کو یا زمین کو نائٹروجن مہیا کرتی ہیں۔ نائٹروجینس کھادیں پودے کی نشوونما کے پہلے مرحلے کے لیے درکار ہیں اور ان سے پودے کے تنے اور پتوں کی نشوونما ہوتی ہے۔ یہ پروٹینز (Proteins) کا ایک اہم جزو ہیں، پتوں کو سبز رنگ دیتی ہیں، پودوں کی کوالٹی کو بہتر کرتی ہیں اور ان سے حاصل ہونے والی شے کی مقدار کو بڑھاتی ہیں۔ نائٹروجن کھادوں کی چند مثالیں، امونیم سلفیٹ، کیلشیم سیانامائڈ (Calcium Cyanamide)، امونیم نائٹریٹ، امونیم سلفیٹ، امونیم کلورائڈ اور یوریا ہیں۔

امونیم نائیٹریٹ کھاد میں نائٹروجن کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے۔ اس میں نائٹروجن تقریباً 46% ہے اور یہ کھاد نائٹروجن کا سب سے زیادہ ارتکاز رکھتی ہے۔ پاکستان میں یہ کھاد بہت زیادہ استعمال میں لائی جاتی ہے۔

یوریا کھاد فصلوں کے لیے مفید ہے سوائے چاول کی فصل کے، کیونکہ اس فصل میں پانی کی زیادتی کی وجہ سے مائکروبیل بیکٹیریا (Microbial bacteria)، یوریا کو نائٹروجن گیس میں تبدیل کر دیتا ہے۔ اس کھاد کو چونے کے پتھر کے ساتھ ملا کر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ کھاد ہوا سے پانی جذب کرتی ہے۔

### فاسفیٹک کھادیں (Phosphatic Fertilizers)

یہ کھادیں زمین کو یا پودوں کو فاسفورس فراہم کرتی ہیں۔ فاسفورس کھاد پودوں کی ابتدائی نشوونما میں بہتری لاتی ہے اور نشوونما کے آخری

Web version of PECTAA textbook Not for sale

مراحل میں بیج اور پھل بننے کے عمل کو تیز کرتی ہے۔ بیماریوں کا مقابلہ کرنے کے لیے معاونت کرتی ہے۔ فاسفورس رکھنے والی مختلف کھادوں کے اجزائے ترکیبی مختلف ہونے کی وجہ سے پانی میں ان کی حل پذیری بھی مختلف ہوتی ہے۔ سُپر فاسفیٹ، کیلشیم سُپر فاسفیٹ $Ca(H_2PO_4)_2$ اور ٹرپل فاسفیٹ ڈائی امونیم فاسفیٹ $(NH_4)_2HPO_4$ پانی میں حل ہوجاتی ہیں اور یہ فاسفورس مہیا کرنے والی سب سے اچھی کھادیں ہیں۔

## پوٹاشیم کھادیں (Potassium Fertilizers)

یہ کھادیں زمین کو یا پودوں کو پوٹاشیم مہیا کرتی ہیں۔ پودوں میں سٹارچ، شوگر اور ریشے والے مادے بنانے کے لیے پوٹاشیم کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ کھادیں صحت مند جڑیں بنا کر پودوں کو مضبوط کرتی ہیں اور اُنہیں بیماریوں سے لڑنے کے قابل بناتی ہیں۔ یہ کھادیں مختلف قسم کے اناج، پھل اور بیج پکانے میں مددگار ہیں۔ پوٹاشیم کھادیں تمباکو، کافی، آلو اور مکئی کی فصلوں کے لیے خاص طور پر بہت مددگار ہیں۔ پوٹاشیم کلورائڈ، پوٹاشیم سلفیٹ اور پوٹاشیم نائٹریٹ، پوٹاشیم کھادوں کی اہم مثالیں ہیں۔

**فوری جانچ 20.5**

1۔ ایسی کون سی کھاد ہے جس میں نائٹروجن کا ارتکاز سب سے زیادہ ہوتا ہے۔

## مشق

### A کثیر الانتخابی سوالات:

صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) ڈسٹلڈ پانی کی pH ہوتی ہے:

(الف) 6.5 (ب) 7.0 (ج) 8.5 (د) 7.5

(ii) پانی میں ناخوشگوار بدبو کو دور کیا جاسکتا ہے:

(الف) کلورین کے ذریعے (ب) ایکٹیویٹڈ چارکول کے ذریعے
(ج) سیڈیمنٹیشن (Sedimentation) کے ذریعے (د) فلٹریشن کے ذریعے

(iii) قدرتی پانی میں نقصان دہ جرثوموں کے ذرائع ہیں:

(الف) انسانوں اور جانوروں کا فضلہ (ب) کھیتوں میں استعمال ہونے والی کھادیں
(ج) صنعتوں سے خارج ہونے والا پانی (د) چٹانوں میں موجود جرثومے

(iv) فضا میں موجود کون سی گیسیں ڈفیوژن کے ذریعے قدرتی پانی میں جذب ہوتی ہیں؟

(الف) $O_2$ اور $CO_2$ (ب) $N_2$ اور $CO_2$ (ج) $O_2$ اور $N_2$ (د) $N_2$, $O_2$ اور $CO_2$

(v) کھاد جو چاول کی فصل کے لیے نقصان دہ ہے:

(الف) سوپر فاسفیٹ (ب) امونیم نائٹریٹ (ج) یوریا (د) پوٹاشیم سلفیٹ

Web version of PECTAA textbook Not for sale

(vi) وہ کھادیں جو پودوں کی بیماریوں کے خلاف مزاحمت کو بڑھاتی ہیں اور جڑوں کی صحت مند نشوونما سے پودوں کو مضبوط بناتی ہیں:

(الف) نائیٹروجن کی کھادیں
(ب) فاسفیٹ کی کھادیں
(ج) پوٹاشیم کی کھادیں
(د) میگنیشیم کی کھادیں

## B مختصر جوابی سوالات:

20.1 پانی کے خالص پن کو جانچنے کے دو طریقوں کے نام لکھیں۔
20.2 نل کے پانی اور ڈسٹلڈ پانی میں بنیادی فرق کیا ہے؟
20.3 لیبارٹری میں پانی کیسے ڈسٹل کیا جاتا ہے؟
20.4 پانی میں موجود فائدہ مند اور نقصان دہ اجزا کے نام بتائیں۔
20.5 پانی میں موجود نقصان دہ بیکٹیریا اور دیگر جرثوموں کو کیسے تلف کیا جاتا ہے؟
20.6 سیڈیمینٹیشن اور فلٹریشن میں کیا فرق ہے؟
20.7 پانی سے پیدا ہونے والی تین بیماریوں کے نام بتائیں۔
20.8 نائیٹروجن عنصر والی کھادیں زمین میں کیوں ڈالی جاتی ہیں؟
20.9 ٹراکوما کون سی بیماری ہے؟

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

20.1 روزمرہ زندگی میں پلاسٹکس کے استعمال کے منفی اثرات بیان کریں۔
20.2 پانی میں موجود حل شدہ کثافتوں کو دور کرنے کا ایک طریقہ بتائیں۔
20.3 یوریا کو اچھی نائیٹروجن کھاد کیوں سمجھا جاتا ہے؟
20.4 پاکستان کو پانی کی شدید قلت کا سامنا کیوں ہے؟

## D تفصیلی سوالات:

20.1 گھروں میں مہیا کرنے والے پانی کو پینے کے قابل کیسے بنایا جا سکتا ہے؟
20.2 پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے کون سے حفاظتی اقدامات کرنے چاہییں؟
20.3 کھاد کسے کہتے ہیں؟ اچھی کھاد کی اہم خصوصیات کا ذکر کریں۔
20.4 نائٹروجن، فاسفیٹک اور پوٹاشیم کھادیں کیوں اہم ہیں؟
20.5 پانی میں موجود آلودگی کے منفی اثرات سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale


NOT FOR SALE-PESRP

# آرگینک کیمسٹری
# Organic Chemistry

باب 21

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- آرگینک مالیکیولز کو بطور سیدھی چین، شاخوں والی چین یا سائکلک (Cyclic) کے طور پر بیان کریں۔
- بیان کریں کہ سٹرکچرل فارمولا، مالیکیول میں موجود ایٹمز کی ترتیب کو واضح طور پر بیان کرتا ہے۔ بشمول درج ذیل مالیکیولز:

$CH_2=CH_2$, $CH_3CH_2OH$, $CH_3COOCH_3$

- مالیکیولز کے سٹرکچرل فارمولاز لکھیں اور سٹرکچرل فارمولاز سے مالیکیولز کی شناخت کریں۔
- ہومولوگس سیریز میں موجود مرکبات کے جنرل فارمولاز کی تشریح کریں جن میں الکینز، الکینز، الکائنز، الکوحلز اور کاربوکسلک ایسڈز شامل ہیں۔
- سٹرکچرل آئسومرزم کی تعریف کریں اور بتائیں کہ یہ ایسے کمپاؤنڈز ہیں جن کے مالیکیولر فارمولاز ایک جیسے لیکن سٹرکچرل فارمولاز مختلف ہوتے ہیں۔ اِن میں درج ذیل کمپاؤنڈز شامل ہیں:

$C_4H_{10}$ بطور $CH_3CH_2CH_2CH_3$ اور $CH_3CH(CH_3)CH_3$

$C_4H_8$ بطور $CH_3CH_2CH=CH_2$ اور $CH_3CH=CHCH_3$

- فنکشنل گروپ (Functional group) کی ایٹم یا ایٹموں کے گروپ کے طور پر شناخت کریں جو ایک ہومولوگس سیریز کی کیمیائی خصوصیات کا تعین کرتا ہے۔ ہومولوگس سیریز میں، الکوحلز، ایلڈی ہائیڈز، کیٹونز، فینولز، کاربوکسلک ایسڈز، ایمائنز، ایسٹرز اور امائیڈز شامل ہیں۔
- ہومولوگس سیریز کی درج ذیل عمومی خصوصیات تحریر کریں:

(الف) ایک ہی فنکشنل گروپ کا ہونا۔ (ب) ایک ہی جنرل فارمولا کا ہونا۔

(ج) ایک سے دوسرے رُکن میں $CH_2$ گروپ کا فرق۔ (د) طبعی خصوصیات میں ایک ہی رجحان کو ظاہر کرنا۔

(ہ) مشترکہ کیمیائی خصوصیات کا ہونا۔

- بیان کریں کہ سیچوریٹڈ مرکب ایسے مالیکیولز پر مشتمل ہوتا ہے جس میں تمام کاربن ایٹمز کے مابین سنگل بانڈز ہوتے ہیں۔
- بیان کریں کہ اَن سیچوریٹڈ مرکب ایسے مالیکیولز پر مشتمل ہوتا ہے جس میں کاربن ایٹمز کے درمیان ایک یا ایک سے زیادہ سنگل بانڈز نہیں ہوتے۔
- اَن برانچڈ الکینز (Alkanes)، الکینز (Alkenes)، الکوحلز اور کاربوکسلک ایسڈز کے نام اور فارمولاز تحریر کریں۔ بشمول:

بیوٹ-1-این، بیوٹ-2-این، پروپین-1-اول، پروپین-2-اول، بیوٹین-1-اول، بیوٹین-2-اول

- ایسے کیمیائی ناموں کے ساتھ موجود مرکب کی قسم بتائیں جس کا اختتام این۔ اِیین، آئن، اول، یا او یک ایسڈ پر ہوتا ہے یا پھر دیئے گئے مالیکیولر فارمولا، سٹرکچرل فارمولا یا ڈسپلیڈ (displayed) فارمولا کی مدد سے مرکب کی قسم بتائیں۔
- اَن برانچڈ الکوحلز اور کاربوکسلک ایسڈز سے بننے والے اَن برانچڈ ایسٹرز کے نام بتائیں اور ان کے ظاہری فارمولاز لکھیں۔ ایسے ایسٹرز میں کاربن ایٹمز چار سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

ایک آرگینک کمپاؤنڈ میں بنیادی طور پر کاربن ایٹمز ہوتے ہیں جو کہ ایک دوسرے سے اور دوسرے ایلیمنٹس سے کوویلنٹ بانڈز کے ذریعے جُڑے ہوتے ہیں۔ کاربن ایٹمز کے علاوہ، آرگینک کمپاؤنڈز کی اکثریت میں ہائڈروجن بھی ہوتی ہے۔ ان کے علاوہ آکسیجن، نائٹروجن، سلفر اور ہیلوجنز بھی اِن کمپاؤنڈز میں ہو سکتے ہیں۔ تاریخی طور پر اور روایتوں کے مطابق کچھ کاربن کے کمپاؤنڈز ایسے ہیں جن کا مطالعہ اِن آرگینک (Inorganic) کمپاؤنڈز کی طرح کیا جاتا ہے۔ اِن میں آکسائڈز، کاربونیٹس اور ہائڈروجن کاربونیٹس وغیرہ شامل ہیں۔ اس طرح آرگینک کیمسٹری کی تعریف ہم اس طرح کریں گے کہ یہ کیمسٹری کی وہ برانچ ہے جس میں کاربن اور ہائڈروجن سے بنے کمپاؤنڈز یعنی ہائڈروکاربنز اور اُن سے حاصل کردہ کمپاؤنڈز کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

## 21.1 آرگینک کمپاؤنڈز کی درجہ بندی (Classification of Organic Compounds)

**دلچسپ معلومات**

آرگینک کیمسٹری مخصوص خواص کی حامل نئی مادی اشیا بنانے کے لیے مرکزی کردار ادا کرتی ہے مثال کے طور پر پولیمرز اور ادویات۔

آرگینک کمپاؤنڈز کی تعداد لاکھوں میں ہے۔ عملی طور پر یہ ممکن نہیں ہے کہ ہم انفرادی طور پر ہر کمپاؤنڈ کا مطالعہ کریں۔ اس لیے ان کے مطالعہ میں سہولت کے لیے آرگینک کمپاؤنڈز کی درجہ بندی مختلف گروپس اور سب گروپس (Sub-groups) میں کی گئی ہے۔ اِن کی درجہ بندی عمومی طور پر درج ذیل طریقے سے کی جاتی ہے۔

اوپن چین یا اے سائیکلک کمپاؤنڈز (Open Chain or Acylic Compounds)

کلوزڈ چین یا سائیکلک (یا رِنگ) کمپاؤنڈز (Closed Chain or Cyclic (Ring) Compounds)

### (i) اوپن چین یا اے سائیکلک کمپاؤنڈز

اس قسم کے کمپاؤنڈز میں کاربن ایٹمز ایک چین کی شکل میں منسلک ہوتے ہیں۔ یہ چینز بغیر شاخوں کے یا شاخوں والی دونوں طرح کی ممکن ہیں۔ ان اوپن چین کمپاؤنڈز اور کچھ طرح کے رِنگ کمپاؤنڈز کو ایلیفیٹک (Aliphatic) کمپاؤنڈز بھی کہتے ہیں۔

سیدھی چین والے یا بغیر برانچ کے کمپاؤنڈز۔

| | | |
|---|---|---|
| $CH_3-CH_2-CH_2-CH_3$ | $H_2C=CH-CH_2-CH_3$ | $CH_3-CH_2-CH_2-CH_2-OH$ |
| بیوٹین | بیوٹ-1-این | بیوٹانول |

برانچ والے کمپاؤنڈز




### (ii) کلوزڈ چین والے یا کلوزڈ چین کمپاؤنڈز

اِن کمپاؤنڈز میں ایک یا زیادہ کاربن ایٹمز کی کلوزڈ چین یا رِنگز (Rings) ہوتے ہیں اس لیے ان کو کلوزڈ چین والے یا رِنگ کمپاؤنڈز کہتے ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for Sale

اگر رِنگ صرف کاربن ایٹمز سے مِل کر بنا ہو تو اِسے کاربوسائکلک (Carbocyclic) کمپاؤنڈز کہیں گے۔ تاہم اگر رِنگ میں کاربن ایٹمز کے علاوہ دوسرے ایٹمز بھی شامل ہوں گے تو اِن کمپاؤنڈز کو ہیٹروسائکلک (Heterocyclic) کمپاؤنڈز کہیں گے۔

کاربوسائکلک کمپاؤنڈز کی ذیل میں درج مزید درجہ بندی کی گئی ہے۔

1- ایلی سائکلک کمپاؤنڈز (Alicyclic Compounds)

2- ایرومیٹک کمپاؤنڈز (Aromatic Compounds)

**دلچسپ معلومات**

کاربن ایٹم کی چار بانڈز بنانے کی صلاحیت لامحدود قسم کے مالیکیول بناتی ہے جو آرگینک کیمسٹری کو بہت مفید بناتی ہے۔

## (1) ایلی سائکلک کمپاؤنڈز (Alicyclic Compounds)

ایسے کاربوسائکلک کمپاؤنڈز جن میں رِنگ تین یا زیادہ کاربن ایٹمز سے بنا ہو اور وہ ایلی فیٹک کمپاؤنڈز سے مشابہت رکھتے ہوں اُن کو ایلی سائکلک کمپاؤنڈز کا نام دیا گیا ہے۔ سیچوریٹڈ ایلی سائکلک کمپاؤنڈز کا جنرل فارمولا $C_nH_{2n}$ ہے۔ چند مخصوص ایلی سائکلک کمپاؤنڈز درج ذیل ہیں۔



سائکلوپروپین (Cyclopropane) | سائکلوبیوٹین (Cyclobutane) | سائکلوہیگزین (Cyclohexane) | سائکلوہیگزین (Cyclohexene)

## (2) ایرومیٹک کمپاؤنڈز (Aromatic Compounds)

ایرومیٹک کمپاؤنڈز بہت سی قسموں کے ہیں۔ اِن میں سادہ ترین وہ ہیں جن میں ایک بینزین (Benzene) رِنگ ہوتا ہے۔ بینزین رِنگ چھ کاربن ایٹمز سے مِل کر بنتا ہے جس میں متبادل سنگل اور ڈبل بانڈز (Alternate Single and Double Bonds) ہوتے ہیں۔ عام طور پر اِن بانڈز کو ایک دائرے کی شکل میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے رِنگ کمپاؤنڈز جن میں متبادل ڈبل بانڈز موجود ہوں وہ بھی ایرومیٹک کمپاؤنڈز میں شامل کیے جاتے ہیں۔



بینزین

**فوری جانچ 21.1**

1- سائکلوہیگزین (Cyclohexane) اور بینزین (Benzene) میں کیا فرق ہے؟

2- ایسے کمپاؤنڈز کی دو مثالیں دیں جن میں کاربن کی چین میں برانچ یا برانچز ہوں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## 21.2 سٹرکچرل فارمولا (Structural Formula)

کسی کمپاؤنڈ کا سٹرکچرل فارمولا اُس میں موجود ایٹمز اور بانڈز میں پائے جانے والی ترتیب کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ فارمولا اس حد تک معلومات فراہم کرتا ہے کہ مالیکیول کی ساخت کا واضح طور پر پتہ چل جائے۔ عام روایت یہ ہے کہ جب مالیکیول میں موجود ایٹمز کی ترتیب ظاہر کی جائے تو سنگل بانڈز کو حذف کر دیتے ہیں اور صرف اہم بانڈز یعنی ڈبل اور ٹرپل بانڈز دکھائے جاتے ہیں۔ نیز ایک جیسے گروپس اور کچھ دوسرے گروپس کو بریکٹ میں ظاہر کرتے ہیں۔

سٹرکچرل فارمولا کو لکھنے کے کئی طریقے ہیں اور طلبا کو اِن سب طریقوں کی پہچان ہونی چاہیے۔

### ڈسپلیڈ فارمولا یا مکمل سٹرکچرل فارمولا (Displayed Formula or Full Structural Formula)

یہ فارمولا مالیکیول کی تفصیلی ترتیب ظاہر کرتا ہے جس میں ایٹمز کی نسبتی پوزیشنز (Relative Positions)، اِن کی تعداد اور اِن کے درمیان پائے جانے والے بانڈز ظاہر کیے جاتے ہیں۔ ایٹمز کے درمیان موجود بانڈز کو چھوٹی لائنوں سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

### کنڈینسڈ سٹرکچرل فارمولا (Condensed Structural Formula)

اس فارمولا میں بھی ایٹمز کے درمیان بانڈز کو لائنوں سے ظاہر کیا جاتا ہے لیکن کاربن-کاربن ہائیڈروجن بانڈز کو حذف کر لیتے ہیں۔

ٹیبل 21.1: کنڈینسڈ سٹرکچرل فارمولاز

| کمپاؤنڈ | ڈسپلیڈ فارمولا | کنڈینسڈ سٹرکچرل فارمولا |
|---|---|---|
| ایتھین (Ethane) |  | $CH_3-CH_3$ |
| ایتھین (Ethene) |  | $CH_2=CH_2$ |
| ایتھائن (Ethyne) | $H-C\equiv C-H$ | $HC\equiv CH$ |
| پروپین (Propane) |  | $CH_3-CH_2-CH_3$ |
| بیوٹین (Butane) |  | $CH_3-CH_2-CH_2-CH_3$ |

Web version of PECTAA textbook Not for sale

| کنڈینسڈ سٹرکچرل فارمولا | ڈسپلیڈ فارمولا | کمپاؤنڈ |
|---|---|---|
| $CH_2 = CH - CH_2 - CH_3$ |  | بیوٹ-1-اِین<br>(But-1-ene) |
| $CH_3 - CH = CH - CH_3$ |  | بیوٹ-2-اِین<br>(But-2-ene) |
| $CH_3 - CH_2 - OH$ |  | ایتھانول (Ethanol) |
| $CH_2 - CH_2 - CH_3$<br>\|<br>OH |  | پروپانول (Propanol) |
| $CH_3 - CH - CH_3$<br>\|<br>OH |  | پروپین-2-اول<br>(Propan-2-ol) |
| $CH_2 - CH_2 - CH_2 - CH_3$<br>\|<br>OH |  | بیوٹانول (Butanol) |
| $CH_3 - CH - CH_2 - CH_3$<br>\|<br>OH |  | بیوٹین-2-اول<br>(Butan-2-ol) |
| O<br>‖<br>$CH_3 - C - OH$ |  | ایتھنوئک ایسڈ<br>(Ethanoic acid) |
| O<br>‖<br>$CH_3 - CH_2 - C - OH$ |  | پروپینوئک ایسڈ<br>(Propanoic acid) |
| O<br>‖<br>$CH_3 - C - O - CH_3$ |  | میتھائل ایتھنوایٹ<br>(Methyl ethanoate) |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

**فوری جانچ 21.2**

بیوٹین-2-اول، ایتھائل ایتھنوایٹ، بیوٹ-2-این اور پینٹین (Pentane) کے ڈسپلیڈ اور کنڈینسڈ سٹرکچرل فارمولاز لکھیں۔

## 21.3 ہومولوگس سیریز (Homologous Series)

آرگینک کمپاؤنڈز کی درجہ بندی بطور مختلف فیملیز بھی کی گئی ہے۔ ہر فیملی میں ملتے جلتے آرگینک کمپاؤنڈز موجود ہوتے ہیں جن کی ساخت اور کیمیائی خواص میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ ان مختلف فیملیز کو ہومولوگس سیریز کہتے ہیں۔

### ہومولوگس سیریز کے خواص (Characteristics of a Homologous Series)

ہومولوگس سیریز میں موجود اراکین کے مشترکہ خواص درج ذیل ہیں۔

i- ایک ہومولوگس سیریز کے تمام اراکین کو ایک ہی جنرل فارمولا سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر الکینز (Alkanes) جنہیں سیچوریٹیڈ ہائیڈروکاربنز (Saturated Hydrocarbons) بھی کہتے ہیں اُن کو $C_nH_{2n+2}$ کے جنرل فارمولا سے ظاہر کرتے ہیں۔ یہاں n اس رکن میں موجود کاربن ایٹمز کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ بعض دوسرے ارکان کے جنرل فارمولاز نیچے دیئے گئے ہیں۔

| ہومولوگس سیریز | جنرل فارمولا |
|---|---|
| الکینز (Alkenes) | $C_nH_{2n}$ |
| الکائنز (Alkynes) | $C_nH_{2n-2}$ |
| الکوحلز (Alcohols) | $C_nH_{2n+1}OH$ |
| کاربوکسلک ایسڈز (Carboxylic acids) | $C_nH_{2n+1}COOH$ |

**فوری جانچ 21.3**

1- ایسے کاربوکسلک ایسڈ کا مالیکیولر فارمولا لکھیں جن میں تین کاربن ایٹمز موجود ہوں (n = 3)۔

2- ایک ایسی الکوحل کا مالیکیولر فارمولا لکھیں جس میں چار کاربن ایٹمز موجود ہوں۔

ii- ایک ہومولوگس سیریز کے ہر رکن میں آپس میں $CH_2$ گروپ کا فرق ہوتا ہے اور اس طرح اُن کے مالیکیولر ماس میں 14 یونٹس کا فرق ہوتا ہے۔

iii- ایک ہومولوگس سیریز کے ہر رکن میں ایک جیسا فنکشنل (Functional) گروپ ہوتا ہے مثلاً کاربوکسلک ایسڈ سیریز میں ہر رکن کے پاس COOH- فنکشنل گروپ ہوگا۔

iv- ہومولوگس سیریز کے ہر رکن میں جب ایک ہی فنکشنل گروپ ہوگا تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ سب ارکان کے کیمیائی خواص ایک جیسے ہوں گے۔

v- ہومولوگس سیریز کے ارکان کے طبعی خواص مثلاً میلٹنگ پوائنٹ، بوائلنگ پوائنٹ، ڈینسٹی اور حل پذیری مالیکیولر ماسز کے بڑھنے کی وجہ سے آہستہ آہستہ تبدیل ہوتے ہیں۔

vi- ہومولوگس سیریز کے ارکان کو ملتے جلتے طریقوں سے بنایا جاسکتا ہے۔

## 21.4 آئسومیریزم (Isomerism)

ایسے کمپاؤنڈز جن کے مالیکیولر فارمولاز ایک جیسے ہوں لیکن اُن کے سٹرکچرل فارمولاز اور خواص میں فرق ہو تو اُن کو آئسومرز (Isomers) کہتے ہیں اور اس مظہر کو سٹرکچرل آئسومیریزم (Structural Isomerism) کا نام دیا گیا ہے۔

Webversion of PECTAA textbook Not for sale

بیوٹین ($C_4H_{10}$, Butane) ایک سادہ ترین ہائڈروکاربن ہے جس کے سٹرکچرل آئسومرز موجود ہیں۔ میتھین، ایتھین اور پروپین اِن سب کو ایک ہی سٹرکچرل فارمولا سے ظاہر کیا جاسکتا ہے اس لیے ان میں سٹرکچرل آئسومیریزم موجود نہیں ہے۔ لیکن اگر ہم بیوٹین یا اس سے بڑے ہائڈروکاربنز کے سٹرکچرل فارمولاز کا مطالعہ کریں تو ہم اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ اِن میں موجود ایٹمز کو ایک سے زیادہ طریقوں سے ترتیب دے سکتے ہیں اور اِن سب طریقوں میں ان ایٹمز کی ویلنسیز (Valencies) بھی ایک جیسی ہوں گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک ہی مالیکیولر فارمولا رکھنے والے کمپاؤنڈ میں موجود ایٹمز دو یا اس سے زیادہ طریقے سے ترتیب دیئے جاسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر بیوٹین مالیکیول میں موجود ایٹمز ذیل میں درج دو مختلف طریقوں سے ترتیب دیئے جاسکتے ہیں۔




اس حقیقت کو تجربات کی مدد سے ثابت کیا گیا ہے کہ ایک مالیکیولر فارمولا یعنی $C_4H_{10}$ رکھنے والے کمپاؤنڈز دو طرح کے ہیں اِن کے فزیکل خواص بھی مختلف ہیں۔

جیسے جیسے سیچوریٹڈ ہائڈروکاربن میں کاربن ایٹمز کی تعداد بڑھتی ہے اس کے ممکن آئسومرز کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوتا ہے۔ پانچ کاربن رکھنے والی پینٹین (Pentane) کے تین آئسومرز ہیں اور جب ہائڈروکاربن میں کاربن ایٹمز کی تعداد تیس تک پہنچتی ہے تو اس کمپاؤنڈ کے آئسومرز کی تعداد ارب سے زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ سٹرکچرل آئسومرز صرف سیچوریٹڈ ہائڈروکاربنز میں ہی موجود نہیں ہیں بلکہ آرگینک کمپاؤنڈز کی ساری ہومولوگس سیریز اور اِن سے حاصل کردہ کمپاؤنڈز میں سٹرکچرل آئسومرز موجود ہیں۔

بیوٹین (Butene) کے دو سٹرکچرل آئسومرز ہیں۔

| | |
|---|---|
| $CH_3 - CH_2 - CH = CH_2$ | $CH_3 - CH = CH - CH_3$ |
| بیوٹ-1-این | بیوٹ-2-این |

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 21.5 فنکشنل گروپ (Functional Group)

فنکشنل گروپ ایک ایسا گروپ ہے جس میں موجود ایک ایٹم یا ایٹمز کا گروپ اُس آرگینک کمپاؤنڈ کے خواص کا تعین کرتا ہے۔ مثال کے طور پر الکوحل فیملی سے منسلک خواص کی وجہ اُن میں ہائڈروکسل (Hydroxyl) گروپ (-OH) کی موجودگی ہے۔ اس ہائڈروکسل گروپ کو فنکشنل گروپ کہتے ہیں۔




کچھ اہم فنکشنل گروپس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

### (a) ہائڈروکسل گروپ (Hydroxyl Group -OH)

یہ گروپ جس فیملی میں موجود ہوتا ہے اُن کو الکوحلز کہتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| $CH_3 - OH$ میتھانول | $CH_3 - CH_2 - OH$ ایتھانول |

اگر یہی ہائڈروکسل گروپ بینزین (Benzene) رِنگ سے منسلک ہوتو اس ہومولوگس سیریز کا نام فینولز (Phenols) ہوگا۔



فینول

### (b) ایلڈی ہائڈ گروپ (Aldehyde Group) $(-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-H)$

یہ گروپ آرگینک کمپاؤنڈز کی ایک ایسی فیملی میں موجود ہے جس کو ایلڈی ہائڈز (Aldehydes) کہتے ہیں۔

$H - \overset{O}{\overset{\|}{C}} - H$ میتھانال یا فارم ایلڈی ہائڈ

$CH_3 - \overset{O}{\overset{\|}{C}} - H$ ایتھانال یا ایسٹ ایلڈی ہائڈ

### (c) کیٹون گروپ (Ketone Group) $\left(\begin{matrix}R \\ R\end{matrix}\!\!>C = O\right.$ where R is an alkyl group)

جس ہومولوگس سیریز میں کیٹون فنکشنل گروپ موجود ہے اُس کے ارکان کو کیٹونز (Ketones) کہتے ہیں۔

$CH_3 - \overset{O}{\overset{\|}{C}} - CH_3$ پروپانون (Propanone) یا ایسی ٹون

$CH_3 - CH_2 - \overset{O}{\overset{\|}{C}} - CH_3$ بیوٹانون (Butanone)

### (d) کاربوکسل گروپ (Carboxyl Group) $(-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OH)$

یہ گروپ کاربوکسلک ایسڈ ہومولوگس سیریز میں ہوتا ہے۔

$H - \overset{O}{\overset{\|}{C}} - OH$ میتھانوئک ایسڈ یا فارمک ایسڈ (Methanoic acid or Formic acid)

$CH_3 - \overset{O}{\overset{\|}{C}} - OH$ ایتھانوئک ایسڈ یا ایسیٹک ایسڈ (Ethanoic acid or Acetic acid)

### (e) امائنو گروپ (Amino Group) $(-NH_2)$

یہ گروپ کمپاؤنڈز کی ایسی سیریز میں موجود ہے جن کو ایلی فیٹک امینز (Aliphatic amines) یا ایرومیٹک امینز (Aromatic amines) کہتے ہیں۔

$CH_3 - NH_2$ میتھائل امین (Methylamine)

$CH_3 - CH_2 - NH_2$ ایتھائل امین (Ethylamine)



اینی لین (Aniline)

Web version of PECTA textbook Not for sale

## (f) امائڈ گروپ (Amide Group)

$$(-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-NH_2)$$

یہ گروپ ایسڈ امائڈ فیملی میں موجود ہے۔

| | |
|---|---|
| $H-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-NH_2$ | فارم امائڈ (Formamide) |
| $CH_3-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-NH_2$ | ایسٹ امائڈ (Acetamide) |

## (g) ایسٹر گروپ (Amide Group)

$$(-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OR)$$

ایسٹر گروپ رکھنے والی فیملی کو کاربوکسلک ایسٹرز (Carboxylic Esters) کہتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| $CH_3-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OCH_3$ | میتھائل ایتھانوایٹ یا میتھائل ایسیٹیٹ (Ethyl ethanoate or Ethyl acetate) |
| $CH_3-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OC_2H_5$ | ایتھائل ایتھانوایٹ یا ایتھائل ایسیٹیٹ (Methyl ethanoate or Methyl acetate) |

**فوری جانچ 21.4**

1- فینولز (Phenols) الکوحلز (Alcohols) سے کس طرح مختلف ہیں۔

2- ایلڈی ہائڈ (Aldehyde) فنکشنل گروپ اور کیٹون (Ketone) فنکشنل گروپ میں کون سی بات مشترک ہے۔

# 21.6 آرگینک کمپاؤنڈز کے نام (Naming Organic Compounds)

شروع شروع میں آرگینک کیمیا دانوں نے جو آرگینک کمپاؤنڈ بنائے تو جو نام اُنھوں نے تجویز کیے اُنھیں کامن یا ٹریویل نام (Common or Trivial Names) کہتے ہیں۔ اکثر استعمال میں آنے والے یہ نام نہ صرف سادہ ہیں بلکہ آسانی سے استعمال میں آجاتے ہیں۔ تاہم جب بہت زیادہ تعداد میں آرگینک کمپاؤنڈز بننا شروع ہوگئے جن میں سے بعض بہت پیچیدہ بھی تھے تو اِن سب کو اِنفرادی طور پر کومن نام دینا ممکن نہ رہا۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے انٹرنیشنل یونین آف پیور اینڈ اپلائڈ کیمسٹری (IUPAC) نے آرگینک کمپاؤنڈز کو باقاعدہ نام دینے کا طریقہ نکالا۔ نام دینے کے اس طریقے کو IUPAC نومن کلیچر (Nomenclature) کہتے ہیں۔

ٹیبل 21.2: IUPAC سسٹم کے مطابق روٹس کے نام

| کاربن ایٹمز کی تعداد | روٹ کا نام |
|---|---|
| 1 | میتھ (Meth-) |
| 2 | ایتھ (Eth-) |
| 3 | پروپ (Prop-) |
| 4 | بیوٹ (But-) |
| 5 | پینٹ (Pent-) |
| 6 | ہیکز (Hex-) |
| 7 | ہیپٹ (Hept-) |
| 8 | آکٹ (Oct-) |
| 9 | نون (Non-) |
| 10 | ڈیک (Dec-) |

## (i) الکینز (Alkanes)

ایسے آرگینک کمپاؤنڈز جن میں صرف کاربن اور ہائیڈروجن کے ایٹمز موجود ہوں اُن کو ہائڈروکاربنز کہتے ہیں۔ ایسے ہائیڈروکاربنز جن میں کاربن ایٹم کی چاروں ویلینسیز (Valencies) سنگل بانڈز بنانے کے لیے استعمال ہوچکی ہوں اُن کو سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز یا

Web version of PECTAA textbook Not for sale

الکینز (Alkanes) کہتے ہیں۔ جبکہ ایسے ہائیڈروکاربنز جن میں کم از کم ایک ڈبل یا ٹرپل بانڈ ہو اُن کو اَن سیچوریٹڈ (Unsaturated Hydrocarbons) کہتے ہیں۔ سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز یا الکینز میں ایک یا زیادہ کاربن ایٹمز موجود ہوتے ہیں اور اِن میں سیدھی چین یا برانچوں والی چین دونوں ہوسکتی ہیں۔

میتھین ($CH_4$) سادہ ترین سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربن ہے۔

IUPAC سسٹم کے مطابق آرگینک کمپاؤنڈ کے نام کے تین حصے ہیں۔

۱۔ **رُوٹ (Root):** نام کا یہ حصہ مالیکیول میں موجود کاربن ایٹمز کی سب سے لمبی مسلسل چین (Longer Continuous Chain) میں کاربن ایٹمز کی تعداد بتاتی ہے۔ دس کاربن ایٹمز تک کے مالیکیولز کے رُوٹس (Roots) کے نام ٹیبل (21.2) میں دیئے گئے ہیں۔

۲۔ **سفیکس (Suffix):** نام کے اِس حصّے کو روٹ کے ساتھ رکھا جاتا ہے اور آرگینک کمپاؤنڈ کی فیملی کے بارے میں مطلع کرتا ہے۔

۳۔ **پری فیکس (Prefix):** نام کے اِس حصّے کو روٹ سے پہلے لکھا جاتا ہے اور یہ اُس گروپ یا اُن گروپس کے بارے میں بتاتا ہے جو سیدھی چین کے ساتھ لگے ہوتے ہیں۔

ٹیبل (21.3) میں چند الکینز کے مالیکیولر فارمولاز، ڈسپلیڈ فارمولاز (Displayed Formulas) یا کنڈینسڈ (Condensed) سٹرکچرل فارمولاز دکھائے گئے ہیں۔

**ٹیبل 21.3 الکینز کے فارمولاز**

| | | |
|---|---|---|
|  | $CH_4$ | میتھین (Methane) |
|  | $C_2H_6$ <br> $CH_3–CH_3$ | ایتھین (Ethane) |
|  | $C_3H_8$ <br> $CH_3–CH_2–CH_3$ | پروپین (Propane) |
|  | $C_4H_{10}$ <br> $CH_3–(CH_2)_2–CH_3$ | بیوٹین (Butane) |
| $CH_3–CH_2–CH_2–CH_2–CH_3$ | $C_5H_{12}$ | پینٹین (Pentane) |
| $CH_3–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_3$ | $C_6H_{14}$ | ہیگزین (Hexane) |
| $CH_3–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_3$ | $C_7H_{16}$ | ہیپٹین (Heptane) |
| $CH_3–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_3$ | $C_8H_{18}$ | آکٹین (Octane) |
| $CH_3–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_3$ | $C_9H_{20}$ | نونین (Nonane) |
| $CH_3–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_2–CH_3$ | $C_{10}H_{22}$ | ڈیکین (Decane) |

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## (ii) الکائل گروپ (Alkyl Group)

جب الکین کا مالیکیول بہت سے موجود ہائیڈروجن ایٹمز میں سے ایک ایٹم کھو دیتا ہے تو الکائل گروپ بنتا ہے۔ مثلاً

میتھین $CH_4 \xrightarrow{-H} CH_3-$ or




$C_2H_6 \xrightarrow{-H} C_2H_5-$ or

ایتھین




عام طور پر الکین کو R-H جبکہ الکائل گروپ کو -R سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

نام دینے کے IUPAC سسٹم کی وضاحت کے لیے ذیل میں درج کمپاؤنڈ کو نام دیتے ہیں۔

$CH_3 — CH_2 — CH_2 — CH_3$

(a) اس کمپاؤنڈ میں موجود سب سے لمبی کاربن کی چین کی نشاندہی کریں۔

(b) اس کمپاؤنڈ کی فیملی کی شناخت کریں۔

اس کمپاؤنڈ میں سب سے لمبی کاربن کی چین میں چار کاربن ایٹمز ہیں اور اس کمپاؤنڈ کا تعلق ہائیڈروکاربنز کی فیملی الکینز کے ساتھ ہے۔ اس لیے اس کا روٹ بیوٹ (-But) اور سفکس این (ane) ہوگا۔ اس طرح آرگینک کمپاؤنڈ کا نام بیوٹین (Butane) ہوگا۔

$CH_3 — CH_2 — CH_2 — CH_3$

بیوٹین (Butane)     سب سے لمبی کاربن کی لڑی

### فوری جانچ 21.5

IUPAC سسٹم کے مطابق ذیل میں درج کمپاؤنڈز کو نام دیں۔

(i) $CH_3 - CH_2 - CH_2 - CH_2 - CH_3$

(ii) $CH_3 - CH_2 - CH_2 - CH_2 - CH_2 - CH_2 - CH_2$

## (iii) الکینز (Alkenes)

ایسے ہائیڈروکاربنز جن میں کم از کم ایک کاربن۔ کاربن ڈبل بانڈ موجود ہو تو اُنہیں الکینز کہتے ہیں۔

الکینز کو الکینز کی طرح ہی نام دیئے جاتے ہیں لیکن اِن کے لیے سفکس (Suffix) این -ene استعمال کیا جاتا ہے۔ الکینز کو نام دینے کے لیے ذیل میں درج نقاط کے مطابق چلیں۔

۱۔ کمپاؤنڈ میں موجود سب سے لمبی کاربن ایٹمز کی چین کی شناخت کریں جس میں ڈبل بانڈ سے منسلک دونوں کاربن ایٹمز شامل ہوں۔

۲۔ چین میں موجود کاربن ایٹمز کو اس سرے سے گننا شروع کریں جہاں سے ڈبل بانڈ والی کاربن ایٹم نزدیک ترین ہو۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

الکینیز اور اُن کے نام

| | |
|---|---|
| $CH_2=CH_2$ ایتھین | $CH_3-CH=CH_2$ پروپین |
| $\overset{1}{C}H_2=\overset{2}{C}H-\overset{3}{C}H_2-\overset{4}{C}H_3$ (But-1-ene) بیوٹ-1-این | $\overset{1}{C}H_3-\overset{2}{C}H=\overset{3}{C}H-\overset{4}{C}H_3$ (But-2-ene) بیوٹ-2-این |
| $CH_2=CH-CH_2-CH_2-CH_3$ (Pent-1-ene) پینٹ-1-این | $CH_3-CH=CH-CH_2-CH_3$ (Pent-2-ene) پینٹ-2-این |

### (iv) الکوحلز (Alcohols)

الکینیز کے مونو ہائڈروکسی ڈیری ویٹوز (Monohydroxy Derivatives) کو الکوحلز کہتے ہیں۔ الکوحل کا جنرل فارمولا ROH ہے۔ IUPAC سسٹم کے مطابق الکوحلز کو نام دینے کے لیے ذیل میں درج قوانین پر عمل کرتے ہیں۔

(i) کاربن ایٹمز کی سب سے لمبی چین کو جس میں وہ کاربن ایٹم بھی شامل ہو جس کے ساتھ ہائڈروآکسل گروپ منسلک ہے بطور پیرنٹ (Parent) ہائڈروکاربن منتخب کیا جاتا ہے۔ اِس الکین (Alkane) کے آخری حرف (ای) e- کو اول (ol) سے بدل دیتے ہیں۔

(ii) کاربن ایٹمز کی چین میں موجود کاربن ایٹمز کی تعداد کو اُس سرے سے گنتے ہیں جہاں سے وہ کاربن ایٹم نزدیک ترین ہو جس کے ساتھ ہائڈرآکسل گروپ لگا ہوا ہے۔

(iii) ہائڈروآکسل گروپ کی پوزیشن کو ظاہر کرنے کے لیے کاربن ایٹم کا نمبر اس کے ساتھ لگاتے ہیں جس کے ساتھ یہ منسلک ہو۔

چند سادہ الکوحلز کے نام اور اِن کے کنڈینسڈ فارمولاز ٹیبل 21.4 میں دکھائے گئے ہیں۔

| الکوحل | $CH_3OH$ | $CH_3CH_2OH$ | $\overset{3}{C}H_3-\overset{2}{C}H_2-\overset{1}{C}H_2-OH$ |
|---|---|---|---|
| کامن نام | میتھائل الکوحل | ایتھائل الکوحل | پروپائل الکوحل |
| IUPAC کے مطابق نام | میتھانول | ایتھانول | پروپین-1-اول |
| الکوحل | $\overset{1}{C}H_3-\overset{2}{C}H(OH)-\overset{3}{C}H_3$ | $CH_2(OH)-CH_2-CH_2-CH_3$ | $CH_3-CH(OH)-CH_2-CH_3$ |
| کامن نام | آئسو پروپائل الکوحل | این-بیوٹائل الکوحل | آئسو بیوٹائل الکوحل |
| IUPAC کے مطابق نام | پروپین-2-اول | بیوٹین-1-اول | بیوٹین-2-اول |

### (v) کاربوکسلک ایسڈز (Carboxylic Acids)

ایسے آرگینک کمپاؤنڈز جن میں کاربوکسل (-COOH) فنکشنل گروپ موجود ہو اُنھیں کاربوکسلک ایسڈز کہتے ہیں۔ اِن کو عام طور پر فیٹی ایسڈز (Fatty acids) بھی کہتے ہیں کیونکہ اِن میں سے کچھ کاربوکسلک ایسڈز فیٹس (Fats) یا چربی سے لیے جاتے ہیں۔ اِن کا جنرل فارمولا RCOOH ہے۔

کاربوکسلک ایسڈز کے IUPAC نام اُن الکینز سے حاصل کیے جاتے ہیں جن میں اُتنے ہی ایٹمز موجود ہوں جتنے کاربوکسلک

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ایسڈز میں پائے جاتے ہیں۔ الکین (Alkane) کے نام کا آخری حرف ای (e) تبدیل کر کے اوئک ایسڈ (Oic acid) لکھ دیتے ہیں۔ کاربوکسلک ایسڈز کے کامن اور IUPAC نام ٹیبل (21.5) میں دکھائے گئے ہیں۔

**ٹیبل 21.5 کاربوکسلک ایسڈز کے نام**

| کاربوکسلک ایسڈ | HCOOH | $CH_3COOH$ | $CH_3CH_2COOH$ | $CH_3CH_2CH_2COOH$ |
|---|---|---|---|---|
| کامن نام | فارمک ایسڈ | ایسیٹک ایسڈ | پروپیونک ایسڈ | بیوٹائرک ایسڈ |
| IUPAC نام | میتھانوئک ایسڈ | ایتھانوئک ایسڈ | پروپانوئک ایسڈ | بیوٹانوئک ایسڈ |

**دلچسپ معلومات**



کاربوکسلک ایسڈز کے کامن نام کو ان کے ماخذ کے ساتھ نسبت سے دیا جاتا تھا۔ فارمک ایسڈ کو سب سے پہلے سرخ چیونٹیوں سے حاصل کیا گیا تھا۔ لاطینی زبان میں فارمیکا (Formica) کا مطلب چیونٹی ہے۔ اسی طرح ایسیٹک ایسڈ کو سب سے پہلے سرکے سے حاصل کیا گیا تھا۔ سرکے کو لاطینی زبان میں اسٹیم (Acetum) کہتے ہیں۔

### (vi) ایسٹرز (Esters)

ایسٹرز خوشبودار کمپاؤنڈز ہیں۔ عام طور پر انہیں بعض کھانے والی اشیا کو ذائقہ دار بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ R-COOR ایسٹرز کا جنرل فارمولا ہے۔

ایسٹرز بنانے کے لیے ہم الکوحل کو ایسڈ کیٹالسٹ کی موجودگی میں کاربوکسلک ایسڈ سے ری ایکٹ کرتے ہیں۔

$$\underset{\text{ایتھانوئک ایسڈ}}{CH_3COOH} + \underset{\text{میتھانول}}{CH_3\text{-}OH} \overset{H^+}{\rightleftharpoons} \underset{\text{میتھائل ایتھانوایٹ}}{CH_3COOCH_3} + H_2O$$

$$\underset{\text{ایتھانوئک ایسڈ}}{CH_3\text{-}COOH} + \underset{\text{ایتھانول}}{CH_3\text{-}CH_2\text{-}OH} \overset{H^+}{\rightleftharpoons} \underset{\text{ایتھائل ایتھانوایٹ}}{CH_3COOCH_2CH_3} + H_2O$$

$$\underset{\text{پروپانوئک ایسڈ}}{CH_3CH_2COOH} + \underset{\text{ایتھانول}}{CH_3\text{-}CH_2\text{-}OH} \overset{H^+}{\rightleftharpoons} \underset{\text{ایتھائل پروپانوایٹ}}{CH_3CH_2COOCH_2CH_3} + H_2O$$

**ٹیبل 21.6 ایسٹرز کے کامن اور IUPAC نام**

| ایسٹرز | $CH_3COOCH_3$ | $CH_3COOCH_2CH_3$ | $HCOOCH_2CH_3$ |
|---|---|---|---|
| کامن نام | میتھائل ایسیٹیٹ | ایتھائل اسیٹیٹ | ایتھائل فارمیٹ |
| IUPAC نام | میتھائل ایتھانوایٹ | ایتھائل ایتھانوایٹ | ایتھائل میتھانوایٹ |
| ایسٹر | $CH_3CH_2COOC_2H_5$ | $CH_3CH_2COOCH_3$ | $CH_3CH_2CH_2COOCH_3$ |
| کامن نام | ایتھائل پروپائی نیٹ | میتھائل پروپائی نیٹ | میتھائل بیوٹائریٹ |
| IUPAC نام | ایتھائل پروپانوایٹ | میتھائل پروپانوایٹ | میتھائل بیوٹانوایٹ |

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## فوری جانچ 21.6

چند ایک آرگینک کمپاؤنڈز کے کنڈینسڈ سٹرکچرل فارمولا نیچے دیئے گئے ہیں ان کی فیملیز کے نام لکھیں۔

(i) $CH_3-CH(OH)-CH_3$ 

(ii) $CH_3-CH_2-C(=O)-CH_3$

(iii) $CH_3-C(CH_3)=CH-CH_3$

(iv) $CH_2(COOH)-CH_2-CH_3$

(v) $C_3H_6$

(vi) $C_5H_{12}$

(vii) $H-C(=O)-H$

(viii) $CH_3-CH_2-C(=O)-O-CH_2-CH_3$

# مشق

## A کثیر الانتخابی سوالات:

### صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) $HC(=CH_2)-CH_2-CH_3$ مرکب کے لیے درست IUPAC نام لکھیں۔

(الف) 3۔ بیوٹین (ب) 1۔ بیوٹین (ج) 2۔ بیوٹین (د) بیوٹین

(ii) نیچے دیئے گئے کمپاؤنڈز میں سے برانچڈ چین مرکب کون سا ہے؟

(الف) $CH_2=CH-CH_2-CH_3$ (ب) $CH_2=C(CH_3)-CH_2-CH_3$

(ج) $CH_3-CH=CH-CH_3$ (د) $CH_3-CH=CH-CH_2-CH_3$

(iii) درج ذیل میں سے کس میں ایتھانول کا ڈسپلیڈ فارمولا دِکھایا گیا ہے؟

(الف) $C_2H_5OH$ (ب) $CH_3-CH_2-OH$

(ج)
```
    H   H
    |   |
H - C - C - OH
    |   |
    H   H
```
(د)
```
    H   H
    |   |
H - C - C - O - H
    |   |
    H   H
```

(iv) مندرجہ ذیل میں سے ایلڈی ہائیڈ فنکشنل گروپ کی نشاندی کریں:

(الف) $-C(=O)-OH$ (ب) $-OH$

(ج) $-C(=O)-$ (د) $-C(=O)-H$

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

(v) الکائین فیملی کا جنرل فارمولا بتائیں:

(الف) $C_nH_2$ (ب) $C_nH_{2n}$ (ج) $C_nH_{2n-2}$ (د) $C_nH_{2n-1}$

(vi) پانچ کاربن ایٹموں والے سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربن کے لیے کتنے سٹرکچرل آئسومرز ہوں گے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

(vii) مندرجہ ذیل میں سے کون سا ایسٹر ایتھائیل پروپانوایٹ کہلائے گا؟

(الف) $CH_3-\overset{\overset{\displaystyle O}{\|}}{C}-OCH_3$ (ب) $CH_3-CH_2-\overset{\overset{\displaystyle O}{\|}}{C}-OCH_3$

(ج) $CH_3-\overset{\overset{\displaystyle O}{\|}}{C}-OC_2H_5$ (د) $CH_3-CH_2-\overset{\overset{\displaystyle O}{\|}}{C}-OC_2H_5$

(viii) الکینز (Alkenes) میں کونسا فنکشنل گروپ موجود ہوتا ہے؟

(الف) کوئی فنکشنل گروپ نہیں (ب) کاربن۔کاربن ٹرپل بانڈ

(ج) کاربن۔کاربن ڈبل بانڈ (د) کاربن۔کاربن۔سنگل بانڈ

## B مختصر جوابی سوالات:

21.1 سیچوریٹڈ اور ان سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز میں کیا فرق ہے؟

21.2 بیوٹین۔2۔اول کا سٹرکچرل فارمولا تحریر کریں۔

21.3 ایتھائیل امائن کو آرگینک کمپاؤنڈ کیوں کہتے ہیں؟

21.4 ایتھائیل میتھانوایٹ کا فارمولا تحریر کریں۔

21.5 سٹرکچرل آئسومرزم کی تعریف کریں۔

21.6 $CH_3-CH_2-CH_2-CH_3$ کا IUPAC نام تجویز کریں۔

21.7 کاربوکسل گروپ، امائڈ فنکشنل گروپ اور ایسٹر فنکشنل گروپ میں کیا مشترک ہے؟

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

21.1 ہومولوگس سیریز کے ارکان میں ایک جیسی خصوصیات کیوں ہیں؟

21.2 2۔میتھائیل پروپین کی خصوصیات این۔بیوٹین سے کس طرح مختلف ہیں، جبکہ دونوں ایک جیسے کاربن ایٹمز پر مشتمل ہیں؟

21.3 پانچ کاربن ایٹمز پر مشتمل سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربن کے سٹرکچرل آئسومرز کے سٹرکچرل فارمولاز لکھیں۔

21.4 بیوٹین کے آئسومرز کا سٹرکچرل فارمولا تحریر کریں۔

21.5 ایلڈی ہائڈ، کیٹون اور کاربوکسلک ایسڈ میں پائے جانے والے فنکشنل گروپ کے درمیان فرق کی وضاحت کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## D تفصیلی سوالات:

21.1 آرگینک کمپاؤنڈ کسے کہتے ہیں؟ اِن میں موجود کاربن چین کی نوعیت کی بنیاد پر درجہ بندی کیسے کی جاتی ہے؟

21.2 مثالیں دے کر سٹرکچرل فارمولا کی وضاحت کریں۔

21.3 ہومولوگس سیریز کی پانچ خصوصیات تحریر کریں۔

21.4 الکوحل کو نام دینے کے لیے IUPAC اصول بیان کریں۔

21.5 درج ذیل کمپاؤنڈز کے نام تحریر کریں۔

(الف) $CH_3 - CH_2 - CH_2OH$

(ب) $CH_3 - CH_2 - CHO$

(ج) $CH_3 - CH_2 - CH_2 - COOH$

(د) $CH_3 - CH_2 - CO - O - CH_3$

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# ہائڈروکاربنز
# Hydrocarbons

باب 22

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:

- وضاحت کریں کہ الکینز (Alkenes) میں ایک ڈبل کاربن۔کاربن کوویلنٹ بانڈ موجود ہے اور یہ کہ الکینز اَن سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز ہیں۔
- اونچے درجہ حرارت اور کیٹالسٹ کی موجودگی میں بڑے الکین مالیکیولز کی کریکنگ کے ذریعے الکینز کی تیاری کی وضاحت کریں۔
- بڑے الکین مالیکیولز کی کریکنگ کی وجہ بیان کریں۔
- برومین کی ایکوس سلوشن اور $KMnO_4$ کے ساتھ ری ایکشنز کے ذریعے سیچوریٹڈ اور اَن سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کے درمیان فرق کرنے کا طریقہ بیان کریں۔
- الکینز کی خصوصیات درج ذیل ایڈیشن ری ایکشنز کے ذریعے بیان کریں۔
  (الف) برومین یا آبی برومین کے سلوشن کے ساتھ۔ (ب) نِکل بطور کیٹالسٹ کی موجودگی میں ہائیڈروجن کے ساتھ۔
  (ج) ایسڈک کیٹالسٹ کی موجودگی میں بھاپ کے ساتھ اور حاصل شدہ اشیا کے سٹرکچرل یا ڈسپلیڈ (Displayed) فارمولاز لکھیں۔
- الکینز کی تیاری کی وضاحت بذریعہ ہیلوجینو الکینز (Halogeno-alkanes) اور الکوحلز کے ایلیمنیشن (Elimination) ری ایکشنز سے کریں اور ان کی مساوات لکھیں۔
- الکائنز کی شناخت کریں بطور ہائیڈروکاربن جو کہ ایک ٹرپل کاربن۔کاربن کوویلنٹ بانڈ پر مشتمل ہوتا ہے اور یہ کہ الکائنز غیر سیر شدہ ہائیڈروکاربنز ہیں۔
- ویلڈنگ کے عمل کے دوران ایتھائن بطور ایندھن استعمال کرنے کی وضاحت کریں اور پھلوں کے پکنے میں ایتھائن کے کردار کے بارے میں بتائیں۔
- جزوی کشید کے ذریعے پٹرولیم میں موجود مختلف اجزا کو الگ کرنے کی وضاحت کریں۔
- بیان کریں کہ کس طرح پٹرولیم سے حاصل کردہ اجزا کی خصوصیات فریکشنیٹنگ کالم (Fractionating column) میں نیچے سے اوپر تک تبدیل ہوتی ہیں۔اس سلسلے میں درج ذیل خصوصیات بیان کریں۔
  (الف) چین (Chain) لینتھ میں کمی کے ساتھ وولیٹیلیٹی (Volatility) میں اضافہ۔
  (ب) کم بوائلنگ پوائنٹس۔ (ج) کم وِسکوسیٹی۔
- درج ذیل اجزا کے استعمالات تحریر کریں۔
  (الف) گیس کا کھانا پکانے اور گھروں کو گرم رکھنے میں کردار۔
  (ب) گاڑیوں میں استعمال ہونے والے ایندھن کے لیے پٹرول/گیسولین کا کردار۔
  (ج) ایک کیمیائی فیڈ سٹاک کے طور پر نیفتھا کا کردار۔ (د) جیٹ فیول کے طور پر کیروسین اور پیرافن کا کردار۔
  (ہ) ڈیزل انجن میں استعمال ہونے والے فیول کے لیے ڈیزل آئل/گیس آئل کا کردار۔
  (و) سمندری جہازوں کو چلانے اور گھروں کو گرم رکھنے میں فیول آئل کا کردار۔
  (و) چکنا کرنے والے مادے (lubricants)، ویکسز اور پالش میں لوبریکیٹنگ آئل کا کردار۔
  (س) سڑکوں کی تعمیر میں لُک (bitumen) کا کردار۔
- فوسل فیولز یعنی کوئلہ، قدرتی گیس اور پٹرولیم کے نام بیان کریں۔
- قدرتی گیس میں موجود میتھین گیس کا نام بطور اہم جُزو کے تحریر کریں۔
- اس بات کی وضاحت کریں کہ پٹرولیم مجموعہ ہے ہائیڈروکاربنز کا یا ایسے کمپاؤنڈز کا جو صرف ہائیڈروجن اور کاربن پر مشتمل ہیں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 22.1 الکینز (Alkenes)

الکینز ایسے اَن سیچوریٹڈ (Unsaturated) ہائڈروکاربنز کو کہتے ہیں جن میں ایک یا ایک سے زیادہ کاربن۔کاربن ڈبل بانڈز ہوں۔اِن کو اولے فنیز (Olefins) بھی کہتے ہیں۔ان کا جنرل فارمولا $C_nH_{2n}$ ہے۔یہ اپنی انفرادی طبعی اور کیمیائی خواص کی وجہ سے پہچانی جاتی تھی۔اِن کو مختلف اشیا مثلاً پلاسٹکس اور ایندھن سے متعلق اشیا بنانے کے لیے کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے۔

### الکینز کی تیاری

الکینز کو یا تو الکوحلز کی ڈی ہائڈریشن (Dehydration) سے یا پھر الکائل ہیلائڈز کی ڈی ہائڈروہیلوجینیشن (Dehydrohalogenation) سے بنایا جاتا ہے۔ڈی ہائڈریشن کا مطلب ہے کسی مالیکیول سے پانی کا ایک مالیکیول نکالنا اور ڈی ہائڈروہیلوجینیشن کا مطلب ہے الکائل ہیلائڈ کے مالیکیول سے ہائڈروجن ہیلائڈ (Hx) کا مالیکیول نکالنا۔

#### (i) الکوحلز کی ڈی ہائڈریشن سے

الکوحلز کی ڈی ہائڈریشن کرنے کے لیے مرتکز سلفیورک ایسڈ کو بطور ڈی ہائڈریٹنگ ایجنٹ (Dehydrating Agent) استعمال کیا جاتا ہے۔

$$\underset{\text{ایتھانول}}{CH_3-CH_2-OH} \xrightarrow[H_2SO_4]{180^\circ C} \underset{\text{ایتھین}}{CH_2=CH_2} + H_2O$$

#### (ii) الکائل ہیلائڈز کی ڈی ہائڈروہیلوجینیشن سے

الکائل ہیلائڈز کی ڈی ہائڈروہیلوجینیشن کرنے کے لیے پوٹاشیم ہائڈروآکسائیڈ کو استعمال کیا جاتا ہے اور اس مقصد کے لیے پوٹاشیم ہائڈروآکسائیڈ کو ایتھانول میں حل کیا جاتا ہے۔

$$\underset{\text{کلوروایتھین}}{CH_3-CH_2Cl} + KOH \xrightarrow[\text{الکوحل}]{180^\circ C} \underset{\text{اِیتھین}}{CH_2=CH_2} + KCl + H_2O$$

یہ ری ایکشن ایلی مینیشن (Elimination Reactions) ری ایکشنز میں سے ایک ہے۔اِن ری ایکشنز میں سیچوریٹڈ کمپاؤنڈز میں سے ایک مالیکیول خارج کر کے اَن سیچوریٹڈ کمپاؤنڈز بناتے ہیں۔

**دلچسپ معلومات**



الکینز قدرتی طور پر بکثرت پائی جاتی ہیں مثال کے طور پر اِیتھلین (Ethylene) پودوں میں موجود وہ ہارمون ہے جو اِن کے پھلوں کو پکاتا ہے۔ گاجروں کا اورنج رنگ ایک الکین p کیروٹین (p-Carotene) کی وجہ سے ہوتا ہے۔

#### (iii) الکینز (Alkanes) کی کریکنگ (Cracking) سے الکینز (Alkenes) کا بننا

کریکنگ کے عمل کے دوران زیادہ مالیکیولر ماس والے الکینز کو توڑ کر کم ماس والے الکینز (Alkanes) اور الکینز

Web version of PECTAA textbook Not for sale

(Alkenes) بنائی جاتی ہیں۔ اِس عمل کو سرانجام دینے کے لیے الکینز کو آکسیجن کی غیر موجودگی اور زیولائیٹس (Zeolites) کیٹالسٹس کی موجودگی میں بہت زیادہ ٹمپریچر تک گرم کیا جاتا ہے۔

کریکنگ تجارتی نقطہ نظر سے بہت اہم ہے کیونکہ اس عمل کی بدولت کم ماس والی الکینز (Alkanes) بنائی جاتی ہیں جو بطور ایندھن استعمال ہوتی ہیں۔ مزید اس عمل کے دوران الکینز مثلاً ایتھین اور پروپین بھی بنتی ہیں جن کو بہت سے تجارتی طور پر اہم کیمیکلز بنانے کے لیے بطور خام مال استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً کیروسین (Kerosene) آئل اور ڈیزل آئل جن میں زیادہ ماس رکھنے والے الکینز موجود ہیں اُن کی کریکنگ کر کے پٹرول، الکینز (Alkenes) اور ہائڈروجن بناتے ہیں۔

$$\text{کیروسین آئل} \xrightarrow[500^\circ C]{\text{کیٹالسٹ}} \text{پٹرول} + \text{الکینز} + \text{ہائڈروجن}$$

$$\underset{}{C_{15}H_{32}} \xrightarrow[500^\circ C]{\text{زیولائیٹ}} \underset{\text{ایتھین}}{2C_2H_4} + \underset{\text{پروپین}}{C_3H_6} + \underset{\text{آکٹین}}{C_8H_{18}}$$

## 22.2 الکینز کے اہم ری ایکشنز (Important Reactions of Alkenes)

الکینز بہت ری ایکٹو (Reactive) کمپاؤنڈز مانے جاتے ہیں۔ ان کی کیمیکل ری ایکٹویٹی (Reactivity) کی وجہ یہ ہے کہ ان میں ایک کاربن۔ کاربن ڈبل بانڈ موجود ہوتا ہے اور اس بانڈ کی موجودگی کی وجہ سے یہ ایسے ری ایکشنز میں حصّہ لیتے ہیں جن کو ایڈیشن ری ایکشنز (Addition Reactions) کہتے ہیں۔ ایڈیشن ری ایکشنز ایسے ری ایکشنز کو کہتے ہیں جن میں ری ایکٹنٹس ایک دوسرے میں جمع ہو کر صرف ایک حاصل بناتے ہیں۔

### (i) ہائڈروجن کی ایڈیشن (Addition of Hydrogen)

نِکل کیٹالسٹ کی موجودگی میں ہائڈروجن گیس الکینز میں جمع ہو کر الکینز (Alkanes) بناتی ہے۔

$$CH_2 = CH_2 + H_2 \xrightarrow[\substack{150\ ^\circ C \\ \text{2 ایٹماسفیئر پریشر}}]{\text{نِکل}} \underset{\text{ایتھین}}{CH_3 - CH_3}$$

### (ii) ہیلوجینز (Halogens) کی ایڈیشن (Addition of Halogens)

ہیلوجینز بڑی سرعت کے ساتھ الکینز میں جمع ہو کر الکائل ڈائی ہیلائڈز (Alkyl Dihalides) بناتی ہیں۔ اس ری ایکشن کے لیے کاربن ٹیٹرا کلورائڈ ($CCl_4$) کو بطور نان پولر سولوینٹ (Solvent) استعمال کیا جاتا ہے۔

$$CH_2 = CH_2 + Br_2 \xrightarrow{CCl_4} \underset{\text{1,2-ڈائی برومو ایتھین}}{\underset{Br}{CH_2} - \underset{Br}{CH_2}}$$

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

### (iii) پوٹاشیم پرمینگنیٹ کے ساتھ الکینز کی آکسیڈیشن (Oxidation of Alkenes with $KMnO_4$)

ایتھین پوٹاشیم پرمینگنیٹ کے ٹھنڈے اور ڈائیلیوٹ آبی سلوشن سے ری ایکشن کر کے ایک اہم کمپاؤنڈ ایتھالین گلائکول (Ethylene Glycol) یا ایتھین-1,2-ڈائی اول (Ethan-1,2-diol) بناتی ہے۔

$$CH_2 = CH_2 + H_2O + [O] \xrightarrow{KMnO_4} \underset{OH}{CH_2} - \underset{OH}{CH_2}$$

ایتھین-1,2-ڈائی اول (گلائی کول)

ہیلوجنیشن اور آکسیڈیشن دونوں ری ایکشنز سے الکین کو شناخت کیا جاتا ہے۔ برومین کا سرخی مائل براؤن رنگ اور پوٹاشیم پرمینگنیٹ کا بنفشی رنگ دونوں فوری ختم ہو جاتے ہیں جب یہ الکین سے ری ایکشن کرتے ہیں۔ اسی طرح الکینز آئیوڈین کے بنفشی رنگ کو بھی ختم کر دیتی ہیں۔

الکینز (Alkanes) یا سیچوریٹڈ کمپاؤنڈز اوپر دیے گئے ری ایکشنز میں حصّہ نہیں لیتے۔ اسی لیے ان ری ایکشنز کی مدد سے ہم الکینز اور الکینز کے درمیان فرق ظاہر کر سکتے ہیں۔

### (iv) ہائڈروجن ہیلائڈز کی ایڈیشن (Addition Hydrogen Halides)

ہیلوجینز کی طرح ہائڈروجن ہیلائڈز بھی الکینز کے ڈبل بانڈ میں جمع ہو جاتے ہیں۔ ان ری ایکشنز کو الکینز کی ہائڈروہیلوجنیشن کا نام دیا گیا ہے۔

$$\underset{\text{اِیتھین}}{CH_2 = CH_2} + \underset{\text{ہائڈروجن برومائڈ}}{HBr} \longrightarrow \underset{\text{بروموایتھین}}{CH_3 - CH_2Br}$$

### (v) سٹیم یا پانی کی ایڈیشن (Addition of water or steam)

الکینز سلفیورک ایسڈ کے موجودگی میں پانی سے ری ایکشن کرتی ہیں۔ یہ ری ایکشن تقریباً 300°C پر وقوع پذیر ہوتا ہے اور اسے ہائڈریشن ری ایکشن کا نام دیا گیا ہے۔

$$H-\overset{H}{C}=\overset{H}{C}-\underset{H}{\overset{H}{C}}-\underset{H}{\overset{H}{C}}-H + H_2O \xrightarrow[300\ ^\circ C]{H_2SO_4} H-\underset{H}{\overset{H}{C}}-\underset{OH}{\overset{H}{C}}-\underset{H}{\overset{H}{C}}-\underset{H}{\overset{H}{C}}-H$$

(But-1-ene) بیوٹ-1-اِین + پانی $\xrightarrow{H_2SO_4}$ (Butan-2-ol) بیوٹین-2-اول

## 22.3 الکائنز (Alkynes)

الکائنز ایسے ہائڈروکاربنز کو کہتے ہیں جن میں کم از کم ایک کاربن۔ کاربن ٹرپل بانڈ موجود ہو۔ ان کا جنرل فارمولا $C_2H_{2n-2}$ ہے۔

الکینز کی طرح اِن کو نام دینے کے لیے بھی کاربن کی لگاتار چین جس میں ٹرپل بانڈ بنانے والے دونوں کاربن شامل ہیں اس میں کاربن ایٹمز کی تعداد معلوم کی جاتی ہے۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

| $CH \equiv CH$<br>ایتھائن | $CH_3 - C \equiv CH$<br>پروپائن |
|---|---|
| $CH \equiv C - CH_2 - CH_3$<br>1-بیوٹائن | $CH_3 - C \equiv C - CH_3$<br>بیوٹ-2-آئن |



22.1 ایسیٹی لین گیس

سب سے سادہ ترین الکائن کو ایتھائن یا ایسیٹی لین گیس کہتے ہیں۔ عام طور پر یہ گیس ویلڈنگ اور میٹلز کو کاٹنے جیسے مقاصد کے لیے استعمال ہوتی ہے کیونکہ جب اس کو آکسیجن کی موجودگی میں جلایا جاتا ہے تو بہت زیادہ ہیٹ (Heat) پیدا ہوتی ہے۔

$$2CH \equiv CH + 5O_2 \longrightarrow 4CO_2 + 2H_2O + \text{ہیٹ}$$

ایسیٹی لین ٹارچ میں ایسیٹی لین گیس آکسیجن کی موجودگی میں جل کر کاربن ڈائی آکسائڈ اور پانی بناتی ہے۔ آکسی ایسیٹی لین شعلے کا بہت بلند ٹمپریچر کاٹنے اور ویلڈنگ جیسے اعمال سرانجام دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

ایسیٹی لین گیس پھلوں کو پکانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ جب ٹھوس کیلشیم کاربائڈ (Calcium Carbide) ہوا میں موجود نمی سے ری ایکشن کرتا ہے تو ایسیٹی لین گیس پیدا ہوتی ہے جو پھلوں کے پکنے کے عمل کو تیز کرتی ہے اور ان کے رنگ میں تبدیلی لاتی ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

ہمارے ملک میں کیلشیم کاربائڈ کا استعمال ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس گیس سے صحت کے سنگین مسائل مثلاً چکر آنا، اُلٹی آنا اور جلد کا السر (Ulcer)، جیسے پیدا ہو سکتے ہیں۔

## 22.4 آرگینک کمپاؤنڈز حاصل کرنے کے ذرائع (Sources of Organic Compounds)

آرگینک کمپاؤنڈز کو بہت سے ذرائع سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ تاہم کوئلہ، پٹرولیم اور قدرتی گیس آرگینک کمپاؤنڈز حاصل کرنے کے اہم ذرائع ہیں۔ قدرتی گیس اور پٹرولیم سے ایلی فیٹک ہائڈروکاربنز حاصل کیے جاتے ہیں جبکہ کوئلہ ایرومیٹک ہائڈروکاربنز کے حصول کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ قدرتی گیس میں بہت سے ہائڈروکاربنز گیسوں کی شکل میں موجود ہوتے ہیں جن میں میتھین ($CH_4$) کی بہت بڑی مقدار شامل ہوتی ہے۔

**پٹرولیم:** عام طور پر پٹرولیم اور قدرتی گیس ایک ہی جگہ پائے جاتے ہیں اور یہ زیر زمین بغیر مسام کے چٹانوں (Non-porous rocks) کے درمیان تہوں میں موجود ہوتے ہیں۔ جب اس چٹان میں کنواں کھودا جاتا ہے تو گیس خاصے دباؤ کے ساتھ باہر نکلتی ہے جس میں کچھ جلدی بخارات میں تبدیل ہو جانے والی مائعات بھی شامل ہوتی ہیں۔ آہستہ آہستہ جب گیس کا دباؤ کم ہوتا ہے تو مائع پٹرولیم کو پھر پمپس (Pumps) کی مدد سے باہر نکالا جاتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

مائع پٹرولیم کو صاف کرنے سے زیادہ تر مختلف قسم کے ایندھن بڑی مقدار میں حاصل ہوتے ہیں پھر اِن ملنے والے ایندھنوں سے اور بھی کئی قسم کے کیمیکلز بنائے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر پٹرولیم سے حاصل کردہ پروڈکٹس سے الکینز بنائی جاتی ہیں جو کہ پلاسٹکس بنانے کے لیے خام مال کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔ اِسی طرح بینزین (Benzene) جو کہ ایک ایرومیٹک ہائیڈروکاربن ہے پٹرولیم سے حاصل کردہ نارمل ہیگزین (n-Hexane) سے بنائی جاتی ہے۔ ایسے بنائی ہوئی بینزین سے پھر خوشبویات، ادویات، مختلف قسم کے رنگ اور فوٹو گرافک فلم پر موجود غیر مرئی تصویر کو ظاہر کرنے والے کیمیکلز وغیرہ سمیت مختلف قسموں کے ہزاروں مفید کمپاؤنڈز بنائے جاتے ہیں۔

## 22.5 پٹرولیم کی صفائی (Refining of Petroleum)

اپنی اصلی حالت میں پٹرولیم بہت سے ہائیڈروکاربنز کا ایک آمیزہ ہے جس کو آسانی سے جلایا نہیں جا سکتا۔ اس کو کارآمد بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس میں موجود مختلف اجزا کو علیحدہ کیا جائے۔ اجزا کو علیحدہ کرنے کے اس عمل کو پٹرولیم کی صفائی (Refining) کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

صفائی کے اِس عمل کے دوران پٹرولیم کی جزوی کشید (Fractional Distillation) کی جاتی ہے۔ اِس دوران پٹرولیم کو تقریباً 400°C تک گرم کیا جاتا ہے جس سے اس میں موجود مختلف اجزا علیحدہ ہو جاتے ہیں۔




22.2: پٹرولیم کی صفائی

صفائی کے اِس عمل کے دوران سب سے پہلے پٹرولیم کی درکار تیزابی یا بیسک سلوشن سے نیوٹرلائز کی جاتی ہے۔ اِس نیوٹرلائزڈ پٹرولیم کو پھر ایک الیکٹرک بھٹی کی مدد سے 400°C تک گرم کیا جاتا ہے۔ گرم کرنے کے اس عمل کے دوران نکلنے والی گیسوں اور بخارات کو ایک اونچے کسری کشید (Fraction Distillation) کرنے والے چیمبر میں سے گزارا جاتا ہے۔ جیسا کہ شکل 22.2 میں دکھایا گیا ہے۔ اس چیمبر کو کئی حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر حصّے میں موجود تختے میں سوراخ ہیں جن پر متحرک ڈھکن ہوتی ہیں۔

جب پٹرولیم کو گرم کیا جاتا ہے تو سب سے پہلے اس میں موجود حل شدہ گیسیں برآمد ہوتی ہیں جو کسری کشید والے چیمبر سے گزر کر شکل 22.2 میں دکھائے گئے راستوں سے باہر نکل جاتی ہیں۔ جیسے جیسے ٹمپریچر بڑھتا ہے پٹرولیم سے نکلنے والے ہائیڈروکاربنز کے بخارات کسری کشید والے چیمبر میں اوپر اُٹھتے جاتے ہیں اور زیادہ بوائلنگ پوائنٹس رکھنے والے ہائیڈروکاربنز مائع میں تبدیل ہو کر چیمبر کے زیریں حصّے میں موجود راستوں

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

سے باہر نکل جاتے ہیں۔

پٹرولیم کے وہ اجزا جن کے بوائلنگ پوائنٹس کم ہیں اُن کے بخارات چیمبر کے اوپر والے حصّے میں مائع میں تبدیل ہوکر باہر نکل جاتے ہیں۔ جن کو پھر ذخیرہ کرنے والے ٹینکس میں جمع کر لیا جاتا ہے۔ اس طرح علیحدہ ہونے والے اجزا میں دوسرے اجزا کی آمیزش بھی ہوتی ہے۔ اِن اجزا کو پھر دوبارہ کشید کیا جاتا ہے جس سے اجزا میں دوسرے اجزا کی آمیزش نسبتاً کم ہو جاتی ہے۔ ٹیبل (22.1) میں کسری کشید کے دوران علیحدہ ہونے والے اجزا بمع اُن کے بوائلنگ پوائنٹس کی حدود دکھائے گئے ہیں۔ یہ ٹیبل پٹرولیم میں موجود اجزا کی اُن کے بوائلنگ پوائنٹس کی حدود کی تفصیل اور مختلف مقاصد کے لیے اِن کے استعمالات کے بارے معلومات فراہم کرتا ہے۔

**ٹیبل 22.1 پٹرولیم کے اجزا اور اُن کے استعمالات**

| استعمالات | ہر جزو میں موجود کاربن ایٹمز کی حدود | بوائلنگ پوائنٹ کی حدود (°C) | جزو کا نام |
|---|---|---|---|
| ریفائنری گیسوں کو مائعات میں تبدیل کر کے اِن کو سٹوز (Stoves) جلانے کے لیے ایندھن کے طور پر بیچا جاتا ہے۔ | 1-4 | زیرو سے کم | ریفائنری گیسیں (Refinery gases) |
| گاڑیاں چلانے کے کام آتا ہے۔ | 5-6 | 0-65 | گیسولین (Gasoline) |
| بہت سے مفید ہائڈروکاربنز بنانے کے لیے خام مال کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ | 6-10 | 65-170 | نیفتھا (Naphtha) |
| جیٹ انجن چلانے کے لیے فیول کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ | 10-14 | 170-250 | کیروسین آئل (Kerosene oil) |
| گاڑیاں، بسیں اور ٹرکس چلانے کے لیے ایندھن کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ | 14-19 | 250-340 | ڈیزل آئل (Diesel oil) |
| گاڑیوں، بسوں اور ٹرکوں میں بطور لُبری کینٹ، ویکس (wax) اور پالش کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ | 19-35 | 340-500 | لُبری کیٹنگ آئل (Lubricating oil) |
| سمندری جہازوں میں استعمال ہوتا ہے اور اس سے بجلی بنانے والے کارخانے چلائے جاتے ہیں۔ | 20 سے زیادہ | 340-500 | فیول آئل |
| سڑکیں بنانے، چھتوں اور پائپس (Pipes) کو واٹر پروف کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ | 35 سے زیادہ | 500 سے زیادہ | بیچومین (Bitumen) |

## 22.6 پٹرولیم کے مختلف اجزا کے طبعی خواص

## (Physical Properties of different Petroleum Fractions)

پٹرولیم کے ہر جزو میں کئی ہائڈروکاربنز ہوتے ہیں۔ اِن کے ایک جیسے طبعی خواص کا انحصار درج ذیل عوامل پر ہے۔

1- ایک جزو میں موجود مالیکیولز میں پائے جانے والے کاربن اور ہائڈروجن ایٹمز کی تعداد

Web version of PECTAA textbook Not for sale

-2 جلد بخارات بننے کی خاصیت   -3 بوائلنگ پوائنٹس کی حدود   -4 وسکوسیٹی (Viscosity)

جیسے جیسے ہائڈروکاربن مالیکیول میں موجود کاربن ایٹمز اور ہائڈروجن ایٹمز کی تعداد بڑھتی ہے ان کے مالیکیولر ماس میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔اس اضافہ سے مالیکیولز کے درمیان کشش کی قوتوں میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور اس اضافے سے اِن کے طبعی خواص بھی تبدیل ہوتے ہیں۔کم ماس والے ہائڈروکاربنز جلد بخارات میں تبدیل ہوجاتے ہیں اور ان کے بوائلنگ پوائنٹس اور وسکوسیٹیز (Viscosities) دونوں کم ہوتے ہیں۔ جیسے جیسے ہائڈروکاربنز میں موجود کاربن کی چین لمبی ہوتی ہے ان کے طبعی خواص میں بھی اوپر کی جانب اضافہ ہوتا جاتا ہے۔اس لیے پٹرولیم کے وہ اجزا جو کسری کشید کے چیمبر کے اوپر والے حصّے میں موجود ہوتے ہیں۔اُن میں بخارات میں تبدیل ہونے کی خصوصیت زیادہ ہوتی ہے،اُن کے بوائلنگ پوائنٹس اور اِن کی وسکوسیٹیز بھی کم ہوتی ہیں جب کہ ان کے آگ پکڑنے کی خصوصیت زیادہ ہوتی ہے۔

## مشق

### A کثیر الانتخابی سوالات:

#### صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) مندرجہ ذیل کمپاؤنڈز میں سے کس سے ایڈیشن ری ایکشن کی توقع ہے:

(الف) $CH_3 - CH_3$   (ب) $CH_2 = CH_2$

(ج) $CH_4$   (د) $CH \;\; - CH_2 - CH_3$

(ii) مندرجہ ذیل میں سے کون بطور ایندھن استعمال نہیں ہوتا:

(الف) ایل۔پی۔جی   (ب) سی۔این۔جی   (ج) ڈیزل   (د) ایسفالٹ

(iii) درج ذیل ری ایکشن کی قسم کی نشاندہی کریں:

$$CH_4 + 2O_2 \longrightarrow CO_2 + 2H_2O$$

(الف) سب سٹی ٹیوشن (Substitution)   (ب) ریڈکشن   (ج) آکسیڈیشن   (د) ایڈیشن

(iv) کون سا کمپاؤنڈ ایتھین اور $KMnO_4$ کے درمیان ری ایکشن میں بطور ریڈیوسنگ ایجنٹ کام کرتا ہے:

(الف) $H_2O$   (ب) $CH_2 = CH_2$   (ج) $KMnO_4$   (د) NaOH

(v) جب پروپین (Propene)، برومین مالیکیول کے ساتھ ری ایکشن کرے گی تو کون سا پروڈکٹ بنے گا؟

(الف) 2،1۔ڈائی بروموپروپین   (ب) 1،1۔ڈائی بروموپروپین

(ج) 3،2۔ڈائی بروموپروپین   (د) 3،1۔ڈائی بروموپروپین

(vi) پٹرولیم کے اِس حصّے کا نام منتخب کریں جو پاور پلانٹس میں بجلی پیدا کرتا ہے:

(الف) تارکول   (ب) لبریکیٹنگ آئل   (ج) کیروسین آئل   (د) فیول آئل

Web version of PECTAA textbook Not for sale

(vii) مندرجہ ذیل ری ایکشن میں خارج ہونے والا مالیکیول ہے:

$$CH_3 - CH_2 - Br + KOH \xrightarrow[\text{ایتھانول}]{} CH_2 = CH_2 + KBr + H_2O$$

(الف) $Br_2$ (ب) $H_2$ (ج) HBr (د) $H_2O$

(viii) پٹرولیم کی جزوی کشید کی بنیاد ہے:

(الف) وِسکوسیٹی (ب) بوائلنگ پوائنٹ رینج (ج) آگ پکڑنے کی طاقت (د) میلٹنگ پوائنٹ رینج

## B مختصر جوابی سوالات:

22.1 ایڈیشن ری ایکشن کی دو مثالیں بیان کریں۔

22.2 پٹرولیم اور کول تار سے حاصل ہونے والے کمپاؤنڈز کے نام تحریر کریں۔

22.3 پوٹاشیم پرمینگنیٹ کے ٹھنڈے آبی محلول سے ایتھین کو کیسے آکسیڈائز کیا جاتا ہے؟

22.4 ایڈیشن ری ایکشن اور ایلیمینیشن ری ایکشن میں فرق واضح کریں۔

22.5 آکسی ایسیٹائلین (Oxyacetylene) شعلہ پیدا کرنے کے لیے استعمال ہونے والے کمپاؤنڈز کا نام بتائیں۔

22.6 الکِین کو کیسے شناخت کیا جاتا ہے؟

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

22.1 ڈی ہائیڈریشن اور ڈی ہائیڈروہیلوجینیشن کی اصطلاحات میں کیا فرق ہے؟

22.2 آپ کے پاس دو ٹیسٹ ٹیوبس A اور B ہیں جن میں سیچوریٹڈ اور اَن سیچوریٹڈ کمپاؤنڈ (الکِین) ہیں۔ اِن دونوں کی شناخت کیسے کریں گے؟

22.3 آکسی ایسیٹائلین (Oxyacetylene) شعلہ بہت گرم کیوں ہوتا ہے؟

22.4 کیا آپ توقع کرتے ہیں کہ ایتھائین، $KMnO_4$ کے ٹھنڈے محلول کو بے رنگ کر دے گی؟

22.5 کلورین اور ہائیڈروجن کلورائیڈ ایتھین کے ساتھ کیسے ایڈیشن میں ری ایکشن دیتی ہیں

## D تفصیلی سوالات:

22.1 ایتھین کی تیاری کے لیے دو طریقے بیان کریں۔

22.2 پٹرولیم کی فریکشنل ڈسٹی لیشن (Fractional Distillation) کی تفصیل لکھیں۔

22.3 پٹرولیم فریکشنز کی کون سی خصوصیات اُن کے بوئلنگ پوائنٹس کے ساتھ تبدیل ہوتی ہیں؟

22.4 مثالوں کے ساتھ الکینز (Alkanes) کی کریکنگ کی وضاحت کریں۔

22.5 ایتھائن کے دو استعمال بیان کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# مونو ہائیڈروکسی الکینز یا الکوحلز
# Monohydroxy Alkanes or Alcohols

## باب 23

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- ایتھانول کی تیاری تفصیل کے ساتھ بتائیں جو کہ درج ذیل طریقوں سے تیار ہو سکتی ہے۔

25-35°C پر ییسٹ کی موجودگی اور آکسیجن کی غیر موجودگی میں گلوکوز کے آبی سلوشن کی فرمنٹیشن کے ذریعے۔ تیزابی کیٹالسٹ کی موجودگی میں 300°C اور 6000kPa/6 atm پریشر پر ایتھین اور بھاپ کے درمیان ری ایکشن سے۔ دونوں طریقوں کے فوائد اور نقصانات کا موازنہ بھی کریں۔

- الکوحلز کی کمبسچن بیان کریں۔
- الکوحلز کو بطور ایندھن کے استعمال پر بحث کریں نیز فوسل فیولز کی نسبت اِن کے فوائد اور نقصانات بیان کریں۔
- مختلف صنعتوں جیسے کہ فارماسیوٹیکل، کاسمیٹکس اور ایندھن کی پیداوار میں الکوحلز کے کردار کی وضاحت کریں۔
- روزمرہ زندگی پر الکوحلز کے بطور سالوینٹ اور بطور جراثیم کش اثرات پر بحث کریں۔



Web version of PECTAA textbook
Not for sale

مونو ہائڈروکسی الکینز یا الکوحلز آرگینک کمپاؤنڈز کی ایک قسم ہے۔ اِن میں سے کچھ الکوحلز زندہ جانداروں میں پائے جانے والے کیٹالسٹ (Catalyst) کے ذریعے حاصل کیے جاتے ہیں اور یہ لیبارٹری میں تیار کیے جاسکتے ہیں۔

ایتھائل الکوحل (Ethyl Alcohol) یا ایتھانول (Ethanol) ہومولوگس سیریز (Homologous series) کا ایک اہم رکن ہے۔ اِسے بڑے پیمانے پر مندرجہ ذیل طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے۔

## 23.1 ایتھائل الکوحل کی تیاری Manufacture of Ethyl Alochol ($CH_3\ CH_2\ OH$)

### ییسٹ کے ذریعے گلوکوز کی فرمینٹیشن (Fermentation of glucose by yeast)

فرمینٹیشن (Fermentation) ایک ایسا ری ایکشن ہے جس میں کوئی مادہ (شے) ییسٹ (Yeast) میں موجود انزائمز (enzymes) کی مدد سے ٹوٹ کر سادہ اجزا میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ دہی، ڈبل روٹی اور ایتھائل الکوحل کی تیاری فرمینٹیشن (Fermentation) کی مثالیں ہیں۔ گلوکوز کو ییسٹ (Yeast) کی موجودگی میں تقریباً 35°C (سینٹی گریڈ) پر ایتھائل الکوحل (Ethyl Alcohol) میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ چاہے سلوشن (Solution) نیوٹرل (Neurtal) ہو یا تیزابی (Acidic) فرمینٹیشن ری ایکشن آکسیجن کی غیر موجودگی (anaerobic condition) میں ہونا ضروری ہے تاکہ ایتھائل الکوحل (Ethyl Alcohol) بن سکے۔ ییسٹ میں موجود انزائم ایک کیٹالسٹ کا کام کرتا ہے۔ گلوکوز کی فرمینٹیشن کی متوازن مساوات اِس طرح سے لکھی جاتی ہے۔

$$\underset{\text{گلوکوز}}{C_6H_{12}O_6} \xrightarrow[\text{ییسٹ}]{35°C} \underset{\text{ایتھانول}}{2C_2H_5OH} + \underset{\text{کاربن ڈائی آکسائڈ}}{2CO_2}$$

کاربن ڈائی آکسائڈ گیس اِس ری ایکشن کے دوران باہر نکل جاتی ہے اور پیچھے پانی اور ایتھانول کا آمیزہ رہ جاتا ہے۔ اِس ری ایکشن کا درجہ حرارت تقریباً 35°C رکھنا ضروری ہے۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل ہو۔ کم درجہ حرارت ری ایکشن کو سست کر دیتا ہے۔ جبکہ زیادہ درجہ حرارت انزائمز کو آکسیجن کی غیر موجودگی میں غیر فعال بنا دیتا ہے۔ آکسیجن کو اِس عمل سے دور رکھا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ ایتھانول کو ایتھانوئک ایسڈ (Ethanoic acid) میں تبدیل کر دیتی ہے۔ چونکہ زیادہ مقدار میں ایتھانول ییسٹ کے لیے زہریلا ہوتا ہے۔ اِس لیے جب مرکب میں ایتھانول کی مقدار 15% (فی صد) سے زیادہ ہوجاتی ہے تو ییسٹ غیر فعال ہوجاتا ہے۔

**فوری جانچ 23.1**

۱۔ فرمینٹیشن کے عمل میں ییسٹ کا کیا کردار ہے؟

۲۔ کس درجہ حرارت پر ییسٹ (Yeast) میں موجود انزائمز غیر فعال ہوجاتے ہیں؟

### ایتھین یا ایتھائلین کی ہائڈریشن (Hydration of Ethene or Ethylene)

ایتھین کی ہائڈریشن ایک ایڈیشن ری ایکشن ہے۔ اِس ری ایکشن میں پانی ایتھین کے ڈبل بانڈ کو توڑ کر اِس میں جذب ہو جاتا ہے۔ یہ ری ایکشن اِس طرح کیا جاتا ہے کہ ایتھین (Ethene) اور بھاپ کے آمیزے کو گرم فاسفورک ایسڈ (Phosphoric acid)($H_3\ PO_4$) پر گزارا جاتا ہے جو بطور کیٹالسٹ کام کرتا ہے۔

Web Version of PECTAA textbook Not for sale

پانی کا ہائڈروجن ایٹم ایتھین (Ethene) کے ایک کاربن ایٹم کے ساتھ اور ہائڈروکسل گروپ (OH) دوسرے کاربن ایٹم کے ساتھ جڑ جاتا ہے۔ اِس ایڈیشن ری ایکشن کے دوران ڈبل بانڈ ٹوٹ جاتا ہے اور نتیجے میں سیچوریٹڈ (Saturated) یعنی سیر شدہ کمپاؤنڈ ایتھانول بنتا ہے۔

$$\underset{\text{ایتھین}}{CH_2 = CH_{2(g)}} + H_2O_{(g)} \xrightarrow[\text{300°C, 60 atm. pressure}]{H_3PO_4} \underset{\text{ایتھانول}}{\begin{matrix} CH_2 - CH_2 \\ | \quad\quad | \\ H \quad\quad OH \end{matrix}}$$

حاصل ہونے والا گیس کی شکل کا ایتھانول پھر ٹھنڈا کر کے مائع شکل میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ ایتھین کی ہائڈریشن (Hydration) ایک اہم صنعتی ری ایکشن ہے کیونکہ ایتھانول ایک کثیر المقاصد (versatile) مرکب ہے۔ اس کے بے شمار استعمالات (Application) ہیں۔ جیسے مشروبات، ایندھن اور بطور سالوینٹ (Solvent)۔

**ٹیبل 23.1: ایتھانول کی پیداوار (Production) کے طریقوں کا موازنہ**
**(Comparison of methods of Production of Ethanol)**

| فرمینٹیشن (Fermentation) | ایتھین کی ہائڈریشن (Hydration of Ethene) |
|---|---|
| یہ ری ایکشن تقریباً 35°C اور عام فضائی دباؤ پر ہوتا ہے۔ | یہ ری ایکشن زیادہ درجہ حرارت اور زیادہ دباؤ پر کیا جاتا ہے۔ |
| ری ایکشن میں استعمال ہونے والا خام مال (starting material) قابلِ تجدید (renewable) ہوتا ہے۔ جیسے گنے کا رس۔ | اِس طریقے میں استعمال ہونے والا خام مال (starting material) کروڈ آئل (crude oil) حاصل کیا جاتا ہے جو کہ غیر قابلِ تجدید ذریعہ (non-renewable source) ہے۔ |
| اس ری ایکشن کی رفتار کم ہوتی ہے اور اس کے مکمل ہونے میں کئی دن لگ سکتے ہیں۔ | اس ری ایکشن کی رفتار زیادہ ہوتی ہے۔ |
| اِس ری ایکشن میں 15% الکوحل بنتی ہے جس کی مقدار بڑھانے کے لیے مزید ڈسٹیلیشن کرنی پڑتی ہے جو توانائی لیتی ہے۔ | اِس ری ایکشن میں نسبتاً خالص الکوحل بنتی ہے۔ |
| اِس طریقے سے حاصل ہونے والا ایتھانول سستا ہوتا ہے۔ | اِس طریقے سے حاصل ہونے والا ایتھانول مہنگا ہوتا ہے۔ |

**فوری جانچ 23.2**

ا۔ فرمینٹیشن کے ری ایکشن کے دوران آکسیجن کو کیوں خارج رکھا جاتا ہے۔

۲۔ ایتھین کی تیاری کا کونسا طریقہ قابلِ تجدید ذریعہ استعمال کرتا ہے؟

## 23.2 الکوحلز کا جلنا (Combustion of Alcohols)

الکوحلز آتش گیر ہوتی ہیں۔ اِس لیے ہوا میں جل کر کاربن ڈائی آکسائڈ ($CO_2$) اور پانی ($H_2O$) بناتی ہیں اور بہت زیادہ حرارت

Web version of PECTAA textbook Not for sale

خارج کرتی ہیں۔ میتھانول (Methanol)، ایتھانول (Ethanol) اور 1۔ پروپانول (1-propanol) مکمل طور پر ہوا کی زیادہ مقدار میں جلتے ہیں۔ کیونکہ اِن میں ہائڈروکاربن چین (chain) موجود ہوتی ہے۔ الکوحلز کے مکمل طور پر جلنے (combustion) کی متوازن مساوات درج ذیل ہیں:

$$2CH_3OH + 3O_2 \longrightarrow 2CO_2 + 4H_2O \quad \Delta H = -726\ kJ/mol$$
میتھانول — کاربن ڈائی آکسائڈ — پانی

$$C_2H_5OH + 3O_2 \longrightarrow 2CO_2 + 3H_2O \quad \Delta H = -1367\ kJ/mol$$
ایتھانول — کاربن ڈائی آکسائڈ

$$2C_3H_7OH + 9O_2 \longrightarrow 6CO_2 + 8H_2O \quad \Delta H = -2017\ kJ/mol$$
پروپانول — کاربن ڈائی آکسائڈ

$$2C_4H_9OH + 12O_2 \longrightarrow 8CO_2 + 10H_2O \quad \Delta H = -2676\ kJ/mol$$
بیوٹانول — کاربن ڈائی آکسائڈ

جلنے (combustion) کے دوران الکوحلز میں موجود کمزور C–H بانڈز جو $-CH_2$ گروپ میں ہوتے ہیں، ٹوٹ جاتے ہیں اور (جبکہ) مضبوط C = O اور O–H بانڈ بن جاتے ہیں جو کاربن ڈائی آکسائڈ ($CO_2$) اور پانی ($H_2O$) میں موجود ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ الکائل چین میں $-CH_2$ گروپس بڑھنے کے ساتھ حرارت کا اخراج بھی بڑھ جاتا ہے۔

**فوری جانچ 23.3**

آکسیجن میں جلنے پر بیوٹانول (Butanol) پروپانول (Propanol) سے زیادہ حرارت کیوں خارج کرتی ہے؟

## 23.3 الکوحلز کا ایندھن کے طور پر استعمال (Applications of Alcohols as Fuels)

الکوحلز کا استعمال پٹرول اور ڈیزل کی بجائے ایندھن کے طور پر بھی کیا جاتا ہے تا کہ گاڑیاں چلائی جا سکیں۔ پہلے چار ایلی فیٹک الکوحلز (Aliphatic alcohols) یعنی میتھانول، ایتھانول، پروپانول اور بیوٹانول میں ایسے خواص پائے جاتے ہیں جن کی وجہ سے انہیں انٹرنل کمبسچن انجنوں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

### الکوحلز کو ایندھن کے طور پر استعمال کرنے کے فوائد (Advantages of Alcohols as Fuels)

(۱) الکوحلز قابلِ تجدید (renewable) ذرائع سے حاصل کیے جاتے ہیں۔

(۲) الکوحلز کے جلنے سے سلفر کے آکسائڈ پیدا نہیں ہوتے جو ماحولیاتی لحاظ سے فوسل فیولز کے مقابلے میں زیادہ ماحول دوست ہوتے ہیں۔

(۳) الکوحلز کی فیول ایفی شنسی (Fuel efficiency) پٹرول یا ڈیزل کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہے۔

**دلچسپ معلومات**

الکوحلز پودوں سے حاصل ہوتے ہیں جو فوٹوسنتھی سیز کے ری ایکشن کے دوران فضا سے کاربن ڈائی آکسائڈ استعمال کرتے ہیں، جب یہ بائیو الکوحلز (Bioalcohols) انٹرنل کمبسچن (Internal combustion engine) انجنوں میں جلتے ہیں تو یہ وہی کاربن ڈائی آکسائڈ ($CO_2$) گیس دوبارہ خارج کرتے ہیں۔ یہ ری ایکشن مجموعی طور پر کاربن نیوٹرل (carbon neutral) سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ فضا میں کاربن ڈائی آکسائڈ کی مقدار میں اضافہ نہیں کرتا۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## الکوحلز کوایندھن کے طور پر استعمال کرنے کے نقصانات (Disdvantages of Alcohols as Fuels)

(ا) الکوحلز میں گیسولین (gasoline) کے مقابلے میں فی حجم کم توانائی ہوتی ہے۔ اِس لیے اتنا ہی فاصلہ طے کرنے کے لیے زیادہ ایندھن درکار ہوتا ہے۔

(۲) الکوحلز انجن کے پرزوں پر زیادہ گھساؤ (Wear and tear) پیدا کرسکتا ہے۔

(۳) زمین فصلوں کی کاشت کے لیے استعمال ہوتی ہے جن سے بعد میں الکوحلز تیار کی جاتی ہے، اِس وجہ سے خوراک پیدا کرنے والی فصلوں کی کاشت متاثر ہوسکتی ہے۔

**فوری جانچ 23.4**

ا۔ الکوحلز کے جلنے کے دوران خارج ہونے والی حرارت کم درجے کے الکوحلز سے زیادہ درجے کے الکوحلز تک کیوں بڑھ جاتی ہے؟

۲۔ الکوحلز کے جلنے سے سلفر کے آکسائڈ کیوں پیدا نہیں ہوتے۔ جبکہ فوسل فیلز کے جلنے سے بنتے ہیں۔

# 23.4 صنعتوں میں ایتھانول کا کردار (Role of ethanol in industries)

## دواسازی کی صنعت (Pharmaceutical industry)

ایتھائل الکوحل دواسازی کی صنعت میں مختلف ادویات کی تیاریوں میں ایک عام جزو کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ اِس میں جراثیم کش خصوصیات موجود ہوتی ہیں اور اسے عام طور پر ہینڈ سینیٹائزر (hand sanitizer) اور میتھیلیٹڈ سپرٹ میں بطور جراثیم کش استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ مختلف دواسازی مصنوعات میں بطور سالوینٹ (solvent) اور پریزرویٹو (preservative) بھی استعمال ہوتا ہے۔

ایتھانول (ethanol) اور آئسو پروپانول (Isopropanol) کچھ منہ کے ذریعے لی جانے والی اور جلد پر لگانے والی ادویات میں بطور فعال جز شامل ہوتے ہیں۔ یہ کئی ادویات کو حل کرنے میں مدد دیتی ہے۔

**دلچسپ معلومات**

ایندھن کے طور پر استعمال ہونے والا ایتھانول پٹرول کے مقابلے میں گرین ہاؤس گیسوں کو 44% سے 52% کم کرتا ہے۔ اِس کے علاوہ ایتھانول $NO_x$, $CO_2$ اور پارٹیکولیٹ مادوں (particulate matters) جیسے دیگر مضر مادوں میں بھی کمی لاتا ہے۔

## کاسمیٹک انڈسٹری (Cosmetic Industry)

ایتھائل الکوحل کاسمیٹک انڈسٹری میں درج ذیل خصوصیات کی وجہ سے ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔

ا۔ یہ زیادہ وولیٹائل (volatile) (فوری بخارات بننے والا) ہونے کی وجہ سے بہت کم وقت میں غائب ہوجاتا ہے۔

۲۔ بدبودور (Deodorizing) کرنے والی اور سوزش (Anti-inflamatory) دور کرنے والی خصوصیات رکھتا ہے۔

۳۔ تازگی بخشنے والی (Refreshing) اور جراثیم کش خصوصیات رکھتا ہے۔

ایتھانول ہیئر سٹائلنگ (Hairstyling) میں استعمال ہونے والی مصنوعات، فاؤنڈیشن کریموں (Foundation Creams)، پرفیومز (Perfumes)، ڈی اوڈورینٹس (Deodorants) اور آفٹر شیو لوشنز (After shave lotions) جیسی کاسمیٹک اور حفظانِ صحت کی مصنوعات کا ایک اہم حصہ ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 23.5 روزمرہ کی زندگی میں الکوحلز کے اثرات

## (Impacts of Alcohols on Daily life)

ایتھائل الکوحل ہر گھر میں فرسٹ ایڈ کِٹ (First Aid Kit) کا ایک ضروری حصّہ ہے جو میتھیلیٹڈ اسپرٹ (methylated spirit) کی شکل میں موجود ہوتا ہے۔ میتھیلیٹڈ اسپرٹ زخموں کی ڈریسنگ کے لیے اینٹی سیپٹک کے طور پر اور سانپ کے کاٹنے کے لیے اینٹی ڈوٹ (Antidot) کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ دنیا کے کئی حصوں میں ایتھانول کو گاڑیاں چلانے کے لیے اعلیٰ کارکردگی والے ایندھن کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ ایتھانول ایک سالوینٹ (Solvent) کے طور پر بھی بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔ یہ نسبتاً محفوظ ہے اور ایسے آرگینک کمپاؤنڈز (organic compounds) کو بھی حل کرسکتا ہے جو پانی میں حل نہیں ہوتے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

مشروب کے طور پر ایتھائل الکوحل پینا اوور (hangover) (شراب کا نشہ)، الکوحل سے زہرخوانی (poisoning)، حادثات اور خطرے کا سبب بن سکتا ہے۔ الکوحل کا طویل مدتی استعمال 200 سے زیادہ مختلف بیماریوں کا سبب بننے کا باعث بن سکتا ہے۔

# مشق

## A کثیرالانتخابی سوالات:

### صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) گلوکوز کی فرمنٹیشن کے لیے کون سے حالات بہترین ہیں؟

(الف) 35°C، تازہ ییسٹ، آکسیجن کی غیرموجودگی
(ب) 45°C، ییسٹ
(ج) 45°C، آکسیجن کی غیرموجودگی
(د) 35°C، تازہ ییسٹ

(ii) $H_3PO_4$ کے علاوہ کون سا کیٹالسٹ الکینز کی ہائیڈریشن کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے؟

(الف) NaOH (ب) $H_2SO_4$ (ج) $CH_3COOH$ (د) Ni

(iii) الکوحل جس کے جلنے سے سب سے زیادہ حرارت خارج ہوتی ہے:

(الف) $CH_3CH_2CH_2OH$
(ب) $CH_3CH_2OH$
(ج) $CH_3OH$
(د) $CH_3CH_2CH_2CH_2OH$

(iv) سب سے زیادہ ماحول دوست ایندھن ہے:

(الف) کوئلہ (ب) کیروسین آئل (ج) ایتھانول (د) لکڑی

(v) ایتھانول کی کون سی خاصیت اِسے کاسمیٹک انڈسٹری میں استعمال کرنے کے لیے موزوں بناتی ہے:

(الف) آسان آتش گیر مادہ
(ب) نہایت غیرمستحکم اور نا بدبودار
(ج) اینٹی پائیریٹیک / بخار کم کرنے والی دوا
(د) سکون آور دوا

Web version of PECTAA textbook Not for sale

(vi) درج ذیل الکوحل کا درست نام کیا ہے؟

$$CH_3-\underset{\underset{OH}{|}}{CH}-CH_2-\underset{\underset{CH_3}{|}}{CH}-CH_3$$

(الف) 2۔میتھائیل پینٹین۔4۔اول　　(ب) 4۔میتھائیل پینٹین۔2۔اول
(ج) ہیگزین۔2۔اول　　(د) ہیگزین۔4۔اول

(vii) ایتھانول کی کون سی خوبی اسے زخموں کی صفائی کے لیے موزوں بناتی ہے:

(الف) سالوینٹ　　(ب) وولیٹیلیٹی　　(ج) جراثیم کش　　(د) نابد بودار

(viii) درج ذیل تمام کاموں کو سرانجام دینے کے لیے کون سا الکوحل استعمال ہوتا ہے؟
کمبسچن کو بہتر بنانے کے لیے پٹرول میں شامل کیا جاتا ہے، یہ سرکہ اور دیگر آرگینک کمپاؤنڈز بنانے کے لیے فیڈ اسٹاک کے طور پر کام کرتا ہے:

(الف) پروپانول　　(ب) پروپین۔2۔اول　　(ج) ایتھانول　　(د) میتھانول

## B مختصر جوابی سوالات:

23.1 فوسل فیول جلانے کے مقابلے میں الکوحل جلانے کے دو فائدے بتائیں۔

23.2 ایتھائیل الکوحل کی کون سی خصوصیات اِسے کاسمیٹک انڈسٹری کے لیے موزوں بناتی ہیں؟

23.3 فارماسیوٹیکل انڈسٹری کے لیے ایتھائیل الکوحل کیسے اہم ہے؟

23.4 فرمنٹیشن ری ایکشن کے دو نقصانات بتائیں۔

23.5 ایتھین کی ہائیڈریشن کرنے کے لیے کون سی شرائط ضروری ہیں؟

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

23.1 چینی کی صنعت میں ایتھانول بطور ضمنی پیداوار (By-product) کیسے حاصل کیا جاتا ہے؟

23.2 فرمنٹیشن کے عمل میں ہم نسبتاً ناخالص الکوحل کیوں حاصل کرتے ہیں؟

23.3 ایتھائیل الکوحل کی خصوصیات اِسے بطور ایندھن استعمال کرنے میں کیسے معاون ہیں؟

## D تفصیلی سوالات:

23.1 ایتھانول کی تیاری کے لیے فرمنٹیشن ری ایکشن اور ایتھین کی کیٹیلیٹک ہائیڈریشن کا موازنہ کریں۔

23.2 فرمنٹیشن پراسس کے ذریعے ایتھانول کی تیاری کی وضاحت کریں۔

23.3 فارماسیوٹیکل اور کاسمیٹک انڈسٹری میں ایتھانول کے استعمال کی وضاحت کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# باب 24

# کاربوکسلک ایسڈز
# Carboxylic Acids

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- دھاتوں، بیسز اور کاربونیٹس کے ساتھ کاربوکسلک ایسڈز کے ری ایکشنز کی وضاحت کریں نیز بننے والے سالٹس کے نام اور فارمولے تحریر کریں۔
- درج ذیل کے ساتھ ایتھانول کی آکسیڈیشن کے ذریعے ایتھنوئیک ایسڈ کی تیاری کی وضاحت کریں۔
  ایسڈک پوٹاشیم میگنیٹ (VII) سلوشن کے ساتھ اور سرکہ کی پیداوار کے دوران بیکٹیریا کی مدد سے آکسیڈیشن کے ذریعے۔
- ایسٹر بنانے کے لیے ایسڈ کیٹالسٹ کی موجودگی میں الکوحل کے ساتھ کاربوکسلک ایسڈ کے ری ایکشن کو بیان کریں۔
- کاربوکسلک ایسڈز اور ایسٹرز کے صنعتی استعمال کی وضاحت کریں۔ نیز بطور سالوینٹ، ذائقہ بہتر کرنے اور بطور خوشبو اور پلاسٹکس، اِن کے استعمال بیان کریں۔
- روزمرہ زندگی میں ایسٹرز اور کاربوکسلک ایسڈز کے کردار کی وضاحت جس میں بطور خوراک کے تحفظ، کاسمیٹکس اور فارماسیٹیکلز اِن کے کردار شامل ہوں۔







Web version of PECTAA textbook Not for sale

آرگینک ایسڈز (organic acids) یا کاربوکسلک ایسڈ (carboxylic acid) آرگینک کمپاؤنڈز کی وہ کلاس ہے جن میں کاربوکسل گروپ (carboxyl group) (–COOH) ہوتا ہے جو ایک الکائل گروپ (alkyl group) یا ہائڈروجن سے منسلک ہوتا ہے۔ اِنہیں کمزور ایسڈز سمجھا جاتا ہے کیونکہ وہ اِن آرگینک ایسڈز (inorganic acids) کے مقابلے میں آسانی سے پروٹون (ہائڈروجن آئن) خارج نہیں کرتے۔ یہ قدرتی طور پر زندہ جانداروں میں پائے جاتے ہیں اور انہیں مصنوعی طور پر بھی تیار کیا جاسکتا ہے۔

## 24.1 ایسیٹک ایسڈ یا ایتھانوئک ایسڈ کی تیاری

## (Preparation of Acetic acid or Ethanoic acid)

### ایتھانول کی آکسیڈیشن (Oxidation of Ethanol)

ایتھانول کو تیزاب کی موجودگی میں پوٹاشیم میگنیٹ (VII) (Acidified Potassium Magnate-VII) کے ذریعے آکسیڈائز کیا جاتا ہے۔ جس سے وہ ایتھانول میں تبدیل ہوتا ہے اور پھر مزید آکسیڈیشن کے عمل سے گذر کر ایتھانوئک ایسڈ دیتا ہے۔

گرم تیزابی پوٹاشیم میگنیٹ (VII) ایک موثر آکسیڈائزنگ ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے اور ری ایکشن کے دوران ایتھانول کو آکسیڈائز (oxidize) کرتا ہے اور اس ری ایکشن کے دوران آکسیڈائزنگ ایجنٹ کا جامنی رنگ بے رنگ ہو جاتا ہے۔

$$CH_3-CH_2-OH + [O] \xrightarrow{KMnO_4/H^+} CH_3-\overset{\overset{O}{||}}{C}-H + H_2O$$

ایتھانول ایتھانال

$$CH_3-\overset{\overset{O}{||}}{C}-H + [O] \xrightarrow{KMnO_4/H^+} CH_3-\overset{\overset{O}{||}}{C}-OH + H_2O$$

ایتھانال ایتھانوئک ایسڈ

Web version of PECTAA textbook Not for sale

### ایتھانوئک ایسڈ کی آکسیڈیٹو فرمنٹیشن کے ذریعے تیاری

### (Preparation of Ethanoic acid by oxidative fermentation)

الکوحلز سے بنی خوراک (Alcoholic food stuff) جیسے کہ اناج، مالٹ، چاول یا آلو کا گودا، فرمنٹیشن کے عمل سے گزرنے پر سرکہ میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ یہ سب کچھ بیکٹیریا کی موجودگی میں ہوتا ہے۔ اگر کافی آکسیجن فراہم کی جائے تو یہ بیکٹیریا خوراک میں موجود الکوحلز سے سرکہ پیدا کر سکتے ہیں۔ اِس کیمیکل ری ایکشن کی مساوات درج ذیل ہے:

$$CH_3CH_2OH + O_2 \longrightarrow CH_3COOH + H_2O$$

ایتھانول ایتھانوئک ایسڈ

اِس ری ایکشن میں الکوحل کو ایک ٹینک میں ڈال کر سرکہ میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ جس میں آکسیجن کی مسلسل سپلائی ہوتی ہے۔ جب آکسیجن بلبلوں کی شکل میں ٹینک میں داخل کی جاتی ہے تو مائع کو مسلسل ہلایا جاتا ہے۔ اِس طریقے سے 15 فیصد ایتھانوئک ایسڈ پر مشتمل سرکہ صرف 24 گھنٹوں میں تیار کیا جاسکتا ہے۔

## فوری جانچ 24.1

۱۔ کیا آپ ایتھانول کی طرح میتھانول کو بھی $KMnO_4$ سے آکسیڈائز کر سکتے ہیں؟

۲۔ فرمنٹیشن اور عام ری ایکشن کے درمیان فرق واضح کریں۔

## 24.2 بطور ایسڈز کاربوکسلک ایسڈ کے ری ایکشن

## (Reactions of Carboxylic Acids as Acids)

### دھاتوں کے ساتھ ری ایکشن (Reactions with metals)

عام طور پر کاربوکسلک ایسڈ معدنی ایسڈ کے مقابلے میں بہت زیادہ کمزور ایسڈز ہوتے ہیں۔ تاہم بعض کاربوکسلک ایسڈز زیادہ ری ایکٹیو دھاتوں کے ساتھ سست رفتاری سے ری ایکٹ کر کے نمک اور ہائیڈروجن گیس خارج کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر ڈائلیوٹ ایتھانوئک ایسڈ میگنیشیم دھات کے ساتھ ری ایکٹ کر کے میگنیشیم ایتھانوئٹ (magnesium ethanoate) اور ہائیڈروجن گیس دیتے ہیں/ خارج کرتے ہیں۔

$$2CH_3COOH + Mg \longrightarrow (CH_3COO)_2Mg + H_2$$

ایتھانوئک ایسڈ — میگنیشیم ایتھانوئیٹ

### بیسز کے ساتھ ری ایکشن (Reaction with bases)

بیسک میٹل ہائیڈروآکسائڈ (Metal hydroxides) کاربوکسلک ایسڈز کے ساتھ نیوٹرلائزیشن ری ایکشن دیتے ہیں۔ ایتھانوئک ایسڈ سوڈیم ہائیڈروآکسائڈ (NaOH) کے ساتھ ری ایکشن کر کے سوڈیم ایتھانوئیٹ اور پانی بناتا ہے۔

$$CH_3COOH + NaOH \longrightarrow CH_3COONa + H_2O$$

ایتھانوئک ایسڈ — سوڈیم ہائیڈروآکسائڈ — سوڈیم ایتھانوئیٹ — پانی

### کاربونیٹس کے ساتھ کاربوکسِلک ایسڈ کے ری ایکشنز (Reactions of carboxylic acid with carbonates)

جب ٹھوس سوڈیم کاربونیٹ (Sodium Carbonate) کو ایتھانوئک ایسڈ (Ethanoic Acid) کے ایکوس سلوشن کے ساتھ ملایا جاتا ہے تو کاربن ڈائی آکسائڈ (Carbon Dioxide) گیس کے اخراج کی وجہ سے تیز جھاگ پیدا ہوتی ہے اور سلوشن میں سوڈیم ایتھانوئیٹ بنتا ہے۔

$$2CH_3COOH + Na_2CO_3 \longrightarrow 2CH_3COONa + CO_2 + H_2O$$

ایتھانوئک ایسڈ — سوڈیم کاربونیٹ — سوڈیم ایتھانوئیٹ

Web version of PECTAA textbook Not for sale

سنگ مرمر (Marble chips) کے ٹکڑوں کے ساتھ ایتھانوئک ایسڈ آہستہ آہستہ ری ایکشن کر کے کاربن ڈائی آکسائڈ گیس خارج کرتا ہے۔

$$2CH_3COOH + CaCO_3 \longrightarrow (CH_3COO)_2Ca + CO_2 + H_2O$$

ایتھانوئک ایسڈ — کیلشیم کاربونیٹ — کیلشیم ایتھانوایٹ

## 24.3 الکوحلز کے ساتھ کاربوکسلک ایسڈ کے ری ایکشنز (ایسٹریفیکیشن)

## (Reactions of Carboxylic Acids with Alcohol) (Esterification)

کاربوکسلک ایسڈ اضافی (excess) الکوحلز کے ساتھ گرم کرنے سے ایسٹرز (Esters) بناتے ہیں۔ اس ری ایکشن میں ارتکاز شدہ سلفیورک ایسڈ کو بطور کیٹالسٹ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ ری ایکشن ایسٹریفکیشن ری ایکشن کہلاتا ہے۔

$$CH_3COOH_3 + CH_3CH_2OH \underset{}{\overset{H_2SO_4}{\rightleftharpoons}} CH_3COOC_2H_5 + H_2O$$

ایتھانوئک ایسڈ — ایتھانول — میتھائل ایتھانوایٹ (ایک ایسٹر)

$$CH_3COOH + CH_3OH \overset{H_2SO_4}{\rightleftharpoons} CH_3COOCH_3 + H_2O$$

ایتھانوئک ایسڈ — میتھانول — میتھائل ایتھانوایٹ

**فوری جانچ 24.2**

ا۔ کیا ایتھانوئک ایسڈ ایک کمزور تیزاب ہے؟

۲۔ کیلشیم کاربونیٹ ایتھانوئک ایسڈ کے ساتھ کس طرح ری ایکٹ کرتا ہے؟

## 24.4 کاربوکسلک ایسڈ اور ایسٹرز کے صنعتی استعمالات

## (Industrial Applications of Carboxylic Acid of Esters)

ایسیٹک ایسڈ تیل، گندھک، آیوڈین اور پانی جیسے کئی کمپاؤنڈز کو حل کرتا ہے۔ صنعت میں ایسیٹک ایسڈ ریزنز (resins)، پینٹس (Paints) اور لیکرز (Lacquers) کے لیے بطور سالوینٹ استعمال ہوتا ہے۔

**دلچسپ معلومات**

خالص ایسیٹک ایسڈ کو گلیشیئل ایسیٹک ایسڈ (glacial acetic acid) بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایک کروسیو (corrosive) اور بے رنگ ٹھوس ہے جو پانی میں مکمل طور پر حل پذیر ہے۔



### سالوینٹس ایک کاربوکسلک ایسڈز اور ایسٹرز کے طور پر

### (Carboxylic Acids and Esters as Solvents)

ایسٹرز (Esters) بھی عام طور پر سالوینٹس (Solvents) کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ ایتھائل ایسیٹیٹ (Ethyl acetate) کافی (Coffee) سے کیفین نکالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ بعض وولیٹائل (Volatile) ایسٹرز (Esters) کو کوٹنگز، پینٹس، وارنش، پلاسٹک، ریزنز اور لیکرز کے لیے سالوینٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

Web version of PECTA textbook
Not for sale

## کاربوکسلک ایسڈز اور ایسٹرز بطور فلیورنگ ایجنٹس (Carboxylic acids of Esters as Flavouring agents)

فلیورنگ ایجنٹس (Flavouring agents) وہ مادے ہیں، جو خوراک میں اضافی ذائقہ یا خوشبو شامل کرنے کے لیے شامل کیے جاتے ہیں۔ یہ خاص طور پر بچوں میں ناخوشگوار ذائقے والی ادویات کے ذائقے کو چھپانے میں بھی مدد کرتے ہیں۔ آرگینک ایسڈز جیسے کہ ٹارٹارک ایسڈ، سٹرک ایسڈ اور میلک ایسڈ کو صنعت میں عام طور پر فلیور بڑھانے والوں کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ خوراک کا کھٹا ذائقہ بڑی حد تک انہی ایسڈز کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ بعض خوراک اور مشروبات خاص طور پر سافٹ ڈرنکس کے ذائقے کو بہتر بنانے کے بھی ذمہ دار ہیں۔ ایسٹرز میں خوشگوار خوشبو اور ذائقے ہوتے ہیں۔ انہیں خوراک میں خوشبو اور ذائقے کو بہتر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

## کاربوکسلک ایسڈز اور ایسٹرز بطور مصنوعی فائبر (Carboxylic acids and Esters as synthetic Fibers)

ایسٹرز مصنوعی پولیمرز کی تیاری میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ایک بہت اہم پولیمر، پولیسٹر ہے جو ڈائی اولز اور ڈائی کاربوکسلک ایسڈز کے ری ایکشن سے بنتا ہے۔ ایسٹرز صابن اور ڈیٹرجنٹ کی تیاری میں بھی اہم ہیں۔

کاربوکسلک ایسڈز اور اِن سے حاصل کیے گئے کمپاؤنڈز عام طور پر مختلف قسم کے پلاسٹکس بنانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایسیٹک ایسڈ، سیلولوز ایسیٹیٹ پلاسٹک (Cellulose acetate plastic) کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے۔ پامیٹک ایسڈ (Palmitic acid) اور سٹیرک ایسڈ (Stearic acid) صابن، کاسمیٹکس، دوا سازی، موم بتیوں اور حفاظتی کوٹنگز کی تیاری میں وسیع پیمانے پر استعمال ہوتے ہیں۔ اولیک ایسڈ (Oleic acid) صابن اور ڈیٹرجنٹ کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے۔ ایکرِلک ایسڈ (Acrylic acid) بہت سی لمبی چین والے پولیمرز جنہیں ایکرِلیٹس (acrylates) کہا جاتا ہے، کی تیاری کے لیے ایک ابتدائی ریجنٹ ہے۔




شکل 24.1: کاربوکسلک ایسڈز کا روزمرہ زندگی میں استعمال

## 24.5 روزمرہ کی زندگی میں کاربوکسلک ایسڈز اور ایسٹرز

## (Carboxylic Acid and Esters in Daily Life)

فوڈ پریزرویٹوز (Food preservatives) وہ کیمیکل کمپاؤنڈز ہوتے ہیں جو خوراک میں شامل کیے جاتے ہیں تاکہ مائیکرو آرگنزمز کی افزائش کو روکا جا سکے۔ مثال کے طور پر بینزوئک ایسڈ، ایسیٹک ایسڈ، پروپانوئک ایسڈ، میتھائل اور ایتھائل ایسٹرز اور 4-ہائڈروکسی بینزوئک ایسڈ۔ اِن پریزرویٹوز کی موجودگی میں خوراک کے معیار کو برقرار رکھنے اور شیلف لائف کو بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔ جن خوراک (کھانوں) کو محفوظ کیا جاتا ہے۔ اِن میں جیمز، جوسز، پھلوں کے جوسز، دودھ اور بہت سی دیگر اشیا شامل ہیں۔ ایسیٹک ایسڈ اچار میں ایک پریزرویٹو کے طور پر بہت وسیع پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for Sale



**شکل 24.2:** جام، جوس اور اچار

کاربوکسلک ایسڈز اور ان سے حاصل ہونے والے کمپاؤنڈز جیسے کہ ایسپرین اور آئبیو پروفن عام طور پر بطور ادویات استعمال ہوتے ہیں۔ بعض کاربوکسلک ایسڈز کو ادویات کی تیاری میں شامل کرنے سے اِن کے زیادہ بہتر طریقے سے جسم میں جذب ہونے، ترسیل اور مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔

سٹرک ایسڈ ایسٹرز بنیادی طور پر پلاسٹی سائزرز (Plasticizers) ہیں۔ جو بہت سی صنعتوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ پولی میتھائل میتھ اکریلیٹ (Polymethyl methacrylate) کو شیشے کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور اسے پلیکسی گلاس (Plexiglass) کا نام دیا گیا ہے۔



**شکل 24.3:** پولیسٹر



**شکل 24.4:** پلیکسی گلاس

Web version of PECTAA textbook Not for sale

کاربوکسلک ایسڈ بہت سی گھریلو خوشبودار اشیا میں پائے جاتے ہیں۔ اِن اشیا کی ایک فہرست ٹیبل 24.1 میں دی گئی ہے۔

**ٹیبل 24.1 گھریلو اشیا میں موجود کاربوکسلک ایسڈز** (Carboxylic acids in house hold items)

| کاربوکسلک ایسڈز | آئٹمز |
|---|---|
| اسکاربک ایسڈ (Ascorbic acid) | وٹامن سی |
| سٹرک ایسڈ (Citric acid) | لیموں |
| ایسیٹک ایسڈ (Acetic acid) | سرکہ |
| میلک ایسڈ (Malic acid) | سیب، انگور، گاجر |

ایسٹرز کئی پھلوں کا ایک اہم جزو ہیں اور اِن کے ذائقوں کو بہتر بنانے کے ذمہ دار ہیں۔ عام طور پر اِن میں خوشگوار مہک ہوتی ہے اور وہ روزمرہ کی زندگی میں استعمال ہونے والی کئی غذائی مصنوعات میں خوشبو کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ درج ذیل جدول میں ایسٹرز کے نام اور ان سے منسلک ذائقوں کو ظاہر کرتا ہے۔

**ٹیبل 24.2: ایسٹرز اور ان کے ذائقے**

| ایسٹرز | فلیورز |
|---|---|
| میتھائل بیوٹائریٹ (Methyl butyrate) | سیب |
| ایتھائل بیوٹائریٹ (Ethyl butyrate) | پائن ایپل |
| ایمائل ایسیٹیٹ (Amyl acetate) | ناشپاتی، کیلے |
| آکٹائل ایسیٹیٹ (Octyl acetate) | مالٹا |
| میتھائل سیلیسِلیٹ (Methyl salicylate) | خوبانی |

**فوری جانچ 24.3**

۱۔ پریزرویٹو کی وضاحت کریں۔

۲۔ بعض ترش پھلوں کی مثالیں دیں۔

## مشق

### A کثیر الانتخابی سوالات:

صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) ایسٹر فنکشنل گروپ کی نشاندہی کریں:

(الف) $-COOR$ (ب) $-COOH$ (ج) $>C=O$ (د) $-CH_2-OH$

(ii) تیزابی $KMnO_4$ کے ذریعے ایتھانول کی آکسیڈیشن کے دوران کون سا عنصر ریڈیوس ہوتا ہے؟

(الف) K (ب) آکسیجن (ج) Mn (د) ہائیڈروجن

(iii) ایسٹک ایسڈ کی موجودگی میں کھانے کی اشیا کی فرمنٹیشن کے لیے بیکٹیریا کو وافر مقدار میں آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے۔ اِس عمل میں آکسیجن کا کیا کردار ہے؟

(الف) یہ بیکٹیریا کی ری ایکشن انگیزی کو بڑھاتا ہے۔

(ب) یہ ایتھانول کو آکسیڈائز کرتا ہے جو کہ اس عمل کے دوران بنتی ہے۔

(ج) یہ بیکٹیریا کی تباہی کو روکتا ہے۔ (د) یہ ایسٹک ایسڈ کی آکسیڈیشن کو روکتا ہے۔

(iv) کون سا آرگینک ایسڈ کھانے کے جزو کے طور پر استعمال ہوتا ہے:

(الف) فارمک ایسڈ (ب) آگزالک ایسڈ (ج) پروپینوئک ایسڈ (د) ایسٹک ایسڈ

(v) سیب میں درج ذیل میں سے کون سا ایسڈ موجود ہوتا ہے:

(الف) سِٹرک ایسڈ (ب) ٹارٹارِک ایسڈ (ج) ایسٹک ایسڈ (د) میلِک ایسڈ

(vi) کِن دو اجزا کے ری ایکشن سے $CH_3-CH_2-CH_2-COOC_2H_5$ بنے گا:

(الف) $CH_3CH_2CH_2COOH$ اور $CH_3OH$ (ب) $CH_3CH_2COOH$ اور $CH_3CH_2OH$

(ج) $CH_3CH_2CH_2COOH$ اور $CH_3CH_2OH$ (د) $CH_3CH_2CH_2CH_2COOH$ اور $CH_3OH$

Web version of PECTAA textbook Not for sale

(vii) میتھانول اور پروپینوئک ایسڈ کے ری ایکشن سے بننے والے ایسٹر کا فارمولا کیا ہے؟

(الف) $CH_3COOCH_2CH_3$ (ب) $CH_3CH_2COCH_3$

(ج) $CH_3CH_2COOCH_3$ (د) $CH_3 - CH_2 - O - CO - CH_3$

(viii) ڈائیول اور ڈائی کاربوکسلک ایسڈ کے ری ایکشن سے کون سا پولیمر بنتا ہے؟

(الف) پولی تھین (ب) پولی ایسٹر (ج) پولی سٹائیرین (د) پولی امائڈ

(ix) کون سا مرکب بطور مصنوعی ریشہ استعمال کیا جاتا ہے؟

(الف) میتھائیل ایسیٹیٹ (ب) پولی ایسٹر (ج) ریزن (د) این۔امائل ایسیٹیٹ

## B مختصر جوابی سوالات:

24.1 ایسٹیریفیکیشن ری ایکشن کسے کہتے ہیں؟

24.2 الکوحل کی آکسیڈیشن میں استعمال ہونے والے آکسی ڈائزنگ ایجنٹ کا نام بتائیں۔

24.3 ایتھانول سے ایسٹک ایسڈ کی تیاری میں فرمنٹیشن کے دوران وافر مقدار میں آکسیجن کیوں فراہم کی جاتی ہے؟

24.4 مشروبات کی تیاری میں کاربوکسلک ایسڈز کے کردار کی وضاحت کریں۔

24.5 ایک عملی مثال بیان کریں جس میں کسی ایسڈ یا ایسٹر کو بطور فلیورنگ ایجنٹ (flavouring agent) کے استعمال کیا جاتا ہے۔

24.6 کون سے کاربوکسلک ایسڈز ذائقہ بہتر بنانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں؟

24.7 ایسٹک ایسڈ کی کون سی خاصیت اِسے اچار محفوظ کرنے کے لیے موزوں بناتی ہے؟

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

24.1 ایتھانول، پروپینوئک ایسڈ کے ساتھ کیسے ری ایکشن کرتا ہے؟

24.2 ایسٹک ایسڈ، Mg اور $MgCO_3$ کے ساتھ کیسے ری ایکشن کرتا ہے؟

24.3 کاربوکسلک ایسڈز بطور سالوینٹ کیسے استعمال ہوتے ہیں؟

24.4 کاربوکسلک ایسڈز کا روزمرہ زندگی میں کیا استعمال ہے؟

## D تفصیلی سوالات:

24.1 فرمنٹیشن کے عمل کی وضاحت کریں جو کہ تجارتی پیمانے پر ایسٹک ایسڈ کی تیاری کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

24.2 کاربوکسلک ایسڈز اور ایسٹرز کے صنعتی استعمال کی وضاحت کریں۔

24.3 فلیورنگ ایجنٹس کسے کہتے ہیں؟ کون سے کاربوکسلک ایسڈز بطور ذائقہ دار ایجنٹ استعمال ہوتے ہیں؟

24.4 کاربوکسلک ایسڈز کی دھاتوں اور کاربونیٹس کے ساتھ ری ایکشنز کی تفصیل بیان کریں۔

24.5 روزمرہ زندگی میں ایسٹرز کے استعمال کی وضاحت کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# باب 25

# بائیوکیمسٹری
# Biochemistry

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- غذائیت اور صحت بخش خوراک کی بنیادی باتوں کی اہمیت کی وضاحت کریں۔
- اہم حیاتیاتی مالیکیولز، کاربوہائیڈریٹس، پروٹینز، لپڈز، نیوکلیک ایسڈز کے ذرائع اور نوجوان بالغوں کے لیے اِن کی ضروری روزانہ مقدار بتائیں۔
- کاربوہائیڈریٹس بطور ذریعہ توانائی بیان کریں۔
- پروٹینز کو بطور قدرتی پولی امائڈز کے طور پر بیان کریں اور نیز یہ بھی بیان کریں کہ وہ امائنو ایسڈ مونومرز سے کیسے بنتے ہیں۔ ان کی ساخت کے متعلق بھی بتائیں۔
- پروٹینز کی عمومی ساخت لکھ کر سمجھیں۔
- پروٹینز، لپڈز اور کاربوہائیڈریٹس کی ساخت اور استعمال کی وضاحت کریں۔
- نیوکلیک ایسڈز کی اہمیت بیان کریں۔
- وٹامنز، اِن کے حصول کے ذرائع اور صحت کے لیے اِن کی اہمیت بیان کریں۔
- بائیوکیمسٹری کا اطلاق کرتے ہوئے ذیل میں درج ٹیسٹ بیان کریں۔

(خون کا ٹیسٹ، حمل کو ٹیسٹ کرنا، کینسر کی سکریننگ، والدین کا جنیاتی ٹیسٹ) جنیاتی انجینئرنگ، جین تھراپی اور کلوننگ کی وضاحت کریں۔




Web version of PECTAA textbook Not for sale

بائیوکیمسٹری ایسے کیمیائی مادوں کا مطالعہ ہے جو جانداروں میں ہونے والے ری ایکشنز میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

کاربوہائیڈریٹس (Carbohydrates)، لپڈز (Lipids) اور پروٹینز (Proteins) خوراک کی وہ تین کلاسز ہیں جو نہ صرف انسانوں کو توانائی فراہم کرتی ہیں بلکہ جسمانی ساخت کے لیے بھی ذمہ دار ہیں۔ لپڈز اوسطاً کاربوہائیڈریٹس یا پروٹینز سے دوگنی توانائی فراہم کرتے ہیں۔

پروٹینز تمام جانداروں میں موجود ہوتے ہیں۔ وہ جانداروں کے جسم کی جلد، بال، پٹھوں، خون اور تقریباً تمام اعضا کی تشکیل کرتے ہیں۔ وہ زندگی کو رواں دواں رکھنے میں بھی بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

فیٹس (چکنائی) اور تیل جانوروں، پودوں اور سمندری جانداروں جیسے مختلف قدرتی ذرائع سے حاصل ہوتے ہیں۔ جانوروں کی چربی خاص طور پر ٹشوز کے خلیوں میں پائی جاتی ہے۔ مکھن اور گھی جانوروں سے حاصل ہونے والی خاص قسم کی فیٹس ہیں جو دودھ سے بنائی جاتی ہیں۔

**فوری جانچ 25.1**

ا۔ پروٹینز کون سے دو افعال انجام دیتے ہیں؟

۲۔ کیا دودھ فیٹ ہے، پروٹین ہے یا دونوں؟

## 25.1 غذائیت کی اہمیت (The importance of Nutrition)

غذائیت خوراک میں موجود غذائی اجزا کا مطالعہ ہے اور یہ کہ وہ کس طرح صحت مند جسم کو برقرار رکھتے ہیں۔ غذائی اجزا خوراک کے وہ اجزا ہیں جو صحت کو برقرار رکھنے اور بیماریوں سے بچاؤ کے لیے باقاعدگی سے درکار ہوتے ہیں۔ ایک صحت مند انسانی جسم کو درج ذیل غذائی اجزا کی ضرورت ہوتی ہے۔

### 1. کاربوہائیڈریٹس (Carbohydrates)

یہ انسانی جسم کے لیے توانائی کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ یہ پروٹین کو موثر طریقے سے استعمال کرنے میں بھی مدد کرتے ہیں۔ ایک صحت مند بالغ کو روزانہ 2000 کیلوریز کی معیاری خوراک کے لیے 225 سے 325 گرام کاربوہائیڈریٹس کو استعمال کرنا چاہیے۔ تاہم زیادہ سرگرمی والے افراد کو اپنی روزمرہ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے زیادہ کاربوہائیڈریٹس کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

### 2. لپڈز (Lipids)

یہ بھی ضروری غذائی اجزا ہیں۔ کیونکہ یہ ہمارے جسم کے لیے توانائی کے بڑے ذخائر کے طور پر کام کرتے ہیں۔ یہ ہمارے جسم کے اہم اعضا کے لیے انسولیشن (گرمی کا تحفظ) اور حفاظت بھی فراہم کرتے ہیں۔ ایک بالغ کی روزانہ کی فیٹ کی مقدار تقریباً 44 سے 78 گرام کے درمیان ہوتی ہے۔

### 3. پروٹینز (Proteins)

یہ ہمارے جسم کو توانائی بھی فراہم کرتے ہیں۔ یہ نئے خلیات (cells) کی تعمیر اور زخمی خلیات کی مرمت میں استعمال ہوتے ہیں۔ ایک بالغ کو روزانہ 60 گرام پروٹین کا استعمال کرنا چاہیے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## .4 وٹامنز اور منرلز (Vitamins and Minerals)

یہ نشوونما (growth)، تولید (reproduction) اور جسم کے کام کرنے اور اِسے برقرار رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ پھلوں، سبزیوں اور اناج سے بھرپور متوازن غذا جسم کو روزانہ درکار زیادہ تر وٹامنز اور منرلز مہیا کر سکتی ہے۔

## صحت مند خوراک کی بنیادی باتیں (Basics of healthy eating)

صحت مند خوراک کی بنیادی باتیں درج ذیل ہیں:

1۔ پھل، سبزیاں، مکمل اناج اور صحت مند چکنائیاں سمیت مختلف قسم کی غذائیں استعمال کریں۔

2۔ اِن میں وہ تمام غذائی اجزا موجود ہوتے ہیں۔ جن کی ہمارے جسم کو ضرورت ہوتی ہے۔

3۔ کم کھائیں اور خوب پانی پئیں۔

4۔ سیر شدہ چکنائیاں، چینی اور سوڈیم کے استعمال میں کمی کریں۔

5۔ پراسیسڈ اور خراب معیار کی غذاؤں سے پرہیز کریں۔

## صحت مند خوراک (Healthy Eating)

ایک صحت منداور متوازن غذا درج ذیل کام سرانجام دیتی ہے۔

1۔ یہ دِل کی بیماریاں، ذیابیطس کچھ کینسرز (cancers) اور اوسٹیوپوروسس (osteoporosis) جیسی بیماریوں سے بچاتی ہے۔

2۔ مناسب غذائیت صحت مند نشوونما (growth) کے لیے توانائی فراہم کرتی ہے اور جسمانی وزن کو برقرار رکھنے میں مدد دیتی ہے۔

3۔ متوازن غذا، دماغی کارکردگی پر مثبت اثر ڈال سکتی ہے اور مضبوط مدافعتی نظام کو سہارا دیتی ہے۔

**فوری جانچ 25.2** ا۔ متوازن غذا کیا ہے؟ ۲۔ کوئی سے تین غذائی اجزا کے نام بتائیں۔

## 25.2 کاربوہائڈریٹس (Carbohydrates)

کاربوہائڈریٹس زمین میں فطری طور پر سب سے زیادہ مقدار میں پائے جانے والے مرکبات ہیں۔ اِن میں کاربن، ہائڈروجن اور آکسیجن کے عناصر شامل ہوتے ہیں۔ کچھ کاربوہائڈریٹس کے میٹھے ذائقے کی وجہ سے انہیں عام طور پر شوگرز کہا جاتا ہے۔ متعدد ہائڈروکسل گروپس کے علاوہ اِن میں ایلڈی ہائڈ اور کیٹونک فنکشنل گروپس بھی شامل ہوتے ہیں۔

کاربوہائڈریٹس کو اِن کی خصوصیات کی بنیاد پر تین گروہوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے (مونومیرک، اولیگو میرک اور پولی میرک کاربوہائڈریٹس)۔ گلوکوز سب سے زیادہ پایا جانے والا کاربوہائڈریٹ ہے اور اسے انگور کی شکر (Grape sugar) یا ڈیکسٹروز (Dextrose) بھی کہا جاتا ہے۔ یہ انگور جیسے پھلوں میں، شہد میں اور پودوں کے رَس میں پایا جاتا ہے۔ یہ تمام جانوروں کے لیے توانائی کا بنیادی ذریعہ ہے اور اِس لیے خون اور پیشاب میں بھی موجود ہوتا ہے۔

فروکٹوز ایک اور کاربوہائڈریٹ ہے جو میٹھے پھلوں کے رس اور شہد میں پایا جاتا ہے۔

گلوکوز اور فروکٹوز دونوں کا مالیکیولر فارمولا ایک ہی ہے- $C_6H_{12}O_6$

اِن کے اوپن چین سٹرکچرز یہاں دکھائے گئے ہیں۔



Web version of PECTA textbook
Not for sale


گلوکوز (ایلڈی ہائیڈ شوگر)


فرکٹوز (کیٹونک شوگر)

**دلچسپ معلومات**

ایسی سلفیم (Acesulfame) پوٹاشیم حال ہی میں منظور ہونے والا مٹھاس کا جزو ہے۔ یہ سافٹ ڈرنکس میں استعمال ہوتا ہے۔



سکروز، لیکٹوز اور مالٹوز دیگر اہم کاربوہائیڈریٹس ہیں۔ اِن تمام کاربوہائیڈریٹس کا مالیکیولر فارمولا ایک جیسا ہے۔ $C_{12}H_{22}O_{11}$۔ سکروز گنے اور چقندر میں پایا جاتا ہے۔ مالٹوز ڈبل روٹی اور دیگر اناج میں پایا جاتا ہے۔ جبکہ لیکٹوز دودھ میں موجود ہوتا ہے۔

**دلچسپ معلومات**

لیکٹوز بیکری مصنوعات اور کمرشل دودھ میں استعمال ہوتا ہے۔ جو زیادہ تر بچوں کے استعمال میں آتا ہے۔ سکروز کے برعکس یہ ایک ریڈیوسنگ شوگر ہے۔

نشاستہ اور سیلولوز دو اہم پولیمرک کاربوہائیڈریٹس کی مثالیں ہیں۔ اِن کا مشترکہ فارمولا $(C_6H_{10}O_5)_n$ ہے۔ نشاستہ آلو، چاول اور دالوں میں پایا جاتا ہے۔ جبکہ سیلولوز لکڑی، کپاس وغیرہ جیسے پودوں کے مادوں میں پایا جاتا ہے۔

**دلچسپ معلومات**

گلائکوجن ایک کاربوہائیڈریٹ ہے۔ جو جانوروں میں توانائی ذخیرہ کرنے کا وہی کام کرتا ہے جو پودوں میں نشاستہ کرتا ہے۔

**فوری جانچ 25.3**

۱۔ نشاستہ کے کوئی سے دو ذرائع کے نام لکھیں۔

۲۔ کیا تمام کاربوہائیڈریٹس ہماری صحت کے لیے یکساں طور پر فائدہ مند ہوتے ہیں؟

## 25.3 پروٹینز (Proteins)

پروٹینز بہت بڑے مالیکیولز ہیں، جن میں کاربن، ہائیڈروجن، آکسیجن، نائٹروجن اور سلفر کے ایٹم موجود ہوتے ہیں۔ انسانی جسم میں ہزاروں قسم کے پروٹینز پائے جاتے ہیں جو مختلف افعال سرانجام دیتے ہیں۔ کچھ پروٹینز ریشے دار ہوتے ہیں جو پٹھوں، بالوں، ناخنوں، جلد اور کنیکٹو ٹشوز میں پائے جاتے ہیں۔ اِس کے علاوہ ہارمونز اور انزائمز بھی پروٹین ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر انسولین ایک ہارمون ہے جو خون میں شوگر کی مقدار کو قابو میں رکھتا ہے۔ انزائمز وہ کیٹالسٹ ہیں جو جسم میں ہونے والے بائیو کیمیکل تعاملات کی رفتار کو تیز کرتے ہیں۔ ہیموگلوبن جو خون میں آکسیجن کے جسم کے مختلف حصوں تک پہنچاتا ہے وہ بھی ایک پروٹین ہے۔

اپنے وسیع افعال کے باوجود تمام پروٹینز امائنو ایسڈ نامی چھوٹے مالیکیولز کے آپس میں جڑنے سے بنتے ہیں۔ ایک امائنو ایسڈ کے دو

Web version of PECTAA textbook Not for sale

فنکشنل گروپس ہوتے ہیں۔ایک کاربوکسل گروپ (COOH–) اور ایک امائنو گروپ ($-NH_2$)۔سب سے سادہ امائنو ایسڈ (amino acid) گلائسین (glycine) کہلاتا ہے اور اِس کا فارمولا یہ ہے:



اگرچہ انسانی جسم میں موجود پروٹینز کی تعداد ہزاروں میں ہے۔لیکن وہ سب صرف بیس امائنو ایسڈ کے آپس میں جڑنے سے بنتے ہیں۔وہ بنیادی ری ایکشن جو پروٹینز کی لمبی چینز کی تشکیل کا سبب بنتا ہے۔اِس میں ایک جیسے یا مختلف امائنو ایسڈز کے دو مالیکیولز کے ری ایکشن سے پانی کا اخراج ہوتا ہے۔




اس ری ایکشن کے نتیجے میں بننے والا مالیکیول ایک پیپٹائڈ کہلاتا ہے اور اِس میں ایک پیپٹائڈ لنکیج ہوتا ہے۔یہ پیپٹائڈ مالیکیول اپنے دونوں سروں پر ایک کاربوکسل گروپ اور ایک امائنو گروپ رکھتا ہے۔یہ مزید امائنو ایسڈز کے ساتھ ری ایکشن کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے تاکہ بالآخر ایک لمبی چین بن سکے۔جو کئی امائنو ایسڈز مالیکیولز پر مشتمل ہوتی ہے جسے پولی پیپٹائڈ کہتے ہیں۔یہ پولی پیپٹائڈ چین مڑ کر اور بل کھا کر ایک تھری ڈائمنشنل ساخت اختیار (3-D Structure) کر لیتی ہے۔جیسا کہ شکل نمبر 25.1 میں دکھایا گیا ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale




شکل 25.1: پولی پیپٹائڈ کا بال اور سٹک ماڈل

پروٹینز میں پیچیدہ تبدیلیاں اس وقت رونما ہوتی ہیں۔جب انہیں حرارت دی جائے، پی ایچ (pH) میں تبدیلی کی جائے یا ان پر آکسیڈائزنگ اور ریڈیوسنگ ایجنٹس حملہ کریں۔اس عمل کو پروٹین کی ڈی نیچریشن (denaturation) کہا جاتا ہے۔ایک عام مثال انڈے کو تلنا یا اُبالنا ہے جس میں انڈے کی سفیدی والے پروٹین ایلبیومن کی ڈی نیچریشن وقوع پذیر ہوتی ہے۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

**فوری جانچ 25.4**

ا۔ ہارمونز کس چیز سے بنتے ہیں؟

۲۔ پروٹین کی ڈی نیچریشن سے کیا مراد ہے؟

**دلچسپ معلومات**

ہر وہ شخص چاہے بچہ ہو یا بالغ پروٹین کی ضرورت رکھتا ہے۔ بچوں کو بڑھنے کے لیے زیادہ پروٹینز کی ضرورت ہوتی ہے۔ جبکہ بڑوں کو روزمرہ کی جسمانی کیمیائی سرگرمیوں میں ضائع ہونے والی پروٹینز کو پورا کرنے کے لیے اِن کی ضرورت ہوتی ہے۔

## 25.4 لپڈز (Lipids)

زیادہ تر لپڈز سادہ مرکبات فیٹی ایسڈز سے مل کر بنتے ہیں جو اِن کے بنیادی اجزا ہیں۔ فیٹی ایسڈز کاربن ایٹمز کی لمبی چین والے کاربوکسلک ایسڈ ہیں۔ جن میں عام طور پر 12 سے 28 کاربن ہوتے ہیں۔ چند عام فیٹی ایسڈز اور اِن کے ذرائع ٹیبل 25.1 میں دیے گئے ہیں۔

**ٹیبل 25.1: کچھ سادہ فیٹی ایسڈ**

| فیٹی ایسڈز | ماخذ | فارمولا |
|---|---|---|
| لورک ایسڈ (Lauric acid) | ناریل کا تیل | $CH_3(CH_2)_{10}COOH$ |
| سٹیرک ایسڈ (Stearic acid) | حیوانی چربی | $CH_3(CH_2)_{16}COOH$ |
| پامیٹک ایسڈ (Palmitic acid) | پام آئل | $CH_3(CH_2)_{14}COOH$ |
| اولیک ایسڈ (Oleic acid) | زیتون کا تیل | $CH_3(CH_2)_7CH=CH(CH_2)_7COOH$ |

فیٹی ایسڈز گلیسرول نامی الکوحل کے ساتھ مل کر ٹرائی ایسٹر بناتا ہے، جو ایک چربی ہے۔ مثال کے طور پر اسٹیرک ایسڈ (stearic acid) گلیسرول کے ساتھ مل کر ٹرائی اسٹیرن بناتا ہے جو ایک چربی ہے۔ گلیسرول کے ٹرائی ایسٹر کو ٹرائی گلیسرائڈ بھی کہا جاتا ہے۔




جانوروں کی چربی زیادہ تر ایڈیپوز ٹشو یعنی چربی والے خلیات میں پائی جاتی ہے۔ جبکہ سبزیوں کے تیل عام طور پر پودوں کے بیجوں اور جڑوں میں موجود ہوتے ہیں۔ لپڈز جانداروں میں توانائی کے بھرپور ذریعہ کے طور پر کام کرتے ہیں۔

**فوری جانچ 25.5**

ا۔ لپڈز کا ہمارے جسم میں کیا کردار ہے؟

۲۔ غیر سیر شدہ فیٹی ایسڈز کیا ہوتے ہیں؟

### دلچسپ معلومات

صابن کم از کم 600 قبل مسیح سے استعمال ہو رہا ہے جو لکڑی کی راکھ کے عرق اور لکڑی کی چربی کو اُبال کر تیار کیا جاتا تھا۔ صابن کی صفائی کی خصوصیات اٹھارویں صدی تک عام نہیں ہوئیں۔ کیمیائی طور پر صابن لمبی چین والے فیٹی ایسڈز (Fatty acids) کے سوڈیم سالٹس کے مرکب ہوتے ہیں۔ جو جانوروں کی چربی کی ہائڈرولیسز سے بنتے ہیں۔ یہ ہائڈرولیسز الکلی کی موجودگی میں کیا جاتا ہے۔

## 25.5 وٹامنز (Vitamins)

یہ نامیاتی مرکبات ہیں جو توانائی فراہم کرنے یا جسم کی تعمیر (جیسے کاربوہائڈریٹس، لپڈز اور پروٹین) کا براہ راست کام نہیں کرتے۔ تاہم یہ جسم کی صحت برقرار رکھنے اور گروتھ کے لیے ضروری ہیں۔ یہ کمپاؤنڈز جسم میں ہونے والے حیاتیاتی کیمیائی عمل میں بطور کیٹالسٹ کردار ادا کرتے ہیں۔ چونکہ پہلا دریافت ہونے والا ایکوس ایک امائن (amine) تھا۔ اِس لیے انہیں وائٹل امائنز یا وٹامنز کہا گیا۔ وقت کے ساتھ سائنس دان انسانوں کے لیے ضروری 13 وٹامنز کی شناخت کر چکے ہیں۔

### وٹامنز کی اہمیت (Importance of Vitamins)

**وٹامن اے:** دودھ، انڈے، مچھلی اور جگر میں پایا جاتا ہے اور اِس کی کمی سے رات کا اندھا پن اور جلد خشک ہو جاتی ہے۔

**وٹامن ڈی:** مکھن اور مچھلی کے تیل سے حاصل ہوتا ہے۔ ہماری جلد سورج کی روشنی میں خود بھی وٹامن ڈی بنا سکتی ہے۔ یہ وٹامن، دانتوں اور ہڈیوں کی نشوونما کے لیے ضروری ہے اور اس کی کمی سے ریکٹس (rickets) یعنی ہڈیوں کی کمزوری ہو جاتی ہے۔

**وٹامن سی:** جسے اسکوربک ایسڈ کہا جاتا ہے، ترش پھلوں، سبز مرچ اور ٹماٹروں میں پایا جاتا ہے۔ اِس کی کمی سے جسم میں سکروی (scurvy) کا مرض پیدا ہوتا ہے۔

وٹامنز $B_1$ اور $B_2$ قدرتی طور پر عام پائے جاتے ہیں۔ یہ سرخ گوشت، نٹس، خشک میوہ جات اور سبزیوں میں پائے جاتے ہیں۔ وٹامن $B_1$ کی کمی سے تھکن اور ڈپریشن ہوتا ہے جب کہ وٹامن $B_2$ کی کمی ہونٹوں کی سوزش، جلن اور آنکھوں کی خشکی کا باعث بنتی ہے۔

**فوری جانچ 25.6**

ا۔ لیموں میں کونسا وٹامن ہوتا ہے؟

۲۔ ہمارے جسم میں وٹامنز اور کاربوہائڈریٹس کے کردار کا موازنہ کریں۔

## 25.6 نیوکلیک ایسڈ (Nucleic acid)

کاربوہائڈریٹس پروٹینز، لپڈز اور پانی کے ساتھ مل کر جانداروں کے 99 فیصد حصے پر مشتمل ہوتے ہیں۔ باقی ایک فیصد 1% میں وہ اہم کمپاؤنڈز جن میں دو نیوکلیک ایسڈز (DNA) ڈی آکسی رائبو نیوکلیک ایسڈ اور (RNA) رائبو نیوکلیک ایسڈ خاص اہمیت کے حامل ہیں۔ یہ کمپاؤنڈز زندگی کی نشوونما، بقا اور تمام جانداروں کی تولید کے ذمہ دار ہیں۔

ڈی این اے (DNA) اور آر این اے (RNA) دونوں کیمیائی طور پر ایک جیسے ہوتے ہیں۔ مگر یہ جسم میں مختلف کردار ادا کرتے ہیں۔ ڈی این اے (DNA) کے مالیکیولز RNA کے مالیکیولز سے بہت بڑے ہوتے ہیں۔ ڈی این اے (DNA) کا مالیکیولر ماس

Web version of PECTAA textbook Not for sale

660 Da تک ہوسکتا ہے۔ اگر اِن کو پھیلایا جائے تو اِن کی لمبائی 12 سینٹی میٹر تک ہوسکتی ہے۔ یہ زیادہ تر سیل کے نیوکلیس میں پائے جاتے ہیں۔ آر این اے (RNA) کے مالیکیولز زیادہ چھوٹے ہوتے ہیں۔ ان کا مالیکیولر ماس تقریباً 340 Da تک ہوتا ہے اور یہ زیادہ تر نیوکلیس کے باہر پائے جاتے ہیں۔

ڈی این اے کا کام معلومات ذخیرہ کرنا اور مناسب وقت پر آر این اے تک پہنچانا ہے۔ آر این اے کا کام اِن معلومات کو پڑھنا، سمجھنا اور اِن کی مدد سے پروٹین بنانا ہے۔

**دلچسپ معلومات**

پولیمرز کا مالیکیولر ماس اکثر ملین یا بلین ڈالٹن یونٹس میں لکھا جاتا ہے۔

**فوری جانچ 25.7**

ا۔ آر این اے کا کیا کام ہے؟

۲۔ ڈی این اے اور آر این اے میں بنیادی فرق کیا ہے؟

## 25.7 بائیوکیمسٹری کے استعمالات (Applications of Biochemistry)

### خون کا ٹیسٹ (Blood Test)

ڈاکٹر مختلف بیماریوں کی تشخیص کے لیے خون کے ٹیسٹ کرتے ہیں۔ ان بیماریوں میں انفیکشن، ذیابیطس، خون کی کمی، اعضا کا کام چھوڑ دینا اور بہت سی دیگر بیماریاں شامل ہیں۔

خون کے کیمیائی ٹیسٹ جسم میں الیکٹرولائٹس، لپڈز، پروٹین، گلوکوز اور انزائمز کی مقدار کی جانچ (تشخیص) کرتے ہیں۔ یہ ٹیسٹ اس بارے میں اہم معلومات فراہم کرتے ہیں کہ کسی شخص کے گردے، جگر اور دیگر اعضا کس طرح کام کر رہے ہیں۔

### حمل کا ٹیسٹ (Pregnancy Test)

حمل کا ٹیسٹ پیشاب یا خون میں یہ دیکھنے کے لیے کیا جاتا ہے کہ آیا کوئی خاتون حاملہ ہے یا نہیں۔ ایچ سی جی (HCG) ایک ہارمون ہے جو حاملہ ہونے پر جسم میں پیدا ہوتا ہے۔ ڈاکٹرز عام طور پر حمل کی تصدیق کرنے کے لیے دو ٹیسٹ کرتے ہیں۔ مقداری ٹیسٹ خون میں (HCG) کی صحیح مقدار کی پیمائش کر سکتے ہیں۔ یہ حمل کی مدت کے بارے میں بھی معلومات دے سکتا ہے کہ حمل کتنا آگے بڑھ چکا ہے۔

### کینسر کی سکریننگ کے لیے خون کا ٹیسٹ (Blood Test for Cancer Screening)

ابتدائی مراحل میں کینسر کی تشخیص کے لیے ایک مخصوص قسم کا خون کا ٹیسٹ کیا جاتا ہے، جسے گیلیری ٹیسٹ (Galleri test) کہا جاتا ہے۔ ڈی این اے کی ترتیب کا استعمال کرتے ہوئے ایسی خصوصیات کا پتہ لگاتا ہے جو اِس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ کوئی شخص کینسر میں مبتلا ہے یا نہیں۔

### والدین کی جنیاتی جانچ (Parental Genetic Testing)

جنیاتی ٹیسٹ اکثر خون یا لعاب (Saliva) کا نمونہ لے کر کیے جاتے ہیں۔ افراد جنیاتی ٹیسٹ کرواتے ہیں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ آیا اِن کے خون میں جنیاتی تبدیلیاں ہیں یا وہ اِن تبدیلیوں کو اپنے بچوں کو منتقل کر سکتے ہیں۔

### جنیاتی انجینئرنگ (Genetic Engineering)

جنیاتی (جینیٹک) انجینئرنگ کسی جاندار کے جینوم (genome) کو تبدیل کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ اِس میں صرف ایک ڈی این

Web version of PECTAA textbook Not for sale

اے بیس کو تبدیل کرنا یا کسی جاندار کی صلاحیتوں کو معمول سے زیادہ بڑھانے کے لیے DNA (ڈی این اے) کے پورے حصے کو ڈیلیٹ کرنا یا شامل کرنا ہوسکتا ہے۔ پودوں کو جنیاتی انجینئرنگ کے ذریعے تبدیل کر کے بیماریوں یا آلودگی سے لڑنے کے قابل بنایا جا سکتا ہے۔

## جین تھیراپی (Gene Therapy)

جین تھیراپی میں ایک جین تھیراپی ڈاکٹر کسی عیب دار جین کو ٹھیک کرتا ہے یا اسے ایک صحت مند جین سے بدل دیتا ہے۔ تاکہ کسی بیماری کا علاج کیا جا سکے یا جسم کو بیماری سے لڑنے کے قابل بنایا جا سکے۔ یہ تکنیک مستقبل میں ذیابیطس، ایڈز اور ہیموفیلیا جیسی بیماریوں کی ایک وسیع رینج سے لڑنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔

## کلوننگ (Clonning)

کلوننگ ان طریقوں کو بیان کرتی ہے جو کسی ایک خلیے، کسی ٹشو یا پورے جاندار کی مکمل جنیاتی نقل بنانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ نقل کیے گئے مواد کو کلون کہا جاتا ہے اور اِس میں اصلی کی طرح جنیاتی خصوصیات ہوتی ہیں۔

# مشق

## A کثیر الانتخابی سوالات:

### صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) فروکٹوز میں کون سا فنکشنل گروپ موجود ہے:

(الف) ہائڈروکسل اور ایلڈی ہائڈ (ب) ہائڈروکسل اور کیٹون

(ج) ہائڈروکسل اور ایسٹر (د) ہائڈروکسل اور امائڈ

(ii) چربی میں کون سا فنکشنل گروپ موجود ہوتا ہے؟

(الف) کاربوکسلک گروپ (ب) ایسٹر گروپ (ج) کاربونائیل گروپ (د) ہائڈروکسل گروپ

(iii) پروٹین ہمارے جسم میں کون سا کام سرانجام نہیں دیتے؟

(الف) یہ کیمیائی پیغام رسان کے طور پر کام کرتے ہیں۔

(ب) یہ توانائی سے بھرپور ایندھن کے ذخیرے کے طور پر کام کرتے ہیں۔

(ج) یہ جنیاتی معلومات محفوظ کرتے ہیں۔ (د) یہ بائیوکیمیکل تعاملات میں بطور کیٹالسٹ کام کرتے ہیں۔

(iv) کون سے فنکشنل گروپس ری ایکشن کر کے پروٹین کے اندر پیپٹائیڈ لنکیج بناتے ہیں؟

(الف) کاربوکسلک گروپ اور ہائڈروکسل گروپ (ب) کاربوکسلک گروپ اور امائنو گروپ

(ج) ہائڈروکسل گروپ اور امائنو گروپ (د) ایسٹر گروپ اور امائنو گروپ

Web version of PECTAA textbook Not for sale

(v) ابتدائی مرحلے میں کینسر کا پتہ لگانے کے لیے کیا جانے والا ٹیسٹ ہے:

(الف) جنیاتی ٹیسٹ (ب) یورین ٹیسٹ (ج) گیلیری ٹیسٹ (د) الیکٹرولائٹ ٹیسٹ

(vi) کِس کی کمی سے تھکاوٹ اور ذہنی دباؤ پیدا ہوتا ہے:

(الف) وٹامن اے (ب) وٹامن سی (ج) وٹامن ڈی (د) وٹامن بی وَن

## B مختصر جوابی سوالات:

25.1 گلوکوز اور فرکٹوز کے درمیان کیا فرق ہے؟

25.2 پروٹین کی ڈی نیچریشن کے لیے کوئی سی دو مثالیں بیان کریں۔

25.3 وٹامن ڈی کے ذرائع بیان کریں۔

25.4 ہمارے جسم میں انزائمز کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

25.5 تیل اور چربی سے کون سی صنعتی مصنوعات حاصل ہوتی ہیں؟

25.6 خون جمانے میں کون سا وٹامن مددگار ثابت ہوتا ہے؟

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

25.1 ڈی۔این۔اے (DNA) کا کیا کردار ہے؟

25.2 ہمارے جسم میں پروٹینز کے ذریعے ادا کیے جانے والے تین اہم کام لکھیں۔

25.3 فیٹی ایسڈز، لپڈز کے لیے تعمیراتی بلاکس کا کام بالکل ایسے کرتے ہیں، جیسے امائنو ایسڈز، پروٹینز کے لیے۔ اِس حقیقت پر تبصرہ کریں۔

25.4 وٹامن ڈی کے ذرائع بیان کریں۔ اِس کی کمی سے کون سی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں؟

25.5 دو پولیمرک کاربوہائڈریٹس کے نام تحریر کریں۔

## D تفصیلی سوالات:

25.1 فرکٹوز، مالٹوز اور لیکٹوز کو حاصل کرنے کے ذرائع بیان کریں۔

25.2 گلوکوز اور فرکٹوز کی اوپن چین ساخت تشکیل دیں۔

25.3 پیپٹائیڈ لنکیج بنائیں۔ پولی پیپٹائیڈ کی ساخت تفصیلاً بیان کریں۔

25.4 ڈی۔این۔اے اور آر۔این۔اے کِسے کہتے ہیں؟

25.5 ہمارے جسم میں کاربوہائڈریٹس، پروٹینز اور لپڈز کی طرف سے ادا کیے گئے کردار کا موازنہ کریں۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

باب 26

# پولیمرز
# Polymers

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبا اس قابل ہوں گے کہ:**

- بیان کریں کہ پولیمرز بہت بڑے مالیکیولز ہیں جو بہت سے چھوٹے مالیکیولز جڑنے سے بنتے ہیں جن کو مونومرز کہتے ہیں۔
- ایڈیشن اور کنڈینسیشن پولیمرز میں دُہرائی جانے والی اکائیوں اور پائے جانے والے بانڈز کی شناخت کریں۔
- دیے گئے مونومرز سے کنڈینسیشن پولیمرز کے سٹرکچرز یا دُہرائی جانے والی اکائی کو اخذ کریں اور اِس کے برعکس پولیمرز سے مونومرز بھی اخذ کریں۔ یہ مشق صرف ذیل میں درج مثالوں کے لیے ہے۔
  - (الف) ڈائی کاربوکسلک ایسڈ اور ڈائی ایمائن سے حاصل کردہ پولی امائڈز
  - (ب) ڈائی کاربوکسلک ایسڈ اور ڈائی اول سے حاصل کردہ پولی ایسٹرز
- ایڈیشن اور کنڈینسیشن پولیمرائزیشن میں فرق واضح کریں۔
- وضاحت کریں کہ پلاسٹکس، پولیمرز سے بنے ہوتے ہیں۔
- بیان کریں کہ پلاسٹکس کے خواص کس طرح ان کو ضائع کرنے کے راستے میں حائل ہوتے ہیں۔
- پلاسٹکس سے پیدا ہونے والے ماحولیاتی چیلنجز کی وضاحت کریں جس میں درج ذیل باتیں شامل ہوں:
  - (الف) ملبہ یا کوڑے کو تلف کرنے کی جگہ۔
  - (ب) سمندروں میں فضلے کا جمع ہونا۔
  - (ج) جلنے سے زہریلی گیسوں کا پیدا ہونا۔
- درج ذیل کی ساخت کی وضاحت کریں۔
  - (الف) نائیلون جو ایک پولیمائیڈ ہے۔
  - (ب) پی ای ٹی (PET) ایک پولی ایسٹر ہے۔ پی ای ٹی کا پورا نام، پولی ایتھائیلین ٹیرافیتھالیٹ، کی ضرورت نہیں۔
- اِس بات کی وضاحت کہ پی ای ٹی کو مونومرز میں واپس تبدیل کیا جا سکتا ہے اور پھر دوبارہ پولیمرائز بھی کیا جا سکتا ہے۔
- ٹیکسٹائل انڈسٹری میں پولیمرز کی اہمیت اجاگر کریں۔
  (استعمال ہونے والے پولیمرز کی مثالیں اِن کی مخصوص خصوصیات کے ساتھ دی جا سکتی ہیں)۔

Web version of PECTAA textbook Not for sale

پولیمر ز یا میکرو مالیکیولز (Polymers or macromolecules) انتہائی بڑے مالیکیولز ہوتے ہیں جو سادہ مالیکیولز کی ایک بڑی تعداد کو جوڑ کر بنائے جاتے ہیں۔ سادہ مالیکیولز کو مونومرز کہا جاتا ہے۔ ایک مونومر سے پولیمر بننے کے عمل کو پولیمر ائزیشن کہتے ہیں۔ کاربوہائیڈریٹس، پروٹینز اور نیوکلیک ایسڈ قدرتی طور پر پائے جانے والے پولیمر ز کی روزمرہ کی مثالیں ہیں۔ جبکہ پلاسٹک، مصنوعی فائبرز اور قدرتی ربڑ، انسان ساختہ پولیمر ز کی مثالیں ہیں۔ دنیا بھر میں جو سب سے اہم تبدیلی ہوئی ہے۔ اِن میں سے دھاتوں، لکڑی اور کپاس کی جگہ آہستہ آہستہ انسان ساختہ مصنوعی پولیمر ز کا استعمال ہے۔ پولیمر ز ہماری روزمرہ کی زندگی میں اپنی پائیداری، لچک، گرمی اور کیمیکلز کے خلاف مزاحمت کی وجہ سے اہم ہیں۔ یہ خصوصیات انہیں وسیع پیمانے پر استعمال کے لیے مفید بناتی ہیں۔

## 26.1 پولیمر ز کی اقسام (Types of Polymers)

پولیمر ز کی دو اہم اقسام ہیں:

الف۔ ایڈیشن پولیمر ز (Addition Polymers)

ب۔ کنڈینسیشن پولیمر ز (Condensation Polymers)

### الف۔ ایڈیشن پولیمر ز (Addition Polymers)

ایڈیشن پولیمر ز اس وقت بنتے ہیں جب ڈبل بانڈز پر مشتمل مونومر مالیکیولز ایک بہت بڑا مالیکیول بنانے کے لیے کوویلنٹ بانڈ کے ذریعے آپس میں جڑ جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایتھین (Ethene) کے مالیکیولز کی ایک بڑی تعداد ایک بہت بڑا مالیکیول بنانے کے لیے آپس میں مل کر ایک پولی ایتھین یا پولی ایتھالین بناتی ہے۔ اس عمل کے دوران ایتھین میں موجود C = C ڈبل بانڈ ٹوٹ کر ایتھین کے مالیکیولز کو آپس میں جوڑ دیتا ہے۔ پولیمر ائزیشن ری ایکشنز عام طور پر زیادہ دباؤ اور کسی کیٹالسٹ کی موجودگی میں ہوتے ہیں۔

ایڈیشن پولیمر ائزیشن میں کوئی بھی دوسرا چھوٹا مالیکیول اور بائی پروڈکٹ نہیں بنتا۔

$$2\,CH_2=CH_2 \longrightarrow -\!\!\!+ CH_2 -\!\!\!+ CH_2-CH_2 +\!\!\!- CH_2 +\!\!\!-$$

ایتھین مونومر (Monomer)　　　ریپیٹ یونٹ (Repeat unit)

$$n\,CH_2=CH_2 \longrightarrow -\!\!\!+ CH_2-CH_2-CH_2-CH_2 +\!\!\!-_n$$

پولی ایتھین (Polyethene)

**فوری جانچ 26.1**

۱۔ ایک ایسے تجارتی پروڈکٹ کی مثال دیں جو پولی ایتھین کے استعمال سے بنتا ہے۔

۲۔ مصنوعی پولیمر ز کی تین خصوصیات لکھیں۔

### ب۔ کنڈینسیشن پولیمر ز (Condensation Polymers)

ایک کنڈینسیشن پولیمر تب بنتا ہے جب دو مالیکیولز جن میں دو مختلف فنکشنل گروپس موجود ہوں۔ آپس میں ری ایکشن کر کے چھوٹے مالیکیول جیسا کہ پانی، امونیا اور ہائیڈروجن کلورائڈ خارج کرتے ہیں۔ یہ ری ایکشن تیزاب یا اساس کی موجودگی میں ہوتا ہے۔ مثال کے طور

Web version of PECTAA textbook Not for sale

پر ایتھین ڈائیول ایک ڈائی کاربوکسلک ایسڈ یعنی ٹیریتھیلک ایسڈ کے ساتھ ری ایکشن کر کے ایک پولیمر بناتا ہے جسے پولی ایتھیلین ٹیریتھیلیٹ (Polyethylene Terephthalate) (PET) کہا جاتا ہے۔ ڈائی کاربوکسلک ایسڈ میں موجود کاربوآکسل گروپ ڈائیول (diol) کے ہائڈروآکسل گروپ کے ساتھ ری ایکشن کر کے ایک ایسٹر لنکیج بناتا ہے۔







اس پروڈکٹ کو ریپیٹ یونٹ کہا جاتا ہے۔ چونکہ ریپیٹ یونٹ کے دونوں سروں پر فنکشنل گروپ موجود ہوتے ہیں۔ اِس لیے پولیمر ائزیشن کا عمل دونوں سروں پر جاری رہتا ہے اور ایک بڑا مالیکیول بنتا ہے، جسے درج ذیل سٹرکچر سے ظاہر کیا گیا ہے۔




PET کو کیمیائی طور پر توڑ کر اس کو ری سائیکل کیا جا سکتا ہے۔ کیمیائی ری سائیکلنگ پولیمر کو آکسیجن کی عدم موجودگی میں گرم کر کے کی جاتی ہے۔

ایک اور کنڈینسیشن پولیمر جو ایک پولی امائڈ ہے تب بنتا ہے جب بیوٹین ڈائی اوئک ایسڈ ایک ڈائی امائن کے ساتھ ری ایکشن کرتا ہے۔ ڈائی کاربوکسلک ایسڈ کا ہر (–COOH) گروپ ڈائی امائن میں موجود ہر ($–NH_2$) گروپ کے ساتھ ری ایکشن کر کے ایک امائڈ لنکیج (Amide linkage) بناتا ہے۔ اِس کنڈینسیشن ری ایکشن کے دوران خارج ہونے والا پانی کا مالیکیول اس طرح بننے والے ریپیٹ یونٹ کو پولیمر میں تبدیل کر دیتا ہے۔




Web version of PECTAA textbook Not for sale

### دلچسپ معلومات



پولیمرز کی خصوصیات کو ان کی کیمیائی ساخت اور ترکیب کے محتاط کنٹرول کے ذریعے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ جس سے وہ مخصوص استعمال کے لیے موزوں ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ نان سٹک کوٹنگ ٹیفلون میں اِن کا استعمال۔

**فوری جانچ 26.2**

ا۔ دو مونومرز کے درمیان ایسٹر لنکیج کیسے بنتا ہے؟ ۲۔ کنڈینسیشن پولیمر ائزیشن کیسے ہوتی ہے؟

## (Differences between Addition and Condensation Polymerizations)
## ایڈیشن اور کنڈینسیشن پولیمر ائزیشن کے درمیان فرق

| ایڈیشن پولیمر ائزیشن | کنڈینسیشن پولمرائزیشن |
|---|---|
| اس میں ایک ہی مونومر استعمال ہوتا ہے جس میں ڈبل یا ٹرپل بانڈ ہوتا ہے۔ | یہ پولیمر ائزیشن دو مختلف مونومرز کے درمیان ہوتی ہے۔ مونومرز کے مالیکیولز میں ہر سرے پر دو فنکشنل گروپس موجود ہوتے ہیں۔ |
| اِس میں ایک ایڈیشن ری ایکشن ہوتا ہے اور صرف ایک ہی پروڈکٹ بنتا ہے۔ | کنڈینسیشن ری ایکشن کے دوران ایک چھوٹا مالیکیول مثلاً پانی یا HCl یا $NH_3$ خارج ہوتا ہے۔ |
| بننے والے پولیمر کا مالیکیولر ماس استعمال ہونے والے تمام مونومرز کے مالیکیولر ماس کو جمع کر کے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ | بننے والے پولیمر کا مالیکیولر ماس استعمال ہونے والے تمام مونومرز کے مالیکیولر ماس کو جمع کر کے معلوم نہیں کیا جا سکتا۔ |
| اِس پولیمر میں صرف سنگل بانڈز ہوتے ہیں۔ | اِس میں بننے والا پولیمر مخصوص قسم کی لنکیج رکھتا ہے۔ مثلاً ایسٹر لنکیج یا امائڈ لنکیج۔ |
| **ایڈیشن پولیمرز کی مثالیں:** پولی ایتھین، پولی اسٹائرین، پولی وینائل کلورائڈ (PVC) وغیرہ۔ | **کنڈینسیشن پولیمرز کی مثالیں:** پولی ایسٹر، بیکالائٹ وغیرہ۔ |

Web version of PECTAA textbook Not for sale

## 26.2 پولیمر سے مونومر کی ساخت (Structure of Monomers from Polymers)

### ایڈیشن پولیمر (Addition Polymer)

ا۔ ایڈیشن پولیمر کی ساخت لکھیں۔ $[CH_2-CH_2]_n$

۲۔ پولیمر میں ریپیٹ یونٹ کی نشاندہی کریں۔

بریکٹس اور دونوں اطراف کے بڑھائے گئے بانڈ اور سبسکرپٹ کو ہٹا دیں۔ سنگل بانڈ کو ڈبل بانڈ میں تبدیل کریں۔

$$[CH_2-CH_2]_n \longrightarrow n\ [CH_2-CH_2] \longrightarrow CH_2=CH_2$$

## کنڈینسیشن پولیمر (Condensation Polymer)

**مثال 26.1:**

ا۔ کنڈینسیشن پولیمر پولسٹر کی ساخت لکھیں۔

$$\lbrack CO-CH_2-CH_2-\mathbf{CO-O}-CH_2-CH_2-O\rbrack_n$$

۲۔ پولیمر میں ریپیٹنگ یونٹس کی نشان دہی کریں۔ بریکٹس، دونوں اطراف کے بڑھائے گئے بانڈز اور n کو ہٹا دیں۔ ایسٹر لنکیج میں CO اور O کے درمیان سے بانڈ توڑ دیں۔ ڈائی کاربوکسلک ایسڈ کے دونوں سروں پر OH لگائیں۔ ڈائی اول کے دونوں سروں پر H لگائیں۔

$$\lbrack CO\text{-}CH_2\text{-}CH_2\text{-}CO\text{-}O\text{-}CH_2\text{-}CH_2\text{-}O\rbrack_n$$

$$n\lbrack CO\text{-}CH_2\text{-}CH_2\text{-}CO\text{-}O\text{-}CH_2\text{-}CH_2\text{-}O\rbrack \longrightarrow$$

$$nHO\text{-}CO\text{-}CH_2\text{-}CH_2\text{-}CO\text{-}OH + nH\text{-}O\text{-}CH_2\text{-}CH_2\text{-}O\text{-}H$$

**مثال 26.2:**

ا۔ کنڈینسیشن پولیمر، پولی امائڈ کی سٹرکچر (Structure) بنائیں۔

$$\lbrack CO-CH_2-CH_2-\mathbf{CO-NH}-(CH_2-CH_2)_2-NH\rbrack_n$$

۲۔ پولیمر میں ریپیٹنگ یونٹس کی نشاندہی کریں۔ بریکٹس میں بڑھائے گئے بانڈ اور n کو ہٹا دیں۔ امائڈ لنکیج میں CO اور NH کے درمیان سے بانڈ توڑ دیں۔ ڈائی کاربوآکسلک ایسڈ کے دونوں سروں پر OH لگائیں۔ ڈائی امائن مونومر کے دونوں سروں پر H لگائیں۔

$$n\lbrack CO-CH_2-CH_2-CO-NH-(CH_2-CH_2)_2-NH\rbrack$$

$$\longrightarrow nHO-CO-CH_2-CH_2-CO-OH$$

$$+ nH-NH-(CH_2-CH_2)_2-NH-H$$

**فوری جانچ 26.3**

ا۔ آپ ٹرم ریپیٹنگ یونٹ سے کیا مراد لیتے ہیں؟

۲۔ ایک پولی امائڈ لنکیج کی ساخت لکھیں۔

**دلچسپ معلومات**

مونومرز کی قسم اور تناسب کو تبدیل کر کے کیمیا دان ایسے پولیمر ز بنا سکتے ہیں جو مصنوعی خصوصیات جیسے لچک، طاقت اور حرارتی استحکام رکھتے ہوں تا کہ وہ مخصوص اطلاق ضروریات پر پورا اُتر سکیں۔

## 26.3 پلاسٹکس (Plastics)

ایتھالین (ethylene)، پروپائلین (propylene) اور سٹائرین (styrene) جیسے مونومرز کی پولیمر ائزیشن سے بالترتیب پولی ایتھیلین، پولی پروپیلین اور پولی اسٹائیرین حاصل ہوتے ہیں۔ یہ تمام پولیمر زمرکبات کی مثالیں ہیں، جنہیں پلاسٹک کہا جاتا ہے۔ یہ پلاسٹک ہر قسم کے کیری ہوم فوڈ کنٹینیز مثلاً کھانے کے کنٹینیز، سافٹ ڈرنک کی بوتلیں، پانی کی بوتلیں، جوس کی بوتلیں وغیرہ بنانے کے لیے

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

استعمال ہوتے ہیں۔ یہ شاپنگ بیگ، کچن کا سامان، بالٹیوں، میزوں، کرسیوں، کھانے کے ریپرز، کپ اور پلیٹس وغیرہ بنانے میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔

پلاسٹکس ہلکے وزن کے، لچکدار اور پائیدار ہوتے ہیں۔ انہیں آسانی سے کسی بھی مطلوبہ شکل کے ٹھوس اشیا میں ڈھالا جا سکتا ہے۔ اِن تمام خصوصیات کی وجہ سے ہماری روزمرہ کی زندگی کے تقریباً ہر شعبے میں اِن کا وسیع استعمال ہوا ہے۔ بیسویں صدی کے اوائل سے ہر سال لاکھوں ٹن پلاسٹک تیار کیا جاتا ہے۔





شکل 26.1 پلاسٹک کی مصنوعات

## 26.4 ٹیکسٹائل انڈسٹری میں پولیمرز کی اہمیت

## (Importance of Polymers in Textile industry)

ٹیکسٹائل انڈسٹری میں استعمال ہونے والے پولیمرز کو مصنوعی فائبرز کہا جاتا ہے۔ مصنوعی فائبرز کی مثالوں میں نائیلون، پولیسٹر، رے اون، اکریلک وغیرہ شامل ہیں۔

مصنوعی فائبرز کی خصوصیات جو انہیں ٹیکسٹائل انڈسٹری میں استعمال کے قابل بناتی ہیں، درج ذیل ہیں:



شکل 26.2: ٹیکسٹائل میں پولیمرز

ا۔ وہ روئی اور ریشم جیسے قدرتی فائبرز کے مقابلے میں قیمت میں سستے ہوتے ہیں۔

۲۔ وہ قدرتی فائبرز کے مقابلے میں زیادہ مضبوط اور زیادہ پائیدار ہوتے ہیں۔

۳۔ وہ سکڑتے نہیں ہیں۔

۴۔ وہ شکنوں کے خلاف مزاحمت کرتے ہیں۔

۵۔ وہ وزن میں ہلکے ہوتے ہیں اور جلد سوکھ جاتے ہیں۔

۶۔ وہ کپڑے اور دیگر حشرات سے محفوظ رہتے ہیں۔

پولی ایسٹر اور نائیلون دو عام پولیمرز ہیں جو دنیا بھر میں کپڑوں کی صنعت میں استعمال ہونے والے مواد کا 69 فیصد بناتے ہیں۔ پولی ایسٹر اپنی مضبوطی اور سکڑنے کے خلاف مزاحمت کی وجہ سے ایک اہم فائبر ہے۔ یہ عام طور پر کھیلوں کے لباس اور ہوزری میں استعمال ہوتا ہے۔ اکریلک وزن میں ہلکا، نرم اور گرمی فراہم کرنے والا ریشہ ہے۔

## 26.5 پلاسٹک کے بُرے اثرات (Adverse effects of plastics)

دوسرے مواد کے برعکس، پلاسٹکس حیاتی طور پر گلتے سڑتے نہیں ہیں۔ جب پلاسٹک سے بنی اشیا کو ضائع کر دیا جاتا ہے تو انہیں ختم

Web version of PECTAA textbook Not for sale

ہونے میں 1000 سال (ہزار سال) تک لگ سکتے ہیں۔ اِس حقیقت سے ماحول میں پلاسٹک کی بھاری مقدار کے جمع ہونے کو جنم دیا ہے جس سے وسیع پیمانے پر ماحولیاتی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

پلاسٹک کی آلودگی زمین، ہوا اور پانی کے تمام ذخیروں، دریاؤں، تالابوں، جھیلوں اور سمندروں میں تقریباً ہر جگہ پائی جاتی ہے۔ یہ آلودگی ایک انتہائی تشویشناک سطح تک پہنچ چکی ہے اور صحت کے سنگین مسائل کا سبب بن چکی ہے۔

ضائع شدہ پلاسٹکس کی اقسام جنہیں ہم کوڑے دان میں ڈالتے ہیں۔ انہیں جلانے، زمین میں دفن کرنے یا نالیوں میں پھینکنے کے ذریعے ٹھکانے لگایا جاتا ہے۔ جہاں سے وہ اپنا راستہ دریاؤں اور سمندروں تک بنا لیتے ہیں۔ جس سے ایک خطرناک ماحولیاتی صورتحال پیدا ہوتی ہے۔



شکل 26.3: پلاسٹک کی آلودگی

**دلچسپ معلومات**

پولیمرز کو مختلف تکنیکوں کا استعمال کرتے ہوئے 3D پرنٹ کیا جا سکتا ہے۔ اِن تکنیکوں میں تھری ڈائمینشنل (3D) اشیا بنانے کے لیے پولیمر مواد کو تہہ در تہہ (layer-by-layer) جمانا شامل ہے۔

## مشق

### A کثیر الانتخابی سوالات:

صحیح جواب پر (✓) کریں۔

(i) درج ذیل میں سے کون سا پولیمر، مصنوعی پولیمر ہے:

(الف) نشاستہ/سٹارچ (ب) سیلولوز (ج) جانوروں کی چربی (د) پولی ایسٹر

(ii) کون سا پولیمر ایک امائڈ (Amide linkage) ربط رکھتا ہے:

(الف) پولی ایسٹر (ب) پولی امائڈ (ج) پولی ایتھین (د) پولی سٹائیرین

Web version of PECTAA textbook Not for sale

(iii) ایسٹر لینکیج کی نشاندہی کریں:

(الف) $R-\overset{\overset{O}{||}}{C}-O-R$ (ب) $R-\overset{\overset{O}{||}}{C}-R$

(ج) $R-\overset{\overset{O}{||}}{C}-O-NH-R$ (د) $R-\overset{\overset{O}{||}}{C}-NH-R$

(iv) درج ذیل پولیمر کے مونومر کا سٹرکچر کون سا ہے:

$$[-CH_2-\underset{\underset{OCOCH_3}{|}}{CH}-]_n$$

(الف) $CH_2=CH_2$ (ب) $CH_2=CH_2-CH_3$

(ج) $CH_2=CH-OCOCH_3$ (د) $CH_2=CH-CO-O-CH_3$

(v) درج ذیل پولیمرز میں سے کس کو ری سائیکل کیا جا سکتا ہے؟

(الف) پی۔ای۔ٹی (ب) پولی سٹائیرین (ج) پی۔وی۔سی (د) ایپوکسی

(vi) درج ذیل میں سے کون سا پولیمر بائیوڈی گریڈایبل ہے:

(الف) پولی امائڈ (ب) پولی ایسٹر (ج) سٹارچ (د) پی۔ای۔ٹی(PET)

(vii) درج ذیل میں سے کون سا پولیمر، کنڈنسیشن پولیمرائزیشن سے حاصل ہوتا ہے؟

(الف) پولی وینائیل کلورائڈ (ب) پولی سٹائیرین

(ج) پولی امائڈ (د) پولی ایتھین

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## B مختصر جوابی سوالات:

26.1 ایڈیشن پولیمرز اور کنڈنسیشن پولیمرز کی دو دو مثالیں لکھیں۔

26.2 پولیمرز ہمارے لیے کس طرح فائدہ مند ہیں؟

26.3 مصنوعی ریشے، قدرتی ریشے سے کس طرح مختلف ہیں؟

26.4 کیا قدرتی پولیمرز ماحول کے لیے نقصان دہ ہیں؟ وضاحت سے وجہ لکھیں۔

26.5 درج ذیل پولیمرز کے سٹرکچرز لکھیں۔

(الف) پولی پروپائی لین(Polypropylene) (ب) پولی سٹائیرین(Polystyrene)


NOT FOR SALE-PESRP

## C تعمیری فکر پر مبنی سوالات:

26.1 پلاسٹک سے بنی فالتو اشیا کو جلانا کیوں نقصان دہ ہے؟

26.2 کیوں ضائع شدہ مصنوعی (پلاسٹک کی) اشیا کو سمندر میں تلف کرنا مناسب نہیں ہے؟

26.3 ایڈیشن پولیمرائزیشن میں کیٹالسٹ کے کردار کی وضاحت کریں۔

26.4 درج ذیل ایڈیشن پولیمرز سے مونومرز اخذ کریں۔

(الف) $\left[ CH_2-\underset{\underset{Cl}{|}}{CH} \right]_n$

(ب) $\left[ CH_2-\underset{\underset{CN}{|}}{CH} \right]_n$

## D تفصیلی سوالات:

26.1 پی۔ای۔ٹی (PET) کیسے تیار کیا جاتا ہے؟ کیا آپ اس پولیمر کو ری سائیکل کر سکتے ہیں؟

26.2 ایڈیشن اور کنڈنسیشن پولیمرائزیشن کے درمیان فرق واضح کریں۔

26.3 پولی امائیڈ اور پولی ایسٹر کی تیاری کے لیے شرائط کی وضاحت کریں اور ری ایکشنز تحریر کریں۔

26.4 ٹیکسٹائل انڈسٹری میں مصنوعی پولیمرز کا کیا کردار ہے؟ وضاحت کریں۔

26.5 مصنوعی پولیمر کے ماحول پر اثرات بیان کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

# پیپرنگ سکیم / امتحانی پرچہ کیمسٹری جماعت دہم کی تیاری کے لیے ضروری ہدایات

## ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

دسویں جماعت کا کیمسٹری (جنرل) کا پرچہ 60 نمبروں پر مشتمل ہوگا۔ پرچہ کا وقت دو گھنٹے ہوگا۔

پرچہ درج ذیل تفصیلات کے مطابق بنایا جائے گا۔

**معروضی**

سوال نمبر 1:

12 کثیر الانتخابی سوالات پر مشتمل ہوگا۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔ 1 × 12 = 12

| ابواب | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 26 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کثیر الانتخابی سوالات کی تعداد | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 |

**انشائیہ**

**حصہ اول:**

سوال نمبر 2:

8 میں سے 5 مختصر سوالات کے جوابات دینے ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔ 2 × 5 = 10

| ابواب | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 |
|---|---|---|---|---|---|
| مختصر سوالات کی تعداد | 2 | 1 | 1 | 2 | 2 |

سوال نمبر 3:

8 میں سے 5 مختصر سوالات کے جوابات دینے ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔ 2 × 5 = 10

| ابواب | 19 | 20 | 21 | 22 |
|---|---|---|---|---|
| مختصر سوالات کی تعداد | 2 | 2 | 2 | 2 |

سوال نمبر 4:

8 میں سے 5 مختصر سوالات کے جوابات دینے ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے۔ 2 × 5 = 10

| ابواب | 23 | 24 | 25 | 26 |
|---|---|---|---|---|
| مختصر سوالات کی تعداد | 2 | 2 | 2 | 2 |

**انشائیہ**

**حصہ دوم:**

اس سیکشن میں تین سوالات ہوں گے جنھیں دو حصوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ حصہ الف اور ب (حصہ الف 5 نمبر اور حصہ ب 4 نمبر پر مشتمل ہوگا)۔ طلبہ کو 2 سوالات حل کرنے ہوں گے۔ 2 × 9 = 18

سوال نمبر 5:

| باب | 14 | 15 |
|---|---|---|
| حصہ | الف | ب |

سوال نمبر 6:

| باب | 20 | 22 |
|---|---|---|
| حصہ | الف | ب |

سوال نمبر 7:

| باب | 23 | 25 |
|---|---|---|
| حصہ | الف | ب |

Web version of PECTAA textbook Not for sale

# MODEL PAPER OF CHEMISTRY FOR CLASS-10

## Objective Type

**Max. Marks: 12** کل نمبر: 12

**Time allowed: 15 Min.** وقت: 15 منٹ

**Note:** Four possible answers A, B, C and D to each question are given. The choice which you think is correct, fill that circle with marker or pen ink in the answer-book. Cutting or filling two or more circles will result in zero mark in that question.

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جو انتخاب آپ کے خیال میں درست ہے، اس سوال کے سامنے والے دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ دو یا دو سے زیادہ دائروں کو کاٹنے یا بھرنے کی صورت میں جواب غلط تصور ہوگا۔

## Q.1. Select the correct answer. (1×12=12)

1- درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) Which gas will diffuse at the fastest rate? کون سی گیس سب سے زیادہ تیز ڈفیوز ہوگی؟ (i)

(a) HCl (b) $SO_2$ (c) $H_2S$ (d) $CO_2$

(ii) Volume occupied by 15 moles of ammonia gas at RTP: امونیا گیس کے 15 مولز کا والیوم RTP پر (ii)

(a) 224 $dm^3$ (b) 160 $dm^3$
(c) 360 $dm^3$ (d) 265 $dm^3$

(iii) Which of the following metal is the highest in the electrochemical series?

الیکٹروکیمیکل سیریز میں کون سی میٹل کی پوزیشن سب سے اوپر ہے؟ (iii)

(a) Tin ٹن (b) Iron آئرن
(c) Magnesium میگنیشیم (d) Zinc زنک

(iv) The shape of the crystal of NaCl is: سوڈیم کلورائڈ کے کرسٹل کی شکل و صورت ہے: (iv)

(a) Cubic کیوبک (b) Hexagonal ہیگزاگونل
(c) Rhombic رومبک (d) Trigonal ٹرائی گونل

(v) The oxide that is neutral in character: ایک ایسا آکسائڈ جس کی خاصیت نیوٹرل ہے: (v)

(a) $Al_2O_3$ (b) $SO_2$ (c) $CO_2$ (d) NO

(vi) The pH of distilled water is: ڈسٹلڈ واٹر کی pH ہے: (vi)

(a) 6.5 (b) 8.5 (c) 7 (d) 7.5

(vii) Select the general formula of alkyne family. الکائین فیملی کا جنرل فارمولا بتائیں: (vii)

(a) $C_nH_{2n+1}$ (b) $C_nH_{2n}$ (c) $C_nH_{2n-1}$ (d) $C_nH_{2n-2}$

(viii) Which of the following is not used as a fuel? مندرجہ ذیل میں سے کون سا بطور ایندھن استعمال نہیں ہوتا (viii)

(a) LPG ایل۔پی۔جی (b) CNG سی۔این۔جی
(c) Diesel ڈیزل (d) Asphalt اسفالٹ

(ix) Which of the following acids is present in apple?

سیب میں درج ذیل میں سے کون سا ایسڈ موجود ہوتا ہے؟ (ix)

(a) Citric acid سِٹرک ایسڈ (b) Tartaric acid ٹارٹارک ایسڈ
(c) Acetic acid ایسٹک ایسڈ (d) Malic acid میلک ایسڈ

(x) If the reactants posses an energy higher than the activation energy, than the reaction will be: اگر ری ایکٹنٹس کی انرجی ایکٹیویشن انرجی سے زیادہ ہو تو ری ایکشن کیسے وقوع پذیر ہوگا؟ (x)

(a) Slow سست (b) Fast تیز
(c) Not affected اثر نہیں ہوگا (d) Instantaneous فوری

Web version of PECTAA textbook Not for sale

(xi) Which polymer can be recycled? — (xi) درج ذیل میں کونسا پولیمر ری سائیکل کیا جا سکتا ہے؟

(a) PET پی۔ای۔ٹی
(b) Polystyrene پولی سٹائیرین
(c) PVC پی۔وی۔سی
(d) Epoxy ایپوکسی

(xii) Which catalyst other than $H_3PO_4$ can also be used for hydration of alkenes.

(xii) $H_3PO_4$ کے علاوہ کون سا کیٹالسٹ الکینز کی ہائیڈریشن کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟

(a) NaOH
(b) $H_2SO_4$
(c) $CH_3COOH$
(d) Ni

## Subjective Type (Part I)

**Time allowed: 1:45 Hrs.** **Max. Marks: 30**

### Q. 2: Write short answers to any five (05) questions:

کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:

(i) Is condensation an endothermic process? — (i) کیا کنڈن سیشن حرارت جذب کرنے والا عمل ہے؟

(ii) Why ice melts when the pressure is exerted on it? — (ii) جب برف پر دباؤ بڑھایا جاتا ہے تو وہ کیوں پگھلتی ہے؟

(iii) Why is percentage yield important? — (iii) پرسنٹیج ییلڈ کیوں اہم ہے؟

(iv) What are the main objectives of electroplating? — (iv) الیکٹروپلیٹنگ کے بنیادی مقاصد کیا ہیں؟

(v) Give any two features of the catalytic action of an enzyme.

(v) کسی انزائم کے بطور کیٹالسٹ عمل کرنے کی کوئی سی دو خصوصیات بتائیں۔

(vi) From where do molecules get energy to attain higher energy state?

(vi) ہائر انرجی سٹیٹ حاصل کرنے کے لیے مالیکیولز انرجی کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟

(vii) Name two insoluble carbonates. — (vii) کوئی سے دو ناحل پذیر کاربونیٹس کے نام بتائیں۔

(viii) What is crystal lattice? — (viii) کرسٹل لیٹس کسے کہتے ہیں؟

### Q. 3: Write short answers to any five (05) questions:

کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:

(i) How nitrogen is obtained from air? — (i) نائٹروجن ہوا سے کیسے حاصل کی جاتی ہے؟

(ii) How fossil fuels produce $SO_2$? — (ii) فوسل فیولز $SO_2$ کیسے پیدا کرتے ہیں؟

(iii) What is trachoma disease? — (iii) ٹراکوما کون سی بیماری ہے؟

(iv) What is the difference between sedimentation and filteration?

(iv) سیڈیمینٹیشن اور فلٹریشن میں کیا فرق ہے؟

(v) Define structural isomerism. — (v) سٹرکچرل آئسومرزم کی تعریف کریں۔

(vi) Write down the structural formula of Butan-2-ol. — (vi) بیوٹین۔2۔اول کا سٹرکچرل فارمولا تحریر کریں۔

(vii) How an alkene can be identified? — (vii) الکین کو کیسے شناخت کیا جاتا ہے؟

(viii) Why is oxyacetylene flam so hot? — (viii) آکسی ایسیٹائلین شعلہ بہت گرم کیوں ہوتا ہے؟

Web version of PECTAA textbook
Not for sale

## Q. 4: Write short answers to any five (05) questions:

کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:

(i) Give any two disadvantages of fermentation reaction — (i) فرمنٹیشن ری ایکشن کے دو نقصانات بتائیں۔

(ii) How ethanol is prepared from ethene? — (ii) ایتھین سے ایتھانول کیسے تیار کی جاتی ہے؟

(iii) What is esterification reaction? — (iii) ایسٹیریفیکیشن ری ایکشن کسے کہتے ہیں؟

(iv) How does ethanol react with propanoic acid? — (iv) ایتھانول، پروپینوئک ایسڈ کے ساتھ کیسے ری ایکشن کرتا ہے؟

(v) What is the role of enzyme in our body? — (v) ہمارے جسم میں انزائمز کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

(vi) What is glycoside linkage? — (vi) گلائکوسڈک لنکیج کسے کہتے ہیں؟

(vii) What is the role of catalyst in addition polymerization?
(vii) ایڈیشن پولیمرائزیشن میں کیٹالسٹ کیا کردار ادا کرتا ہے؟

(viii) How does condensation polymerization reaction occur?
(viii) کنڈینسیشن پولیمرائزیشن ری ایکشن کیسے وقوع پذیر ہوتا ہے؟

## Subjective Type (Part II)

### Note: Attempt any two questions.

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے

**Q5:** (a) Differentiate between evaporation and boiling. ایواپوریشن اور بوائلنگ میں فرق واضح کریں۔ (5)

(b) How would you identify the limiting reactant in a chemical reaction? (4)
ایک کیمیکل ری ایکشن میں لمٹنگ ری ایکٹنٹ کو کس طرح شناخت کیا جا سکتا ہے؟

**Q6:** (a) What is fertilizer? Mention the essential qualities of a good fertilizer. (5)
کھاد کسے کہتے ہیں؟ اچھی کھاد کی اہم خصوصیات کا ذکر کریں۔

(b) Describe two methods of preparation for ethene. (4)
ایتھین کی تیاری کے لیے دو طریقے بیان کریں۔

**Q7:** (a) Describe the applications of ethanol in pharmaceutical and cosmetic industries. (5)
فارماسیوٹیکل اور کاسمیٹک انڈسٹری میں ایتھنول کے استعمال کی وضاحت کریں۔

(b) What are carbohydrates? Describe their classification with examples. (4)
کاربوہائیڈریٹس کسے کہتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ اس کی کلاسیفیکیشن کی وضاحت کریں۔

Web version of PECTAA textbook
Not for sale